


# پروفیسر نذیر احمد
# در نظر دانشمندان

مرتبہ


**پروفیسر ماریہ بلقیس**




Courtesy Gupta Colour Lab, Aligarh, for Victoria Gate, Photograph

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ



Marfat.com

# پروفیسر نذیر احمد، در نظر دانشمندان

("پروفیسر نذیر احمد اور ان کی علمی و ادبی خدمات"، قومی سیمینار کے مقالات،
۱۷ تا ۱۹ مئی، ۲۰۰۱ء)

مرتّبہ

پروفیسر ماریہ بلقیس

شعبۂ فارسی
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

Marfat.com

131303

© شعبۂ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

مرتبہ : پروفیسر ماریہ بلقیس

سنہ اشاعت : ۲۰۰۲ء

قیمت : ۲۰۰ روپیہ

تعداد : ۱۰۰

مطبع : اسلامک ونڈرس بیورو
۲۸۳۴، کوچہ چیلان، دریا گنج، نئی دہلی - ۲

ملنے کا پتہ

شعبۂ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

Marfat.com

भारत के राष्ट्रपति के उप प्रेस सचिव
Deputy Press Secretary to the President of India



राष्ट्रपति सचिवालय
राष्ट्रपति भवन
नई दिल्ली - 110004
President's Secretariat
Rashtrapati Bhavan
New Delhi - 110004

No.F.2-M/2001

15th May, 2001

Dear Prof. Bilquis,

The President of India, Shri K.R. Narayanan, is happy to know that the Department of Persian, Aligarh Muslim University, Aligarh is organising a seminar on Prof. Nazir Ahmad, an eminent scholar of Persian language, literature and medieval Indian culture and releasing a souvenir on the occasion.

The President extends his greetings and warm felicitations to the organisers and the participants and wishes the event every success.

With regards,

Yours sincerely,

(K. Satish Nambudiripad)

Prof. Maria Bilquis,
Chairman,
Department of Persian,
Aligarh Muslim University,
Aligarh-202002 (U.P.)

Marfat.com

प्रधान मंत्री

Prime Minister

**MESSAGE**

I am happy to learn that Department of Persian, Aligarh Muslim University is organizing a seminar on Dr. Nazir Ahmad, a renowned scholar in the country of Persian studies.

The contribution of Dr. Nazir Ahmad to highlight India's role in the enrichment of Persian language and literature is internationally acclaimed. The recognition of his erudition and learning in Iran helps to strengthen our ties of cultural affinity and friendship with Iran.

I am sure that the younger scholars of Persian will continue to be inspired by Dr. Nazir Ahmad. I wish the seminar all success.

A.B. Vajpayee

(A.B. Vajpayee)

New Delhi
April 26, 2001

Marfat.com

I K Gujral
Former Prime Minister
India

May 16, 2001

# MESSAGE

I am glad to learn that the Aligarh Muslim University is holding a Seminar to discuss contributions made by Prof. Nazir Ahmad who is such a reputed scholar of Persian language and literature. Prof. Nazir Ahmad's contribution to our intellectual life has been remarkable.

I wish the Seminar all success.

[I.K. GUJRAL]

5, Janpath, New Delhi - 110 011
Tel. : 379-4433, 301-4300 Fax : 379-4444
E-mail : gujralik@sansad.nic.in, gujralik@alpha.nic.in

Marfat.com

*Mohammad Hamid Ansari*
VICE CHANCELLOR

ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY
ALIGARH-202 002



May 15, 2001

## MESSAGE

I am happy to learn that the Department of Persian is organising a Seminar on "Contribution of Prof. Nazir Ahmad to Persian Language and Literature" on May 17 – 19, 2001.

The name of Prof. Nazir Ahmad is mentioned with respect in circles of Persian language scholars the world over. The decision to hold the Seminar is timely; it would help scholars shed new light on his work and would motivate young researchers to emulate the examples of this living legend of the Department of Persian of the Aligarh Muslim University.

I am confident that the Seminar would be a success.

( M.H. Ansari )

Phone : (O) (0571) 700994 (R) (0571) 700173 Fax (O) (0571) 401815, (R) (0571) 700087 Email : vcamu@agr.dot.net.in

Marfat.com

SAIYID HAMID, *IAS (Retd.)*
*Former Vice-Chancellor*
Aligarh Muslim University
*Chancellor*, Jamia Hamdard
*Secretary*, Hamdard Education Society

Phones: Off.: 608 8840, 608 5063, 608 5064
Res.: 608 8872, 608 8836

TALIMABAD, SANGAM VIHAR
NEW DELHI - 110 062

بعض برگزیدہ افراد اپنی غیر معمولی لیاقت کی وجہ سے اپنی زندگی میں ہی ضرب المثل بن جاتے ہیں۔ ان کا نام لیتے ہی ان کی علمی ملکہ، اپنی گہرائی اور گیرائی کے ساتھ سامنے آجاتا ہے۔ پروفیسر نذیر احمد اسی چیدہ اور برگزیدہ جماعت کے ایک فرد ہیں۔ فارسی زبان اور ادب کے عالم اور محقق کی حیثیت سے انہیں آفاقی شہرت حاصل ہوئی ہے۔

راقم سطور نے جسے فارسی میں شُد بُد ہے چند سال ہوئے غالب کی بعض فارسی غزلوں کا ترجمہ کیا اور تشریح کی۔ انجمن ترقی اردو (ہند) نے میرے مضمون کو چھاپ دیا۔ میں نے برسبیل تذکرہ اس مقطع کا حوالہ دیا تھا جسے ذوق کے ساتھ چشمک سے نسبت دی جاتی ہے

فارسی بیں تا بہ بینی نقش ہائے رنگ رنگ
بگذر از مجموعۂ اردو کہ بیرنگ من است۔

اس کا ترجمہ میں نے کچھ اس طرح کیا تھا کہ اگر گوناگوں نقوش دیکھنا چاہتے ہو تو میرا فارسی کلام پڑھو، اردو شاعری کے مجموعے سے گزر جاؤ کہ وہ سادہ اور بے رنگ ہے۔ کچھ عرصے بعد خلیل الرب صاحب مرحوم نے مجھے بتایا کہ اس شعر میں بے رنگ کے معنی سادہ اور رنگ سے محروم کے نہیں ہیں۔ بیرنگ طلسم یا خاکے کو کہتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ میرے اس سہو کی نشاندہی پروفیسر نذیر احمد صاحب نے کی تھی۔ مجھے اس اصلاح پر خوشی ہوئی۔ اس نوع کے نکات عالم کو عامی سے ممتاز کرتے ہیں۔

یہ میری محرومی ہے کہ پروفیسر نذیر احمد صاحب کی نگارشات کا مطالعہ نہیں کر سکا۔ مگر اب زمانہ سے فرصت ملے تو کرنا چاہیے۔

Fax: 91-11-608 8846, 91-11-606 5938, 91-11-462 2914 E-mail: [illegible]

Marfat.com

فارسی میں دو نامور اساتذہ کے سامنے زانوئے تلمذ
تہ کرنے کا شرف مجھے حاصل ہوا ہے۔ ڈاکٹر ہادی حسن اور
مولانا ضیاء احمد بدایونی۔ فارسی ادب میں دستگاہ کا جہاں
تک تعلق ہے مولانا ضیاء احمد اپنے اولو العزم صدر شعبہ سے
بلند مراتب برتر تھے۔ فارسی ادب پر ایسا عبور شاید ہی کسی
~~کچھ~~ اساتذہ کو میسر ہوا ہوگا۔ ان کے ذکر خیر کے لئے بھی ان کے
ایک بے بضاعت شاگرد کو یہ موقع ہاتھ آگیا۔

تازہ خواہی داشتن گر داغہائے سینہ را
گاہ گاہے باز خواں ایں قصۂ پارینہ را

[illegible]

مکرمہ ماریہ بلقیس صاحبہ! سلام و احترام

حسب ارشاد مندرجہ بالا سطور ارسال خدمت ہیں۔ آپ نے جو قابل قدر کام شروع کیا ہے اس کے لئے دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ والسلام

خیر اندیش

[illegible]

Marfat.com

संसदीय कार्य मंत्रालय
8, संसद भवन
नई दिल्ली– 110001

सचिव, भारत सरकार
SECRETARY
Government of India

Tele : 3017603
3034644
Fax : 3017726
Ministry of Parliamentary Affairs
8, Parliament House
New Delhi-110 001

**MAY 8, 2001**

# MESSAGE

It is a matter of very great edification to hear that a regular seminar is being organized on the life and works of Prof. Nazir Ahmad, Ex-Head of the Persian Department and Dean of Faculty of Arts, Aligarh Muslim University. I hope that the seminar will touch upon various phases of the all-embracing contribution to the growth of knowledge and learning by Prof. Nazir Ahmad during his very distinguished academic career from his student days to the present times. During his exemplary teaching career he wrote exhaustively and published numerous works including his magnum opus on the life and works of Hakim Sinai.

Very few scholars have taken interest in the interpretation, preservation and editing of rare manuscripts reflecting the ethos and scholarship of a certain period. The Aligarh Muslim University has a unique distinction of possessing about 16,000 such manuscripts. Dr. Nazir Ahmad has been the motivating force behind the cataloguing and publication of these manuscripts. The Cultural House of Iran took great interest in the cataloguing of these manuscripts under the scholarly stewardship of the Cultural Counsellor Agha Syed Miri.

There are very few scholars who by accepting an award or distinction uplift and add to the value of that award. Prof. Nazir Ahmad is one of the very rare scholars who received numerous awards and in doing so he has enhanced the valuation of those awards.

By his ardent devotion to the advancement of learning and promotion of scholarship, Dr. Nazir Ahmad has made himself immortal in the academic world. His works are a source of inspiration to the readers:

مقصود ہنر سوز حیات ابدی ہے + یہ ایک نفس یا دو نفس مثل شرر کیا

اقبال

In wishing him a long life and success in his literary endeavours, I do hope that Aligarh Muslim University will play a leading role in popularising Dr. Nazir Ahmad's writings and books of lasting value. He is even now engrossed in producing momentous literary works. I do hope that the young scholars would follow the golden path shown by him of acquiring knowledge and dispelling the darkness.

**DR. M. RAHMAN, I.A.S.**
**EX-VICE CHANCELLOR**
**ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY**

Marfat.com

اداره
دایره ..................
شماره ......
تاریخ ۱۳۸۰/۲/۴
پیوست ۲۰۰۱/۴/۲۴

مؤسسه لغت‌نامهٔ دهخدا

وابسته به

دانشکدهٔ ادبیات و علوم انسانی

بسمه تعالی

سرکار علیه خانم ماریا بلقیس و دیگر استادان محترم برگذار کنندگان مجلس بزرگداشت استاد نذیر احمد

درود برشما حرمت نهندگان بدان استاد بزرگ ، کمترکسی است که با ادبیات فارسی آشنا باشد و دکتر نذیر احمد را نشناسد . او بیش از شصت سال از زندگانی پر بار خودرا وقف تحقیق در فرهنگ ایرانی و اسلامی کرد. مقاله های ارزنده و کتاب های سودمندی را نوشت و منتشرساخت و ظیفه همه دست در کاران ادب فارسی است ، ازاین استاد فرهیخته تجلیل کنند .
آرزو داشتم خود درآن مجلس باشکوه حاضر باشم اما خستگی و ناتوانی رخصتم نمیدهد. بدینوسیله ازآن عالم جلیل معذرت میخواهم و توفیق شمارا ازخدای بزرگ درخواست دارم . یک مجلد ترجمه نهج البلاغه و یک دوره شرح مثنوی خودرا به نشانی بخش فارسی دانشگاه‌علیگر به عنوان سپاس برای آن استاد خواهم فرستاد.

دکتر سید جعفر شهیدی
رئیس موسسه لغت‌نامه‌دهخدا

Marfat.com

**استاد فرزانه و محقق پُرمایه جناب پروفسور نذیر احمد - دانشگاه اسلامی علیگره**

به پاس خدمات شایسته و ارزشمند حضرت عالی در زمینهٔ تدریس زبان و ادبیات فارسی در دانشگاههای هند و تعلیم و تربیت صدها مدرّس و مروّج زبان و ادب فارسی ؛

به پاس تحقیقات ارزندهٔ جناب عالی در زمینه های مربوط به فرهنگ و تمدّن ایران و نیز زبان و ادب فارسی ؛

به پاس انتشار پژوهشنامه‌های درخور تحسین و محقّقانه‌تان که به صورت دهها مقاله و کتاب به زبانهای فارسی و اردو و انگلیسی در دسترس علاقه‌مندان به فرهنگ و تمدن ایرانی و زبان و ادب فارسی قرار داده‌اید ؛

به پاس سخنرانیهای ارزشمند و مستندتان در کشورهای مختلف جهان در زمینه‌های مربوط به ایران شناسی ؛

به پاس تصحیح و احیای متون کهن فارسی و شناساندن آنها به مشتاقان فرهنگ و ادب ایرانی؛

و بالاخره به پاس ارشاد و راهنمایی و تربیت دو فرزند برومند خود : پروفسور ماریه بلقیس (دانشگاه علیگره) و دکتر ریحانه خاتون (دانشگاه دهلی) برای ترویج و گسترش زبان و ادب فارسی در دانشگاههای هند ؛

این لوحهٔ تقدیر و یادبود شرف تقدیم می‌یابد.

برای وجود پر فیض و پر برکت استاد از درگاه پروردگار بزرگ آرزوی تندرستی و توفیق بیش از پیش می‌کند.

با احترام و اخلاص

دکتر رضا مصطفوی
استاد دانشگاه و رایزن فرهنگی جمهوری اسلامی ایران
یازدهم اردیبهشت ماه ۱۳۸۰ پنجم مِی ۲۰۰۱ - اسلام‌آباد

Marfat.com




پروفیسر نذیر احمد، بیگم عابدہ احمد، جناب ملک رام اور پروفیسر امیر حسن عابدی



پروفیسر نذیر احمد، پاکستانی دانشمند کے ساتھ

Marfat.com

# فہرست مضامین


| | | |
|---|---|---|
| حرفِ آغاز | پروفیسر شریف حسین قاسمی | |
| ا۔ سہ روزہ قومی سمینار، ایک نظر میں | | ۱ |
| ۲۔ خطبۂ استقبالیہ | پروفیسر ماریہ بلقیس | ۱۵ |
| ۳۔ کلیدی خطبہ | پروفیسر سید امیر حسن عابدی | ۱۹ |
| ۴۔ نذیر صاحب | پروفیسر آل احمد سرور | ۲۸ |
| ۵۔ پروفیسر نذیر احمد: چند تالیفات کا ایک مختصر جائزہ | پروفیسر سید انوار احمد | ۳۴ |
| ۶۔ پروفیسر نذیر احمد صاحب: ایک تعارف | پروفیسر کبیر احمد جائسی | ۴۹ |
| ۷۔ تحقیق و تدوین سے متعلق پروفیسر نذیر احمد کا اسلوب فکر و طریقۂ کار | پروفیسر ظہیر الدین ملک | ۶۲ |
| ۸۔ پروفیسر نذیر احمد اور ان کے عقیدت مند | پروفیسر اقتدار حسین صدیقی | ۸۰ |
| ۹۔ پروفیسر نذیر احمد، ممتاز ماہر غالبیات | ڈاکٹر خلیق انجم | ۹۴ |
| ۱۰۔ مطالعات غالب اور پروفیسر نذیر احمد کی نکتہ رسی | پروفیسر ابوالکلام قاسمی | ۱۰۷ |
| ۱۱۔ پروفیسر نذیر احمد کے علمی کارناموں اور ''فارسی قصیدہ نگاری'' کا ایک مختصر جائزہ | پروفیسر شعیب اعظمی | ۱۱۸ |
| ۱۲۔ فارسی کی رمز شناس بے نظیر: پروفیسر نذیر احمد | پروفیسر عبدالودود اظہر دہلوی | ۱۳۱ |
| ۱۳۔ گجرات اور ڈاکٹر نذیر احمد صاحب کی علمی و ادبی خدمات | پروفیسر نثار احمد انصاری | ۱۳۹ |
| ۱۴۔ فرہنگ قواس مرتبہ پروفیسر نذیر احمد | | |


Marfat.com

ترتیب وتصحیح کا ایک اعلیٰ نمونہ پروفیسر شریف حسین قاسمی ۱۴۴
۱۵۔ پروفیسر نذیر احمد، محقق نامور ہند،
بحوالہ تحقیق متن پروفیسر آصفہ زمانی ۱۵۷
۱۶۔ عظیم آباد کے علمی وتحقیقی مراکز
اور پروفیسر نذیر احمد پروفیسر محمد شرف عالم ۱۶۶
۱۷۔ فن فرہنگ نویسی ورشتہ لغت اور
پروفیسر نذیر احمد ڈاکٹر ضیاء الدین انصاری ۱۸۲
۱۸۔ اردو میں تحقیق کی روایت اور ڈاکٹر نذیر احمد ڈاکٹر محمد نورالاسلام ۲۰۱
۱۹۔ پروفیسر نذیر احمد کی غالب شناسی کے چند گوشے ڈاکٹر عراق رضا زیدی ۲۰۶
۲۰۔ نظر بر شخص دانش ڈاکٹر معتصم عباسی ۲۲۰
۲۱۔ پروفیسر نذیر احمد ایک عظیم محقق ودانشور ڈاکٹر ریحانہ خاتون ۲۴۲
۲۲۔ پروفیسر نذیر احمد
''فارسی قصیدہ نگاری'' کے آئینے میں ڈاکٹر علیم اشرف خان ۲۵۵
۲۳۔۔۔از لطف شامی بینم ڈاکٹر زہرہ عرشی ۲۸۳
۲۴۔ پروفیسر نذیر احمد کے چند تحقیقی انکشافات ڈاکٹر شوکت نہال انصاری ۲۸۸
۲۵۔ پروفیسر نذیر احمد:
ترتیب وتدوین متن کے آئینے میں ڈاکٹر رعنا خورشید ۲۹۹

## بخش فارسی

۲۶۔ پروفیسر نذیر احمد در جہان نقد وپژوہش پروفیسر عبدالقادر جعفری ۳۱۲

Marfat.com

# حرفِ آغاز

شعبۂ فارسی، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ مبارک باد کا مستحق ہے کہ اس نے جہان فارسی کے ایک نہایت معتبر عالم اور محقق کی شخصیت و علمی و ادبی کارناموں کو موضوع سمینار بنایا۔ اس سمینار میں پیش کیے گئے مقالات کو کتابی شکل میں شائع کرنا اہم کام تھا، وہ بھی الحمدللہ شعبۂ فارسی کی فعّال صدر پروفیسر ماریہ بلقیس صاحبہ کی کوششوں سے انجام پذیر ہو رہا ہے اور اس کے لیے وہ بھی مبارک باد کی حق دار ہیں۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب خاص طور پر فارسی دنیا میں کسی تعارف کے محتاج نہیں، حقیقت یہ ہے کہ آپ نے فارسی زبان و ادب پر جو گرانقدر ادبی، تنقیدی اور تحقیقی کارنامے انجام دیے ہیں، وہ ہندوستان کے فارسی اساتذہ اور دیگر علما کے لیے باعث صد افتخار ہے۔ آج ایران میں بھی پروفیسر نذیر احمد صاحب کا نام اس لیے احترام سے لیا جاتا ہے کہ پروفیسر نذیر احمد صاحب کی روش تحقیق و تدوین کو بڑی حد تک مکمل اور مناسب سمجھ کر اس کی پیروی کو ترجیح دی

Marfat.com

جاتی ہے۔

اس مجموعہ میں پروفیسر نذیر احمد صاحب کی شخصیت اور علمی کارناموں پر اہم مضامین شامل ہیں۔ ان مضامین سے قاری بہ آسانی یہ سمجھ سکتا ہے کہ محترم نذیر صاحب نے فارسی ادب کے کسی ایک خاص موضوع کو اپنی علمی جستجو کے لیے منتخب نہیں کیا ہے بلکہ گوناگوں نوعیت کے مسائل و موضوعات پر یکساں مہارت و تبحر سے قلم اٹھایا ہے اور یہی آپ کی افضلیت کی دلیل ہے۔

میں پروردگار کی بارگاہ میں دست بہ دعا ہوں کہ وہ استاد گرامی پروفیسر نذیر احمد صاحب کی مکمل صحت کے ساتھ سلامت رکھے تا کہ وہ حسب معمول اپنے علمی کارناموں سے ہماری راہنمائی فرماتے ہیں، (آمین)

پروفیسر شریف حسین قاسمی
دہلی یونیورسٹی، دہلی

جولائی ۲۰۰۱ء

Marfat.com

# سہ روزہ قومی سمینار، ایک نظر میں

شعبۂ فارسی، ڈی۔آر۔ایس پروگرام، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے زیر اہتمام ’’فارسی زبان وادب میں پروفیسر نذیر احمد کی علمی وادبی خدمات‘‘ پر ایک سہ روزہ قومی سمینار مورخہ ۱۷ تا ۱۹ ر مئی ۲۰۰۱ء کو منعقد کیا گیا۔ سمینار کا افتتاح ۱۷ ر مئی کو جناب عیسی رضا زادہ، کلچرل کونسلر، خانۂ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران نے کیا۔ پروفیسر امیر حسن عابدی صاحب نے کلیدی خطبہ پیش کیا۔ محمد حسن مظفری، علی اکبر ثبوت اور ڈاکٹر مہدی خواجہ پیری، خانۂ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران، مہمان اعزازی کی حیثیت سے شریک تھے۔ پروفیسر آزرمیدخت صفوی نے نظامت کے فرائض خوش اسلوبی سے انجام دیئے۔ شعبۂ فارسی کی تاریخ میں کسی زندہ شخص پر یہ پہلا سمینار تھا جن کی علمی و ادبی خدمات کا اعتراف ان کی زندگی میں ہی بڑے پیمانے پر کیا گیا۔

سمینار کا افتتاح کرتے ہوئے جناب عیسیٰ رضا زادہ نے کہا کہ پروفیسر نذیر احمد کو نہ صرف ہندوستان بلکہ ایران میں بھی عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ نذیر صاحب پہلے ہندوستانی دانشور ہیں جن کو ایران نے ڈی لٹ کی اعزازی ڈگری سے سرفراز کیا۔ انہوں نے نذیر صاحب کی خدمت میں اپنی بنائی ہوئی نذیر صاحب کی ایک تصویر بھی پیش کی جو فن مصوری کا بہترین نمونہ ہے۔

پروفیسر امیر حسن عابدی نے کلیدی خطبہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ فارسی زبان نے صدیوں تک ہندوستان کی تہذیب وتمدن کو متاثر کیا ہے۔ اب بھی اس کے بہت

Marfat.com

سے گوشے ایسے ہیں جن کو منظر عام پر نہیں لایا گیا ہے۔اس سلسلے میں نذیر صاحب نے جو کارنامہ انجام دیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔انھوں نے کہا کہ نذیر صاحب سے ان کی پہلی ملاقات ۱۹۵۵ء میں تہران میں ہوئی تھی اور دوستی کا یہ سلسلہ آج تک جاری ہے۔

ڈاکٹر مہدی خواجہ پیری، جنہوں نے مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے فارسی مخطوطات کی فہرست تیار کی ہے، نے کہا کہ اس عظیم کام کے سلسلے میں وہ سب سے پہلے نذیر صاحب سے ملے۔انہیں کی رہنمائی کے سبب یہ کام پایۂ تکمیل کو پہنچ پایا، انھوں نے اپنی تیار کی ہوئی فہرست مخطوطات کی جلدیں بھی نذیر صاحب کی خدمت میں پیش کیں

جناب علی اکبر ثبوت نے اپنی تقریر میں فارسی زبان وادب اور تحقیق وتدوین کی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ترتیب وتدوین متن کا کام جتنا ہندوستان میں انجام پذیر ہوا ہے اتنا ایران میں نہیں ہوا۔اس کا سہرا نذیر صاحب کے سر جاتا ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ نذیر صاحب نے دو بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں جو فارسی زبان و ادب کی خدمت بحسن وخوبی انجام دے رہی ہیں۔ایک دہلی یونیورسٹی میں اور دوسری علی گڑھ مسلم یونیوسٹی میں۔

کلچر ہاؤس کے ڈائرکٹر محمد حسن مظفری نے کہا کہ نذیر صاحب نے ۲۰؍ سے زائد ریسرچ اسکالروں کی رہنمائی کہ جن کو پی-ایچ-ڈی کی ڈگری تفویض کی گئی۔ رامپور رضا لائبریری کے او-ایس-ڈی ڈاکٹر وقار الحسن صدیقی نے کہا کہ تاج محل کے

Marfat.com

معمار استاد احمد کے سلسلے میں نذیر صاحب کی تحقیق ہندوستان کی تاریخ کا ایک زرین باب ہے۔ گجرات کے عربی اور فارسی اساتذہ کی جانب سے ڈاکٹر نثار احمد انصاری نے ایک سپاسنامہ پیش کیا اور کہا کہ نذیر صاحب نہ صرف یہ کہ ایک فرد اور ادارہ ہیں بلکہ ایک زندہ تحریک بھی۔ کل ہند انجمن استادان فارسی کی جانب سے بھی ایک شال اور سپاسنامہ پیش کیا گیا۔ شعبۂ فائن آرٹ کی جانب سے نذیر صاحب کو ایک پینٹنگ پیش کی گئی اور ڈاکٹر آصف نعیم صدیقی نے صدر جمہوریۂ ہند، کے۔آر۔ نارائنن، وزیر اعظم ہند، ہندوستان میں ایرانی سفارت کار، وائس چانسلر حامد انصاری اور سابق وائس چانسلر محمود الرحمٰن کے تہنیتی پیغامات پڑھ کر سنائے۔ امریکہ میں مقیم نذیر صاحب کے صاحبزادے عبدالواسع کی جانب سے ایم۔اے فارسی میں سب سے زیادہ نمبر لانے والے طالب علم کو گولڈ میڈل دینے کا اعلان کیا گیا۔

اس سے قبل شعبۂ فارسی کی چیرمین پروفیسر ماریہ بلقیس نے اپنی تعارفی تقریر میں سمینار کی غرض وغایت بیان کرتے ہوئے پروفیسر نذیر احمد کی زندگی، زمانہ، ان کے کارناموں، علمی و ادبی معرکوں اور اعزازات و انعامات پر عالمانہ انداز میں روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ پروفیسر نذیر احمد ایک ممتاز مخطوطہ شناس ہیں اور فرہنگ شناسی میں وہ بے نظیر ہیں۔ انہوں نے بیشمار فارسی مخطوطات اور شخصیات کی بازیافت کی اور متنی تحقیق کو مستقل فن بنایا۔ پروگرام کے اختتام پر پروفیسر ایس۔ایم۔ طارق حسن نے حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔

افتتاحی جلسے سے قبل پروفیسر نذیر احمد کی مرتبہ کتابوں، تحقیقی و علمی مقالات،

Marfat.com

انعامات اور اسناد کی نمائش کا اہتمام مولانا آزاد لائبریری میں کیا گیا۔ جس کا افتتاح نواب رحمت اللہ خان شیروانی صاحب نے کیا۔

۱۸ رمئی کو تین اجلاس منعقد ہوئے جن میں پروفیسر نذیر احمد کی شخصیت اور خدمات کے مختلف پہلوؤں پر بہت اہم اور معلوماتی مقالے پڑھے گئے۔ پہلے جلسے کی صدارت پروفیسر عبدالودود اظہر اور ڈاکٹر خلیق انجم نے فرمائی جبکہ نظامت کے فرائض ڈاکٹر معتصم عباسی آزاد نے انجام دیئے۔ اس جلسے میں کل چار مقالہ نگاروں نے اپنے مقالے پیش کئے۔ پہلا مقالہ پروفیسر شعیب اعظمی کا تھا جنہوں نے پروفیسر نذیر احمد کی عملی اور ادبی خدمات کے تذکرے کے ساتھ پروفیسر موصوف کی ایک کتاب ''فارسی قصیدہ نگاری'' پر شرح وبسط کے ساتھ روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ باوجود مختصر ہونے کے اس تصنیف کا مطالعہ فارسی قصیدہ نگاری سے پوری طرح واقف کراتا ہے۔ پروفیسر شریف حسین قاسمی نے اپنے مضمون ''فرہنگ قواس مرتبہ پروفیسر نذیر احمد: ترتیب وتصحیح کا ایک اعلی نمونہ'' میں فرہنگوں کی ترتیب وتصحیح میں جو دشواریاں پیش آتی ہیں ان کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ فرہنگوں پر تبصرہ ایک علمی کام ہے۔ اس کے لئے وسیع مطالعہ کی ضرورت ہے۔ نذیر صاحب کو اس پر دسترس حاصل ہے۔ ایک محقق ودانشور اور استاد کی حیثیت سے آپ نہ صرف ہندوستان بلکہ بیرون ممالک میں بھی معتبر اور لائق پیروی ہیں۔ جو کام آپ نے تن تنہا انجام دیا وہ عام طور پر آج کے علمی ادارے مشکل ہی سے پایۂ تکمیل کو پہنچا پاتے ہیں۔ انہوں نے اس بات کی وضاحت کی کہ کس طرح نذیر صاحب نے مختلف نسخوں کی مدد سے اس فرہنگ کی تصحیح وتدوین کی اور اصل

Marfat.com

فرہنگ کے ایک ایک لفظ پر غور کیا، حاشیہ لکھا اور اس بات کی نشاندہی کی کہ کون سے الفاظ سب سے پہلے کس مؤلف نے استعمال کیا ہے۔ یہ ایک بڑا کام ہے۔ ڈاکٹر زہرہ عرشی نے "۔۔۔ازلطف شامی بینم" عنوان کے تحت اپنا مقالہ پیش کیا جس میں انہوں نے اپنے ذاتی تأثرات اور اپنی طالب علمی کے زمانے کے چند واقعات بیان کئے۔ انہوں نے پروفیسر نذیر احمد کی نگرانی میں ہی "فرہنگ جہانگیری" پر مقالہ لکھ کر پی-ایچ-ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ رامپور رضا لائبریری کے او-ایس-ڈی ڈاکٹر وقار الحسن صدیقی نے اپنے مقالے بعنوان

"Contribution of Prof. Nazir Ahmad to Indo- Islamic art and culture."

میں اس بت کی وضاحت کی کہ پروفیسر نذیر احمد نے ملک اور بیرون ملک بالخصوص امریکہ اور یورپ کی مختلف آرٹ گیلریوں اور لائبریریوں میں مختلف مخطوطات اور Paintings کی بازیافت کی اور ان کو علمی وادبی حلقوں میں روشناس کرایا، جن کی تعداد سو سے بھی زیادہ ہے، جو ہند اسلامی آرٹ و کلچر کی تاریخ میں ایک گرانقدر سرمایہ ہے۔

جلسے کے صدر ڈاکٹر خلیق انجم نے صدارتی تقریر میں کہا کہ نذیر صاحب کی اہمیت کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔ انہوں نے فارسی زبان وادب میں پروفیسر موصوف کی علمی وادبی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ اردو زبان سے بھی نذیر صاحب کو الگ نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے جواب میں پروفیسر عبدالودود اظہر نے کہا کہ اردو

Marfat.com

والے فارسی والوں کو سوتیلا بھائی سمجھتے ہیں، اردو اب بڑی چیز ہوگئی ہے اور فارسی والے شیڈول کاسٹ ہوگئے ہیں۔ نذیر صاحب نے اس سوتیلے پن کو دور کرنے کی بہت حد تک کوشش کی۔ بعد میں انہوں نے حسن مظفری (خانۂ ایران) کا پیغام پڑھ کر سنایا جس میں پروفیسر نذیر احمد صاحب کی صحت وسلامتی اور درازیٔ عمر کی خدا سے دعا کی گئی تھی۔

چائے کے وقفے کے بعد سمینار کا دوسرا جلسہ شروع ہوا جس کی صدارت پروفیسر شعیب اعظمی اور پروفیسر شریف حسین قاسمی نے کی۔ اس جلسے میں پانچ مقالے پڑھے گئے۔ پہلا مقالہ پروفیسر کبیر احمد جائسی کا تھا جس میں انہوں نے پروفیسر نذیر احمد کے حالات زندگی کو اختصار کے ساتھ بیان کیا اور کہا کہ نذیر صاحب نے دیوریا گورنمنٹ اسکول سے جس سفر کا آغاز کیا تھا اس کا اختتام شعبۂ فارسی کی پروفیسری اور صدارت پر ہوا۔ انہوں نے کہا کہ نذیر صاحب نے جتنی کتابیں شائع کی ہیں اور علمی مباحثوں میں حصہ لیا ہے ان کی تعداد ہوشربا ہے۔ وہ ہمہ وقت علمی کاموں میں مصروف رہتے ہیں اور دنیا کو نئے نئے تحفے دیتے رہتے ہیں۔ نذیر صاحب کے علمی کاموں کی خاص خصوصیت تنوع ہے۔ ادب، زبان، زبان کی قواعد، تاریخ، مصوری، خطاطی وغیرہ پر ان کے مطالعے اہم ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ان لکھے ہوئے مواد کو ایک لڑی میں پرو دیا جائے تاکہ وہ سب کے استفادے کا باعث بنے۔ نذیر صاحب نے جتنی کتابیں شائع کی ہیں ان سے متنی تحقیق کے اصول وضوابط مرتب ہوتے ہیں۔

ڈاکٹر خلیق انجم نے ''پروفیسر نذیر احمد: ممتاز و ماہر غالبیات'' عنوان کے

Marfat.com

تحت اپنا مقالہ پیش کیا۔ انہوں نے نذیر صاحب کے حوالے سے مکاتیب سنائی، نقد قاطع برہان اور غالب کی فارسی شاعری پر بحث کی اور نذیر صاحب کو ایک سچا اور کھرا عالم قرار دیا۔

پروفیسر اقتدار حسین صدیقی نے نذیر صاحب سے اپنی عقیدت مندی کا اظہار کیا اور زمانۂ طالب علمی کی ان دشواریوں کا ذکر کیا جن کی عقدہ کشائی پروفیسر نذیر احمد صاحب نے کی تھی۔ انہوں نے نذیر صاحب کی موسیقی پر مرتبہ 'کتاب نورس' ایلتتمش کے نام کے بارے میں اختلاف اور شہاب الدین سہروردی کی تاریخ وفات کے بارے میں نذیر صاحب کی تحقیق کا خلاصہ کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ایک تربیت یافتہ مورخ کا کردار ادا کیا ہے۔ پروفیسر عبدالحق (دہلی یونیورسٹی) نے نذیر صاحب کی تحقیق وتدوین پر بحث کی اور ان کی فتوحات علمیہ کا صدق دل سے اعتراف کیا اور کہا کہ نذیر صاحب پہلے عالم ہیں جن میں علم وعمل اور نظر وخبر کا اجتماع ہے۔ لفظ و معنی کی اسرار کشائی میں موصوف نے جس عرق ریزی کا ثبوت دیا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے۔ پروفیسر آصفہ زمانی نے اپنے مقالے بعنوان ''پروفیسر نذیر احمد: محققِ نامورِ ہند، بحوالہ تحقیق متن'' فرمایا کہ سائنٹیفک تحقیق میں محمود شیرانی کے بعد پروفیسر نذیر احمد کا نام آتا ہے۔ نذیر صاحب کا تحقیقی سفر ۶۰ سالوں پر محیط ہے۔ انہوں نے متعدد ادبی وفرہنگی سیمناروں میں شرکت کی آپ کلاسیکی ادب، عہد وسطیٰ کی تاریخ اور مخطوطہ شناسی کے ماہر سمجھے جاتے ہیں۔ سخت کوشی جن کا ایمان ہو وہی مخطوطہ شناسی کے سفر سے گذر سکتا ہے، نذیر صاحب اس جادۂ منزل کے رہرو ہیں۔ ان کی متنی تحقیق کے

Marfat.com

نمونے مکاتیب سنائی، دیوان حافظ، دیوان سراجی خراسانی، فرہنگ قواس، دستور الافاضل، فرہنگ زفان گویا، نقد قاطع برہان، فرہنگ لسان الشعرا، دیوان مہندس اور اعجاز خسروی کی متن کی اشاعت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ انہوں نے مانگ کی کہ ایک ریسرچ سنٹر کی بنیاد ڈالی جائے جس سے ان کی علمی کاوشوں کا حق ادا کیا جا سکے۔ پروفیسر شعیب اعظمی نے پڑھے گئے مقالوں پر تبصرہ کیا۔

ظہرانے کے بعد تیسری مجلس کی صدارت میں پروفیسر امیر حسن عابدی اور پروفیسر شرف عالم شامل تھے جبکہ نظامت کے فرائض ڈاکٹر زہرہ عرشی نے انجام دیئے۔ اجلاس کے شروع میں پروفیسر ظہیر الدین ملک نے ''تحقیق و تدوین سے متعلق پروفیسر نذیر احمد کا اسلوب فکر اور طریقۂ کار'' پر بہت جامع اور دلچسپ گفتگو کی اور نذیر صاحب کو ایک منفرد صاحب طرز محقق قرار دیا اور کہا کہ آپ نے اپنے اظہار خیال کے لئے اردو کو ذریعۂ اظہار بنایا۔ آپ پیچیدہ الفاظ سے ہمیشہ گریز کرتے ہیں جب کہ دیگر محقق ثقیل، مشکل الفاظ اور دیگر زبان کا استعمال کر کے اپنی قابلیت ظاہر کرتے ہیں۔

ڈاکٹر نثار احمد انصاری نے ''گجرات اور ڈاکٹر نذیر احمد صاحب کے علمی و ادبی خدمات'' کا جائزہ لیا اور کہا کہ گجرات کو عالم ادب میں سب سے پہلے آپ ہی نے روشناس کیا۔ پروفیسر انوار احمد نے ''پروفیسر نذیر احمد کے چند تالیفات کا ایک مختصر جائزہ'' کے زیر عنوان دیوان حافظ، دیوان عمید لوئکی، فرہنگ قواس، فرہنگ زفان گویا اور دیوان سراجی خراسانی پر مشتمل نذیر صاحب کی تحقیق و تدوین اور اشاعت کا جائزہ

Marfat.com

لیا۔ ڈاکٹر عبد القادر جعفری نے ''پرفسور نذیر احمد در جہان نقد و پژوہش'' موضوع پر نہایت جامع اور وقیع مقالہ پیش کیا اور نذیر صاحب کو ''عاشق جستجو'' قرار دیا۔ ڈاکٹر علیم اشرف خان نے ''پروفیسر نذیر احمد فارسی قصیدہ نگاری کے آئینے میں'' کے عنوان سے اپنا مضمون پڑھا اور ایک محقق و نقاد کی حیثیت سے پروفیسر نذیر احمد کا مقام و مرتبہ تعین کرنے کی کوشش کی۔ جلسے کے آخر میں محمود فیاض نے ذاتی تاثرات پیش کیے۔ پروفیسر شرف عالم نے پڑھے گئے مقالوں پر اظہار خیال کیا۔

سمینار کا چوتھا جلسہ ۱۹ رمئی ۲۰۰۱ء کو ۹ بجے شروع ہوا جس کی صدارت پروفیسر انوار احمد اور پروفیسر کبیر احمد جائسی نے کی اور ڈاکٹر شوکت نہال انصاری نے نظامت کا فریضہ انجام دیا۔ جلسے کے شروع میں ضیاء الدین انصاری نے ''فن فرہنگ و رشتۂ لغت اور پروفیسر نذیر احمد'' کے موضوع پر بھرپور مقالہ پڑھا جس میں فرہنگ سے متعلق نذیر صاحب کی تحقیقی نگارشات فرہنگ قواس، زفان گویا، دستور الافاضل، نقد قاطع برہان، لسان الشعرا کا عمومی جائزہ شامل تھا۔ پروفیسر عبد الودود اظہر نے ''فارسی کے رمز شناس بے نظیر پروفیسر نذیر احمد'' کے زیر عنوان مقالے میں کہا کہ دو لوگ فارسی کی بقا کے ضامن بھی ہیں اور آبرو بھی۔ انہیں دو کی وجہ سے فارسی پر اعتراض کرنے والے کا منھ بند ہو جاتا ہے اور ہمارا حوصلہ بڑھ جاتا ہے۔ ان کی مراد پروفیسر نذیر احمد اور پروفیسر امیر حسن عابدی سے تھی۔ مقالہ نگار نے ۱۹۵۷ سے ۱۹۶۱ تک نذیر صاحب کی خدمات کا جائزہ پیش کیا اور کل گیارہ مقالوں کا فکری و فنی محاکمہ پیش کیا۔ پروفیسر ابو الکلام قاسمی نے ''مطالعات غالب اور پروفیسر نذیر احمد کی نکتہ رسی'' پر روشنی ڈالی اور نذیر صاحب کے حوالے سے ''رنگ اور بے رنگ'' کی تشریح کی۔ پروفیسر شرف عالم

Marfat.com

نے ''عظیم آباد کے علمی و تحقیق مراکز اور پروفیسر نذیر احمد'' مضمون کی روشنی میں نذیر صاحب کے ان توسیعی خطبات اور مقالوں کا ذکر کیا جو انہوں نے مختلف مواقع پر پٹنہ یونیورسٹی اور خدا بخش لائبریری میں پیش کیا تھا۔ پروفیسر عالم نے خواہش ظاہر کی کہ نذیر صاحب کے الگ الگ علمی وفنی کاوشوں پر مقالے لکھے جائیں اور پھر سب کو یکجا شائع کیا جائے۔

جلسے کے صدر پروفیسر کبیر احمد جائسی نے پڑھے گئے مقالوں پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ لغت شناسی ایک خشک مضمون ہے۔ ڈاکٹر ضیاء الدین انصاری نے پروفیسر نذیر احمد صاحب کی لغت شناسی سے متعلق جس مدلل اور عالمانہ انداز میں گفتگو کی ہے اس کے لئے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ نذیر صاحب کی چالیس سال پہلے لکھی گئی کتاب ''تاریخی اور ادبی مطالعے'' سے مندوبین اور شرکائے جلسہ کو روشناس کرانے کے لئے پروفیسر عبدالودود اظہر کو ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس میں اب بھی وہی تازگی اور برجستگی ہے جو چالیس سال پہلے تھی۔ عام روش اور رسمی موضوعات سے الگ ہٹ کر نئے موضوعات پر قلم اٹھانے کے لئے پروفیسر ابوالکلام قاسمی کی علمیت کا اعتراف کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پروفیسر نذیر احمد صاحب نے اپنے شاگردوں کی بھی اسی طرح تربیت کی ہے کہ وہ بھی رسمی موضوعات سے گریزاں اور جہان تازہ کی تلاش و جستجو میں سرگرداں رہتے ہیں۔ پروفیسر شرف عالم کے مضمون پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ دوسرے صوبوں کی علمی اور تہذیبی مراکز کو منظر عام پر لانے میں جو گرانقدر کام پروفیسر نذیر احمد صاحب نے انجام دیا ہے اس کا صوبہ وار جائزہ لے کر ان کو علمی دنیا سے متعارف کرایا جائے۔ اس کام کی طرف

Marfat.com

توجہ دلانے کے لئے انہوں نے پروفیسر شرف عالم کو مبارکباد پیش کی۔

پانچواں جلسہ سمینار کا آخری جلسہ تھا جس کی صدارت ڈاکٹر نثار احمد انصاری، ڈاکٹر ضیاء الدین انصاری اور ڈاکٹر عبدالقادر جعفر نے کی اور نظامت کے فرائض ڈاکٹر افشاں آفتاب نے انجام دیئے۔ اس اجلاس میں کل سات مقالے پیش کئے گئے۔ ڈاکٹر ظفر احمد نے نذیر صاحب کے تحقیقی منسوبات کا ذکر کیا جن میں دیوان حافظ میں رباعیوں کا الحاق اور عمید لوئکی کے قصائد شامل تھے۔ ڈاکٹر عراق رضا زیدی نے ''پروفیسر نذیر صاحب کی غالب شناسی کے چند گوشے'' پر بحث کی۔ ڈاکٹر معتصم عباسی آزاد نے اپنے ذاتی تاثرات پیش کئے اور نذیر صاحب کی شب و روز کی مصروفیت اور بعض دلچسپ واقعات وحالات پر روشنی ڈالی۔ پروفیسر سید محمد طارق حسن نے فارسی فرہنگ اور زبان وادب کے مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان میں فارسی فرہنگ ایک اہم موضوع ہے۔ نذیر صاحب نے فارسی کی چند قدیم فرہنگوں کو نہ صرف ہندوستان بلکہ بیرون ممالک میں بھی روشناس کرانے کے لئے مقالے لکھے اور ان فرہنگوں کی ترتیب وتصحیح اور تدوین کی۔ بلاشبہ نذیر صاحب کی شخصیت قابل فخر اور قابل تقلید ہے۔ ڈاکٹر شوکت نہال انصاری نے ''نذیر صاحب کے چند تحقیقی انکشافات'' عنوان کے تحت استاد احمد، معمار تاج محل کے خاندان کی تفصیل بتائی۔ ڈاکٹر رعنا خورشید کے مقالے کا عنوان تھا ''پروفیسر نذیر احمد: ترتیب وتدوین متن کے آئینے میں'' شعبۂ فارسی کے ریسرچ اسکالر عبدالسلام جیلانی نے ''جوی مولیاں: پروفیسر نذیر احمد کی تحقیق کی تناظر میں'' کے زیر عنوان جوئے مولیاں کے بارے میں جو غلط فہمی پائے جاتی ہے اس کا انکشاف کیا۔ اس کے علاوہ نذیر صاحب سے متعلق دانشوروں کی

Marfat.com

رائے پیش کی۔

سمینار کے اختتامی اجلاس کی صدارت پروفیسر امیر حسن عابدی، پروفیسر عبدالودود اظہر اور پروفیسر شعیب اعظمی نے کی۔

صدارتی تقریر میں پروفیسر امیر حسن عابدی نے کہا کہ فارسی ایک تہذیب ہے۔اس کو اس طرح رواج دینا چاہئے کہ ہر گھر میں اپنی تہذیب کو سمجھنے کا شوق پیدا ہو۔مہذب بنانے کے لئے فارسی کا مطالعہ ضروری ہے۔ہمیں کوشش کرنا چاہئے کہ فارسی ہر شخص پڑھے۔فارسی کو ذریعۂ معاش سمجھ کر نہ پڑھی جائے بلکہ ایک تہذیب سمجھ کر اس کا مطالعہ کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ علم کی کوئی حد نہیں۔یہ ایک مسلسل سلسلہ ہے، اسے سیکھنے کا عمل تا حیات جاری رہنا چاہئے۔اور خواہش ظاہر کی کہ نوجوانوں کو اس بات پہ آمادہ کیا جائے کہ وہ فارسی کی طرف مائل ہوں اور نذیر صاحب سے سبق حاصل کریں۔ایک 'نذیر' سے تسکین نہیں ہوتی بلکہ ہزاروں نذیر پیدا ہونا چاہئے۔انہوں نے اس خواہش کا بھی اظہار کیا کہ نذیر صاحب کے جو مضامین منتشر ہیں انہیں کتابی شکل دی جائے۔

پروفیسر عبدالودود اظہر نے سمینار کے منعقد کرنے کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ فارسی ہمارا قومی ورثہ ہے۔اس کا بار بار اعادہ کیا جانا چاہئے۔نذیر صاحب نے اس کو جس طرح جذب کیا ہے ان کو نمونہ بنایا جائے۔نذیر صاحب نے فارسی سے جو کچھ لیا ہے اس سے زیادہ لوٹایا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک بڑا دانشور جب کسی مقام پر پہنچتا ہے تو اس میں غرور آجاتا ہے۔دانشوری کے

Marfat.com

ساتھ درویشی، خاکساری، منکسر المزاجی نذیر صاحب کا خاصہ ہے۔ یہ فارسی کی دین ہے۔

پروفیسر شعیب اعظمی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان میں جہاں جہاں فارسی لکھی، پڑھی اور بولی جاتی ہے وہاں مقامی سطح پر نذیر صاحب کی علمی خدمات کا جائزہ پورے سال لیا جائے۔ یہی ان کے لئے خراج تحسین ہے۔

سمینار کے اختتامی جلسے میں مندوبین نے بھی ذاتی تاثرات اور خیالات کا اظہار کیا۔ پروفیسر شریف حسین قاسمی نے کہا کہ ہر شاعر کا ایک مخصوص میدان ہے۔ کوئی غزل کا شہسوار ہے، کوئی قصیدے کا ماہر ہے، کسی نے مثنوی میں اپنا کمال دکھایا ہے۔ خسرو کا امتیاز یہ ہے کہ وہ ایک ہمہ جہت شاعر ہیں۔ غزل، قصیدہ، مثنوی۔ خسرو نے ہر ایک کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا ہے۔ یہی خصوصیت ہے پروفیسر نذیر احمد میں۔ ان کا کوئی مخصوص میدان نہیں ہے۔ تحقیق و تدوین، فرہنگ نویسی، مختلف موضوعات پر علمی و ادبی مقالات نذیر صاحب کی علمی شخصیت کا امتیاز ہے۔ ڈاکٹر ظفر احمد صدیقی نے کہا کہ نذیر صاحب جس طرح فارسی کے لئے مایۂ ناز ہیں اسی طرح اردو کے لئے بھی ان کو ثابت کرنے کی چنداں ضرورت نہیں۔ انہوں نے مقالات نذیر کو یکجا کرنے کی تجویز پیش کی۔ پروفیسر عبدالقادر جعفری نے سمینار کو کامیاب قرار دیتے ہوئے اسے غالب کے ''بیرنگ'' سے تعبیر کیا۔ بمبئی والا نے نذیر فہمی کی غرض سے جلد ہی گجرات میں ایک سمینار کے انعقاد کا اعلان کیا۔ پروفیسر انوار احمد اور ڈاکٹر عراق رضا زیدی نے بھی اپنے تاثرات پیش کئے اور سمینار کے آرگنائزر کا شکریہ ادا کیا اور کام و دہن کے اعتبار سے سمینار کو کامیاب قرار دیا۔

سمینار کی کوآرڈی نیٹر خانم پروفیسر آزرمیدخت صفوی نے نظامت کے

Marfat.com

فرائض انجام دیتے ہوئے کہا کہ نذیر صاحب کی شخصیت ایک تاریخ ساز ہے۔ان کی شخصیت سے وہ بے پناہ متاثر ہیں۔آج تک ان کی شخصیت میں انہیں کوئی منفی پہلو نظر نہیں آیا۔ان کی زندگی کا ہر پہلو ہمارے لئے مشعل راہ ثابت ہوسکتا ہے اگر ہم ان پر عمل کریں۔علم وادب اور نقد وتحقیق کی جو روایت نذیر صاحب نے قائم کی ہم سب مل کر ان کو آگے بڑھانے کی کوشش کریں گے۔مندوبین اور شرکاء کو الوداع کہتے ہوئے انہوں نے کہا:

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد — سیر گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

شعبۂ فارسی کی چیرمین پروفیسر ماریہ بلقیس نے یو جی سی اور وائس چانسلر جناب حامد انصاری کا ہر طرح کے تعاون اور ہمت افزائی کے لئے شکریہ ادا کیا۔ فائننس آفیسر شفیق احمد صاحب کی رقم کی فراہمی، لائبریرین ڈاکٹر نورالحسن صاحب کی مولانا آزاد لائبریری میں کتابوں کی نمائش کرنے کی اجازت اور تعاون کا بھی انہوں نے شکریہ ادا کیا۔ رفقائے کار، آفس اسٹاف، سمینار لائبریرین اور طلباء کے شکریے کے ساتھ سمینار اختتام پذیر ہوا

نذیر صاحب پر یہ سہ روزہ سمینار بہت کامیاب رہا۔مندوبین اور شرکاء کو یہ کہتے سنا گیا کہ شعبۂ فارسی کی جانب سے یہ سمینار نذیر صاحب کے لئے خراج تحسین ہی نہیں بلکہ اس سے نذیر شناسی اور نذیر فہمی کی فضا عام ہوگی اور نقد وتحقیق کی نئی راہیں کھلیں گی۔

شعبۂ فارسی
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

Marfat.com

# خطبۂ استقبالیہ

## خواتین وحضرات

شعبۂ فارسی کی صدر اور سمینار کی ڈائرکٹر کی حیثیت سے میں آپ تمام حضرات کا اس سہ روزہ سمینار میں شرکت پر خیر مقدم کرتی ہوں۔ جیسا کہ آپ تمام حضرات کے علم میں ہے کہ شعبۂ فارسی نے گزشتہ برسوں میں DRS پروگرام کے تحت عہد اکبری، عہد جہانگیری اور عہد شاہجہاں پر سمینار منعقد کئے ہیں۔ اس سال بھی اسی روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے عہد بابر و ہمایوں پر سمینار کا خیال تھا لیکن بورڈ آف اسٹڈیز کے جلسہ میں شعبہ کے ایک سینئر استاد نے ''فارسی زبان وادب میں پروفیسر نذیر احمد کی علمی وادبی خدمات'' موضوع تجویز کیا اور تمام اراکین جلسہ نے اس کو بالاتفاق رائے منظور کرلیا۔ ہمیں خوشی ہے کہ علمی وادبی حلقوں میں بھی اس موضوع کو پسندیدگی ملی، اتنی تعداد میں آپ تمام حضرات کو خصوصاً اس سخت موسم میں باہر سے تشریف لائے ہوئے مندوبین کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ علم وادب کے صحیح قدردان اب بھی بڑی تعدا میں موجود ہیں۔

سمینار و کانفرنس ہر یونیورسٹی کے ضروری پروگرام کا جزو ہوتا ہے۔ محض درس وتدریس سے علمی لیاقت میں اضافہ نہیں ہوتا اس کے لئے ذہنی تربیت لازمی ہے جو سمینار و کانفرنس سے ہی ممکن ہے۔ جہاں گہرا مطالعہ ذہن میں وسعت اور فکر میں گہرائی پیدا کرتا ہے وہیں سمینار و کانفرنس میں شرکت سے مختلف علاقوں، مختلف کلچر اور

Marfat.com

مختلف تہذیب رکھنے والوں سے آشنائی ہوتی ہے، علم کا شوق بڑھتا ہے کیونکہ خود مطالعہ کرنے سے زیادہ سننے کا اثر انسانی ذہن قبول کرتا ہے۔ سوال و جواب سے بہت سے مسائل حل ہوتے ہیں اور ایک ہی نکتہ کے کئی پہلو بھی سامنے آتے ہیں۔

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے شعبۂ فارسی کی، ابتدا ہی سے اپنی علمی و ادبی خدمات کے لئے ہندوستان میں ایک ممتاز حیثیت رہی ہے۔ اس شعبہ سے پروفیسر ہادی حسن، راجہ غلام سرور، پروفیسر ضیاء احمد بدایونی، پروفیسر نذیر احمد، پروفیسر نبی ہادی، پروفیسر وارث کرمانی، پروفیسر سمیع الدین احمد جیسے بہترین مقرر، ممتاز استاد، نامور محقق، شہرۂ آفاق تنقید نگار اور قابل قدر مصنف و مؤلف وابستہ رہے ہیں جنھوں نے اپنے علمی و ادبی کارناموں سے جہاں ہند و بیرون ہند سے داد تحسین وصول کی، وہیں دانشگاہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کو بھی ایک وقار بخشا۔

آزادی کے بعد ہندوستان کے نامور دانشمندوں اور محققین میں پروفیسر نذیر احمد کا نام قاضی عبدالودود کے ساتھ نمایاں طور پر نظر آتا ہے۔ پروفیسر صاحب کے مطالعہ کے موضوعات مختلف النوع ہیں۔ ایک طرف تو آپ غالبیات کے ماہر، متنی تحقیقات کے سمندر کے غواص اور حافظ شناسی میں یکتائے روزگار ہیں تو دوسری طرف لسانیات اور فرہنگ نویسی میں بے مثل، جس کا اعتراف اہل ایران بھی کرتے ہیں۔

فارسی دنیا میں یوں تو مخطوطہ شناس بہت گزرے ہیں لیکن نادر مخطوطات کی بازیافت، اس کے مصنف، مرتب اور کاتب کے سلسلہ میں پروفیسر موصوف نے ایسی ایسی اطلاعات فراہم کی ہیں جس کے بارے میں قطعی طور پر کسی کو علم نہ تھا۔ انہوں نے پانچ سو سے زائد شخصیات اور متعدد کتابوں کی بازیافت کی ہے اور ہر ایک اپنی جگہ

Marfat.com

بالکل نئی اور منفرد ہے۔

آپ نہ صرف فارسی بلکہ اردو کے بھی ممتاز محقق ہیں۔ آپ کی تحقیق سے صرف فارسی زبان وادب کا دامن ہی وسیع نہیں ہوا بلکہ متنی تحقیق جو آپ کا طرۂ امتیاز ہے، کے اصول وقوانین بھی مقرر ہوئے اور یہ ایک مستقل فن کی شکل بن گیا۔ دنیائے فارسی کا کوئی بھی محقق آپ کی تحقیقات سے بے نیاز نہیں رہ سکتا۔

پروفیسر نذیر احمد ۱۹۱۵ میں اتر پردیش کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔ تعلیمی مراحل گونڈہ اور لکھنؤ سے طے کئے۔ ۱۹۵۰ء میں آپ کا تقرر لکھنؤ یونیورسٹی میں بحیثیت لکچرر ہوا۔ ۱۹۵۵ء میں پہلی مرتبہ ایران تشریف لے گئے جہاں آپ نے جدید فارسی اور قبل از اسلام زبانوں یعنی فارسی باستان اور پہلوی میں ڈپلومہ حاصل کیا۔

پروفیسر موصوف غالب انسٹی ٹیوٹ کے بانیان میں سے ہیں اور اس کے Life Trustee ہیں۔ انہوں نے ابتدا ہی سے اس کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ سکریٹری کی حیثیت سے کئی سال کام کرنے کے بعد اب نائب چیئرمین اور سمینار کمیٹی کے چیئرمین کے فرائض بڑی لگن سے انجام دے رہے ہیں۔ آپ انسٹی ٹیوٹ کے تمام علمی کاموں کی نگرانی بڑی دلسوزی اور دلچسپی سے کرتے ہیں۔

آپ کا سارا وقت مطالعہ کتب، طالب علموں کی رہنمائی اور دانشوروں کے مسائل کے حل میں صرف ہوتا ہے۔ آپ نے جہاں تحقیقی، تنقیدی اور علمی کاموں میں خود کو مصروف رکھا وہاں پروفیسر وارث کرمانی، پروفیسر کبیر احمد جائسی، پروفیسر محمد طارق حسن، پروفیسر آذر میدخت صفوی، ڈاکٹر معتصم عباسی اور ڈاکٹر زہرہ عرشی جیسے لائق اور

Marfat.com

ہونہار شاگردوں کی تربیت ونگرانی کی جو اپنے استاد کے نقش قدم پر علمی و ادبی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں اور آج نہ صرف شعبۂ فارسی بلکہ یونیورسٹی کے بہترین استادوں اور عمدہ منتظمین میں شمار ہوتے ہیں۔

نذیر احمد صرف ایک فرد کا نام نہیں بلکہ وہ خود میں ایک ادارہ ہیں۔ آپ کی ذات ہمارے لئے باعثِ برکت اور لائق پیروی ہے۔ آپ کے علمی و ادبی کارنامے رہتی دنیا تک باقی رہیں، ادب کے طالب علموں میں ان کی ذات مثال ثابت ہو اور ان کی پیروی وتقلید کر کے ان کے کام کو آئندہ نسلوں میں منتقل کریں اور علم کی جو شمع آپ نے روشن کی اس کو اور روشن تر کریں، یہ ہماری خواہش اور دعا ہے (آمین)

مت سہل ہمیں جانو پھرتا ہے فلک برسوں ؎ تب خاک کے پردے سے انسان نکلتا ہے

ایرانی شاعر ابراہیم صبا کی طویل نظم کے چند اشعار کے ساتھ اپنی گفتگو ختم کرتی ہوں ـــــ

نذیر احمد کہ مردی بی نظیر است — زبان فارسی را او مددگار

ز استادان مشہور علی گر — بہ بحری معرفت ابری گہربار

کہ دکتر فاضل و دکتر شہیدی — ستودندش بدان زیبندہ گفتار

———————X———————

پروفیسر ماریہ بلقیس

چیرمین

شعبۂ فارسی، مسلم یونیورسٹی علیگڑھ

۱۷ رمئی، ۲۰۰۱ء

Marfat.com

پروفیسر سید امیر حسن عابدی*

# کلیدی خطبہ

عربی کی مشہور مثل ہے ''کبّر نی موت الکبری'' بزرگوں کے نہ رہنے سے میں بزرگ ہوگیا۔ ایک زمانہ تھا کہ شمس العلماء مولوی عبدالرحمٰن، پروفیسر ہادی حسن، پروفیسر عبدالستار صدیقی، ڈاکٹر وحید مرزا، پروفیسر مسعود حسن رضوی، پروفیسر زبیر صدّیقی، پروفیسر عبدالمعید خاں۔ پروفیسر نظام الدین، پروفیسر نجیب اشرف ندوی، قاضی عبدالودود، ڈاکٹر محمد اسحٰق وغیرہ کی خدمت میں حاضر ہونے اوران سے استفادہ کرنے کا موقع ملا۔ آج وہ ہم میں نہیں ہیں۔ لیکن ان کی سیرت اور کارنامے ہمارے لئے مشعل ہدایت ہیں۔ مگر ان سب بزرگوں کو ملا کر اگر میں پروفیسر نذیر احمد صاحب سے مقابلہ کروں تو میں بلا تامّل کہہ سکتا ہوں کہ کمیت اور کیفیت کے لحاظ سے آپ کے علمی کارنامے ان سب پر بھاری ہیں۔

ہندوستان میں تو تقریباً ۹۰۰ سال سے فارسی زبان کا رواج رہا ہے، نیز یہ درباری اور ثقافتی زبان رہی ہے، جس سے ہمارے ملک کی گنگا جمنی ملی جلی تہذیب نے جنم لیا اور جس کے بنانے میں ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی سبھی نے حصہ لیا ہے۔ سیکڑوں برس میں فارسی زبان وادب کا ایک ایسا ضخیم ذخیرہ جمع ہوگیا ہے، جسے اب تک پوری طرح سے کھنگالا نہیں گیا ہے۔ بیسویں صدی کے شروع تک لوگ افسانہ کو حقیقت سمجھتے

---

* شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی۔

Marfat.com

تھے۔ایران میں شاہنامہ کو ایک تاریخی درجہ دیا جاتا تھا یہاں تک کہ دساتیر کے پیغمبر مہاباد کو ایک حقیقت سمجھتے تھے، انہیں پیغمبر اسلام کے ساتھ شمار کیا جاتا تھا۔

ایران میں علامہ قزوینی پہلے شخص تھے جنھوں نے تحقیق کا راستہ دکھلایا۔اس کے بعد ڈاکٹر ذبیح اللہ صفا، پروفیسر محمد معین، دہخدا، ڈاکٹر خانلری وغیرہ جیسے صاحبان علم پیدا ہوئے جنہوں نے دقّت نظر اور جزئیات کی چھان بین پر زور دیا۔ ہندوستان میں حافظ محمود شیرانی پہلے شخص تھے جنھوں نے پرانی روایتی انداز کو بدلا اور تحقیق و تدوین کا راستہ دکھلایا۔ان کے روحانی شاگرد ڈاکٹر صاحب نے اس انداز کو اپنایا۔قاضی عبد الودود صاحب ان سب کے مداح اور خود غیر معمولی علمی شخصیت کے حامل تھے۔ نیز انہوں نے ہمیشہ پروفیسر نذیر احمد صاحب کے کاموں کی ستائش کی۔ مجھے بھی قاضی صاحب کی صحبت میں بارہا استفادہ کا موقع ملا ہے۔ڈاکٹر علی اصغر حکمت نے بھی نذیر صاحب کے تحقیقی مقالات کو بڑی قدر کی نگاہوں سے دیکھا ہے۔

پروفیسر نذیر صاحب کی سب سے پہلی کتاب Ph.D. کی تھیس تھی جس کا عنوان ظہوری ترشیزی تھا۔شمس العلماء غنی صاحب نے اس کا انگریزی میں ترجمہ کیا ہے۔ اس کے بعد آپ کے تحقیقی مقالات کے ایک مجموعہ پر لکھنؤ یونیورسٹی نے D.Litt. کی ڈگری عطا کی۔اس کے علاوہ آپ نے ابراہیم عادلشاہ کی ''کتاب نورس'' کو ایڈٹ کیا جسے سنگیت اکیڈمی نے شائع کیا ہے۔ابھی حال میں اس کا اردو ترجمہ کرناٹک اردو اکیڈمی سے شائع ہوا ہے۔ڈاکٹر صاحب نے اب تک بیجاپور نہیں دیکھا ہے، جس کی میں نے زیارت کی ہے۔ وہاں کا گول گنبد، مقبرے اور خانقاہیں قابل

Marfat.com

دیدیں ہیں۔ عادل شاہ نے فنکاروں اور موسیقاروں کا ایک پورا محلّہ ''نورس پور'' کے نام سے آباد کیا تھا۔

نذیر صاحب سے میری پہلی ملاقات تہران یونیورسٹی میں ۱۹۵۵ء میں ہوئی۔ جہاں ہم لوگ تقریباً دو سال مرحوم پروفیسر سید حسن، ڈاکٹر مہتاب نرائن ماتھر، بخشی صاحب وغیرہ کے ساتھ باشگاہ دانشگاہ تہران میں رہتے تھے۔ وہاں کے قیام میں ہم سب کو وہاں کے علماء اور شعراء سے ملنے اور ان سے استفادہ کرنے کا موقع ملا۔ جن میں استاد پورداؤد، استاد فروزانفر، استاد سعید نفیسی اور ڈاکٹر احسان یارشاطر وغیرہ جیسے اساتذہ قابل ذکر ہیں۔ شعراء اور ادبا میں نیما یوشیج سے بار بار ملاقات رہی، جنہیں جدید فارسی شاعری کا بابا آدم اور بانی سمجھا جاتا ہے۔ ان کے علاوہ زہری، شاملو کولی، ابتہاج سایہ وغیرہ سے برابر ملاقاتیں رہیں اور ان کا کلام سننے کا موقع ملا۔

ایران جانے سے پہلے نذیر صاحب تحقیق میں اپنا مقام بنا چکے تھے اور بے شمار مقالات لکھ چکے تھے، جبکہ میں نے وہاں سے واپس ہو کر اس میدان میں قدم رکھا۔

لکھنؤ سے علی گڑھ نذیر صاحب تاریخ اردو ادب کے سلسلے میں آئے اور پھر فارسی شعبہ میں داخل ہو کر پروفیسر اور صدر شعبہ رہے اور اب پروفیسر ایمریٹس اور پدم شری ہیں، صدر جمہوریہ نے بھی آپ کو اپنے ایوارڈ سے نوازا ہے۔

تاریخ اردو ادب کا کام بڑے زور و شور سے شروع ہوا مگر تکمیل کو نہ پہنچ سکا۔ اگر نذیر صاحب کا سلسلہ اس سے باقی رہتا تو یہ کام بحسن و خوبی انجام پا جاتا۔ آپ

Marfat.com

کے یوں تو بے شمار علمی کام ہیں مگر بعض کام وہ ہیں جو شاید دوسرے انجام نہ دے سکتے۔ بے شمار مقالوں کے علاوہ دیوان سراجی، نقد قاطع برہان، لسان الشعراء، دیوان عمید لو یکی، مکاتیب سنائی، فرہنگ قواس، مدارالافاضل، فرہنگ زبان گویا، تذکرہ علماء بلخ وغیرہ لائق تحسین ہیں۔

لیکن آپ کا سب سے بڑا علمی کارنامہ ''دیوان حافظ'' مع مقدمہ کے تلاش اور اس کی اشاعت ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے اسے گورکھپور کے سبز پوش خاندان سے حاصل کیا، جو دراصل خانقاہ رشیدیہ، جونپور میں تھا، پھر کسی طرح ہمارے ایک ایرانی دوست نے اسے آپ سے حاصل کر کے اور اپنے نام کا اضافہ کر کے آستان قدسی رضوی کے تعاون سے شائع کیا۔ اور اب آپ کے نام کو حذف کر کے اور صرف اپنے نام سے شائع کیا ہے۔ یہ سب ایک طویل داستان ہے، جس کی توضیحات کا یہاں موقع نہیں ہے۔ ابھی حال میں میرے دوست ابتہاج سایہ نے بیس سال کی زحمت کے بعد ایک نسخہ دیوان حافظ کا شائع کیا ہے، جس میں تمام مطبوعہ نسخوں سے مدد لی گئی ہے۔ نیز مشکوک اور منسوب غزلوں کے نشاندہی کی گئی ہے۔

اس کے علاوہ حافظ کے سمینار کے موقع پر نذیر صاحب نے دیوان کے تین نسخے ایڈٹ کیے جسے ایران کلچر ہاؤس نے شائع کیا۔ ان میں سے ایک کتب خانہ آصفیہ، دوسرا سالار جنگ میوزیم کا نسخہ اور تیسرا اسیف جام ہروی کی بیاض سے لیا گیا ہے۔

حافظ ایران کا سب سے بڑا شاعر ہے جس کی جرمن شاعر Goetter نے

13/303

Marfat.com

بڑی تعریف کے ہے، نیز اس کی پیروی میں اس نے اپنے دیوان کا نام ''الدیوان شرقی للمؤلف الغربی'' رکھا گرودیو ٹیگور کے والد کو حافظ کہا جاتا تھا۔ خود گرودیو جب ایران گئے تو انہوں نے حافظ کی قبر پر ان کے دیوان سے فال نکالا تھا۔ خدا بخش لائبریری میں وہ نسخہ موجود ہے جس سے ہمایوں اور جہانگیر فال نکالا کرتے تھے۔ ابھی حال میں جب ہمارے وزیر اعظم ایران تشریف لئے گئے تو انہوں نے بھی قبر حافظ کی زیارت کی اور ان کے دیوان سے فال نکالا۔ جب میں ۱۹۶۹ء میں ایران کے سب سے بڑے دو زبان شاعر شہریار سے ملنے تبریز گیا، تو انہوں نے فرمایا کہ آج تک کوئی حافظ کو نہیں سمجھا ہے۔ علامہ اقبال جیسے بڑے شاعر نے پہلے تو یہ کہا کہ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حافظ کی روح مجھ میں حلول کر گئی ہے، مگر بعد میں یہ بھی کہا ''ہوشیار از حافظ صہبا گذار'' اور جب لے دے ہوئی تو انہوں نے یہ اشعار اپنے کلام سے نکال دئے۔

حافظ کے متعلق کتنی تحقیق ہو رہی ہے اور کتنے تصحیح کردہ متون شائع کئے گئے ہیں مگر اب تک اشتباہات کا سلسلہ جاری ہے۔ خود نذیر صاحب نے فرمایا کہ ابھی حال میں جمال خلیل شروانی کی کتاب ''نزہۃ المجالس'' شائع ہوئی ہے جو ۶۹۱ھ میں لکھی گئی اور جس کی کتابت ۷۳۱ھ میں ہوئی تھی اس میں دیوان حافظ کی وہ رباعیاں ہیں جو ان کی ولادت سے پہلے لکھی گئی تھیں، نذیر صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ اس سے ہم سب چپت ہو گئے۔

رباعیات کا معاملہ تمام اصناف سخن سے الگ ہے اس میں صرف چار مصرعے ہوتے ہیں اس میں لوگوں نے بیحد اشتباہات کئے ہیں۔ عمر خیام نے چند

Marfat.com

رباعیاں کہی تھیں، مگراب بڑھتے بڑھتے ایک ہزار سے زیادہ رباعیاں ان کی طرف منسوب کردی گئی ہیں۔ میں نے مدراس کی ایک بیاض سے ۴ نئی رباعیاں شائع کی تھیں، نیز اس بیاض میں عمر خیام کی کوئی رباعی شراب سے متعلق نہیں ہے۔ علاوہ براین فخر الدین میموریل والیوم میں میں نے عمر خیام کی تقریباً ۳۰/۳۵ رباعیاں شائع کی ہیں، جب کہ ایک دو غزل کو چھوڑ کر پورا دیوان ایک ایرانی شاعر کا ہے جو بنگال میں رہا تھا، نیز اس نے کہا ہے: ''بوعلی روزگارم از خراسان آمدہ''۔ اسی طرح ملا معین مسکین واعظ ہروی کا دیوان حضرت معین اجمیری کی طرف منسوب ہوگیا۔ اسی طرح غلطی سے مرزا ابوالقاسم بابر قلندر کا یہ مصرعہ: ''بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست'' مورخین وغیرہ نے ظہیر الدین بابر کی طرف منسوب کردیا ہے۔

بہرحال جب حافظ کے ایک مختصر سے دیوان میں جس میں تقریباً ۵۰۰۰ ہزار شعر ہیں اتنے اشتباہات ہیں، کوئی غزل مشکوک ہے، تو کوئی غزل منسوب، تو مثنوی مولانا روم کی کیا حالت ہوگی جس میں ۴۰۰۰۰ ابیات ہیں۔ مرحوم ڈاکٹر مجتبیٰ مینوی فرماتے تھے کہ قدیم ترین نسخہ میں بھی دو بیت پہلے اس طرح ہیں:

بشنو در نی چون حکایت می کند     از جدائیہا شکایت می کند

از نیستان تامرا ببریدہ اند     در نفیرم مرد و زن نالیدہ اند

ابھی حال میں Times of India (15-4-2001) میں ایک مقالہ شائع ہوا ہے جس کا عنوان ہے: The Mind body Connection اس میں صاحب مقالہ لکھتا ہے:

Marfat.com

"Deepak Chopra has gone from being a doctor to a Saviour of celebrity souls, Rumi..who believed in sex, Romance and love, in his own personal God"

Nana walia نے چوپڑہ صاحب کے لئے لکھا ہے

"Among those who swear by him are Bill Clinton, Michael Jackson, Madonna, ...Mikhail Garbachov and a lots of otheres."

اب دیکھئے خود چوپڑہ صاحب کیا کہتے ہیں:

"Rumi haunted me. One day Madonna, my patient..read the poems. She told me this would make a great musical, and so we made "Gift of love."

پھر صاحب مقالہ لکھتے ہیں:

"And that is not all, Chopra`s working on another album, soul in love" based on poems of Mirabai, Tagore, Kabir, and Hafiz"

یہاں یہ بھی کہہ دیا جائے کہ تقریباً ۳۵۰ برس پہلے عبداللطیف گجراتی نے

Marfat.com

مثنوی کے سو قلمی نسخوں کی بنیاد پر ایک نسخۂ ناسخہ تیار کیا تھا جو ابھی تک شائع نہیں ہوا۔ اس کا ایک قلمی نسخہ مسلم یونیورسٹی کے کتب خانہ میں بھی موجود ہے۔ تقریباً ایک سال سے خانۂ فرہنگ ایران نے مثنوی خوانی کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ کیا اچھا ہو کہ عبد اللطیف کا نسخۂ ناسخہ شائع کر دیا جائے۔ نیز اس مصحّح نے مثنوی کی ایک فرہنگ تیار کی تھی، جو پہلے کبھی شائع ہوئی تھی، مگر اب کمیاب ہے۔

بہر حال جب مثنوی مولانا روم میں اشتباہات کی یہ حالت ہے تو شاہنامہ کا کیا حال ہوگا، جس میں ساٹھ ہزار (٦٠٠٠٠) شعر ہیں۔ جو قدیم ترین شاہنامے کے نسخے ملے ہیں وہ فردوسی کے ۳۰۰ برس بعد لکھے ہوئے ہیں۔ ابھی حال میں سب سے قدیم نسخہ Florence میں ملا ہے۔ جس کا عکس شائع کر دیا گیا ہے۔ شاہنامہ کا کوئی نسخہ ایسا نہیں ہے جو یکساں ہو ہر نسخہ دوسرے سے مختلف ہے جس کی وجہ سے کبھی بھی اس کا صحیح متن تیار نہیں کیا جا سکتا۔

۱۹۶۹ء میں غالب کی سو سالہ برسی کے موقع پر غالب انسٹی ٹیوٹ کا قیام عمل میں آیا جس کی صدر آنجہانی اندرا گاندھی صاحبہ تھیں نیز اس کے بنانے میں مرحوم فخر الدین علی احمد صاحب کا ہاتھ تھا جو اس کے پہلے سکریٹری اور قاضی عبدالودود صاحب کے گہرے دوست تھے۔ مگر اس ادارہ کے روح رواں پروفیسر نذیر احمد ہیں۔ جنہوں نے بہت سی تحقیقی کتابیں شائع کرائی ہیں۔ ''غالب نامہ'' جیسا مجلّہ نکالتے ہیں۔ بہت دنوں سے ''جہان غالب'' یعنی غالب انسائیکلوپیڈیا کی تیاری کا کام باقی تھا جسے قاضی عبدالودود صاحب نے شروع کیا تھا عنقریب یہ کام تکمیل کو پہنچ جائے گا، جس

Marfat.com

کا بار نذیر صاحب پر ہے۔اس کے علاوہ امریکہ سے امیر خسرو کی نثر ''اعجاز خسروی'' کا انگریزی ترجمہ بھی آپ کی رہنمائی میں ہورہا ہے۔اس عمر میں نذیر صاحب جوانوں سے زیادہ ہمت رکھتے ہیں اور کسی وقت بھی تھکن کا احساس ہونے نہیں دیتے۔

کوئی شاگرد بغیر استاد کے نہیں ہوتا۔غالب نے ایک فرضی استاد عبدالصمد کو بنالیا تھا۔نذیر صاحب کے ویسے تو بہت سے اساتذہ ہوئے ہیں جن کا وہ ذکر کرتے ہیں، مگر ان کے ایک استاد کو میں نے بھی بارہا دیکھا ہے۔ ڈاکٹر جعفر حسین فدوی کراری، ضلع الہ آباد کے رہنے والے اور کیمبرج سے سب سے پہلے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کرنے والے ہندوستانی تھے۔آپ کو لکھنؤ یونیورسٹی میں عربی کا پروفیسر بنایا گیا، مگر آپ استعفی دے کر لکھنؤ کرسچین کالج میں انٹرمیڈیٹ کی کلاسیں لیتے تھے۔ اپنا کھانا خود پکاتے اور تجرد کی زندگی بسر کرتے تھے۔صرف حقہ کا شوق تھا۔۱۹۵۵ء میں جب میں نجف اشرف گیا تو انہیں دیکھا۔لکھنؤ سے رٹائر ہو کر اس حدیث کی پیروی میں "اطلبوا العلم من المهد الى اللحد" مثل ایک طالب علم کے عبا پہنے ہوئے آقای خوئی کے درس خارج میں شرکت کرتے تھے۔

———— x ————

Marfat.com

آل احمد سرور*

# نذیر صاحب

مجھے خوشی ہے کہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا شعبۂ فارسی پروفیسر نذیر احمد صاحب کی علمی اور ادبی خدمات کا اعتراف، ان کی شخصیت اور کارناموں پر ایک سہ رزوہ سمینار کے ذریعہ کر رہا ہے جس میں ملک اور بیرون ملک کے ممتاز ادیب اور عالم شرکت کر رہے ہیں۔ میں اپنی علالت کی وجہ سے اس سمینار میں شرکت کرنے سے معذور ہوں مگر پروفیسر نذیر احمد صاحب کے اکتسابات اور امتیازات کے اعتراف میں کسی سے پیچھے نہیں ہوں۔

سب سے پہلے میں نے نذیر صاحب کو پروفیسر مسعود حسن رضوی صاحب کے دولت کدہ پر غالباً ۱۹۴۰ء میں دیکھا تھا۔ میں مسعود صاحب سے ملنے گیا تھا اور وہیں کچھ دیر بعد نذیر صاحب تشریف لائے، مسعود صاحب نے ان کا مختصر تعارف کرایا کہ یہ شعبۂ فارسی میں ریسرچ کر رہے ہیں۔ اس زمانے میں لکھنؤ یونیورسٹی کا فارسی شعبہ اور اردو شعبہ مشترک تھا چنانچہ جب میں اس شعبہ میں ریڈر ہو کر پہنچا تو اس کے چند سال بعد نذیر صاحب کا فارسی کے لکچرر کی حیثیت سے اسی شعبۂ میں تقرر ہوا۔ اس زمانے میں مسعود حسن رضوی صاحب صدر شعبہ تھے ان کے علاوہ اردو میں میں، احتشام حسین، ڈاکٹر نور الحسن ہاشمی اور فارسی میں یوسف حسین موسوی اور نذیر صاحب تھے۔

* پروفیسر ایمرٹیس، شعبۂ اردو، علی گڑھ

Marfat.com



پروفیسر آل احمد سرور و پروفیسر نذیر احمد



پروفیسر نذیر احمد (چیرمین، غالب انسٹی ٹیوٹ) جناب بدر دُرریز (سکریٹری غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی)

Marfat.com

Marfat.com

نذیر صاحب نے ''کتاب نورس'' کا تنقیدی متن نہایت عالمانہ انداز سے مرتب کیا تھا جس پر ان کو لکھنؤ یونیورسٹی سے پی-ایچ-ڈی کی ڈگری ملی تھی۔ مسعود صاحب ان کے اس کام کے بہت قائل تھے اور ان کی محنت، لگن اور علم کی اکثر تعریف کیا کرتے تھے۔ میں جب ۱۹۵۵ء کے آواخر میں ذاکر صاحب اور رشید صاحب کے اصرار پر علی گڑھ آیا تو اس کے کچھ دن بعد نذیر صاحب ایران چلے گئے۔ جب علی گڑھ تاریخ ادب اردو کی اسکیم منظور ہوئی اور اس کے لئے ایک اسٹنٹ ڈائرکٹر کی جگہ کا اشتہار ہوا تو نذیر صاحب بھی اس جگہ کے امیدواروں میں تھے۔ سلکشن کمیٹی شعبۂ اردو کی تھی اور میں اس وقت سید حسین ریسرچ پروفیسر تھا اس لئے سلکش کمیٹی میں میں موجود نہ تھا لیکن اب یہ کہنے میں کوئی حرج نہیں کہ مقامی لوگوں کے مقابلے میں میری ترجیح نذیر صاحب کے لئے تھی اور رشید صاب بھی مجھ سے متفق تھی۔ بہ ہر حال نذیر صاحب لکھنؤ یونیورسٹی کو خیر باد کہہ کر علی گڑھ آ گئے۔ علی گڑھ تاریخ ادب اردو کی اسکیم سے منسلک ہونے کے بعد انہوں نے اس کی پہلی جلد کی تیاری میں اپنا پورا وقت صرف کیا۔

رشید صاحب کا کام تو زیادہ تر تمام مضمون نگاروں کو خطوط لکھنا اور ان کو یاد دہانی کراتے رہنا تھا اور نذیر صاحب کے ذمہ مضامین کی حصول یابی کے بعد ان کو حرف بہ حرف پڑھنا اور ان میں صحت واصلاح اور ترمیم واضافہ کرنا تھا۔ ایک مسئلہ جو ہم لوگوں کو خاص طور سے پریشان کر رہا تھا، ولی دکنی کے متعلق تھا۔ اس موضوع پر دو مسلمہ اسکالروں یعنی محی الدین قادری زور اور ظہیر الدین مدنی میں اختلاف تھا۔ ڈاکٹر زور ان کو دکنی اور مدنی گجراتی قرار دیتے تھے۔ ہم نے دونوں کے نقطۂ نظر کا احترام

Marfat.com

مناسب سمجھا اور دونوں کے نقطۂ نظر کی وضاحت کردی۔ نذیر صاحب کی عرق ریزی اور دقت نظری کا ثبوت یہ ہے کہ جب ان کو نصیر الدین ہاشمی کے مضمون میں خاصہ جھول نظر آیا تو انہوں نے ہاشمی صاحب کو علی گڑھ بلا کر سارے مسائل پر گفتگو کی۔ ہاشمی صاحب نے نذیر صاحب کے اعتراضات کو درست تسلیم کرتے ہوئے اپنے مضمون کو دوبارہ تحریر کرنے کی زحمت اٹھائی۔ جب علی گڑھ تاریخ ادب اردو کی پہلی جلد کا کام بڑی حد تک مکمل ہو چکا تھا اس وقت شعبۂ فارسی میں ریڈر کی ایک جگہ مشتہر ہوئی چونکہ نذیر صاحب کا اصل مضمون فارسی تھا اور یہ جگہ مستقل بھی تھی اس لئے انہوں نے شعبۂ فارسی میں منتقل ہونا مناسب سمجھا۔

رشید صاحب اور ان کے بعد میں دونوں چونکہ صدر شعبہ تھے اس لئے بہ اعتبار عہدہ علی گڑھ تاریخ ادب اردو کے ڈائرکٹر بھی تھے جس کے لئے ہم لوگوں کو کوئی الگ سے معاوضہ نہیں ملتا تھا۔ اسسٹنٹ ڈائرکٹر کا گریڈ ریڈر کا تھا اور وہی اصلاً سارا کام دیکھتا تھا۔ ڈائرکٹر کی صرف نگرانی تھی۔ بہ ہر حال نذیر صاحب ریڈر ہو کر شعبۂ فارسی میں چلے گئے۔

نذیر صاحب کے شعبۂ فارسی جانے کے بعد ان کی جگہ پر ممتاز نقاد اور پرانے استاد احمد صدیق مجنوں کا اسسٹنٹ ڈائرکٹر کی حیثیت سے تقرر ہوا۔ جب میں نے چارج لیا تو میرے سامنے مسئلہ یہ تھا کہ اسکیم کے مطابق تاریخی اور سماجی پس منظر کا باب پروفیسر خلیق احمد صاحب نظامی کو لکھنا تھا انہوں نے بعض ذاتی وجوہ کی بنا پر عین وقت پر انکار کر دیا میں نے کسی طرح پروفیسر حبیب صاحب کو راضی کیا کہ وہ یہ باب

Marfat.com

لکھ دیں۔ حبیب صاحب نے میری درخواست قبول کرلی اور یہ باب انگریزی میں لکھ کر میرے حوالے کردیا۔ میں نے اسسٹنٹ ڈائرکٹر احمد صدیق صاحب مجنوں گورکھپوری کو یہ باب اردو میں ترجمہ کرنے کے لئے اس لئے دے دیا کہ یہ ان کے فرائض منصبی میں شامل تھا۔ مجنوں صاحب نے ستم یہ کیا کہ خود ترجمہ کرنے کے بجائے کسی ناتجربہ کار اسکالر سے ترجمہ کرالیا۔ اس کے بعد دوسرا باب لسانی پس منظر پر تھا جو پروفیسر مسعود حسین خاں نے وقت پر مکمل کر کے دے دیا تھا۔ علی گڑھ تاریخ ادب اردو ٹائپ میں طبع ہونی تھی اس کے لئے خاص طور پر یونیورسٹی پریس میں انتظامات کئے گئے تھے لیکن چونکہ کمپوزر نا آموز تھے اور مجنوں صاحب نے پروف خود نہیں دیکھے بلکہ بعض طلبہ اور ریسرچ اسکالروں کی پروف ریڈنگ پر اعتماد کیا اس لئے طباعت کی بہت سی غلطیاں رہ گئیں۔ مجنوں صاحب کی اس غیر ذمہ داری کی وجہ سے جو حالات پیدا ہوئے اس کا آج تک مجھ کو افسوس ہے۔

مزید افسوس یہ ہے کہ ان طباعتی غلطیوں کو تحقیقی غلطیاں قرار دیتے ہوئے بعض تخریب کاروں نے رائی کا اس طرح پہاڑ بنایا کہ میں نے دل برداشتہ ہو کر علی گڑھ تاریخ ادب اردو کی پہلی جلد واپس لے لی۔ ایک اعتراض اس جلد کے انڈکس کے ناقص ہونے پر بھی کیا گیا تھا۔ میں یہاں پر یہ بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ اس جلد کا انڈکس نذیر صاحب کے شعبۂ فارسی منتقل ہونے کے بعد مجنوں صاحب نے خود نہیں بلکہ کسی جونیر اسکالر سے تیار کروایا تھا۔ ظاہر ہے کہ ایک ناتجربہ کار طالب علم کا بنایا ہوا انڈکس جیسا ہونا چاہیے تھا یہ انڈکس ویسا ہی تھا۔

Marfat.com

میں یہ کہنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کی جب تک نذیر صاحب علی گڑھ تاریخ ادب اردو سے بہ حیثیت اسسٹنٹ ڈائرکٹر منسلک رہے اس وقت تک انہوں نے نہایت جاں فشانی اور دقت نظر سے کام کیا۔ کتاب کی اشاعت کے بعد جن طباعتی غلطیوں کو خوب اچھالا گیا دراصل وہ اس وجہ سے باقی رہ گئیں کہ مجنوں صاحب نے خود پروف دیکھنے کی زحمت گوارا نہیں فرمائی بلکہ انہوں نے یہ کام جن نو آموزوں کے سپرد کیا ان لوگوں نے اس کو بیگار سمجھتے ہوئے غیر سنجیدگی سے انجام دیا۔ نذیر صاحب نے خاص طور پر دکنی ادب کے سلسلے میں ہر چیز کی خود تحقیق کی اور جیسا کہ زینت ساجدہ اور گیان چند جین جیسے محققین نے کہا ہے کہ علی گڑھ تاریخ ادب اردو کی یہ جلد دکنیات کے سلسے میں خاصی وقیع تھی۔ ان دونوں ہے کے قول سے نذیر صاحب کی نکتہ رسی اور محنت کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

لکھنؤ میں نذیر صاحب کا زیادہ تر وقت لائبریری میں گزرتا تھا۔ ان کی یہی روش علی گڑھ میں بھی قائم رہی۔ ان کی مخطوطہ شناسی کی خاصی شہرت ہے اور انہوں نے متعدد مخطوطات کو پردۂ گم نامی سے نکال کر ان کو از سر نو زندگی دی ہے۔ خود ان کی زندگی سادگی کا مرقع ہے۔ انہوں نے ایک استاد کا وقار اور ایک عالم کی شان قائم رکھی ہے۔ میں نے خود دیکھا ہے کہ ایک سرکاری افسر جن کو پہلوی زبان سے دلچسپی تھی ان کے پاس اپنے علمی مسائل حل کرنے اور ان سے اکتساب فیض کرنے آیا کرتے تھے۔ ہم سب غالب کے مشہور فارسی شعر میں ''بے رنگ'' کے معنی سادہ سمجھتے تھے یہی سید حامد نے بھی لکھا تھا۔ نذیر صاحب کا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے بے رنگ کے اصل معنی

Marfat.com

بتلائے جس سے غالب کی اردو شاعری کی معنویت مزید روشن ہو جاتی ہے۔

نذیر صاحب نے فارسی کے جو متن مرتب کئے ہیں وہ مجرد ترتیب نہیں ہیں۔ ان کے ترتیب دیئے ہوئے متن اصلاً علم کا خزانہ ہیں۔ وہ حواشی اور تعلیقات لکھنے میں جو محنت کرتے ہیں وہ کم ہی حضرات کر سکتے ہیں۔ انہوں نے لغات، حافظیات اور غالبیات پر جو کام کئے ہیں وہ نہایت قابل قدر ہیں۔ ایک بات اور نذیر صاحب نے غالب کی دساتیر پسندی پر جو اظہار خیال کیا ہے اس سے غالب پر کام کرنے والوں کے لئے نئی راہیں کھلتی ہیں۔ اسی طرح غالب ہی کے ضمن میں انہوں نے قاطع برہان پر جو کچھ لکھا ہے اس سے بھی صرف نظر کرنا ممکن نہیں۔

نذیر صاحب نہایت وضع دار آدمی ہیں جن سے مراسم ہوئے ان کو نباہتے ہیں وہ چھیاسی سال کی عمر میں آج بھی اپنے عہد جوانی کی طرح علمی کاموں میں منہمک رہتے ہیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو فعال اور تندرست رکھے اور ان کے علم و فضل سے نئی نسل بہرہ ور ہوتی رہے۔ (آمین)

———— x ————

Marfat.com

پروفیسر سید انوار احمد*

# پروفیسر نذیر احمد چند تالیفات کا ایک مختصر جائزہ

فارسی ادب کے عظیم المرتبت محقق پروفیسر نذیر احمد کے تحقیقی سفر کا آغاز ان کے تحقیق مقالے بعنوان ''ظہوری حیات و آثار'' سے ہوتا ہے۔ اس مؤقر علمی کارنامے کو موصوف نے اپنے شفیق استاد مرحوم مسعود حسن رضوی کی رہنمائی و نگرانی میں مرتبۂ تکمیل تک پہنچایا۔ اس صبر آزما کام میں فاضل محقق پانچ سال تک موضوع سے مربوط مواد کی تلاش و پژوہش میں ہمہ تن منہمک رہے۔ اس انتہائی گراں مایہ تحقیق پر لکھنؤ یونیورسٹی میں انہیں پی۔ ایچ۔ ڈی کی سند سے سرفراز کر کے ان کی صمیمانہ کاوشوں کا اعتراف کیا۔ اس علمی کامیابی کے پانچ سال بعد ۱۹۵۰ء میں آپ نے ''عہد عادل شاہی کے فارسی شعراء'' کے موضوع پر ڈی۔ لٹ کی مایہ افتخار سند تحصیل فرمائی۔ پھر ۱۹۵۵ء میں آپ نے ابراہیم عادل شاہ کی لحن موسیقی پہ گراں قیمت کتاب ''نورس'' کو ہدف تحقیق بنایا اور اس اہم موضوع پہ اردو زبان و ادب میں انہیں ڈی۔ لٹ کی سند عطا کر کے ان کی تحقیقی مساعی کا صلہ دیا گیا۔ استاد موصوف نے فارسی ادب کے بعض مخصوص صیغوں سے واقفیت کی تحصیل کے لئے تقریباً ایک سال کے لئے ایران کا بھی سفر کیا، وہاں تہران یونیورسٹی سے انہیں پہلوی زبان، فارسی قدیم، فارسی جدید اور تاریخ میں ڈپلومہ ملے۔ ایران کے دوران اقامت پروفیسر امیر حسن عابدی

* شعبۂ فارسی، پٹنہ یونیورسٹی، پٹنہ

Marfat.com

اور مرحوم پروفیسر سید حسن صاحب تہران یونیورسٹی میں ان کے ساتھ تھے۔ دانشگاہ تہران میں یہ آسمان ادب فارسی کے تین نہایت مسعود و منور ستارے رہے ہیں جن کی روشنی و رہنمائی سے سالکان راہ تحقیق ہمیشہ مستفیض ہوتے رہینگے۔ پروفیسر موصوف کو ان کی معرکتہ الآرا علمی و تحقیقی کارناموں کے عوض متعدد جوائز و انعامات ملے جن میں ''صدر جمہوریہ ہند کی توصیفی سند''، امیر خسرو سوسائٹی امریکا کی جانب سے ''نذر خسرو ایوارڈ''، خانۂ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران، دہلی نو کی طرف سے ''حافظ شناس'' کا خطاب، رئیس دانشگاہ تہران کی طرف سے ''استاد افتخاری'' کا عنوان ۱۹۸۹ء میں علمی و تحقیقی کاوشوں کے عوض ایران کا ''محمود افشار ایوارڈ'' شامل ہیں۔

پروفیسر نذیر احمد نے فارسی کی تحقیق و تلاش کے مختلف شعبوں میں ایسی رفیع و وقیع خدمات انجام دیئے ہیں اور ایسے آگہی بخش انکشافات کئے ہیں جو بے حد مفید و مہم ہیں۔ ان کی تحقیقی مساعی کے نتائج نہ صرف بصیرت افروز اور دانش افزا ہوتے ہیں بلکہ مجھ جیسے قاری کو ان کی دقیق و عمیق بحث کو استدلال کے منبع و بررسی سے اپنی علمی مفلسی اور تنک مائیگی کا احساس بھی ہوتا ہے۔ ان کا تحقیقی سرمایہ مقدار و معیار دونوں اعتبار سے وقیع ہے۔ ان کے تحقیقی مضامین میں تنوع بھی ہے۔ انہوں نے جو بھی لکھا ہے وہ ان کی سچی کاوش، مخلصانہ غور و تامل کا آئینہ دار ہے۔ فارسی زبان و ادب کی تحقیق کا معیار جس طرح علامہ قزوینی، محمود شیرانی اور قاضی عبدالودود کے غور و تامل، تلاش و جستجو سے بلند ہوا ہے اسے پروفیسر نذیر احمد نے اپنی کوششوں سے بلند تر کیا ہے۔

پروفیسر موصوف کی تحقیقات کا دائرۂ کار بہت وسیع ہے۔ انہوں نے

Marfat.com

ہندوستان کے دو اہم شاعر عمید لویکی، سراجی خراسانی کے دواوین کی تصحیح و تدوین کی۔ مکاتیب سنائی اور دیوان حافظ کے قدیم ترین نسخہ کا انتقادی ایڈیشن مرتب کیا۔ لغت شناسی کے میدان میں بھی پروفیسر نذیر احمد نے شایان تحسین کارنامے انجام دیئے ہیں۔ ہندوستان کی سب سے قدیم فرہنگ ''فرہنگ قواس'' کو اپنی تحقیق کا مورد بنایا اس کی ترتیب و تصحیح کے بعد اسے ایران سے شائع کرایا۔ اس کے علاوہ ''فرہنگ زفان گویا'' کی تالیف بھی ان کی تحقیقی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ موصوف نے فرہنگ ''لسان الشعرا'' کا تنقیدی ایڈیشن مرتب فرمایا ہے۔ ''لسان الشعرا'' کی دریافت سے ''فرہنگ قواس'' اور ''زفان گویا'' کے نقص و خطا کی تصحیح ہوسکی ہے۔ ان بلند پایہ تحقیقی تصانیف کے علاوہ پروفیسر نذیر احمد نے کثیر تعداد میں گوناگوں موضوعات پہ تحقیقی مقالے لکھے ہیں۔ جن کا احاطہ اس مقالے میں ممکن نہیں ہے۔ میں اس مختصر مقالے میں فاضل محقق کی تالیفات میں سے چند کا تعارف پیش کر رہا ہوں۔

سراج الدین خراسانی چھٹی اور ساتویں صدی ہجری کے نامور شاعروں میں تھا۔ یہ دہلی کے شاہی دربار کا اولین شاعر ہے۔ فاضل محقق نے دیوان سراجی خراسانی کا تنقیدی متن مرتب کیا تھا۔ جو برسوں پہلے دانشگاہ اسلامی علی گڑھ سے شائع ہو چکا ہے۔ اس دیوان کی ترتیب و تصحیح ساتویں صدی کے اوائل میں بخط مصنف لکھے گئے ایک نسخہ کی بنیاد پہ کی گئی ہے۔ یہ نادر و کمیاب نسخہ مرحوم آقای سعید نفیسی کی ذاتی ملک تھا جس کو فاضل محقق نے عاریۃً ان سے لیا تھا۔ مؤلف موصوف سراجی خراسانی کی حیات و اشعار کو مرتب کرنے میں دشواریوں سے دوچار ہوئے تھے۔ پروفیسر موصوف لکھتے

Marfat.com

ہیں کہ اگرچہ سراجی خراسانی اپنے دور کا ایک جلیل القدر شاعر تھا لیکن اس کا شعری مجموعہ مکمل صورت میں دستیاب نہیں تھا، اس کے احوال حیات کی تالیف اور بھی مشکل تھی کیونکہ اس تخلص کے کچھ اور بھی شعرا کی بابت تذکروں میں اطلاعات ملتی ہیں۔ کچھ تذکرہ نگاروں نے زیر بحث سراجی کے حالات زندگی میں دوسرے شعراء متخلص بہ سراجی کے سوانح حالات کو شامل کر دیا ہے۔ پروفیسر نذیر احمد نے سراجی کے احوال واشعار کا تنقیدی ایڈیشن اندرونی اور بیرونی ذرائع سے مقابلہ کر کے مرتب کیا ہے، سراجی کا نام بقول مؤلف موصوف سراج الدین تھا۔ سراجی کے شعری مجموعہ میں سراج تخلص کی بھی مثالیں ملتی ہیں۔ موصوف نے سراجی اور سراج دونوں تخلص کے اشعار شواہد کے طور پہ پیش کیے ہیں۔ دیوان سراجی کے حبیب گنج نسخہ کے آخری صفحہ پر مندرج ایک قطعہ اور ایک رباعی میں قمری تخلص کی نسبت کو پروفیسر موصوف معتبر دلائل کی بنیاد پر غلط تصور کرتے ہیں۔ مؤلف موصوف موجّہ شواہد کی روشنی میں ثابت کرتے ہیں کہ سراج الدین متخلص بہ قمری ایک دوسرا شاعر تھا۔ نام کی مشابہت کے سبب ان دونوں شاعروں کے اشعار خلط ملط ہو گئے ہیں۔ فاضل محقق نے مختلف تذکرے اور دوسرے مآخذ کے مطالعات سے اس حقیقت کو مکشوف کیا ہے کہ قُمریُ اور قَمریَ تخلص کے متعدد شعرا مختلف ادوار میں منصۂ ظہور پہ آئے تھے۔ لیکن ایسے تخلص کے شاعروں کا زیر بحث شاعر سراجی خراسانی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ آخری غزنوی بادشاہ خسرو ملک کا ستائش گر سراجی خراسانی زیر بحث شاعر سراجی سے جدا ایک شاعر ہوا ہے۔ فاضل مؤلف نے معتبر موثر دلیلوں کی روشنی میں اس حقیقت کو بھی واشگاف کیا ہے کہ سراجی کا تعلق سلطان محمود

Marfat.com

غزنوی کے دربار سے نہیں تھا بلکہ وہ التمش کے بڑے بیٹے ناصر الدین محمود سے وابستہ تھا۔
سراجی کی ابتدائی تعلیم کی بابت موصوف لکھتے ہیں کہ اس نے ہرات اور خراسان مین تعلیم حاصل کی اور اپنی حیات کے اوائل میں ہی وہ مُکران آ گئے تھے۔ سراجی کے دیوان میں چھٹی اور ساتویں صدی کے معروف مکرانی فرمان روایان، شاہزاگان، وزرا، امرا اور اعیان سلطنت کی ستائش میں کہے گئے قصائد ملتے ہیں۔ محقق موصوف ''تذکرہ خلاصۃ الاشعار'' کے اس بیان سے بھی اتفاق نہیں کرتے کہ سراجی محمد تغلق شاہ کے زمانۂ حکومت میں ہندوستان آیا تھا۔ مصنف کی مراد محمد بن تغلق سے ہے جس کی حکومت کی میعاد ۷۲۵ھ سے لے کر ۷۵۲ھ تک ہے لیکن تقی کاشی نے اپنے تذکرے میں سراجی کی وفات کی تاریخ ۶۵۲ھ لکھی ہے اسی بنا پہ موصوف تقی کاشی کے خیال کو غلط سمجھتے ہیں۔ اندرونی شواہد کی بنیاد پہ فاضل محقق سراجی کے ورود ہند کا زمانہ سلطان التمش کا دور حکومت متعین کرتے ہیں۔ جو ۶۰۷ھ سے ۶۳۳ھ تک اورنگ نشیں رہا۔ ہندوستان آنے پہ اس نے شاہی دربار کی معروف شخصیتوں مثلاً ناصر الدین شاہ، نظام الملک جنیدی اور ان کے فرزندوں کی ستائش میں قصیدہ لکھے۔ لہٰذا سراجی ۶۲۶ھ سے بہت پہلے ہندوستان آیا ہوگا کیونکہ یہی ناصر الدین محمود کا سال وفات ہے۔ سراجی کے قصیدے ناصر الدین محمود کی مدح میں کہے گئے دیوان میں شامل ہیں۔ محقق موصوف تقی کاشی کے اس خیال کو بھی نادرست سمجھتے ہیں کہ سراجی متصلاً بائیس سال تک سلطنت دہلی کا والی یا وزیر رہا۔ سراجی کی وفات ۶۵۲ھ میں ہوئی تھی۔ اس کے مطابق سراجی ۶۳۲ھ میں جو التمش کی حکومت کا آخری زمانہ ہے وزارت کے

Marfat.com

عہدے پر متمکن ہوا ہوگا۔ فاضل محقق کی نظر میں یہ ناممکن ہے کہ سراجی متواتر بائیس سال تک التمش کے زمانہ سے لے کر ناصر الدین محمود شاہ کے دور حکومت تک اس عہدہ پہ فائز رہا ہوگا کیونکہ تاریخی شواہد سے یہ امر واضح ہے کہ التمش کے بعد فیروز شاہ، رضیہ سلطانہ، معز الدین بہرام، علاء الدین مسعود اور ناصر الدین محمود کے ایام حکومت میں نظام الدین جنیدی، خواجہ مہذب الدین، نجم الدین ابو بکر اور غیاث الدین بلبن وزارت کے عہدہ پہ فائز رہے۔

فاضل محقق نے تعلیقات کے باب میں نہایت اہم امور پہ روشنی ڈالی ہے۔ متعدد مانوس و غریب الفاظ و لغات کے معانی و مطالب کو صراحت و وضاحت سے بیان کیا گیا ہے۔ بہت سے لغات و اصطلاحات کی مثالیں دوسرے شاعروں کے شعری تخلیقات میں تلاش کی گئی ہیں۔ مثلاً اس کتاب کے صفحہ ۳۵ پہ مندرج شعر کے اس مصرع میں 'لفظ بوالعجب' کے معانی پہ روشنی ڈالی گئی ہے:

حقۂ چرخ کہ اندر دو جہان بوالعجب است

بوالعجب کا مفہوم یہاں پہ شعبدہ باز ہے۔ مؤلف نے اس معنی میں مستعمل کچھ دوسرے شاعروں کے اشعار بھی بطور مثال پیش کیے ہیں۔ مثلاً سعدی کا درج ذیل شعر:

این بوالعجبی و چشم بندی　　　　در صنعت سامری ندیدیم

ظہیر فاریابی کے مندرجہ ذیل شعر میں یہ لفظ شعبدہ یا شعبدہ بازی کے معنی میں مستعمل ہوا ہے:

کرد پنہان مہرہ ہای سیم گردون بوالعجب
وین کہ اکنون می برآرد شعلۂ آتش برآب

Marfat.com

تعلیقات کے باب میں شیخ صنعاں کی شخصیت اوران سے منسوب داستان کی اصلیت وحقیقت کی تحقیق کی گئی ہے۔اس سلسلہ میں سعیدی نفیسی کی کتاب 'جستجو دراحوال آثار فرید الدین عطار،' تحفۃ الملوک' تصنیف محمد غزالی جس کی بازیافت مرحوم استاد مجتبیٰ مینوی کی کوششوں سے ہوئی، مثنوی منطق الطیر تصنیفات استادفروز انفراور دکتر زرین کوب فاضل محقق کے مطالعہ میں رہی ہیں۔موصوف نے زرین کوب کے اس اندازہ کا بھی ذکر کیا ہے جس کے مطابق اس داستان کا مآخذ محمد غزالی کی 'تحفۃ الملوک' سے بھی قدیم تر ہے۔اس سلسلے کی قدیم ترین حکایت کا تعلق ایک حدیث نبوی سے ہے۔ یہ حدیث ایک ایسے شخص کی بابت ہے جو تین سال تک ساحل دریا پہ مقیم رہ کر عبادت و ریاضت میں مشغول رہا۔ یہ صائم وشب زندہ دار شخص ایک عورت کے عشق میں مبتلا ہوکر دین وایمان کی راہ سے بھٹک گیا۔لیکن بعد کو خدا نے اسے توبہ کی توفیق عطا کی۔ داستان شیخ صنعان کی بنیاد بغداد میں رہنے والے چھٹی صدی کے ایک فقیہہ ابن سقا کے قصے پہ رکھی گئی ہے۔ ۵۰۶ھ میں یوسف بن ایوب بن یوسف بن حسین ہمدانی جو ایک معروف فقیہہ تھے بغداد تشریف لائے۔ابن سقا ان کی مجلس میں آئے اوران سے کچھ سوالات کئے۔فقیہہ یوسف ان کے سوالات سے برآشفتہ ہوئے اور کہا: ''خاموش شو کہ از تو بوی کفری شنوم وبی دین اسلام نخواہی مرد، سرانجام ابن سقا بہ روم رفت وترسا گشت۔'' لیکن تحفۃ الملوک سے یہ اطلاع ملتی ہے کہ شیخ صنعان کی داستان کا مآخذ عبدالرزاق صنعانی میں ڈھونڈنا چاہئے جو اس کتاب میں شامل ہے۔استاد فروز انفر نے بھی عبدالرزاق صنعانی کی حکایت کو عطار کی داستان شیخ صنعان کی بنیاد تصور کیا ہے۔

Marfat.com

فاضل محقق نے استدراکات واضافات کے باب میں بھی نہایت مفید ومعنی خیز باتیں لکھی ہیں۔ یہاں موصوف نے مرحوم استاد نفیسی کے اقوال پہ تبصرہ کیا ہے اور ان تضادات کی طرف اشارہ کیا ہے جو ان کے اقوال میں ملتے ہیں۔ محقق موصوف نے سعید نفیسی کی کتاب ''تاریخ نظم ونثر در ایران'' میں سراجی سے متعلق جو اطلاعات ملتی ہیں ان کا ناقدانہ جائزہ لیا ہے۔ سعید نفیسی سید سراج الدین سراجی کو ساتویں صدی ہجری کا شاعر تصور کرتے ہیں پھر دوسری جگہ اسے آٹھویں صدی کا شاعر شمار کرتے ہیں جب کہ سراجی واقعۃً چھٹی صدی کے آواخر اور ساتویں صدی کے اوائل کا شاعر تھا۔ سعید نفیسی اپنی کتاب میں ایک جگہ سراجی کو تغلق خاندان کے مداح شاعروں میں شامل کرتے ہیں جس کی حکمرانی کا زمانہ آٹھویں صدی ہے۔ انہوں نے دوسری جگہ نظام الملک جنیدی کو ناصر الدین محمود شاہ دوم (۷۹۵ھ/ ۷۹۷ھ) جس کا تعلق خانوادۂ تغلق سے تھا، کا وزیر شمار کرتے ہیں جب کہ اس سے قبل اسے التمش کا وزیر بتا چکے ہیں، اور یہی قول درست ہے۔ ناصر الدین محمود جو خانوادۂ تغلق سے منسوب کیا گیا دراصل وہ سلطان التمش کا بڑا بیٹا تھا۔ اسی طرح سعید نفیسی کے قول اول کے مطابق سراجی سیستان سے مکران گیا تھا اور قول دوم میں نفیسی کہتے ہیں کہ وہ سیستان سے عربستان گیا تھا۔ ایک بار نفیسی سراجی کو درجۂ دوم کا شاعر سمجھتے ہیں، دوسری بار اسے قرن ہفتم کے ممتاز شعراء میں جگہ دیتے ہیں، پھر تیسری بار اسے آٹھویں صدی ہجری کا زبردست شاعر سمجھتے ہیں۔ اس طرح فاضل محقق نے سعید نفیسی کے اقوال کی تصحیح کی ہے۔

پروفیسر نذیر احمد کی تالیفات میں ایک کتاب 'مکاتیب سنائی' بھی شامل

Marfat.com

ہے۔ یہ کتاب ۱۹۶۲ء میں دانشگاہ اسلامی علی گڑھ سے شائع ہوئی تھی۔ اس مجموعے میں سنائی کے سترہ مکتوب ہیں جس کے متون کی تصحیح وترتیب موصوف نے پانچ نسخوں کی بنیاد پہ کی ہے۔ کتاب میں متن مکاتیب کے علاوہ مقدمۂ مصحح، ملحقات، تعلیقات، فہرست کلمات مخصوص شامل ہیں۔ تعلیقات کے باب میں ان مکاتیب کے مشمولات کے حوالے سے نہایت بیش قیمت اور بصیرت افروز بحثیں شامل ہیں جن سے مؤلف کی ژرف نگاہی، دانشوری اور طراز اول کی محققانہ مساعی کا پتہ چلتا ہے۔ سنائی کے یہ مکاتیب ان کے دوستوں، معروف ہم عصروں، بہرام شاہ غزنوی، سلجوقی وزیر ابوالقاسم درگزینی، عمر خیام کے علاوہ چند دوسرے اشخاص کے نام لکھے گئے ہیں۔ اس کتاب کا متن جن پانچ نسخوں کی بنیاد پہ مرتب کیا گیا ہے وہ بقرار ذیل ہیں:۔

پہلا نسخہ انڈیا آفس کتابخانے کی 'کلیات سنائی' ہے جس میں سنائی کے مکاتیب کا مجموعہ شامل ہے۔ خط نستعلیق میں لکھے ہوئے اس نسخے کی کتابت ۱۷ رصفر ۱۰۰۶ھ ہے۔ یہ نسخہ کبھی لکھنؤ کے مہاراجہ ٹکیت رائے کی ملکیت میں رہ چکا تھا۔ دوم 'کلیات سنائی' کتابخانۂ دانشگاہ عثمانیہ۔ یہ نسخہ گیارھویں صدی کے اوائل میں نہایت خوشخط نستعلیق میں لکھا گیا ہے۔ یہ انڈیا آفس کے نسخے سے بہت مشابہ ہے۔ تیسرا نسخہ حبیب گنج کتابخانہ کا ہے جس کی کتابت بظاہر دسویں صدی ھجری میں ہوئی ہوگی۔ یہ نسخہ اسقام واغلاط سے پُر ہے۔ اور جابجا نقص افتادگی سے دچار ہے۔ اس مجموعے میں چودہ مکاتیب ہیں۔ چوتھا نسخہ کابل کا وہ نسخہ ہے جس کے بیشتر مطالب کو آقای سرور گویا نے 'مجلہ آریانہ' کے شمارۂ اول میں شائع کیا ہے۔ پانچواں 'کلیات سنائی' کا وہ نسخہ ہے

Marfat.com

جو کتابخانہ بودلین آکسفورڈ میں ہے۔ یہ نسخہ بھی نقص و بے ترتیبی سے دوچار ہے۔ اس کتاب کے تہیہ وترتیب میں نسخہ ہای مزبور کے علاوہ مؤلف محترم کے زیر مطالعہ ایسے مکاتیب بھی رہے جو ایران سے شائع ہونے والے مجلّے 'یغما' و 'ارمغان' میں چھپ چکے تھے۔ اور ساتھ ہی ان مکاتیب سے بھی مقابلہ کیا جو 'دیوان سنائی' 'تالیف مدرس رضوی' 'حکیم سنائی' 'تالیف خلیلی' 'تعلیقات چہار مقالہ' مؤلفہ ڈاکٹر محمد معین میں شائع ہوئے تھے۔ لیکن ان سارے مخطوطے اور مطبوعہ مکاتیب میں بہت غلطیاں تھیں اس لئے مؤلف موصوف نے متن کو صحیح و درستی سے قریب کرنے کے لئے 'مقدمہ سنائی' 'حدیقہ' اور 'دیوان سنائی' کا عمیق مطالعہ فرمایا۔ فاضل محقق کی کوششیں اس مجموعے کی گردآوری میں نہایت وقیع ہیں۔

نامۂ اول اس مجموعے کا بلا عنوان ہے۔ مشتملات متن سے یہ ظاہر ہوتا ہے مکتوب الیہ صدور غزنی میں سے کوئی ہے جس سے حکیم سنائی کی گہری شناسائی تھی۔ آقای سرور گویا اس مکتوب کو دیباچہ تصور کرتے ہیں لیکن فاضل محقق گویا کی اس خیال کو یکسر غلط سمجھتے ہیں۔ کیونکہ اس مکتوب میں حکیم کا مخاطب ایک شخص ہے جن کو حکیم نے مختلف انداز میں خطاب کیا ہے جیسے ''بزرگا! نہ ہر چہ زرداست ورداست''، یا ''اگرچہ بسیار دشمنان داری'' وغیرہ۔

سنائی کا ایک خط خواجہ یوسف کے نام ہے۔ اس خط کے تین نسخے فاضل محقق کے زیر مطالعہ رہے ہیں۔ دانشگاہ عثمانیہ اور کتابخانۂ حبیب گنج کے نسخوں میں خواجہ یوسف دمخر دلکھا ہوا ہے اور کابل کے نسخے میں یوسف حدّادی آیا ہے۔ سرور گویا 'مجلۂ

Marfat.com

آریانا' نامۂ نہم صفحہ ۲۵ پہ خواجہ یوسف کو قاضی القضات ابوالمعالی کا پدر تصور کرتے ہیں۔ فاضل محقق گویا کہ اس خیال سے اتفاق نہیں کرتے وہ کہتے ہیں کہ اس خط کا مخاطب پدر ابوالمعالی قاضی القضات ابویعقوب یوسف بن حدادی نہیں ہوسکتا کیونکہ اس خط میں تین بار حدیقہ کا نام آیا ہے اور اس کتاب کے اشعار بھی اس خط میں منقول ہوئے ہیں۔ جب کہ یہ قطعی طور پہ مسلم ہے کہ حدیقہ کو نظم کرنے کے وقت قاضی یوسف کی وفات ہو چکی تھی۔ حدیقہ میں قاضی یوسف کی وفات پہ سنائی کا مندرجہ ذیل شعر بھی اس امر کا شاہد ہے۔

گر بدی زندہ یوسف قاضی　　　　بنیابت از و شدی راضی

لہذا پروفیسر موصوف کے استنباط کے مطابق حدیقہ کی نظم کے وقت قاضی یوسف گزر چکے تھے اور ایسا خط جس میں حدیقہ کا نام آیا ہو یا اس کے اشعار نقل ہوئے ہوں وہ یقیناً قاضی یوسف کی وفات کے بعد لکھا گیا ہوگا۔ اس لئے آقائے سرور کا قول مشتبہ معلوم ہوتا ہے۔ نامۂ یازدہم جس کا مخاطب سرہنگ محمد خطیبی ہے کے حوالے سے پروفیسر موصوف اظہار فرماتے ہیں کہ سنائی سرہنگ محمد خطیبی کا مداح تھا۔ سنائی کے کئی قصیدے سرہنگ محمد خطیبی کی مدح میں اس کے دیوان میں شامل ہیں۔ سنائی کے معاصر مسعود سعد سلمان اور مختاری غزنوی نے سرہنگ کی مدح لکھی ہے۔ سرہنگ محمد خطیبی مسعود سوم غزنوی کے دور حکومت میں نہایت محتشم و موقر امرا میں شمار ہوتا تھا۔ اس امیر کا نام مدیحہ گو شاعروں کے قصیدوں میں یکساں نہیں ہیں۔ دیوان سنائی میں اس امیر کے نام مختلف طور پہ لئے گئے ہیں۔ سرہنگ عمید محمد خطیبی ہروی، محمد خطیب، سرہنگ امیر

Marfat.com

محمد ہروی یا محمد ہروی، سرہنگ محمد خطیبی یا محمد بن خطیب۔ فاضل محقق کے قول کے مطابق سرہنگ محمد خطیبی اور سرہنگ محمد خطیب ایک ہی شخص ہے جس کے نام سنائی کا مکتوب ہے۔ محمد خطیب کا وطن ہرات تھا۔ اس لئے اسے ہروی بھی کہا گیا ہے۔ لیکن جناب مدرس رضوی اسے دو الگ الگ شخصیت تصور کرتے ہیں۔ ان دونوں کی معرفی انہوں نے اس طرح کی ہے: ''سرہنگ محمد خطیبی از امرای فاضل وشاعر وسخن سنج دورۂ سلطنت سلطان مسعود سوم بودہ''

اور سرہنگ امیر محمد ہروی: ''از قصیدۂ سنائی در مدح او بر می آید کہ از مردم ہرات واز امرای لشکر غزنین بودہ''۔

سنائی نے اپنے ایک قصیدہ میں جنگ قنوج میں فتحیابی کے لئے سرہنگ محمد ہروی کا نام لیا ہے:

سرسر ہنگان سرہنگ محمد ہروی        کہ سرآہنگان خوانند مرا ورا سرہنگ
آنچہ در واقعۂ قنوج تو کردی از زور        آنچہ در پیش شہنشاہ نمودی از جنگ

اسی طرح مختاری غزنوی نے اپنے ایک قصیدے میں مدح سرہنگ محمد خطیبی کے زیر عنوان قنوج کے جنگی کارنامے کی طرف اشارہ کیا ہے:۔

زقوت وہنر دست وبازوی سرہنگ        برست گوہر شمشیر آبدار از زنگ
چون گشت تیغش پرخون زمیغ خود بارید        بجنگ قنوج آن آب رنگ رنگ پلنگ

اشعار مندرجہ بالا سے ظاہر ہوتا ہے کہ سرہنگ محمد ہروی کا جو نام قصیدۂ سنائی میں آیا ہے اور سرہنگ محمد خطیبی جو مختاری غزنوی کے قصیدے کے عنوان میں ہے

Marfat.com

دونوں ایک ہی شخص کے نام ہیں۔اس لئے جناب مدرس رضوی کا یہ خیال کہ سرہنگ محمد خطیبی اور سرہنگ محمد ہروی الگ الگ دو شخص ہیں محقق موصوف کی نظر میں درست نہیں ہے۔

پروفیسر نذیر احمد کی تالیفات میں ایک فرہنگ بنام 'زفان گویا' بھی شامل ہے۔ بانکی پور کے نسخے میں اس کا نام 'زمافان گویا و جہان پویان' ہے۔فرہنگ جہانگیری کے مطابق اس کا عنوان 'تحفت بخشی' بھی ہے جب کہ مدارالافاضل میں اس لغت کا عنوان 'پنج بخشی' بتایا گیا ہے جو درست نہیں ہے۔ یہ لغت بدر بن ابراہیم کی تصنیف ہے جیسا کہ مقدمے کی تحریر درج ذیل سے ظاہر ہوتا ہے:

''پس از ستایش خدای بی نیاز وستود محمد لیکش نواز چنین می گوید

بندۂ خوارترین چون خاک زمین دل پُربیم بدر ابراہیم''

اس کتاب کے سال تصنیف کی بابت مصنف نے کچھ نہیں لکھا ہے۔ پروفیسر نذیر احمد کے اندازے کے مطابق اس کی تالیف ۸۳۷ھ سے پہلے ہوئی ہوگی کیونکہ یہ کتاب بقول مؤلف موصوف 'بحر الفضائل' کا مآخذ رہی ہے جو ۸۳۷ھ کی تصنیف ہے۔ پروفیسر سید حسین مرحوم زفان گویا کو 'ادات الفضلاء' سے پہلے کی تصنیف تصور کرتے ہیں۔جس کا سال تصنیف ۸۲۲ھ ہے۔وہ کہتے ہیں کہ ''مؤید الفضلاء'' میں زفان کا نام 'ادات الفضلاء' سے پہلے آیا ہے۔محقق موصوف اس قیاس پہ شبہ کا اظہار کرتے ہیں کیونکہ 'خود ادات الفضلاء' میں زفان گویا کا کوئی ذکر نہیں ہے۔مؤلف موصوف بہر حال دونوں فرہنگوں کو ایک ہی زمانے کی تصنیفات سمجھتے ہیں۔وہ کہتے

Marfat.com

ہیں کہ یہ دونوں فرہنگیں تھوڑے تفاوت وقت کے ساتھ معرض تخلیق میں آئی ہونگی۔

مدارالافاضل کے مقدمے میں ڈاکٹر محمد باقر نے 'زفان گویا' کا سال تصنیف ۷۷۳ھ لکھا ہے، یہ تاریخ مرحوم محمود شیرانی صاحب کے حوالے سے لکھی ہے۔مؤلف موصوف ڈاکٹر محمد باقر کے اس خیال سے متفق نہیں ہیں کیونکہ مرحوم شیرانی صاحب نے ۷۷۳ھ کی تاریخ ''دستورالافاضل'' کی بابت لکھی ہے جس کو ڈاکٹر موصوف نے زفان گویا سے منسوب کیا ہے مزید انہوں نے یہ بھی تحقیق کی ہے کہ دستورالافاضل کا سال تصنیف ۷۷۳ھ نہیں بلکہ ۷۴۳ھ ہے۔جیسا کہ دستورالافاضل میں موجود درج ذیل شعر سے ظاہر ہوتا ہے:

زہجرت بود ہفصد باسہ وچہل

مرتب گشتہ دستورا فاضل

یہ فرہنگ بشمول مقدمہ ہفت بخش اور ایک نہایت پہ مشتمل ہے۔مصنف نے ہر بخش کو گونہ اور ہر گونے کو بہرہ میں تقسیم کیا ہے۔مصنف بدر ابراہیم نے یہ واضح نہیں کیا ہے کہ کون کون منابع اس لغت کی ترتیب میں اس کے زیر نظر رہے لیکن بعض الفاظ کی توضیحات کے ضمن میں تین چار فرہنگوں کے نام زفان گویا میں آئے ہیں جو بقرار ذیل ہیں:-

لغت فرس اسدی، فرہنگ فردوسی، فرہنگ قواس اور رسالہ نصیر لیکن اس نے لغت فرس قواس سے زیادہ استفادہ کیا ہے۔مؤلف موصوف کے خیال میں مقدمہ کتاب پر فرہنگ قواس کا اس درجہ اثر ہے کہ اکثر کلمات وفقرات اور جملے بھی قواس سے

Marfat.com

لئے گئے ہیں۔

اس لغت کے دو نسخے ہیں۔ پہلا نسخہ کتابخانہ خدا بخش کے ذخیرے میں ہے جو مکمل ہے اور دوسرا نسخہ ازبکستان کے شہر تاشقند میں دستیاب ہے۔ یہ نسخہ لغت کے صرف آخری حصے پہ مشتمل ہے۔ نسخۂ خدا بخش کی تحریر ۹۵۰ کی ہے لیکن کاتب کا نام موجود نہیں ہے۔ جب کہ نسخۂ دانشگاہ تاشقند ۵۴ اوراق پہ محتوی ہے۔ ترقیمہ پہ یہ عبارت ملتی ہے۔ ''کتاب فرہنگ نامۂ زفان گویا و جہان پویا، بیست و یکم ماہ جمادی الثانی ۱۴۳ھ بخط بندۂ حقیر و بے بضاعت عرب نسفی۔'' پروفیسر موصوف کے خیال کے مطابق یہ تاریخ ۱۰۴۳ھ یا ۱۱۴۳ھ ہو سکتی ہے۔ فاضل مؤلف نے اس لغت کی ترتیب و تصحیح کے سلسلے میں مندرجہ ذیل فرہنگوں کا مطالعہ کیا ہے: لغت فرس اسدی، فرہنگ قواس، دستور الافاضل، ادات الفضلا، شرف نامہ منیری، مؤید الفضلا، مدار الافاضل، فرہنگ جہانگیری، اور فرہنگ رشیدی۔

———————X———————

Marfat.com

کبیر احمد جائسی*

# پروفیسر نذیر احمد صاحب: ایک تعارف

میں اس لحاظ سے اپنے آپ کو انتہائی خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ مجھ کو اپنے دور کے تین عہد ساز استادوں کی شاگردی کا شرف حاصل ہے۔ میری مراد مولانا عبدالسلام ندویؒ 'صاحب اسوۂ صحابہ'، پروفیسر آل احمد سرورؔ اور پروفیسر نذیر احمد صاحب سے ہے۔ مولانا عبدالسلام ندویؒ سے تو میں چند ہی برسوں تک اکتساب فیض کر سکا مگر سرور صاحب اور نذیر صاحب سے استفادے کا سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ اللہ کرے یہ سلسلہ دراز سے دراز تر ہوتا جائے۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب کی تحریروں سے واقفیت تو ۱۹۵۶ء سے معارف اعظم گڑھ میں شائع ہونے والے ان کے مقالوں کے ذریعے ہوئی۔ خود ان کو دیکھنے، استفادہ کرنے، کلاس میں پڑھنے، گھر پر حاضر ہونے اور کبھی کبھی شریک دسترخوان ہونے کی سعادت ۱۹۶۱ء میں اس وقت حاصل ہوئی جب میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں بی۔ اے سال دوم کا طالب علم ہوا۔ ۱۹۶۳ء میں جب بی۔ اے۔ کا نتیجہ نکلا تو اللہ تعالیٰ نے مجھ کو فرسٹ ڈویژن کے ساتھ ساتھ فرسٹ پوزیشن بھی دلوائی (اس وقت تک فیکلٹی آف سوشل سائنسز قائم نہیں ہوئی تھی اور آج جتنے شعبے فیکلٹی آف سوشل سائنسز میں شامل ہیں اس وقت سب کے سب فیکلٹی آف آرٹس میں تھے) نتیجے کے

---

* سابق ڈائرکٹر، انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

Marfat.com

اعلان کے بعد سرور صاحب کا حکم تھا کہ میں اردو سے ایم۔اے کروں، میرے فلسفہ کے استاد ڈاکٹر نور نبی مرحوم شعبۂ فلسفہ میں داخلہ لینے کی ترغیب دے رہے تھے اور پروفیسر نذیر احمد صاحب شعبۂ فارسی میں۔ قدرت کا کرنا ایسا کہ میں نے شعبۂ فارسی میں داخلہ لیا جس کے نتیجے میں علم و ادب کے اس کوچے کی سیر نصیب ہوئی جس سے بہرہ ور ہونے والوں کی تعداد روبہ زوال ہے، لیکن پروفیسر نذیر احمد صاحب کا وجود ایک منارۂ نور بنا ہوا ہم جیسے گم کردہ راہوں کو روشنی دکھا رہا ہے۔

قبل اس کے کہ بات کو آگے بڑھایا جائے نذیر احمد صاحب کی سوانحی سرگذشت پر ایک نظر ڈالنا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے تا کہ ان کی زندگی کے نشیب و فراز کا ایک ہلکا سا عکس ہمارے سامنے آ سکے۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب ۳ جنوری ۱۹۱۵ء کو ضلع گونڈا (اتر پردیش) کے ایک گاؤں کوپی غریب (غرّہ) میں پیدا ہوئے۔ کہتے ہیں کہ اس عجیب و غریب نام والے گاؤں کو اب سے تقریباً پانچ سو سال قبل دو بھائیوں کلّو میاں اور میاں جی نے بسایا تھا۔ نذیر صاحب نے اپنی ابتدائی تعلیم اسی گاؤں کے قریب ایک پرائمری اسکول میں حاصل کی بعد ازاں ۱۹۳۰ء میں مڈل امتحانات پاس کیے۔ ان امتحانات کو پاس کرنے کے بعد گونڈہ شہر چلے گئے جہاں سے انہوں نے ہائی اسکول کا امتحان ۱۹۳۴ء میں اول درجہ میں پاس کیا اور ریاضی میں ممتاز رہے۔ ہائی اسکول کرنے کے بعد وہ لکھنؤ چلے گئے اور کرسچین کالج میں جہاں انہوں نے ۱۹۳۵ء میں منشی کا امتحان دیا اور اول درجے میں کامیاب ہوئے، اسی کالج سے انٹر میڈیٹ کے امتحان میں شریک ہوئے اور

Marfat.com

۱۹۳۶ء میں اس امتحان کو پاس کیا۔ اسی سال انہوں نے لکھنؤ یونیورسٹی میں بی۔ اے۔ آنرز (فارسی) کے تین سالہ کورس میں داخلہ لیا اور ۱۹۳۹ء میں اول درجے میں پہلی پوزیشن کے ساتھ بی۔ اے۔ آنرز کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۴۰ء میں ایم۔ اے (فارسی) کا امتحان بھی اول درجہ میں پاس کیا۔ اس امتحان کو پاس کرنے پر لکھنؤ یونیورسٹی نے ان کو دوطلائی تمغے اور مزید تعلیم کے لئے وظیفہ کا حقدار قرار دیا۔ ایم۔ اے۔ کرنے کے بعد نذیر صاحب نے پی ایچ۔ ڈی میں داخلہ لیا اور پروفیسر مسعود حسن رضوی مرحوم کے زیر نگرانی ظہوری ترشیزی پر اپنی تحقیق کا آغاز کیا۔ پانچ برسوں کی شبانہ روز محنت کے بعد انہوں نے اپنا تحقیقی مقالہ جو انگریزی میں لکھا گیا تھا۔ یونیورسٹی میں جمع کر دیا جس پر ۱۹۴۵ء میں ان کو پی ایچ۔ ڈی کی ڈگری دی گئی۔ اس کے بعد ڈی۔ لٹ کی ڈگری کے لئے نذیر صاحب نے عادل شاہی دور کے فارسی شعراء پر اپنی تحقیق کا آغاز کیا۔ پانچ برسوں تک وہ اس موضوع پر بھی کام کرتے رہے، ۱۹۵۰ء میں انہوں نے یہ مقالہ مکمل کرلیا۔ اسی سال ان کو اپنے اس تحقیقی کام پر لکھنؤ یونیورسٹی نے فارسی میں ڈی۔ لٹ کی ڈگری دی۔

فارسی کی یہ دونوں اعلیٰ ترین ڈگریاں حاصل کرنے کے بعد وہ اردو کی طرف راغب ہوئے اور ابراہیم عادل شاہ کی کتاب ''نورس'' کو اپنی تحقیق کا موضوع بنایا۔ ۱۹۵۶ء میں ان کو اس تحقیق پر اردو میں ڈی۔ لٹ کی ڈگری ملی۔ نامناسب نہ ہوگا اگر یہاں یہ بھی ذکر کر دیا جائے کہ وہ ۱۹۵۵-۵۶ میں ایران گئے ہوئے تھے جہاں انہوں نے تہران یونیورسٹی میں داخلہ لے کر فارسی باستان (یہ زبان خط میخی میں لکھی جاتی

Marfat.com

تھی)، پہلوی اور فارسی جدید میں ڈپلوما کاامتحان پاس کیا لیکن اس مصروفیت کے باوجود ''نورس'' پر ان کا کام جاری رہا جس پر آخر کار وہ ڈی۔لٹ (اردو) کی ڈگری لینے میں کامیاب ہوئے۔

جس زمانے میں نذیر صاحب نے ایم،اے کا امتحان پاس کیا تھا اس زمانے میں عربی اور فارسی کے اعلیٰ تعلیم یافتہ حضرات کو آج کی طرح کسی یونیورسٹی کا ڈگری کالج میں لکچرر کی جگہ نہیں مل جاتی تھی بلکہ ان کو اپنی عملی زندگی کا آغاز کرتے وقت بڑی جدوجہد کرنی پڑتی تب جا کر کہیں کسی ہائی اسکول یا زیادہ سے زیادہ انٹر کالج میں درس و تدریس کا کام ملتا، یونیورسٹیاں اس زمانے میں بھی تھیں اور عربی فارسی کے شعبہ بھی تھے مگر یونیورسٹی کی تدریسی سطح تک آنے کے ملئے اعلیٰ تعلیم یافتہ کو واقعی اور حقیقی معنوں میں سخت محنت کرنی پڑتی، یہی پروفیسر نذیر احمد صاحب کے ساتھ بھی ہوا۔ ۱۹۴۰ء میں ان کو فارسی سے ایم۔اے کرنے کے بعد دیوریا گورنمنٹ اسکول میں اردو اور فارسی کی معلّمی ملی۔ ڈھائی سال بعد ۱۹۴۳ء میں ان کا تبادلہ گورنمنٹ ہائی اسکول بستی میں ہوا جہاں انہوں نے ۱۹۵۰ء تک معلّمی کے فرائض بڑی تن دہی سے انجام دیئے۔ اس طرح دس سال تک وہ اسکول کے مدرس کی حیثیت سے کام کرتے رہے۔ ان دس برسوں میں وہ برابر تحقیقی کاموں میں مصروف رہے اور اسی اثنا میں انہوں نے پی ایچ۔ڈی اور ڈی۔لٹ کی ڈگریاں حاصل کیں۔

۱۹۵۰ء میں ڈی۔لٹ کی ڈگری پانے کے بعد خوش قسمتی سے ان کا تقرر لکھنؤ یونیورسٹی میں فارسی کے لکچرر کی حیثیت سے ہوگیا۔ اس کے بعد نذیر صاحب برابر

Marfat.com

آگے بڑھتے گئے اور تعلیمی دنیا کے جو اعلیٰ ترین مناصب ہو سکتے ہیں ایک ایک کر کے ان کو سب حاصل ہوئے۔ لکھنؤ یونیورسٹی میں تقریباً سات برسوں تک کام کرنے کے بعد ان کا انتخاب علی گڑھ تاریخ ادب اردو کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر کی حیثیت سے ہوا اور مارچ ۱۹۵۷ء میں وہ لکھنؤ سے علی گڑھ آ گئے۔ اس عہدے پر انہوں نے سوا برس ہی کام کیا ہوگا کہ اگست ۱۹۵۸ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے شعبۂ فارسی میں ریڈر مقرر کیے گئے۔ تقریباً ڈیڑھ برس ریڈر کی حیثیت سے کام کرنے کے بعد مولانا ضیاء الدین احمد بدایونی مرحوم کی سبکدوشی پر ۱۹۶۰ء میں شعبۂ فارسی کے پروفیسر اور صدر مقرر ہوئے اور ۱۹۷۷ء تک اسی حیثیت سے علم و ادب کی خدمت میں منہمک رہے۔ اسی اثنا میں ۱۹۶۹ء میں آرٹس فیکلٹی کے ڈین بھی ہوئے اور مقررہ مدت تک اس کام کو بھی انہوں نے خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ اس طرح دیوریا گورنمنٹ اسکول کی معلّمی سے پروفیسر نذیر احمد صاحب نے جس سفر کا آغاز کیا تھا اس کا اختتام علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے شعبۂ فارسی کی پروفیسری اور صدارت پر ہوا۔

درس و تدریس اور دوسری منصبی ذمہ داریوں سے پوری طرح عہدہ برآ ہونے کے باوجود ان کا قلم برابر چلتا رہا۔ انہوں نے صرف خود ہی کام نہیں کیا بلکہ بہت سے طلبہ سے تحقیقی مقالے بھی لکھوائے اور ان کی تربیت کی۔ ان کے شاگردوں کی تعداد کافی ہے اور ان میں سے بعض مختلف یونیورسٹیوں میں پروفیسر اور صدور شعبہ بھی ہیں۔ ان کی علمی فتوحات کا تذکرہ تو اپنی جگہ آئیگا یہاں صرف اتنا ذکر کر دینا کافی ہے کہ ۱۹۶۰ء میں یونیورسٹی کا علمی مجلّہ ''فکر و نظر'' نکلنا شروع ہوا تو نذیر صاحب اس کے

Marfat.com

سکریٹری مقرر ہوئے۔ بہ اعتبار عہدہ رسالہ پر ایڈیٹر کی حیثیت سے نام پروفیسر یوسف حسین خاں مرحوم کا شائع ہوتا تھا لیکن اپنی آنکھوں دیکھی ہونے کی وجہ سے یہ لکھنے پر مجبور ہوں کہ اس کا سارا کام تن تنہا پروفیسر نذیر احمد صاحب انجام دیتے۔ یہاں تک کہ پورے رسالے کا پروف بھی خود ہی پڑھتے تھے۔

اپریل ۱۹۶۵ء میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں جو افسوسناک واقعہ رونما ہوا تھا اس سے یونیورسٹی بہت دنوں تک متاثر رہی۔ اس واقعے میں جن طلبہ کے خلاف کاروائی ہوئی تھی ان میں نذیر صاحب کے بڑے صاحبزادے عبدالباسط مرحوم بھی تھے یہ زمانہ ان کے لئے بڑی پریشانیوں کا تھا اس کو انہوں نے مومنانہ شان سے جھیلا اور خدا کے فضل و کرم سے آگ کا دریا پار کر لیا۔ یوسف حسین خاں صاحب کے علی گڑھ سے جانے کے چند ماہ بعد ''فکر و نظر'' کی مجلس ادارت تبدیل ہوگئی اور پروفیسر نذیر احمد صاحب کا اس سے کوئی تعلق باقی نہیں رہا۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب کا شمار مسلسل کام کرنے والے بزرگوں میں ہوتا ہے۔ ان کے کاموں کا سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ بلکہ اگر میں یہ کہوں کہ ان کی عمر جیسے جیسے بڑھتی جاتی ہے ان کا قلم اور تیز رفتار ہوتا جاتا ہے تو غلط نہ ہوگا۔ جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے نذیر صاحب ۱۹۷۷ء میں یونیورسٹی کی ملازمت سے سبکدوش ہوئے تھے گذشتہ پچیس برسوں میں انہوں نے جو کچھ لکھا ہے جو انکشافات کئے ہیں، جتنی کتابیں شائع کی ہیں جتنے توسیعی لکچر دیئے ہیں، ملک اور بیرون ملک جتنے علمی سفر کئے ہیں، جتنے مذاکروں اور مباحثوں میں شرکت کی ہے ان کی تعداد ہوشربا ہے۔ علاوہ

Marfat.com

بریں برسوں سے غالب انسٹی ٹیوٹ دہلی کے مجلّہ 'غالب نامہ' کی ادارت بھی ان کے سپرد ہے اس پر خاصہ وقت صرف کرنے کے باوجود وہ علمی دنیا کو نئے نئے تحفے بھی پیش کرتے رہتے ہیں۔ آدمی جب یکسوئی اور خاموشی سے بیگانۂ سود وزیاں ہوکر مسلسل کسی نیک اور مفید کام میں مصروف رہتا ہے تو قدرت اس کو محبوب خلائق بنا دیتی ہے اور دنیاوی انعامات واکرامات کی بھی اس پر بارش کرواتی ہے۔ نذیر صاحب پر بھی یہ بارش ہوئی، خوب ہوئی اور آج بھی اس کا سلسلہ جاری ہے۔ ۱۹۷۷ء میں صدر جمہوریہ ہند کی طرف سے فارسی خدمات کے صلے میں ان کو تاحیات ایک رقم کا انعام اور توصیفی سند دی گئی۔ ۱۹۷۸ء میں غالب انسٹی ٹیوٹ کے انعام کے حقدار قرار دئے گئے ۱۹۸۷ء میں حکومت ہند کی طرف سے پدم شری کے خطاب سے نوازے گئے اسی سال خسرو اکیڈمی امریکہ نے ''خسرو انعام'' ان کی خدمت میں پیش کیا۔ ۱۹۸۸ء کو یونسکو نے ''سال حافظ'' قرار دیا تھا، پروفیسر نذیر احمد صاحب نے حافظ کے دو قدیم ترین مخطوطات مکشوف کئے اور ان کو مرتّب کر کے شائع کروایا ان کے اس کام کی اہمیت اور عظمت کا اعتراف کرتے ہوئے خانۂ فرہنگ ایران (دہلی) نے ان کو ''حافظ شناس'' کا خطاب دیا۔ ان انعامات کے علاوہ ایران نے بھی دو انعامات دے کر ان کی ایران شناسی کا کھلے دل سے اعتراف کیا ہے۔ میری مراد ''جائزہ افشار'' اور تہران یونیورسٹی کی اس اعزازی ڈگری سے ہے جو گذشتہ تقریباً ربع صدی میں کسی کو نہیں دی گئی۔ مذکورہ انعام اور ڈگری بالترتیب ۱۹۸۹ء اور ۱۹۹۰ء میں ان کی خدمت میں پیش کی گئی۔

نذیر صاحب کی جولا نگاہ فکر ونظر صرف شعر وادب تک ہی محدود نہیں ہے

Marfat.com

انہوں نے علوم عقلیہ ونقلیہ کی ہر اس شاخ پر کچھ نہ کچھ ضرور لکھا ہے جس کا سرمایہ فارسی زبان میں محفوظ ہے۔ یہی نہیں بلکہ مصوری اور موسیقی کے موضوعات پر بھی انہوں نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے اس کو اہل علم کے حلقے میں درجۂ استناد حاصل ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ ان کی ایک خاص اور اہم خوبی یہ بھی ہے کہ وہ بہ یک وقت تین زبانوں اردو، فارسی اور انگریزی میں اظہار خیال کی قدرت رکھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان کے جو بھی مقالے اور جو کتابیں فارسی زبان میں ایران سے شائع ہوئی ہیں انہوں نے ان کے نام ہی کو نہیں وطن عزیز ہندوستان کے نام کو بھی روشن کیا ہے اور ایرانی علماء وفضلاء ان کا ویسا ہی ادب و احترام رتے ہیں جیسا سعید نفیسی، محمد معین، اور ذبیح اللہ صفا کا۔ اور موضعات کا تو ذکر کیا صرف ہندوستان اور ایرن کی تاریخ پر انہوں نے جو مقالے انگریزی میں تحریر کئے ہیں اگر ان سب کو یکجا کر دیا جائے تو بلا مبالغہ کئی جلدیں مرتب ہوسکتی ہیں جن کے ذریعے تاریخ کی بہت سی الجھی ہوئی گتھیوں کو سلجھایا جا سکتا ہے۔

یوں تو نذیر صاحب کی مرتّب یا تصنیف کی ہوئی ہر کتاب اہل نظر کو تفصیلی مطالعے کی دعوت دیتی ہے لیکن اس سوانحی اور تأثراتی مقالے میں ان کی سب کتابوں کا جائزہ نہ ممکن ہے نہ مناسب اس لئے ہم ان کی صرف ایک کتاب ''نقد قاطع برہان مع ضمایم'' کی چند خصوصیات کی طرف اشارہ کر کے اس بات کو واضح کرنے کی کوشش کریں گے کہ نذیر صاحب کے رشحات قلم کے تفصیلی مطالعے سے کیسے کیسے درِ نایاب ہمارے ہاتھ آ سکتے ہیں۔

اس کتاب کے انتخاب کی وجہ یہ ہے کہ نذیر صاحب کی بیشتر کتابوں سے

Marfat.com

صرف وہی حضرات استفادہ کر سکتے ہیں جو فارسی زبان سے واقف ہیں لیکن ''نقد قاطع برہان'' سے وہ لوگ بھی مستفید ہو سکتے ہیں جو فارسی سے نابلد ہیں اگر اردو ادب کے طلبہ چاہیں تو اس کتاب کے مطالعے سے اپنے اپنے چراغ فکر و نظر کو فرزواں بھی کر سکتے ہیں اور بامعنی انداز و طریق تحقیق سے بھی آگاہ ہو سکتے ہیں۔

''برہان قاطع'' محمد حسین تبریزی کی مشہور فرہنگ ہے جس سے فارسی زبان کے طلبہ اور اہل علم استفادہ کرتے رہے ہیں۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامی حالات میں جب مرزا غالب کو جبراً خانہ نشین ہو جانا پڑا تو یہی فرہنگ ان کے مطالعے میں رہی اور انہوں نے اس کے رد میں ایک کتاب ''قاطع برہان'' تحریر کی جس کی اشاعت پر اس زمانے میں زبردست ادبی جنگ چھڑی۔ غالبؔ، محمد حسین تبریزی کو جاہل مطلق سمجھتے ہیں مگر یہ ایک عجیب اور دلچسپ اتفاق ہے کہ ''دساتیر'' جیسی جعلی کتاب کو دونوں ہی حضرات انتہائی معتبر مانتے ہیں اور اس کو بطور شاہد پیش کرتے ہیں۔ دساتیر کا معاملہ بھی عجیب ہے۔ اس کو کسی عاقل جعل ساز نے ایک مصنوعی زبان میں لکھ کر یہ مشہور کر دیا کہ یہ پارسیوں یعنی زردشتیوں کی مذہبی کتاب ہے۔ اس بیان پر اکثر لوگوں نے آنکھ بند کر کے یقین کر لیا جو حضرات اس جعل ساز کے فریب خوردہ ہیں، ان میں محمد حسین تبریزی اور مرزا اسداللہ خاں غالبؔ کے نام سرفہرست ہیں۔

غالب ہمارے بہت ہی اہم بلکہ عظیم شاعر ہیں لیکن زبان اور اس کے مسائل سے اس حد تک واقف نہیں کہ اس پر کوئی محاکمانہ بات کہہ سکیں۔ غالباً یہی وجہ تھی کہ ''قاطع برہان'' کی اشاعت کے بعد ان کی بڑی لے دے ہوئی لیکن اُن کے رد میں جو

Marfat.com

کتابیں لکھی گئیں ان کا لہجہ بڑا ہی تند و تیز ہے اور ان میں مغز کم پوست بہت زیادہ ہے۔ غالب، پروفیسر نذیر احمد صاحب کے مطالعے کا خاص موضوع رہے ہیں اس لئے انہوں نے ''قاطع برہان'' کو اپنے مخصوص مطالعے کا ہدف بنایا اور غالب کی تمام تر عظمتوں کا اعتراف کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی وہ تمام غلطیاں بھی اہل علم پر واضح کر دیں جو ''برہان قاطع'' کا رد لکھتے وقت ان سے سرزد ہوئی تھیں۔

اس کتاب کے اصل موضوع سے قطع نظر اس کے پانچ ضمائم یعنی ۱۔ دساتیر پر ایک نظر ۲۔ برہان قاطع ۳۔ غالب اور صاحب برہان قاطع میں اتحاد نظر ۴۔ غالب اور زوال فارسی ۵۔ تصحیفات اور لغات فارسی، پروفیسر نذیر احمد صاحب کے مخصوص انداز فکر و نظر کی عکاسی کرتے ہیں جن میں ''دساتیر پر ایک نظر'' اور ''غالب اور صاحب برہان قاطع میں اتحاد نظر'' گل سر سبد کی حیثیت رکھتے ہیں دساتیر پر نذیر صاحب نے جو طویل ضمیمہ تحریر فرمایا ہے وہ اس موضوع پر اردو میں پہلی عالمانہ کوشش ہے جس میں انہوں نے کمال تحقیق و جستجو سے مسئلہ کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتے ہوئے اس ادبی جعل کا پردہ فاش کر دیا ہے۔

''غالب اور صاحب برہان قاطع میں اتحاد نظر'' انتہائی عالمانہ ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی دلچسپ بھی ہے۔ اس ضمیمے کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ غالب اکثر صحیح باتوں پر تو محمد حسین تبریزی کو جاہل قرار دیتے رہے لیکن جس طلسم کے محمد حسین تبریزی اسیر تھے اس کو توڑنے کے بجائے وہ بھی اسی کے شکار ہو کر رہ گئے۔ پروفیسر نذیر احمد صاحب نے اس ضمیمے کو تحریر کرنے کے لئے بلا مبالغہ ہزاروں صفحات کا مطالعہ

Marfat.com

کر کے اپنا حاصل مطالعہ پیش کیا ہے جس کو پڑھ کر اس بات کا احساس ہوتا ہے کہ دوسروں کی تحقیق پر بھروسہ کر کے کبھی کوئی بات نہیں کہنی چاہئے بلکہ وثوق سے بات کہنے کے لئے خود بھی اس پر تحقیق کر لینی چاہئے۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب نے اردو میں کم ہی کتابیں شائع کی ہیں لیکن ان کی زیر نظر صرف ایک کتاب ان سینکڑوں کتابوں پر بھاری ہے جن کا ہمارے زمانے میں انبار لگتا جا رہا ہے۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب کی جو کتابیں اب تک شائع ہو کر منظر عام پر آ چکی ہیں ان کے نام یہ ہیں۔

۱۔احوال و آثار ظہوری، Zahoori life & works (انگریزی میں) ۲۔تحقیقی مطالعے (اردو) ۳۔نورس (اردو) ۴۔نورس (انگریزی) ۵۔مکاتیب سنائی (فارسی، یہ کتاب ہندوستان کے علاوہ کابل اور حال ہی میں ایران سے بھی شائع ہوئی ہے) ۶۔تاریخی اور ادبی مطالعے (اردو) ۷۔دیوان حافظ (فارسی، نسخۂ گورکھپور) ۸۔فرہنگ قواس (فارسی) ۹۔دستور الافاضل (فارسی) ۱۰ دیوان حافظ (فارسی نسخۂ ترکی) ۱۱۔کتاب الصیدنہ (فارسی) ۱۲۔دیوان سراجی (فارسی) ۱۳۔تاریخی اور علمی مقالات (اردو ترجمہ کبیر احمد جائسی) ۱۴۔نقد قاطع برہان (اردو) ۱۵۔دیوان عمید لویکی (فارسی) ۱۶۔زفان گویا (فارسی) ۱۷۔فضلائے بلخ (اردو) ۱۸۔غالب پر چند مقالے (اردو) ۱۹۔ فارسی قصیدہ نگاری (اردو) ۲۰۔ دیوان حافظ (فارسی، مبنی بر مخطوطہ ۸۱۸ھ) ۲۱۔دیوان حافظ (فارسی مبنی بر مخطوطہ مجموعۂ لطایف وسفینۂ ظرایف)

Marfat.com

۲۲۔غالب پر چند تحقیقی مقالے۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب کی علمی وادبی خدمات کا مطالعہ کرتے وقت مندرجہ ذیل امور پر خاص طور سے نظر ڈالنی چاہیئے:

انہوں نے بیسیوں ایسی نادر اور اہم کتابوں کو مکشوف کیا ہے جو مفقود ہو چکی تھیں ان میں سے بعض ان کی عالمانہ تعلیقات اور حواشی کے ساتھ مرتب ہو کر منظر عام پر آچکی ہیں اور بعض کا ان کے قلم سے تعارف ہو چکا ہے۔ یہ ایک ناقابل فراموش خدمت ہے جس کا مطالعہ اور ذکر بطور خاص ہونا چاہیئے۔

تاریخ، تہذیب اور تمدن کا حقیقی عرفان حاصل کرنے کا سب سے اہم وسیلہ زبان ہے، اس سے ناآشنائی سے یہ امور سمجھے ہی نہیں جاسکتے۔ جس محقق نے زبان کی اہمیت نہیں سمجھی اس کی تحقیق ناقص رہی۔ نذیر صاحب کی کتابیں اور مقالے اس حقیقت کا بیّن ثبوت ہیں کہ زبان کو وسیلۂ کار بنائے بغیر تاریخ، تہذیب اور تمدن کا مطالعہ نہیں کیا جاسکتا ہے اور اگر ایسا کیا جاتا ہے تو وہ مطالعہ ادھورا اور ناقص رہے گا۔

نذیر صاحب کے علمی کاموں کی خاص خصوصیت تنوع ہے، جتنا تنوع ان کے مقالوں اور کتابوں میں ہے کم لوگوں کے یہاں ہوگا۔ ادب، زبان، زبان کی قواعد، زبان شناسی، مخطوطہ شناسی، کتبہ شناسی، تاریخ، فنون لطیفہ، موسیقی، مصوری، خطاطی، فن تعمیرات اور طب وغیرہ پر ان کے مطالعے علمی شہرت کے حامل ہیں۔

حافظ، سنائی اور غالب پر انہوں نے جو قیمتی مواد اکٹھا کیا ہے اس کا خاصہ بڑا حصہ ابھی تک مختلف رسالوں میں منتشر ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس بکھرے

Marfat.com

ہوئے مواد کو ایک لڑی میں پرو دیا جائے تا کہ وہ سب کے استفادہ کا باعث بن سکے۔

اسی طرح انھوں نے فارسی فرہنگ نویسی پر جو وافر اور نادر مواد فراہم کیا ہے اس کے غائر مطالعے کے بغیر نذیر صاحب کی علمی فتوحات کا عرفان حاصل کرنا ممکن نہیں ہے۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب نے اب تک جتنی کتابیں مرتب کر کے شائع کروائی ہیں ان سے متنی تحقیق کے اصول وضوابط مرتب ہوتے ہیں۔ اگر ان اصول وضوابط کو اپنا راہ نما بنالیا جائے تو متنی تحقیق کا دشوار گذار مرحلہ بہ آسانی طے کیا جا سکتا ہے۔

x

Marfat.com

ظہیرالدین ملک*

# تحقیق و تدوین سے متعلق پروفیسر نذیر احمد صاحب کا اسلوب فکر اور طریقۂ کار

اس مختصر مضمون میں خاکسار نے مشہور و معروف فارسی کے متبحر عالم اور استاد الاساتذہ محترم پروفیسر نذیر احمد صاحب کے نادر و اہم ادبی، تاریخی مخطوطات کی تلاش و جستجو میں سعی پیہم، مخطوطہ شناسی، طریق مطالعہ، تصحیح و تدوین کے اصول اور کتاب میں مندرج موضوعات کی بحث کا عالمانہ و مفکرانہ انداز پر چند تأثرات کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس مضمون کی بنیاد محترم پروفیسر صاحب کا ایک طویل مقالہ بعنوان ''متون کی تصحیح و تنقید میں تخریج و تعلیقات کی اہمیت[1]'' ہے جس میں آپ نے ان اصولوں کی تشریح اور ان پر عمل پیرا ہونے کی افادیت کی وضاحت کی ہے۔ دراصل ان اصولوں کو آپ نے خود ان ذاتی تجربات اور واقعات کی روشنی میں جو تحقیقی کارفرمائی اور تجزیاتی عمل کے دوران پیش آئے جامع طریقہ سے اس مقالہ میں مرتب کیا ہے۔ اس عنوان پر کسی دیگر محقق کی باقاعدہ اور مربوط تحریر میری معلومات کے دائرہ سے باہر ہے۔ یہ اپنی نوعیت کا تنہا مخصوص مقالہ ہے جس کا مطالعہ تحقیقی کاوش میں مصروف طلبا کی رہنمائی اور رہبری کے لئے مشعل راہ ہے۔ چنانچہ آپ کی ہر ایک تحقیق ان آئین و

---

* سابق پروفیسر، شعبۂ تاریخ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

Marfat.com

ضوابط کی ترجمانی کرتی ہے اور آپ کے اعلیٰ ترین فن کی آئینہ دار ہے۔ اس زیرغور مقالہ میں آپ نے ادبی و تاریخی حقائق کی تلاش کا طریقۂ عمل اور تنقید کے مضمرات کی تصریح وتعبیر نہایت صاف و سلیس و عام فہم زبان میں بیان کی ہیں۔ اس میں کسی اضافہ یا اس کے کسی پہلو سے اختلاف رائے کی گنجائش نہیں ہے۔ تاہم فن تحقیق کے اعتبار سے اس کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ اس کی خصوصیات کا تذکرہ اور متعلقہ مباحث کی تکرار اثر آفریں اور مفید مقصد ہے۔ میرے اس مضمون کا یہ ہی جواز ہوسکتا ہے۔

مضمون کے آغاز سے پیشتر میں پروفیسر ماریہ بلقیس، صدر شعبۂ فارسی اور منتظمین سمینار کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ مجھے فارسی ادب کے عالموں، فضلا و دیگر ممتاز مشاہیر کے اس جلسہ میں شرکت کی دعوت دی تاکہ میں بھی محترم پروفیسر صاحب کے علمی کارہائے نمایاں کے کسی ایک پہلو پر جن کی دعوت نامہ میں نشاندہی کی گئی ہے کچھ تحریر کر کے پیش کرسکوں۔ میں اس فرض کی ادائیگی کے لئے اپنے کو اہل نہیں سمجھتا ہوں۔ بقول پروفیسر شریف حسین قاسمی صاحب:[۲]

> ''[۳]نذیر صاحب نے فارسی زبان و ادب کے گوناگوں اہم موضوعات پر علمی، تحقیقی اور تاریخی کام انجام دئے ہیں۔ آپ کے علمی کاوشوں کا مناسب طور پر جائزہ وہ ہی صاحب نظر عالم لگا سکتا ہے جو ایران و ہند کی کسی سیاسی، سماجی، ثقافتی، تہذیبی اور ادبی تاریخ سے کماحقہ، واقف ہو''

اس سلسلے میں میری واقفیت نہ ہونے کے برابر ہے۔ غالباً محترم پروفیسر

Marfat.com

صاحب سے میری دیرینہ عقیدت اور ان کی مجھ پر شفقت مجھے یہاں مدعو کرنے کا سبب رہی ہو۔ محترم نذیر صاحب سے میری عقیدت ان کے شعبۂ تاریخ کی سمینار لائبریری جہاں وہ اکثر بغرض مطالعہ تشریف لاتے تھے شروع ہوئی۔ اس وقت یہ شعبہ سرسید ہال کی آسمان منزل میں قائم تھا۔ سمینار کی لائبریری نایاب کتابوں کے کثیر ذخیرہ کے لئے مشہور تھی اور آج بھی ہے۔ آپ وہاں حسب ضرورت کتابیں نکال کر مطالعہ کرتے اور حوالہ جات نوٹ کر کے واپس چلے جاتے۔ آپ کے انہماک، خلوص مقصد اور عالمانہ باوقار شخصیت سے نہ صرف میں مرعوب بلکہ دیگر معزز اساتذہ بھی متاثر رہتے تھے۔ فرصت کے اوقات میں جب بھی پروفیسر وحید قریشی صاحب اور پروفیسر نظامی صاحب یکجا بیٹھتے اور از راہ التفات مجھے بھی قربت کا درجہ دیتے محترم نذیر صاحب کی علمی و ادبی تحقیقات، وسعت مطالعہ اور غیر معمولی ذہانت و بصیرت کا ذکر ہوتا۔ علی گڑھ آنے سے قبل آپ کی فارسی اور اردو ادب میں ایک بلند پایہ یگانہ محقق و جید عالم کی مخصوص حیثیت تسلیم ہو چکی تھی۔ ۱۹۴۵ء میں آپ نے فارسی کے مشہور شاعر ظہوری پر Ph.D. ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۵۰ء میں آپ نے فارسی ادب میں D.Litt. کی ڈگری حاصل کی جس کا عنوان تھا: Persian Poets of Adil Shah's Regime.

۱۹۵۵ء میں آپ کو اردو میں D. Litt. کی ڈگری ملی۔ آپ کی اس ہمت شکن تحقیق کا موضوع تھا ''ابراہیم عادل شاہ کی کتاب نورس'' یہ ہندی زبان میں موسیقی پر اپنی نوعیت کی نہایت اہم کتاب ہے۔ اس کتاب کی تصحیح و تدوین میں آپ نے جس غیر معمولی محنت، صبر، باریک بینی اور تحقیقی بصیرت کا مظاہرہ کیا وہ حیرت انگیز

Marfat.com

ہے۔آپ کو ہر ایک تحقیقی ڈگری پر تخلیقی کام کے انعامات سے سرفراز کیا گیا۔کتاب ''نورس'' کی تدوین ریاض خون جگر کا معجزہ ہے۔اس تخلیقی کارنامہ سے آپ کو ابدی شہرت حاصل ہوئی۔

یہاں اکثر باہمی گفتگو میں قرون وسطی کے علمی ،تہذیبی اور ثقافتی ورثہ کے تحفظ ،ترقی وترویج سے متعلقہ مسائل زیر بحث رہتے تھے۔تشویش تھی کہ یہاں کے ادیب،مورخ اور دانشوران مسائل کے حل کے لئے عملی اقدام اٹھائیں گے اور ذمہ داری سے جو موجودہ صورت حال نے ان پر عائد کردی ہے کس طور سے اور کس حد تک سبکدوش ہوسکیں گے۔اس ماحول میں محترم نذیر صاحب نے جس ولولہ اور عزم سے تحقیق ،تصنیف وتالیف کا لامتناہی سلسلہ شروع کیا اور جو آج تک اسی تابناکی سے جاری ہے،ان مقاصد کی تکمیل میں پائیدار اور مضبوط رول ادا کیا۔آج یہ واضح حقیقت ہے کہ ان گذشتہ چالیس سال میں برصغیر ہند و پاکستان بلکہ ایران اور دیگر مما لک میں فارسی ادب ،شعر وسخن پر جس قدر تحقیقی تصانیف شائع ہوئی ہیں آپ کے علمی کارنامے بہ اعتبار خوبی اور تعداد زیادہ وقیع ،معیاری،مؤثر اور قدر و قیمت میں بلند ترین درجہ کے حامل ہیں۔جو توقعات مجموعی طور سے ایک طبقہ سے وابستہ کی گئی تھیں ان کو آپ کے ماضی کے شاندار اور درخشندہ ورثہ کو روشناس کرانے اور نشر و اشاعت کی بے مثال خدمات نے پورا کردیا۔آپ کے علمی وفنی کارہائے نمایاں اور مسلسل علمی سرگرمیاں ہمارے لئے ایک مینارۂ نور کی حیثیت رکھتی ہیں جس سے ہم کو ہمیشہ روشنی اور تحقیقی کام کرنے کا جذبہ ملتا رہے گا اور یہ امر ہمارے لئے باعث فخر اور خوشی بھی ہے۔

Marfat.com

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ملازمت شروع کرنے سے قبل آپ کی عظیم محقق اور دانشور کی بلند ترین حیثیت متعین ہو چکی تھی۔ محترم پروفیسر صاحب اپنے ان علمی کارناموں پر انحصار اور اعتماد کر کے پیشہ کی ترقی کے منازل بغیر آئندہ اس میں قابل قدر اضافہ کئے ہوئے بہ آسانی طے کر سکتے تھے۔ قدرت نے آپ کو غیر معمولی ذہانت قوت حافظہ اور بصیرت عطا کی ہے۔ ساتھ ہی ساتھ فہم و فراست، حسن اخلاق، جذبۂ ہمدردی، اصولوں کی پابندی، متانت و میانہ روی اور صداقت و خلوص آپ کی شخصیت کی چند خصوصیات ہیں۔ آپ ان اوصاف کی بنا پر ایک کامیاب منتظم ثابت ہوتے اور اس یونیورسٹی بلکہ کسی بھی عظیم ادارہ کے سربراہ اور جلیل القدر عہدہ کی ذمہ داریوں کو بخوبی سرانجام دیتے لیکن آپ نے علم و حکمت کے میدان میں تحقیق و تنقید کو اپنی زندگی کا نصب العین بنایا اور یہی کام ان کی تمام دلچسپیوں کا مرکز اور جزوِ حیات رہا ہے۔

حصول علم و حکمت اور ان کی نشر و اشاعت کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو وقف کر دینا اور دنیاوی جاہ و اقتدار سے بے نیازی یہ بیش بہا اور لطیف مثال شاذ و نادر ہی نظر آتی ہے۔ لیکن محترم پروفیسر صاحب نے علمی سرگرمیوں کو اپنی ذات تک محدود نہیں کیا اور نہ ہی اپنی شخصیت کو اس کا مرکز قرار دیا بلکہ علم و ادب کی ترقی کے لئے دوسروں کی حوصلہ افزائی کی اور ان کی سرپرستی اور رہبری کے لئے ہمیشہ آمادہ اور مستعد رہے۔ خصوصاً ہم عصر محققین اور ادیبوں کے کارناموں کی قدر اور ان کی عزت افزائی کی اور تعلقات میں یگانگت، فراخ دلی اور خلوص و صداقت کا مظاہرہ کیا۔ وہ اس وصف میں اپنے ہم عصروں میں یگانۂ عصر ہیں۔ چنانچہ آپ نے اپنے استاد جناب سید

Marfat.com

مسعود حسن رضوی صاحب، ممتاز محقق اور اردو فارسی اور عربی کے جید عالم، مولانا امتیاز علی عرشی صاحب، ملک کے شہرۂ آفاق محقق، قاضی عبدالودود صاحب اور ہندستان کے عظیم محقق حافظ محمود شیرانی صاحب کے ادبی، تحقیقی اور تنقیدی کارناموں پر غالب انسٹی ٹیوٹ میں سمینار منعقد کرائے اور عالمانہ مقالات جو علماء و فضلاء نے پیش کیے ان کو علیحدہ کتابی شکل میں یکجا کر کے شائع کروایا تاکہ ان کی یادگار قائم رہے۔ یہ آپ کی اعلیٰ ظرفی، بلند حوصلہ اور روشن بصیرت کی مثال ہے۔

پروفیسر نذیر صاحب کی شخصیت سے متعلق اپنے ان ذاتی تأثرات کے بیان میں صرف دو یادداشت کا حوالہ دینا بے محل نہ ہوگا۔ ۱۹۷۱ء میں خاکسار نے ایک مضمون لکھا۔ چوں کہ اس کی تکمیل سے طبیعت مطمئن تھی، خواہش ہوئی کہ یہ Indo Iranica میں شائع ہو جائے۔ اس رسالہ کی اشاعت اور کاغذ شعبہ کے مجلّہ Medieval India Miscellany. سے بہ اعتبار معیار بہت بلند تھی۔ اپنے مضمون کی Type کاپی جو thesis size پر تیس صفحات پر مشتمل تھی لے کر جناب والا کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنی خواہش کا اظہار کیا۔ آپ نہایت خندہ پیشانی اور شفقت سے پیش آئے۔ مضمون کا کچھ حصہ ملاحظہ کیا اور فرمایا کہ یہ وہ کلکتہ بھیج دیں گے۔ چند ماہ بعد یہ مضمون بغیر کسی تبدیلی یا اصلاح کے شائع ہوا۔ مجھے بہت خوشی ہوئی۔ ایک بار ایک مخطوطہ کے مطالعہ میں کئی مقامات پر مجھے دقّت محسوس ہوئی۔ میں نے وہ الفاظ اور جملے نقل کیے اور پروفیسر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اب آپ کا قیام اپنے ذاتی مکان واقع سر سید نگر میں تھا۔ آپ نے فرمایا کہ الفاظ اور عبارت دونوں غلط ہیں،

Marfat.com

مخطوطہ کو دیکھ کر ہی تصحیح ہو سکتی ہے۔ دوسرے دن آپ خود غیر متوقع لائبریری تشریف لائے۔ مخطوطہ کو پڑھ کر سہولت، اطمینان اور مشفقانہ انداز میں الفاظوں کی شناخت اور جملوں کی صحیح ساخت و تشکیل کر کے ان کے معنی مجھے سمجھا دیئے۔ آپ میرے اس کام کی تکمیل کے لئے تین دن برابر تشریف لاتے رہے اور اپنا قیمتی وقت صرف کیا۔ دراصل اس کتاب کا مصنف دفتر کا منشی تھا، فارسی ادب کا عالم نہ تھا۔ الغرض آپ کی اس اعانت سے میرا مضمون مکمل ہو گیا جو پٹنہ یونیورسٹی کے ایک سمینار کے لئے میں نے لکھا تھا۔ پٹنہ میں پروفیسر حسن عسکری صاحب سے جو اس وقت حیات تھے میں نے اس بات کا ذکر کیا۔ وہ نذیر صاحب کے مداح تھے اور نہایت عزت و احترام کرتے تھے تعریفی کلمات کے بعد کہا کہ آپ لوگ خوش قسمت ہیں کہ علی گڑھ میں ان سے علمی تعلق رکھتے ہیں۔

آپ کا طرز نگارش صاف اور سادہ ہے۔ موشگافی، الجھاؤ اور پیچیدگی سے خالی، آپ نے مترادف الفاظ، غیر ضروری متعلقہ فعل اور پیچیدہ اصطلاحات جن کا اردو ترجمہ بھی مشکل بن جائے، کے استعمال سے پرہیز کیا ہے۔ آپ کا فطری سلیس طرز تحریر آپ کی شخصیت کی صداقت اور خلوص کی عکاسی کرتا ہے۔ اس وصف میں آپ منفرد صاحب طرز ہیں۔ یہ خوبی اس لئے بھی قابل غور ہے کہ فارسی زبان و ادب پر بدرجہ کمال قدرت رکھتے ہوئے بھی آپ نے تخیلات و فکری نظریات کے اظہار کے لئے رزومرہ کی اردو زبان کو ذریعہ بنایا جبکہ بعض محققین، تبصرہ نگار اور نقاد اپنی قابلیت کا رعب قائم کرنے اور متاثر کرنے کے لئے مشکل الفاظ اور غیر مانوس اصطلاحات

Marfat.com

استعمال کرتے ہیں جس کے سبب مفہوم تک رسائی نہیں ہو پاتی ہے۔

مندرجہ بالا مقالہ میں پروفیسر نذیر صاحب نے متن کی تحقیق وتصحیح میں دو امور تخریج وتعلیق پر خصوصاً بحث کی ہے اور اس افادیت کو وضاحت سے بیان کیا ہے۔ آپ لکھتے ہیں:

"تخریج نہایت مفید عمل ہے۔ اس سے انتقادی متن کی افادیت میں کئی اعتبار سے اضافہ ہوتا ہے[۴۲]"۔

تخریج سے مراد ان اشعار، اقوال، آیات قرآنی اور احادیث نبوی کی نشاندہی اور اس کے سرچشمہ کی دریافت ہے جن کو کسی ادیب یا مورخ نے اپنے بیانات کی صداقت یا مؤثر بنانے کے لئے ان کا استعمال رقعات، ملفوظات اور کتب تاریخ میں فراوانی سے کیا ہو۔ بعض تاریخ کی کتابوں میں عظیم شاعروں مثلاً شیخ سعدی، حافظ شیرازی اور مولانا روم کے کلام سے اشعار موقع بہ موقع اپنے بیانات کی تصدیق کے لئے دیئے ہیں، بعض مورخوں نے ان کے نام بھی دیئے ہیں۔ محقق کا فرض ہے کہ اصل مآخذ کے مطالعہ سے ان اشعار کی نشاندہی کرے اور غلط کی تصحیح کرے۔ ایک مخطوطہ کا دوسرے مخطوطات سے مقابلہ کرنا اور الفاظ وعبارت میں رد و بدل کرنا اور اختلافات کو تلاش کرنا متن کی صحت کے بنیادی اصول ہیں۔ اکثر کاتب کی بے توجہی لیکن بسا اوقات مصنف کی عجلت کے سبب یہ اغلاط سرزد ہو جاتی ہیں۔ مرزا محمد قزوینی نے کاتبوں کے اس تغیر کی "دیوان حافظ" سے چند مثالیں پیش کی ہیں۔ پروفیسر نذیر صاحب نے 'فرہنگ قواس' کی تدوین وتصحیح میں ۳۹ مقامات پر شعرا کے ناموں کی

Marfat.com

بابت غلطی دریافت کی۔ یہ معرکتہ الآرا فرہنگ ۱۹۷۴ء میں تہران سے شائع ہوئی۔ آپ نے یہ انکشاف کیا کہ مصنف فرہنگ نے شاعروں کے دیوان کا مطالعہ کئے بغیر دوسری لغات اور ثانوی مآخذ سے اشعار نقل کئے ہیں جس کی وجہ سے یہ اغلاط پیدا ہو گئے اور اس کی ذمہ داری کاتب کی نہیں بلکہ خود مصنف کی ہے۔ تخریج کے لئے وسیع مطالعہ، صبر اور مسلسل محنت و جہد درکار ہے۔ محترم نذیر صاحب نے ''فرہنگ قواس'' کو مرتّب کرنے میں سینکڑوں کتابوں کا بغور مطالعہ کیا جو کتاب میں مندرج حواشی سے ظاہر ہوتا ہے۔ آپ نے تخریج کے مسائل اور اصول کے مباحث کو ذہن نشین کرانے کے لئے اپنے دوسری مشہور و مقبول کتاب 'مکاتیب سنائی' سے جس کے کئی ایڈیشن تہران سے شائع ہو چکے ہیں متعدد مثالیں پیش کی ہیں، جن سے آپ کے متنی تنقید و تحقیق کے طریقۂ عمل، میلان و رجحان پر روشنی پڑتی ہے۵۔ آپ لکھتے ہیں:

> ''۶ان مثالوں سے واضح ہوتا ہے کہ تخریج کے عمل کی کیا نوعیت ہے اور اس سے متن کی تصحیح میں کتنی مدد ملتی ہے اور اسی کہ وجہ سے متن زیادہ انتقادی بھی قرار پاتا ہے''۔

تحقیق کی دوسری اصطلاح تعلیق ہے جس کو پروفیسر صاحب نے اس زیر غور مقالہ میں تفصیل سے بیان کیا ہے۔ اس کی نوعیت اور گوناگوں فوائد کی تشریح، استدلال اور مثالوں کے ذریعہ کی ہے۔ رسالہ یا کتاب میں جو موضوعات، واقعات، حالات زندگی، کردار کی خصوصیات یا عیوب مذکور ہوتے ہیں ان کے مطالب اور تغیر تاریخی، ادبی اور لغوی نقطۂ نظر سے کرنا ان کے پوشیدہ مفہوم اور معنی کو سمجھنے کے لئے لازمی ہے۔

Marfat.com

ہر ایک تاریخی واقعہ کا دوسرے ہم عصر مآخذ سے موازنہ و مقابلہ کرنا اہم ہے۔ مصنف کی کسی رائے کا درست اور موزوں تعین کرنا اسی حالت میں صحیح ہوگا جب دوسرے مصنفین اور مورخوں کے خیالات اور زاویۂ نگاہ سے اس کی جانچ کر لی جائے۔ اس طریقۂ عمل سے واقعات اور کسی تاریخی شخصیت کے حالات زندگی سے متعلق مزید اور نئی معلومات حاصل ہو جاتی ہیں جو کتاب کی افادیت اور اہمیت کے اضافہ میں معاون ہوتی ہیں۔ کتاب کے موضوعات سے متعلقہ معلومات کا نیا اضافہ حاشیہ میں درج کر دیا جاتا ہے اور یہی تعلیقات کی اصطلاحات سے موسوم ہے۔ پروفیسر نذیر صاحب بیان کرتے ہیں:

تعلیقات سے متن زیادہ انتقادی اور پر از معلومات قرار پاتا ہے۔
بعض اوقات کتاب سے اتنا فائدہ نہیں ہوتا جتنا تعلیقات سے''[۲]

تعلیقات کے فوائد مندرجہ ذیل بیان کئے گئے ہیں:

۱۔ ''مطالب کی تفہیم و تنقید میں ان سے بڑی مدد ملتی ہے۔''

۲۔ ''ان سے کتاب کی تاریخی، ادبی و فرہنگی اہمیت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے گویا یہ کتابوں کی پرکھ کے لئے ایک پیمانہ کے مثل ہے''۔

۳۔ ''اس سے مصنف کتاب کے علم و فضل کا اندازہ ہو سکتا ہے''۔

۴۔ ''کبھی کبھی تعلیقات نگاری جداگانہ تالیف کے وجود کا موجب ہوتی ہے''۔

۵۔ ''تعلیقات نویسی علوم پر غیر معمولی دسترس کی متقاضی ہے''۔

۶۔ ''تعلیقات نویسی مصنف کی کوتاہیوں کی نشاندہی کرتی ہے''۔

دور حاضر میں مرزا قزوینی اس فن کے موجد، ممتاز ماہر اور ایران کے منفرد

Marfat.com

محقق ہیں جن کی تعلیقات 'چہار مقالہ نظامی عروضی'، 'لباب الالباب عوفی' قابل تقلید نمونے ہیں۔

بعد میں پروفیسر سعید نفیسی نے 'لبا الالباب' کا نیا ایڈیشن شائع کیا جس میں انہوں نے مرزا محمد قزوینی کے تعلیقات پر مزید اضافہ کیا۔ ان سب تعلیقات کے مطالعہ سے ایران کی ثقافتی تاریخ کے کافی ابواب روشن ہو جاتے ہیں۔ جب پروفیسر نذیر صاحب یہاں علی گڑھ ۱۹۵۷ء میں تشریف لائے اس وقت پروفیسر سعید نفیسی یونیورسٹی میں وزیٹنگ پروفیسر کی حیثیت سے کام کر رہے تھے۔ پروفیسر نذیر صاحب سے ان کا تعلق پیدا ہوا، محترم نذیر صاحب نے 'لباب الالباب' پر ایران کے مجلہ ایران شناسی میں ایک مضمون شائع کرایا۸۔

محترم پروفیسر نذیر صاحب نے 'مکاتیب سنائی' کا متن مع مفصل تعلیقات کے ۱۹۶۲ء میں شائع کیا تھا۔ یہ کتاب حکیم سنائی کے ۷۱ خطوط پر مشتمل ہے جن پر کئی سو صفحات بطور تعلیقات کے شامل ہیں اس کے باوجود آپ نے کتاب کا مطالعہ جاری رکھا۔ نئی معلومات جمع کرتے رہے اور تعلیقات جدید کے عنوان سے ایک نئی کتاب مرتب کی۔ آپ نے ۱۹۷۲ء میں 'دیوان سراجی خراسانی' کا انتقادی متن علی گڑھ سے شائع کیا۔ اس میں بھی (۲۰۰) دوسو صفحات سے زائد تعلیقات شامل ہیں۔ یہ دیوان آپ کی خود تلاش کردہ ہے۔ اس میں دیوان سے متعلق نادر تاریخی، لغوی اور فرہنگی مسائل پر جامع اور عالمانہ بحث کی ہے۔

سراجی مملوک خاندان کا سب سے اول صاحب دیوان گزرا ہے۔ اس کا

Marfat.com

ایک ممدوح عزالدین بختیار تھا آپ نے اپنی اس کتاب میں سراجی کے ممدوحین کی ایک یادداشت شامل کی ہے۔ آپ کی معلومات کے مطابق عزالدین بختیار سلطان التمش کی فوج میں سپہ سالار کے عہدہ پر فائز تھا۔ سراجی نے سلطان التمش کے امیر نظام الملک جنیدی کی مدح میں کئی قصیدے کہے ہیں۔ سراجی کا انتقال دہلی میں ۶۱۶ھ میں ہوا۔ یہ سراجی کے دیوان کی تعلیقات میں ایک نیا اضافہ ہے۔ آپ کی رائے میں عہد مملوک کے کسی دیگر امیر کا اتنا قدیم کوئی کتبہ اب تک دریافت نہیں ہوسکا ہے۔ اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ پروفیسر نذیر صاحب نے کسی کتاب یا مقالہ کی تکمیل کے بعد بھی متعلقہ امور میں تحقیق اور تفتیش جاری رکھی ہے۔ نئے مواد کی تلاش اور نئی معلومات کی جستجو کا سلسلہ متواتر قائم رکھا۔ یہ خصوصیت ایک حقیقی محقق اور عالم کی ہے۹۔

اسی مقالہ میں محترم نذیر صاحب نے غالبؔ کی 'قاطع برہان' پر تبصرہ کیا۔ آپ لکھتے ہیں کہ ''غالبؔ کا ذہن خلاق تھا۔ ان کی ذہانت و طباعی قابل داد ہے'' غالبؔ کے کلام میں دیگر شعرا کے مقابلہ میں تعلیقات نویسی کے مضامین و موضوعات بہت زیادہ ہیں اور تشنہ تحقیق و بحث ہیں۔ قابل تجزیہ و تعلیق امور کا تعلق تاریخ، تہذیب، زبان، املا، انشا، شعریات، دستور فارسی و اردو سے ہے''۔ لیکن غالب کی یہ غلطی تھی کہ انہوں نے دساتیر کو من وعن قبول کرلیا اور اس کا تتبع اعتماد اور وثوق کے ساتھ کیا۔ محترم نذیر صاحب نے اپنی دقیق تحقیق اور حیرت انگیز وسیع مطالعہ اور بصیرت سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ ایک جعلی کتاب ہے جس کے نہ صرف مندرجات بے بنیاد بلکہ اس کی زبان مصنوعی اور جعلی ہے۔ اور ان کی ایران کی تاریخ، مذہب، پیغمبروں

Marfat.com

حتیٰ زرتشت کے بارے میں معلومات بے بنیاد اور غلط ہیں۔ وہ پہلوی زبان کی خصوصیات سے نا آشنا تھے۔ زند و پا زند کو وہ کتاب سمجھتے تھے۔ حالانکہ ان کا واسطہ نہ کتاب سے نہ زبان سے۔ دساتیر کا بھی قدیم فارسی سے کوئی تعلق نہیں ہے[۱۰]۔

محرم نذیر صاحب کے فنِ تحقیق کی ایک نمایاں اور قابلِ ستائش خوبی مختلف النوع موضوعات کا تنوع ہیں۔ آپ نے کوئی مضمون یا مقالہ برائے مضمون نویسی تحریر نہیں کیا بلکہ ایسے موضوع کا انتخاب کیا جو دقیق تحقیق کا متقاضی ہو اور تاریخ و ادب میں واقعی اضافہ کر سکے اور آئندہ تحقیق و تفتیش کے لئے نئی راہیں پیدا کر سکے۔ تاریک گوشوں کو روشن کرنا، کسی خلاء کو نئی معلومات سے پر کرنا، نئے مآخذ کو روشناس کرانا اور کسی قدیم یا جدید ادبی اور تاریخی روایات و نظریات کے نئے شواہد کی روشنی میں ضروری اور متوازن تنقید کرنا آپ کی تحقیق کے مقاصد رہے ہیں جو حقیقت کی تلاش کا نام ہے۔ اس لئے ہر مقالہ کی انفرادیت اور ندرت جداگانہ ہے اور تخلیقی جدت نے ہر ایک مقالہ کو غیر فانی بنا دیا ہے۔ زبان، ادب، تاریخ، شاعری اور لسانیات کے علاوہ آپ نے طب، موسیقی، مصوّری، معماری، خطّاطی، انشا، تہذیب اور ثقافت پر فاضلانہ اور تحقیقانہ سینکڑوں مضامین مرتب کئے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کا مستقل مؤقر مقام ہے۔ اس ضمن میں آپ کے گراں مایہ مقالہ جو آپ نے ۱۹۷۰ء میں مشہد میں عہدِ غزنوی کے مشہور مؤرخ ابو الفضل بیہقی کے بین الاقوامی سمینار میں پیش کیا تھا، اشارتاً ذکر کرنا مناسب ہے۔ یہ مقالہ بعد میں Indo-Iranica کے ۱۹۷۲ء کے مجلّہ میں شائع ہوا[۱۱] اور جس کا اردو ترجمہ پروفیسر کبیر احمد جائسی صاحب نے نہایت قابلیت اور ذی شعوری

Marfat.com

کے ساتھ کیا[۱۲]۔

اس مقالے کے مطالعہ سے تاریخی واقعات کے تحقیق، ان کے اصل بنیاد کی تلاش، سب ہی مآ خذ میں مندرج تفصیلات کا مقابلہ اور موازنہ اور ان کے اجمالی اور مفکرانہ تجزیہ میں کیا اسلوب فکر اور طریقۂ عمل اختیار کرنا چاہئے، ذہن نشین ہو جاتا ہے۔ واقعہ کی اصلیت کو پہنچنا، مفقود حصہ کو دوسرے مآ خذ کی مدد سے پورا کرنا، شخصیات و مقامات کی نشاندہی کرنا اور ان کی مختصر یادداشت تیار کرنا، اغلاط کو ظاہر کرنا اور خاتمہ پر اپنی متین اور متوازن رائے کا اظہار کرنا ان سب کو سمجھنے اور تحقیق کے مختلف منازل سے کامیابی سے گزرنے کے لئے بھی یہ مقالہ نہایت کارآمد اور بہترین نمونہ ہے۔ یہ مصنف کی عرق ریزی، وسیع مطالعہ، علمی بصیرت اور باریک بینی کی عکاسی کرتا ہے اور ایک تخلیقی فن کار کے نقطۂ خیال، رویہ اور طریقۂ کار کی ترجمانی کرتا ہے۔

اس مقالے میں محترم پروفیسر نذیر صاحب نے تاریخ بیہقی میں دی ہوئی مسعود غزنوی کے ہندوستان کے حملوں کی تفصیل کا ناقدانہ مطالعہ پیش کیا ہے۔ سلطان مسعود غزنوی کے ایک سردار نیال تگین نے ۱۰۳۲ء میں بنارس پر حملہ کیا۔ اس سپہ سالار کو سلطان نے اپنے وزیر خواجہ احمد حسن میمندی کی سفارش پر اس مہم پر تعینات کیا تھا لیکن قاضی شیراز، ابوالحسن اس کے تقرر سے ناخوش تھا۔ اس حملہ کی روداد کے سلسلے میں ہندوستان کے راجاؤں، امیروں، شہروں اور دریاؤں کا بیان دیا گیا ہے۔ اس تاریخ کا مصنف مشہور مؤرخ اور عالم ابوالفضل بیہقی، سلطان مسعود (۱۰۴۰-۱۰۳۰) کا ہم عصر تھا۔ بیہقی کی وفات ۱۰۷۷ء میں ہوئی۔ ان واقعات اور حقائق کی صحت و اعتبار

Marfat.com

اور مزید معلومات کے لئے آپ نے ہندوستان اور بیرون ہندوستان کے معاصر مآخذ کا مطالعہ کیا۔ مثلاً نظام الدین بخشی کی 'طبقات اکبری'، بدایونی کی 'منتخب التواریخ' ابو الفضل کی 'آئین اکبری'، گردیزی کی 'زین الاخبار'، 'تاریخ فرشتہ' البیرونی کی 'کتاب الہند' ابن الاثیر کی 'تاریخ کامل'، سنسکرت کے شاعر گلہن کی 'راج ترنگی' شہروں اور دریاؤں کی شناخت کے لئے امپیریل گزیٹر اور دیگر متعدد کتابوں کا جن کا حواشی میں حوالہ دیا گیا ہے، بغور مطالعہ کیا۔ نتیجہ میں کافی نئے انکشافات ہوئے جن کی طرف دوسرے محققین کی توجہ نہ جاسکی تھی۔ اول یہ کہ نیال تگین کا بنارس پر حملہ کے تذکرہ کے لئے تاریخ بیہقی سب سے قدیم اور قابل وثوق مآخذ ہے۔ ہندوستانی میں مرتب تالیفات میں اسی مآخذ کا خلاصہ ہے لیکن سب سے زیادہ مفصل اور مربوط بیان ابن الاثیر کی تاریخ میں دستیاب ہوتا ہے۔

اس کے بیان کا خلاصہ مندرجہ ذیل ہے:

''۴۲۴ھ میں رجب کے مہینہ میں سلطان مسعود بن محمود بن سبکتگین نیشاپور سے غزنہ آیا اور وہاں سے ہندوستان گیا۔ ہندوستان جانے کی وجہ یہ تھی کہ اس نے اپنی تخت نشینی کے بعد احمد نیال تگین کو ہندوستان میں اپنا نائب مقرر کیا تھا تاکہ وہ ہندوستانی سرحد کے مسائل کو حل کرتا رہے۔ احمد نیال تگین نے خود کو وہاں مستحکم کرلیا تھا۔ مسعود جب عراق جانے کے لئے خراسان سے گذر رہا تھا تو اس کو ہندوستان میں احمد کی بغاوت کی

Marfat.com

اطلاع ملی۔ سلطان نے آگے جانا ملتوی کر دیا اور تیز رفتاری کے ساتھ غزنہ آیا اور یہاں کے مسائل حل کر کے وہ عازم ہندوستان ہوا۔ یہاں اس نے احمد کی بغاوت کو دبایا اور سرسوتی کے قلعہ کو فتح کر لیا جس کو فتح کرنے سے اس کا والد سلطان محمود قاصر رہا تھا۔ ہندوستان سے ایران کو بوقت واپسی ۴۲۵ھ سلطان مسعود نے ایک قلعہ جس کا نام نگہیری غالباً بارانسی تھا محاصرہ کیا'' ۱۳۔

سلطان مسعود نے ۴۲۴ھ، ۴۲۵ھ میں تلک کا تقرر ہندوستانی فوج کے سپہ سالار کی حیثیت سے کیا تھا جس نے احمد نیال تگین کو شکست فاش دی اور اس کی بغاوت کو فرو کیا۔ سرسوتی کا قلعہ کہاں ہے۔ اس کی دریافت کے سلسلہ میں کافی کتابیں جو اس وقت تک موجود ہیں مطالعہ کیں۔ سرسوتی ایک دریا کا نام ہے جس کی تفصیلات 'راج ترنگی'، البیرونی کی 'کتاب الہند' 'امپیریل گزیٹیر' وغیرہ سے حاصل کیں اور ان پر تبصرہ کیا ہے۔ آپ نے 'آئین اکبری' میں مندرج بیان کہ محمود غزنوی نے دو بار بنارس پر حملہ کیا تھا یعنی ۴۱۰ھ اور ۴۱۳ھ میں، غلط ثابت کیا ہے۔ بیہقی بھی اس کی تردید کرتا ہے۔ بیہقی کا یہ بیان درست ہے کہ احمد نیال تگین کے حملہ سے پہلے بنارس پر کسی نے فوج کشی نہیں کی تھی۔ گردیزی بھی اس قسم کی کوئی اطلاع بہم نہیں پہنچاتا ہے۔ تاریخ بیہقی میں شہر کا نام بنارس دیا گیا ہے۔ جو ایک جدید نام ہے۔ اس کا قدیم نام وارانسی تھا البیرونی نے اس کو بارانسی لکھا ہے۔ آپ نے ڈاوسن کے اس خیال کی تائید کی ہے کہ 'تاریخ بیہقی' کے صفحہ ۴۹۸ (مطبوعہ Bib-Indica) میں خلا ہے۔ آپ نے تاریخی

Marfat.com

حقائق سے جو نئے تاریخی مواد پر مبنی ہیں اس حقیقت کو واضح کیا ہے[۱۴]۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب نے Elliot and Dowson کے ترجمے کو بعض مقامات پر غلط بتلایا ہے۔ اور صحیح انگریزی میں 'تاریخ بیہقی' کے اقتباسات کا ترجمہ کر دیا ہے۔ یہ بات یقینی طور پر طے ہے کہ سلطان مسعود دو بار ہندوستان آیا تھا۔ آپ لکھتے ہیں:

''ان تمام باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ موجودہ 'تاریخ بیہقی' ناقص ہے اور غالباً یہ خلا اس زمانہ کے حالات سے متعلق ہے جب سلطان مسعود نے سرسوتی پر حملہ کیا تھا۔''[۱۵]۔

آپ نے احمد نیال تگین کی بغاوت کے اسباب کا تفصیل سے جائزہ لیا ہے۔ یہ اسباب گردیزی نے زین الاخبار، میں دیئے ہیں۔ احمد نیال تگین کے تعلقات سلطان مسعود سے اور وزیر احمد حسن میمندی سے خوشگوار نہ تھے۔ وہ سلطان مسعود سے کینہ رکھتا تھا۔ گردیزی لکھتا ہے:

''اندر دل احمد بود۔ چون بہ ہند رسید سر از اطاعت بہ کشید و عصیان پدید کرد''

بیہقی نے بھی یہی وجہ بتلائی ہے۔ لیکن گردیزی نے اس صورت حال کی واضح اور مفصل تصویر پیش کی ہے[۱۶]۔

———X———

Marfat.com

# حواشی

۱۔ یہ مقالہ ڈاکٹر ریحانہ خاتون نے اپنی تالیف کارنامۂ نذیر مطبوعہ نئی دہلی ۱۹۹۵ء میں شامل کیا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۔ | کارنامۂ نذیر | : | ص۔۲ |
| ۳۔ | ایضاً | : | ص۔۱۳۴ |
| ۴۔ | ایضاً | : | ص۔۱۴۷-۱۳۵ |
| ۵۔ | ایضاً | : | ص۔۱۴۸ |
| ۶۔ | ایضاً | : | ص۔۱۶۱ |
| ۷۔ | ایضاً | : | ص۔۱۶۲-۱۶۱ |
| ۸۔ | ایضاً | : | ص۔۱۶۲ |
| ۹۔ | ایضاً | : | ص۔۱۶۴-۱۶۳ |
| ۱۰۔ | ایضاً | : | ص۔۱۶۶-۱۶۵ |

۱۱۔ A critieal valuation of Baihaqi's Accounts about Indian expedition during the Reign of Masood of Ghazna, Indo Iranaica, 1972.

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۔ | ڈاکٹر کبیر احمد جائسی | : | تاریخی و علمی مقالات: دہلی، ۱۹۷۶ | | |
| ۱۳۔ | ایضاً | : | ایضاً | : | ص۔۳۰-۱۹ |
| ۱۴۔ | ایضاً | : | ایضاً | : | ص۔۳۵،۳۳،۲۷ |
| ۱۵۔ | ایضاً | : | ایضاً: | : | ص۔۳۸ |
| ۱۶۔ | ایضاً | : | ایضاً | : | ص۔۴۰-۳۹ |

—X—

Marfat.com

پروفیسر اقتدار حسین صدیقی*

# پروفیسر نذیر احمد صاحب اور ان کے عقیدت مند

پروفیسر نذیر احمد صاحب کے عقیدتمند علی گڑھ یا ہندوستان ہی میں نہیں ہیں بلکہ بیرون ملک جہاں بھی فارسی زبان وادب کے اسکالرس موجود ہیں آپ کے علمی کارناموں سے واقف ہیں اور آپ کے تبحر علمی کے قائل ہیں۔ جب آپ کا مرتب کیا ہوا 'مکاتیب سنائی' کا ایڈیشن چھپا تو اس کے بعد افغانستان کی گورنمنٹ نے غزنی میں سنائی پر انٹرنیشنل سمینار کیا اور پروفیسر نذیر احمد صاحب کو مہمان خصوصی کے طور پر مدعو کیا۔ اسی زمانہ میں ہمارے علی گڑھ کے کئی ساتھی کابل یونیورسٹی میں پڑھا رہے تھے۔ اپنے مہمان خصوصی کی خوشی کے مدنظر افغان گورنمنٹ نے علی گڑھ سے متعلق ٹیچرس کو بھی کانفرنس میں مدعو کیا، کانفرنس کا انعقاد جمعہ کے دن ہونا تھا۔ جمعہ کی نماز کے لئے پروفیسر نذیر صاحب جامع مسجد گئے ہوئے تھے، ان کے جانے کے بعد افغان دانشور عبدالحیٔ حبیبی لمبا سفر طے کر کے آئے۔ آتے ہی کہنے لگے بہت دور سے نذیر صاحب کا نام سن کر ان سے ملاقات کے لئے آیا ہوں۔ جب ان کو بتایا گیا کہ وہ جامع مسجد گئے ہوئے ہیں تو ہنستے ہوئے بولے ہندوستان میں اسلام بہت بعد میں پہنچا لہٰذا وہاں کے مسلمان نومسلم کی طرح صوم وصلوٰۃ کے پابند ہیں۔ ۱۹۷۵ء اور ۱۹۷۶ء میں میں نے

---

* سابق پروفیسر، شعبہ تاریخ، اے، ایم، یو، علی گڑھ

Marfat.com

انگلستان میں اپنے زمانۂ قیام میں دیکھا کہ مستشرقین میں جن کا تعلق فارسی زبان یا عہد وسطیٰ کے ہندوستان کی تاریخ سے ہے ان کی نظر میں پروفیسر صاحب کی علمی تحقیقات کی بڑی وقعت ہے۔ ۱۹۹۵ء میں ایک کانفرنس کے سلسلے میں استنبول (ترکی) جانے کا اتفاق ہوا۔ وہاں تاجکستان کے مندوبین سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ وہ دانش گاہ اسلامی علی گڑھ کو نذیر احمد کی وجہ سے جانتے ہیں انہوں نے تاجیکی (یعنی فارسی زبان) پر بڑا کام کیا ہے۔ یقیناً پروفیسر نذیر صاحب کا ہماری مادر درسگاہ سے تعلق ہمارے لئے باعث افتخار ہے۔

میں ۱۹۶۰ء میں پروفیسر صاحب سے ایک پی۔ایچ۔ڈی کے طالب علم کی حیثیت سے متعارف ہوا تھا۔ میرا تحقیق کا موضوع لودی سلاطین اور شیر شاہ سور کے عہد کی سیاست اور ثقافت سے متعلق تھا۔ کیوں کہ اس عہد کی معاصر سرکاری یا نیم سرکاری تاریخیں مفقود تھیں لہٰذا اس عہد کے دور کے دوسرے ادبی اور مذہبی لٹریچر کی تلاش تھی۔ تلاش کے دوران آل انڈیا ہسٹری کانگریس کے سولہویں والٹیر (Voltair) سیشن کی Proceedings میں پروفیسر نذیر صاحب کا مقالہ بعنوان lahjat-i-Sikandr Shahi-A Unique and exhaustive book on Indian Music of the Time of Sikandar Lodi (1489-1517)(1) ملا۔ یہ مقالہ میرے لئے بڑی بصیرت کا باعث تھا۔ مقالہ کا آغاز لودی سلاطین کے عہد میں علم وفضل کی ترقی کے تذکرہ سے ہوتا ہے کہ کس طرح سلطان سکندر لودی کی ذاتی دلچسپی کے باعث دہلی اور آگرہ علم وادب کے گہوارے بن گئے تھے۔

Marfat.com

سلطان سکندر لودی ہندوؤں کے علوم میں دلچسپی رکھتا تھا۔ اس کی سرپرستی میں اہم سنسکرت کی قدیم کتابوں کا فارسی میں ترجمہ کیا گیا۔ خاص طور پر سلطان کو ہندوستان کی کلاسیکل موسیقی میں بڑی دلچسپی تھی۔ اس کی دلچسپی کی وجہ سے اس کے وزیر میاں بھووہ نے بہت سی سنسکرت کتابوں کی بناپر عمر بن یحیی الکابلی سے 'لہجات سکندر شاہی ولطائف نامتناہی' کو لکھوا کر سلطان کے نام موسوم کرایا۔ اس کتاب کی تکمیل میں جن قدیم سنسکرت کتابوں سے استفادہ کیا گیا تھا ان کے نام اس طرح لکھے ہیں (۱) سنگیت رتناکر (۲) نینگ سنگرہ (۳) ادبھرت (۴) سدھاندھی (۵) سنگیت سمسیا (۶) سنگیت کلترو (۷) سنگیت تمنگ وغیرہ۔

مقالہ میں مؤلف کے دیباچہ اور متن سے جو اقتباسات انگریزی ترجمہ کے ساتھ نقل کئے گئے ہیں دلچسپ ہیں، ان سے سلطان سکندر لودی اور اس کے وزیر میاں بھووہ کی علم دوستی اور عالم نوازی پر روشنی پڑتی ہے۔ علاوہ ازیں پندرھویں صدی کے شمالی ہندوستان کے مخلوط کلچر کے بارے میں اہم اطلاع فراہم ہوتی ہے۔ اس مقالہ کے مطالعہ کے بعد پروفیسر صاحب سے ملنے اور ان سے رہبری حاصل کرنے کا شوق ہوا۔ پہلی ملاقات ان کے گھر پر ہوئی، تعارف کے بعد ان سے گذارش کی کہ وہ میری رہبری فرمائیں اگر افغان حکمرانوں کے عہد میں لکھی گئی 'لہجات سکندر شاہی' کے علاوہ بھی دوسری کتابیں دستیاب ہیں۔ انہوں نے تحفۃ السعادۃ عرف فرہنگ سکندر شاہی کے بارے میں فرمایا کہ اس کا قلمی نسخہ رامپور رضا لائبریری میں موجود ہے، اس میں سکندر لودی سے متعلق مواد ہے۔ جمالی کنبوہ دہلوی کے دیوان کے بارے میں فرمایا کہ

Marfat.com

اس کے قصائد سلطان سکندر لودی کی مدح میں ہیں۔ اس کے بعد ڈرائنگ روم سے اٹھ کر اندر گھر میں گئے اور طب سکندر شاہی تالیف میاں بھووہ نول کشور ایڈیشن اور اپنے اردو مضامین کے مجموعہ کی کاپی لائے، دونوں کتابیں مجھے دیں اور فرمایا کہ یہ آپ کے لئے ہیں۔ طب سکندر شاہی میں آپ کی دلچسپی کا خاصا مواد ہے۔ میں ان کی عنایت سے متاثر ہوا اور ان کا ممنون کرم ہو گیا۔

پروفیسر نذیر صاحب کی موسیقی اور رقص و سرود سے غالباً کبھی دلچسپی نہیں رہی ہو گی جیسا کہ ان سے تعلق کی بنا پر اندازہ ہوا، لیکن ان کو عہد وسطیٰ کی تاریخ اور ثقافت سے ہمیشہ دلچسپی رہی ہے۔ فارسی یا اردو میں کسی موضوع پر کتاب مل جائے اور اس کا تعلق تاریخ ادب یا فنون لطیفہ سے ہے تو اس کا مطالعہ فرماتے ہیں اور اگر اس کی اہمیت سمجھی تو اس پر مقالہ لکھتے ہیں۔ ۱۹۵۵ء میں قدیم ہندوستانی موسیقی پر بیجا پور کے سلطان ابراہیم عادل شاہ کی کتاب ''نورس'' کا اردو ایڈیشن چھپوایا اس کے متن کو انہوں نے نو نسخوں کی بنا پر تیار کیا تھا۔ یہ سب قلمی نسخے تھے اور مختلف لائبریریوں کی زینت بنے ہوئے تھے، اس نسخہ کی اشاعت جدید اسالیب تحقیق کی رو سے اردو میں متنی تحقیق کی تاریخ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ الفاظ کی صحیح شناخت بڑی دیدہ ریزی اور جانفشانی کا کام تھا۔ اردو ایڈیشن کے ایک سال بعد ''نورس'' کا انگریزی اور ہندی ترجمہ شائع ہوا۔

''نورس'' کے مقدمہ سے مصحح کے علم تاریخ سے دلچسپی اور تاریخ نگار کے عمل (Historians Craft) سے واقفیت اور لگاؤ (Commitment) پر روشنی پڑتی

Marfat.com

ہے مقدمہ میں پروفیسر نذیر صاحب نے سلطنت بیجاپور کی ثقافتی اور سیاسی تاریخ بیان کرتے ہوئے ان واقعات پر خاص طور پر توجہ مرکوز کی ہے جو کہ سلطان ابراہیم عادل شاہ ثانی کی مساعی کے نتیجہ میں اہم ثقافتی تبدیلیوں کا موجب بنے تھے۔ سلطنت بیجاپور میں علم وادب اور فنون لطیفہ کے فروغ کے علاوہ نئے نئے شہر اور قصبات تعمیر ہوئے جن سے عام خوشحالی بڑھی علاوہ ازیں 'نورس' کے مقدمہ میں مختلف فنون کے ماہرین کا تذکرہ بھی ملتا ہے۔ یہ ماہرین ہندوستان کے مختلف حصوں کے علاوہ دوسرے ممالک سے بھی سلطان کی شہرت سے متاثر ہو کر بیجاپور آئے تھے۔

'نورس' کے ہندی ترجمہ سے ہندوؤں میں اس غلط فہمی کا تدارک ہوا کہ مسلمانوں نے سیکڑوں سال کی رہائش کے باوجود ہندو کلچر اور ثقافت میں کبھی دلچسپی نہیں لی، مسلمانوں نے اپنے اور ہندوؤں کے درمیان ایک علیحدگی کی دیوار قائم رکھی۔ 'نورس' سے ابراہیم عادل شاہ ثانی کی قدیم ہندوستانی موسیقی سے دلچسپی کا ہی پتہ نہیں چلتا بلکہ اس کی مذہبی رواداری کا بھی علم ہوتا ہے۔ وہ ہندوؤں کی مذہبی روایت کا احترام کرتا تھا اور اس کو ہندو دیو مالا کا وافر علم حاصل تھا۔ اس نے اپنی تالیف 'نورس' کو دیوی سرسوتی کے نام معنون کیا ہے اور احتراماً سرسوتی کو اپنی ماں کہا ہے۔ جب ڈاکٹر نذیر صاحب کے ایڈٹ کئے ہوئے 'نورس' کا ایڈیشن ڈاکٹر ذاکر حسین نے پڑھا تو انہوں نے نذیر صاحب کو مبارکباد کا خط بھیجا اور یہ بھی لکھا کہ ان کی خواہش ہے کہ وہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں آجائیں۔ 'نورس' ہی نذیر صاحب اور ڈاکٹر ذاکر حسین کے درمیان دوستی کا باعث بنی۔

Marfat.com

'نورس کے انگریزی ترجمہ سے نذیر صاحب اور'نورس کی مقبولیت یورپ اور امریکہ میں بڑھی، کیوں کہ وہاں ہندوستانی کلاسیکل موسیقی پر ریسرچ کرنے والے اسکالرس کو اس کے ذریعہ 'نورس' سے استفادہ کرنے کا موقع ملا۔ ۱۹۷۵ء میں ایک امریکن ریسرچ اسکالر جو کہ ہندوستانی موسیقی پر لندن یونیورسٹی میں تحقیق کر رہی تھی، مجھ سے ملی کیوں کہ میں علی گڑھ سے گیا تھا اور اس کو نذیر صاحب کے متعلق کچھ معلوم کرنا تھا۔ دوران گفتگو اس نے مجھ سے کہا 'نورس' کی تعلیقات سے محسوس ہوتا ہے کہ ڈاکٹر نذیر احمد راگ راگنیوں کے ماہر کیا بلکہ اپنے عہدے کے جگت گرو ہیں۔ جب میں نے بتایا کہ ڈاکٹر نذیر احمد صاحب موسیقار نہیں ہیں، انہوں نے علمی دلچسپی کی وجہ سے 'نورس' کو ایڈٹ کیا ہے تو اس کو بڑا تعجب ہوا۔

اب میں نذیر صاحب کے چند مقالات کا تاریخ نگاری کے تناظر میں مختصر تجزیہ پیش کروں گا۔ ہندوستان کی عہد وسطیٰ کی تاریخ و ثقافت سے متعلق ان کے مقالات ہماری معلومات میں گراں قدر اضافہ کرتے ہیں۔ مقالات میں ان کا مصنف ایک عظیم مورخ نظر آتا ہے اور کیوں کہ ہم جانتے ہیں کہ مصنف تاریخ کے پروفیسر نہیں ہیں بلکہ وہ فارسی زبان و ادب کے عالم ہیں تاہم ان کے بہت سے علمی کارناموں کی بنا پر ان کے لئے انگریزی زبان کی اصطلاح استعمال کرتے ہوئے ان کو Amateur Historian کہا جانا صحیح ہوگا کیوں کہ ان مقالات کی تکمیل اور عہد وسطیٰ کی کتابوں کی تدوین میں ایک تربیت یافتہ مورخ کا طریقہ کار اختیار کیا ہے۔ ان کی تحقیقات میں تاریخی عوامل کی کارفرمائی اور ان کے اثر سے کسی عہد کے معاشرے

Marfat.com

میں جو سماجی اور معاشی اہمیت کی تبدیلیاں واقع ہوئیں، ان کا دلچسپ تجزیہ ملتا ہے۔ دور حاضرہ کے بہت سے مشہور ہسٹری کے اسکالرس کے یہاں تاریخی اہمیت کی تبدیلی اور تسلسل یعنی Element of change and continuity کا تصور نظر نہیں آتا۔ ان کی تحقیقات میں معاشرہ ہر دور میں منجمد نظر آتا ہے۔ اختصار کو مدنظر رکھتے ہوئے چند مقالات کا حوالہ دیا جاتا ہے جن کی ہسٹوریوگرافی کے نقطہ نظر سے اہمیت ہے۔ نذیر صاحب کا انگریزی زبان میں مقالہ جو ڈاکٹر غلام یزدانی یادگار میں شامل ہے اور جس کا عنوان Some little known Indo Persian poets of the thirteenth centery(2) ہے، مقالہ کی تکمیل میں بہت سے تیرھویں اور چودھویں صدی کے مآخذ پہلی مرتبہ استعمال کیے ہیں۔ کئی شعراء پر جو کہ ایران یا وسط ایشیاء سے ہجرت کر کے ہندوستان آئے تھے ان کا تعارف پہلی مرتبہ ہوا ہے۔ علاوہ ازیں ان کے اشعار سے ان مسائل کا حل نکل آیا جو کہ دور حاضرہ میں متنازعہ فیہ تھے۔ مثال کے طور پر سلطان شمس الدین التتمش کے نام کے بارے میں اختلاف رائے تھا۔ اردو میں لکھنے والے اور کچھ انگریزی زبان میں بھی سلطان کو التمش لکھتے تھے ان کے برعکس بہت سی اسکالرس نے سلطان کو شمس الدین التتمش کہا ہے۔ ۱۹۶۰ء میں ڈاکٹر پیٹر ہارڈی نے ترکی کے ایک اسکالر کی تحقیق کی بنا پر اپنی کتاب Historians of Medieval India میں سلطان کو شمس الدین ایلتتمش لکھا اور جواز میں یہ بھی کہا کہ ترکی فرہنگ کے اعتبار سے Iletmish ہی صحیح تلفظ ہے۔ اپنے مقالہ میں نذیر صاحب نے مولانا برہان الدین بزاز کے قصیدے کے شعر نقل کیے اور ثابت کر دیا کہ

Marfat.com

سلطان دہلی کا صحیح نام شمس الدین التتمش تھا۔ مولانا برہان الدین بزاز کا شعر ہے:

بوالمظفر التتمش کو بحکم از تیر تیر　　　بگذراند در جوابش می بیاید تیر تیر

۱۹۷۲ء میں کلکتہ کے انگریزی جرنل Indo Iranica میں نذیر صاحب کا مقالہ بعنوان " The Earliest Persian Translation of Awariful-Maarif" کے شائع ہونے سے قبل کسی کو علم نہیں تھا کہ شیخ شہاب الدین سہروردی کے وصال کے دس گیارہ سال بعد ان کی شہرہ آفاق تصنیف 'عوارف المعارف' کا فارسی ترجمہ ملتان میں ہوا تھا۔ اس کے مترجم قاسم داؤد خطیب تھے جو کہ شیخ بہاء الدین زکریا سہروردی کے مرید اور ملتان کے سلطان تاج الدین ابوبکر بن ملک ایاز کبیر خاں کے دربار سے منسلک تھے۔ یہ ترجمہ شیخ بہاء الدین زکریا کی نگرانی میں مکمل ہوا تھا۔ ترجمہ کے دیباچہ میں سلطان التتمش کی موت کے بعد سلطنت دہلی کی سیاسی اور ثقافتی حالت پر دلچسپ روشنی پڑتی ہے۔ مقالہ نگار کا تجزیہ بھی بصیرت افروز ہے۔

۱۹۹۸ء اور ۲۰۰۰ء میں نذیر صاحب اور میرے ایڈٹ کئے ہوئے Islamic Heritage in South Asian Subcontinemt کی دو جلدیں چھپیں۔ پہلی جلد میں ان کے تین مقالے شامل ہیں۔

1. The Earliest Known Persian work on Indo Religion and Philosophy,

2. Diplomatic Relation between the Sultans of Delhi and the Il Khans of Iran

3. Abdur Razzaq Samarqandi's Account of Life and Culture in 15th Century India

Marfat.com

یہ مقالہ ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی تاریخ اور کلچر کے لئے قابل توجہ اور مفید ہیں خاص طورر پہلا مقالہ بہت اہم ہے۔اس سے اس کتاب کا پتہ ملا جس کا ذکر عہد وسطیٰ کی فارسی کتابوں میں ملتا تھا لیکن اس کو مفقود سمجھا جاتا تھا۔ یہ تیرھویں صدی عیسوی کے آخری زمانہ میں یوگا پر سنسکرت کلاسک 'امرت کنڈ' کا فارسی میں ترجمہ ہے۔اس سے اس عام اعتراض کی تردید ہوتی ہے کہ ہندوستانی مسلمانوں نے کبھی ہندو مذہبی لٹریچر کو جاننے کی خواہش نہیں کی۔ سنسکرت میں امرت کنڈ مفقود ہوگئی ہے لیکن اس کا ترجمہ 'حوض الحیات' کے نام سے موجود ہے۔نذیر صاحب نے اس کو کراچی میوزیم لائبریری میں ''فرہنگ قواس'' اور لسان الشعراء وغیرہ کے نسخوں کے ساتھ ایک ہی جلد میں دریافت کیا تھا۔

اسی طرح دوسری جلد میں بھی دو مقالہ ہیں۔

A Critical Examination of Baehaqis Narration of the Indian Expeditions During the Reign of Masud of Ghazna (2) Akba's letter (Farman) to a Nuqtawi Divine of Kashan. دونوں مقالات معلومات افزا ہیں۔ دوسرے مقالہ میں مغل شہنشاہ اکبر کے ایرانی نقطوی مفکران میر احمد کاشی درویش خسرو اور رشید الدین اسحٰق سے تعلق پر نئی روشنی پڑتی ہے یہ ایرانی مفکران روایت پرستی کے خلاف باغی تھے اور محمود پسیخانی کے مذہبی فلسفہ کے قائل تھے۔

نذیر صاحب کے اردو مقالات جو کہ سیکڑوں کی تعداد میں ہیں ان کی تفصیل

Marfat.com

ڈاکٹر ریحانہ خاتون کی تصنیف 'کارنامہ نذیر' (نئی دہلی، ۱۹۹۵ء) میں دی گئی ہے میں ان میں تین مقالات کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جو کہ احمد بن کلاتی کی بیاض 'مونس الاحرار' سیف جام ہروی کی بیاض 'مجموعۂ لطائف وسفینۂ ظرائف' اور فرائد غیاثی سے متعلق ہیں۔ 'مونس الاحرار' میں تیرھویں صدی کے ہندوستانی فارسی شعراء کے قصائد ملتے ہیں، جن میں سے بیشتر سے تاریخ کا طالب علم مستفیض ہوسکتا ہے۔ سیف جام ہروی کی بیاض سے فرمانروا دہلی کی عظمت کے سلسلے میں شیخ رزق اللہ مشتاقی کے اس تصور کی تصدیق ہوتی ہے کہ کم سے کم خلجی سلاطین کے عہد سے یہ خیال عام ہوگیا تھا کہ دہلی کا بادشاہ پورے برصغیر کا مالک ہے، اگر کوئی ہندوستانی علاقہ اس کے زیر حکومت نہیں ہے تو اس لئے ہے کہ بادشاہ کی اس کو اپنی سلطنت میں شامل کرنے کی خواہش نہیں ہے۔ فرائد غیاثی کی دو جلدیں ایران سے شائع ہوگئی ہیں۔ جہاں تک کلاتی اور ہروی کی بیاضوں کا معاملہ ہے ان کے نسخوں کی دریافت نذیر صاحب نے کی اور 'فکر ونظر' میں ان پر ان کے مقالے چھپے ہیں۔

نذیر صاحب نے تیرھویں صدی کے ہندوستانی فارسی شعراء کے دیوان اور فارسی فرہنگوں کو تصحیح اور تعلیقات کے ساتھ چھپوایا ہے ان میں سراجی خراسانی اور عمید لویکی کے قصائد میں جو نیا تاریخی مواد ملتا ہے اس کے متعلق اپنی کتاب Perso-Arabic sources on the life and conditions in the sultanate of Delhi میں ایک علیحدہ باب شامل کر چکا ہوں، اس میں 'فرہنگ قواس' اور دستور الافاضل کی تاریخی اہمیت پر بھی ایک باب ہے۔ دونوں ابواب میں

Marfat.com

تاریخی اہمیت کے مواد کا تجزیہ ہے۔ مثال کے طور پر سائنٹفک آلات کے بارے میں اطلاع ملتی ہے جو کہ ہندوستان میں مسلم مہاجرین کے ساتھ اسلامی دنیا سے آئے۔ سراجی خراسانی کے یہاں سلطنت کے عظیم امراء کے کارناموں کے علاوہ آلات کا تذکرہ بھی ملتا ہے۔ ان کا یہ شعر خاص طور پر قابل نقل ہے۔ (۴)

چشم عقل او ببیند ہر نفس از روی وہم　　　اشتہای چرخ رابی چشم اصطرلاب روی

اصطرب علم ہیئت کے ماہرین کے لئے اہم سائنٹفک آلہ تھا جس سے وہ سیاروں کی گردش کا علم حاصل کرتے تھے موسم کی تبدیلی کا اندازہ لگاتے تھے اور یہ کہ کب رات لمبی ہوتی ہے اور کب چھوٹی۔

دیوان عمید لویکی سنامی کی تکمیل کے لئے عمید کا کلام مختلف شعراء کے تذکروں، بیاضوں اور فرہنگوں سے حاصل کیا۔ سراجی کے بعد عمید لویکی تیرہویں صدی کا دوسرا اہم شاعر ہے جس نے کئی امراء کی مدح میں قصیدے لکھے ان امرا میں کئی ایسے ہیں جن کو سلطنت دہلی کا معمار کہا جا سکتا ہے۔ نذیر صاحب نے بڑی کاوش سے امراء کی شناخت کے سلسلے میں معاصر تاریخوں اور کتبات سے کام لیا ہے، ان کی تعلیقات بڑی معلومات افزا ہیں۔ عمید کے یہاں ہندوستان کی ان روایات پر پہلی دفعہ روشنی پڑتی ہے جن کے بارے میں معاصر تاریخی لٹریچر کچھ مدد نہیں کرتا۔ مثال کے طور پر عمید نے اپنی حبسیہ نظم میں بتایا ہے کہ وہ بنیئے سے سود پر روپیہ قرض لیتا تھا اور دس روپیہ پر دو روپیہ سود ماہانہ ادا کرتا تھا۔ قدیم روایات کے مطابق آج بھی ہندوستان میں بنئے سود ہر ماہ کے بعد لیتے ہیں۔ عمید کے زمانہ میں سود کا در بیس فیصد ماہانہ تھا۔

Marfat.com

شعراء کے دیوان کی طرح فارسی فرہنگوں 'فرہنگ قواس'، 'دستور الافاضل' اور 'لسان الشعراء' کی تدوین بھی قابل ذکر ہے۔ ان کے ذریعہ بھی بہت سے سیاسی اور ثقافتی اداروں کی بابت نئی اطلاع ملتی ہے مثلاً دور حاضرہ کے ہندوستان کے عہد وسطیٰ کی تاریخ کے ماہرین خوط اور مقدّم کی اصطلاحات میں فرق نہیں کرتے دونوں کو ہم معنی سمجھتے ہیں۔ معاشی تاریخ کے ماہرین مورلینڈ سے عرفان حبیب تک کسی نے دونوں کی پوزیشن یا حیثیت میں جو فرق تھا اس کو واضح نہیں کیا۔ خوطہ اور مقدم کو ایک ہی زمرہ میں گردانا ہے۔ اس غلط فہمی کی وجہ ضیاء الدین برنی کا بیان ہے، جس نے دونوں کا ذکر ساتھ کیا ہے۔ برنی کے مطابق سلطان علاء الدین خلجی (م: ۱۳۱۶ء) نے خوطہ اور مقدّم سے ناراض ہو کر ان کے اثر کو ختم کر دیا لیکن 'فرہنگ قواس' نے کنارنگ کے معنی بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ خراسان میں کنارنگ کو شحنہ کہتے ہیں جبکہ ہندوستان میں مقدم یا زمیندار کہلاتا ہے۔ خراسان میں شحنہ ایک بڑے علاقہ کا زمین دار ہوتا تھا اگر چہ وہ سلطان کا مطیع تھا لیکن علاقہ کی زمینداری اس کو وراثت میں ملتی تھی جس طرح کہ ہندوستان میں زمیندار باپ کی وفات کے بعد بیٹا وارث ہوتا تھا۔ مقدم کے برعکس خوطہ خراسان کے دہقان کی طرح ہوتا تھا۔ مولانا قواس دہقان کے معنی بیان کرتے ہوئے خوطہ کا ہم معنی بتاتے ہیں جس کو لگان کی وصولیابی میں سرکاری اہل کاروں کی مدد کے لئے حکومت کچھ کمیشن پر مقرر کرتی تھی خوطہ کی جگہ موروثی نہیں ہوتی تھی وہ گاؤں کی مکھیا سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔

نذیر صاحب کے علمی کارناموں کا تذکرہ نامکمل رہ جائے گا اگر اعجاز خسروی

Marfat.com

کی پانچ جلدوں کا انگلش میں ترجمہ کا ذکر نہ کیا جائے۔ بغیر شک وشبہ کہا جا سکتا ہے کہ کسی عہد میں فارسی زبان میں لکھی کتابوں میں کسی کتاب کی نثر اس قدر مشکل نہیں ہے جتنی کہ اعجاز خسروی کی نثر۔ اعجاز خسروی کی کسی بھی جلد کے پڑھنے میں مشکل درپیش آتی ہے، اس وجہ سے جب نذیر صاحب امریکہ کی خسرو اکیڈمی کے سمینار میں شرکت کی غرض سے وہاں پہنچے تو پروفیسر تھیکسن نے خسرو اکیڈمی کے بانی حبیب احمد صاحب سے کہا 'اعجاز خسروی' کی پانچوں جلدوں کا ترجمہ نذیر صاحب کی نگرانی میں ہونا چاہئے، کیوں کہ علمی نقطہ نظر سے اس کی ضرورت ہے۔ پروفیسر تھیکسن اور حبیب صاحب کی استدعا پر نذیر صاحب نے 'اعجاز خسروی' کے ترجمہ کی ذمہ داری قبول کرلی۔ جلد ہی اسمتھ سونین انسٹی ٹیوٹ آف امریکہ سے مالی گرانٹ بھی مل گئی۔ ہندوستان واپسی پر نذیر صاحب نے ترجمہ کرنے کے لئے ایک ٹیم بنائی، مترجموں میں میرا بھی انتخاب فرمایا تھا۔ جب پروجیکٹ مکمل ہوا تو نظر ثانی کی ضرورت پیش آئی، اکثر اسکالرس مشکل عبارت کا صحیح ترجمہ کرنے میں ناکام ہوئے اور کئی جلدوں کا نذیر صاحب کو خود از سرنو ترجمہ کرنا پڑا۔ جب ترجمہ شائع ہوگا تو اسکالرس کو محسوس ہوگا کہ یہ کس قدر دقت طلب کام تھا۔

دوسرے تحقیقی کاموں کی طرح 'اعجاز خسروی' کے ترجمہ میں جو حواشی دیئے گئے ہیں ان سے نذیر صاحب کے تبحر علمی پر روشنی پڑتی ہے۔ ان کی تحقیقات میں دانشوری، تخلیقی صلاحیت، تبحر علمی اور قوت متخیلہ کا بہترین امتزاج پایا جاتا ہے۔ اس امتزاج نے ان کی ہر تحریر کو بصیرت افروز بنادیا ہے۔ حقیقتاً علمی تحقیق کے میدان میں کسی محقق کو عظیم

Marfat.com

محقق اسی وقت مانا جائے گا جب کہ اس کی تحقیق میں مذکورہ بالا صفات کا امتزاج ملے گا۔

علمی دلچسپی کے علاوہ نذیر صاحب شرافت و مہمان نوازی اور انسانی ہمدردی میں بھی ایک مثالی حیثیت کے حامل ہیں۔ ان کا مکان ایک درویش کی خانقاہ کی طرح ہے۔ کوئی دن ایسا نہ ہوگا کہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ یا باہر کے اسکالرس ان سے ملنے نہ آتے ہوں۔ زیادہ تر لوگ علمی مسائل پر گفتگو کرنے اور ان سے استفادہ کرنے کی غرض سے آتے ہیں۔ ان کی گفتگو بڑی معلومات افزا ہوتی ہے۔ ہر آنے والا ممنون کرم ہو کر واپس جاتا ہے۔ باہر سے آئے ہوئے لوگوں کی دعوت جس میں علی گڑھ کے ملنے والوں میں سے کسی نہ کسی کو ضرور مدعو کرتے ہیں بڑی پر تکلف ہوتی ہے۔ سردیوں میں اتوار کے دن لان میں بیٹھتے ہیں، میں اتوار کو ان سے ملنے جاتا ہوں، کبھی نہیں دیکھا کہ ان کے یہاں سائل نہ آئے ہوں۔ مدد مانگنے والے آتے ہیں اور وہ کسی کو مایوس نہیں لوٹاتے۔ علمی فیاضی کی طرح ان کی سخاوت بھی قابل رشک ہے، اللہ تعالی ان کی عمر میں برکت دے تاکہ علم کی روشنی جاری رہے۔ (آمین)

———X———

۱۔ ملاحظہ کیجئے: Proceedings of All India History Congress, Voltaire-Session, 1953, pp. 220-224

۲۔ ملاحظہ کیجئے: Some little-known Indo-Persian of the Thirteenth Century, Dr. Ghulam Yazdani Volume, ed. H.K. Sherwani, Hyderavad, 1966

۳۔ دیکھئے: Islamic Heritage in South-Asian Sub-Continent Vol. 1, Jaipur, 1998.

۴۔ دیکھئے اقتدار حسین صدیقی: Perso-Arabic Sources of Information of the life and Condition in the sultanat of Delhi, New Delhi, 1992

Marfat.com

خلیق انجم*

# پروفیسر نذیر احمد، ممتاز ماہر غالبیات

پروفیسر نذیر احمد فارسی اور اردو دونوں زبانوں کے ممتاز ترین محقق، ماہر فرہنگ شناس، اعلا درجے کے متنی نقاد اور ادیب ہیں۔ انہوں نے اردو میں فارسی زبان وادب کے مسائل کے بارے میں جتنے مضامین لکھے ہیں، شاید ہی کسی اور محقق نے لکھے ہوں۔ یہ مضامین مختلف ادبی رسالوں میں بکھرے ہوئے ہیں۔ اگر انہیں کتابی صورت میں یکجا کیا جائے تو یہ کتاب کئی جلدوں میں اور کئی ہزار صفحات پر مشتمل ہوگی۔ اردو کے پہلے محقق محمود شیرانی تھے۔ انہیں فارسی زبان وادب کے علاوہ بھی کئی علوم مثلاً مخطوطہ شناسی، سکّہ شناسی، تاریخ پر غیر معمولی قدرت حاصل تھی۔ اسی لئے شیرانی صاحب نے اردو میں ایسے تحقیقی مضامین تحریر کیے جو اردو تحقیق میں اضافے کی حیثیت رکھتے ہیں۔ پروفیسر نذیر احمد بھی اس تحقیقی روایت کے دوسرے ممتاز محقق ہیں۔ انہیں ہندوستان اور ایران کی تاریخ پر غیر معمولی قدرت حاصل ہے۔ مصوّری، موسیقی، کتبہ شناسی، عہد قدیم کی لباس شناسی اور فن خطاطی کے ماہر ہیں۔ فارسی زبان وادب پر بہت گہری نظر ہے۔ مخطوطہ شناسی میں بے مثال ہیں۔ نذیر صاحب اس پایے کے متنی نقاد ہیں کہ ان کا تیار کیا ہوا ''مکاتیب سنائی'' کا تنقیدی اڈیشن کابل اور ایران دونوں ملکوں سے شائع ہو چکا ہے۔

* انجمن ترقی اردو، نئی دہلی۔

Marfat.com

بدر الدین بن ابراہیم نے ۱۴۱۹ء میں ''دستور الافاضل'' نام سے ایک فرہنگ مرتب کی تھی جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ فارسی زبان کی چوتھی فرہنگ ہے۔ پروفیسر نذیر احمد نے اس لغت کا ایسے سائنٹفک انداز سے تنقیدی اڈیشن تیار کیا کہ ایران والوں نے اسے شائع کرنے میں فخر محسوس کیا۔

نذیر صاحب نے فارسی کی دوسری قدیم ترین فرہنگ ''فرہنگ قواس'' بڑے عالمانہ انداز سے مرتب کی ہے۔ یہ فرہنگ بھی ایران سے شائع ہوئی ہے۔ اس کے مکمل متن کا اڈیشن ڈاکٹر وقار الحسن صدیقی کی کوشش سے اسی ہفتے رام پور رضا لائبریری سے شائع ہوا ہے۔

نذیر صاحب نے ''دیوان حافظ'' کے تین تنقیدی اڈیشن تیار کیے ہیں، جن میں سے دو ایران سے شائع ہوئے اور ایک ہندوستان سے۔ اس کے علاوہ ان کی اور بھی بہت سی کتابیں ہیں جن کی تفصیل ڈاکٹر ریحانہ خاتون نے اپنی تالیف ''کارنامۂ نذیر'' میں دی ہے۔

میں غالبیات پر نذیر صاحب کے کارناموں کا ذکر کرنے سے پہلے ان کی صرف ایک اور کتاب کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں اور وہ ہے ان کا پی۔ ایچ۔ ڈی کا تحقیقی مقالہ "Zahoori & his life and works" ہے۔ یہ مقالہ ظہوری، پر اتنا اچھا تحقیقی اور تنقیدی کام ہے کہ خود ایران میں بھی ظہوری پر ایسا اعلیٰ درجے کا کام نہیں ہوا۔

اردو میں غالب پر کام کرنے والے دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ جنہوں نے

Marfat.com

اپنی زندگی غالب کے لئے وقف کردی۔ انہوں نے اور موضوعات پر بھی لکھا، لیکن نسبتاً کم۔ ان کا بنیادی کام غالب ہی پر تھا۔ مثلاً امتیاز علی خاں عرشی، غلام رسول مہر، مالک رام، مولوی مہیش پرشاد وغیرہ اور دوسرے وہ ہیں جنہوں نے بہت سے موضوعات پر کام کیا، ان میں غالب بھی شامل ہیں۔ مثلاً مولانا الطاف حسین حالی، قاضی عبدالودود، پروفیسر نذیر احمد، پروفیسر مختار الدین، پروفیسر گیان چند جین، ڈاکٹر یوسف حسین خاں، سید مرتضیٰ حسین فاضل اور پروفیسر شمس الرحمٰن فاروقی وغیرہ۔ چوں کہ پروفیسر نذیر احمد نے غالب کے ساتھ اور بھی بہت سے موضوعات پر لکھا ہے۔ اس لئے انہیں ماہرِ غالب کی حیثیت سے وہ شہرت حاصل نہیں ہوئی جس کے وہ یقیناً مستحق ہیں۔

جو لوگ اردو میں ماہرِ غالبیات کی صفِ اوّل میں شمار ہوتے ہیں، غالب پر ان کا کام اس سے زیادہ نہیں ہے جتنا نذیر صاحب نے کیا ہے۔ نذیر صاحب نے کئی ماہرین غالب سے زیادہ کام کیا ہے اور ڈرتے ڈرتے عرض کروں گا کہ قدیم اور جدید فارسی زبان اور اردو ادب دونوں پر غیر معمولی قدرت حاصل ہونے کی وجہ سے غالبیات کے میدان میں تمام ماہرین غالبیات پر نذیر صاحب کو فوقیت حاصل ہے۔

محمد حسین تبریزی نے ''برہان قاطع'' کے نام سے ایک لغت مرتب کی تھی۔ غالب نے اس لغت پر اعتراض کئے ہیں۔ ان اعتراضات کا پس منظر یہ ہے کہ غالب ہم عصروں اور برطانوی حکومت کو اپنی فارسی دانی سے مرعوب کرنا چاہتے تھے۔ اس کا تعلق کلکتہ میں حامیانِ قتیل سے وہ ادبی معرکہ ہے، جس میں غالب نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی تھی کہ وہ ہندوستان کے واحد فارسی داں ہیں اور ان کا علم اہل زبان

Marfat.com

جیسا ہے۔لیکن حامیانِ قتیل نے غالب کے اس دعوے کو نہیں مانا تھا۔ بہر حال یہ بحث لمبی ہے اور یہاں تفصیل میں جانے کا موقع نہیں ہے۔

غالب نے اپنی تالیف ''قاطع برہان'' میں 'برہان قاطع'' پر جو اعتراضات کئے ہیں۔ان پر پہلے بھی کافی تعداد میں لوگوں نے لکھا ہے، لیکن اس موضوع پر ان حضرات کی تحریریں تفصیلی نہیں ہیں۔۔ قاضی عبدالودود نے البتہ ''قاطع برہان'' پر ایک اچھا مقالہ لکھا تھا، لیکن ان کی بحث بھی بس ایک مقالے تک محدود رہی۔ اردو اور فارسی میں پروفیسر نذیر احمد پہلے عالم ہیں جنھوں نے غالب کی تالیف ''قاطع برہان'' پر بہت ہی محققانہ اور عالمانہ تفصیلی گفتگو کی ہے اور خاصی بڑی تعداد میں بہت سی فارسی لغتوں کے حوالے سے ثابت کیا ہے کہ غالب کے بیشتر اعتراضات درست نہیں ہیں۔

اس موضوع پر نذیر صاحب کا طویل مقالہ اور اس سے متعلق کچھ مضامین غالب انسٹی ٹیوٹ نے ''نقد قاطع برہان'' کے نام سے شائع کر دیئے ہیں۔

نذیر صاحب کا ایک اور مقالہ ہے جس کا عنوان ہے ''دستنبو اور دساتیر''۔ 'دساتیر' کو تمام دنیا میں رزتشتی مذہب کی کتاب سمجھا جاتا رہا ہے۔ زرتشتیوں کے عقائد کے مطابق 'دساتیر' سولہ کتابوں کا مجموعہ ہے۔ تمام کتابیں بہت طویل مدت کے درمیان پندرہ پیغمبروں اور ایک سکندر نامی برگزیدہ ہستی پر نازل ہوئیں۔ اس مجموعہ کے ماننے والوں کو پارسی، ایرانی، سپاسی، ایزدی، آذر ہوشنگی آبادی اور آذری وغیرہ کے ناموں سے یاد کیا جاتا ہے۔ غالباً قاضی عبدالودود پہلے محقق ہیں، جنھوں نے اردو میں اس کتاب کی مذہبی، تاریخی اور لسانی حیثیت سے انکار کر کے اسے جعلی کتاب ثابت کیا

Marfat.com

ہے۔ انہوں نے اس موضوع پر ایک مضمون لکھا، لیکن یہ مضمون جامع نہیں تھا۔ ہاں! اس سلسلے میں قاضی عبدالودود کی یہ اہمیت ضرور ہے کہ میرے علم کے مطابق وہ پہلے اردو محقق ہیں، جنہوں نے 'دساتیر' کو جعلی کتاب ثابت کیا۔ غالبؔ کو 'دساتیر' بہت عزیز تھی اور وہ اسے ''ایمان و حرز جاں'' کہتے تھے۔ ان کی جدّت پسند طبیعت نے اس کتاب کے بہت سے الفاظ اپنی تالیف ''دستنبو'' میں داخل کر کے انہیں اصل فارسی الفاظ کی فہرست میں شامل کر دیا۔

غالب نے 'دساتیر' کے الفاظ استعمال کیے ہیں تاکہ وہ اپنے ہم عصروں اور خاص طور سے برطانوی افسروں سے اپنی فارسی دانی کا لوہا منوا سکیں۔ نذیر صاحب نے 'دساتیر' پر اپنے مقالے میں بہت ہی مدلل طریقے سے ثابت کیا ہے کہ 'دساتیر' ایک جعلی تصنیف ہے اور اس کے بیشتر الفاظ جعلی ہیں۔

نذیر صاحب نے ''غالب اور مؤلفِ برہان میں اتحادِ نظر'' کے عنوان سے جو مقالہ لکھا ہے، وہ ان کے علم و فضل اور فارسی لغت پر ان کے غیر معمولی عبور کا بہترین نمونہ ہے۔ غالب کا خیال تھا کہ فارسی زبان میں ذال کا وجود نہیں ہے پذیرفتن، گذشتن وغیرہ میں 'ذ' غلط ہے 'ز' لکھنا چاہیے۔ غالب کا دعویٰ تھا کہ فارسی میں ذال معجمہ نہیں ہے۔ ان کا استدلال یہ ہے کہ دو متحد المخرج یا قریب المخرج حرف فارسی میں نہیں ہیں۔ غالب نے یہ بات اپنے کئی خطوں میں لکھی ہے اور ''قاطع برہان'' میں بھی اپنی بحث کے خاتمے میں اس بات کو دہرایا ہے۔

قاضی عبدالودود نے بڑی تحقیق اور جستجو سے اس موضوع پر کام کیا ہے۔

Marfat.com

انہوں نے پانچویں صدی ہجری سے لے کر اپنے عہد تک کے ایرانی فاضلوں اور شاعروں کے اقوال واشعار پیش کر کے ثابت کیا ہے کہ یہ تمام لوگ ذال کو فارسی حرف مانتے ہیں اور دال اور ذال کے فرق کو تسلیم کرتے ہیں۔ تین سال بعد ڈاکٹر عبدالستار دلوی نے اپنے ایک مقالے میں ثابت کیا کہ قاضی عبدالودود نے اس موضوع پر جو کچھ لکھا ہے، وہ بالکل صحیح ہے ستار صاحب نے ذال فارسی کے وجود پر اور کئی اہم شواہد فراہم کئے۔

اس کے بعد پاکستان کے اسکالر قدرت نقوی مرحوم نے اس موضوع پر ایک طویل مقالہ لکھا، جس میں انہوں نے بتایا کہ وہ ذال فارسی کے قائل نہیں ہے اور غالبؔ کی طرح وہ پوری ذال کو عربی حرف جانتے ہیں۔ پروفیسر نذیر احمد نے قدرت نقوی مرحوم کے مقالے کا جو جواب لکھا ہے، وہ اس موضوع پر آخری تحریر ہے۔ اگرچہ قاضی عبدالودود اور ڈاکٹر عبدالستار صدیقی اس موضوع پر لکھ چکے ہیں۔ لیکن میں مودبانہ عرض کروں گا کہ پروفیسر نذیر احمد کا مقالہ زیادہ مدلّل ہے اور اب نذیر صاحب کے مقالے کے بعد اس موضوع پر مزید بحث کی گنجائش نہیں رہتی۔

پروفیسر نذیر احمد کا ایک مضمون ''سلاجقہ اور غالب دہلوی کے جدّ اعلیٰ سلطان برکیارق سلجوقی'' کے عنوان سے ہے۔ غالب نے اپنی ایک تحریر میں لکھا تھا کہ ''وہ قوم کے ترک سلجوقی اور سلطان برکیارق سلجوقی کی اولاد میں ہیں''۔ غالبؔ کی اس تحریر کا اکثر محققین نے حوالہ دیا ہے۔ لیکن سلجوقیوں کے بارے میں سوائے مالک رام صاحب کے کسی اور نے کچھ نہیں لکھا اور اگر لکھا ہے تو وہ ہمارے علم میں نہیں ہے۔ خود مالک رام

Marfat.com

صاحب نے بھی سلجوقیوں کے بارے میں بہت کم معلومات فراہم کی ہیں اور ان کی بنائی ہوئی معلومات میں کچھ حقائق درست بھی نہیں ہیں۔

پروفیسر نذیر احمد نے اپنے مقالے میں سلطان برکیارق سلجوقی کے بارے میں بہت تفصیلی معلومات فراہم کی ہیں۔ اگرچہ یہ مقالہ مختصر اور تقریباً بیس صفحات پر مشتمل ہے۔ لیکن کہا جاتا ہے کہ تحقیق میں ایک چھٹانک لکھنے کے لئے ایک من پڑھنا پڑتا ہے اور اس کا ثبوت یہ مقالہ ہے۔

سلجوقیوں کو سلاجقہ بھی کہتے ہیں۔ یہ ترک خاندان ہے اور بقول نذیر صاحب اس خاندان نے ایران اور مغربی ایشیا میں ایک ایسی مضبوط حکومت کی بنیاد ڈالی تھی جو تقریباً پونے تین سو سال تک قائم رہی۔ سلجوقیون کی بہت سی شاخیں تھیں۔ نذیر صاحب نے ان تمام شاخوں کی تفصیلات بیان کی ہیں۔ پھر اس شاخ کا ذکر کیا ہے جس کی ابتدا برکیارق سے ہوتی ہے اور جس خاندان سے غالب کا تعلق ہے۔ اس مختصر سے مقالے میں نذیر صاحب نے خاصی بڑی تعداد میں فارسی تاریخوں اور ادبی کتابوں کے حوالے دیئے ہیں۔ میں نے سلجوقی خاندان پر ایسا تفصیلی اور مستند مضمون اس سے پہلے اردو میں کہیں نہیں دیکھا۔ یہ مضمون غالبیات میں اہم ترین اضافہ ہے۔

نذیر صاحب نے غالب پر جو مضامین لکھے ہیں۔ ان کی تعدا کم سے کم بیس بائیس ہے اور یہاں ان تمام مقالوں کا ذکر کرنا اور ان پر روشنی ڈالنا ممکن نہیں ہے۔ ان مضامین میں کئی ایسے ہیں جن میں غالب کی تحریروں میں آنے والے بعض الفاظ کی تشریح ہے۔ نذیر صاحب کا ایک مضمون ہے ''غالب کے بعض اردو خطوں سے متعلق

Marfat.com

کچھ علمی اور ادبی مسائل"۔ غالب نے ایک خط میں لفظِ خسر (بیوی کے والد) کا استعمال کیا ہے اور خسر لفظ سے تفصیلی بحث کی ہے۔ اس مضمون میں پروفیسر نذیر احمد نے روز مرہ کی زبان کی اصطلاح کا مفہوم بیان کیا ہے۔ پھر اشتقاق، طباق، فکّ اضافت، اسم جامد، تفریس اور تعریب جیسی اصطلاحوں کا مفہوم بتا کر لفظ خُسر کے معنی بیان کیے ہیں۔

غالب نے خُسر لفظ کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے لکھا تھا کہ:

"ہر چند تمہارا کلمہ ایک بذلہ ہے، لیکن اس "خُسر" و "خُسرانی" نے مار ڈالا۔ کیا کہوں جو مجھ کو مزا ملا ہے؟ کہاں "خُسُر" و "خُسراں" لغات عربی الاصل اور کہاں روز مرہ مشہور کہ "خسر" سسرے کو کہتے ہیں۔ صنعت اشتقاق و طباق کو کس سینہ زوری سے برتا ہے۔ اچھا میرا میاں یہ "خُسُر" بہ معنی "پدر زن" کیا لفظ ہے؟ ان معنوں میں یہ لفظ نہ فارسی ہے نہ عربی ہے۔ فارسی میں "پدر زن" بفکّ اضافت کہتے ہیں۔ عربی جس طرح بمعنی نقصان، لغت منصرف ہے، شاید سسرے کا اسم جامد بھی ہو یا فی الحقیقت سسرے کی تفریس و تعریب ہو۔ یہ پرسش نہ بسبیل استہزا ہے بلکہ بہ طریق استفسار و استعلام ہے، جو تمہیں معلوم ہو بلکہ اگر تم پر مجہول ہو تو معلوم کر کے مجھے لکھ بھیجو"

نذیر صاحب نے "خُسُر" اور "خُسران" دونوں پر تفصیلی بحث کر کے بتایا ہے خسر لفظ فارسی ہے، عربی سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ صرف املا کی یکسانی اصل یکسانی

Marfat.com

کی بنیاد نہیں ہوا کرتی۔ ''خسر'' اور ''خسران'' دونوں کے مادّے الگ الگ ہیں، اس کا اصل اوستا میں ملتا ہے۔ بقول نذیر صاحب:

''غالب خسر لفظ کی اصل سے واقف نہیں۔ اس لئے کبھی تفریس کہتے ہیں اور کبھی تعریب۔ حالاں کہ یہ نہ تفریس ہے نہ تعریب۔ خالص فارسی کا لفظ ہے۔ اس کا اصل اوستا میں ملتا ہے اور یہ اوستائی سنسکرت لفظ سے ارتقائی منزل طے کرتا ہوا لفظ سُسَر حاصل ہوتا ہے اور اصل اوستائی سے ارتقا کی منزل طے کرنے کے بعد لفظِ خسر وجود میں آتا ہے۔''

نذیر صاحب نے خسر لفظ پر اور بھی تفصیلی بحث کی ہے۔ یہاں میں نے اختصار کے ساتھ چند باتیں کہہ دی ہیں۔ غالب نے ایک شعر میں ''بیرنگ'' استعمال کیا ہے اور وہ شعر ہے:

فارسی بین تا ببینی نقشہای رنگ رنگ
بگذر از مجموعۂ اردو کہ بیرنگِ منست

اردو نقادوں اور شارحین غالب نے ''بیرنگ'' کا مفہوم ''بغیر رنگ'' کے لیا ہے۔ نذیر صاحب نے فارسی کی بہت سی لغتوں اور کافی بڑی تعداد میں فارسی اشعار کی مدد سے ثابت کیا ہے کہ فارسی میں ''بے رنگ'' اس کو کہتے ہیں جو مصور اور نقاش تصویر کشی کرنا چاہتے ہیں یا نقاشی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو اس کا خاکہ کھینچتے ہیں۔ اس کے بعد اس میں رنگ بھرتے ہیں۔ اسی طرح معمار عمارت بنانے سے پہلے ایک خاکہ بناتے

Marfat.com

ہیں۔اس خاکے کو بے رنگ کہا جاتا ہے۔نذیر صاحب نے بے رنگ کا یہ مفہوم بیان کر کے شعر کا مطلب بالکل بدل دیا ہے۔اس لفظ کے نئے مطلب کی روشنی میں غالب نے ہرگز یہ نہیں کہا کہ میرا اردو کلام بے رنگ ہے یعنی بے مزہ ہے۔غالب صرف یہ کہنا چاہتے ہیں کہ میرا اردو کلام ابھی ابتدائی منزل میں ہے۔غالب نے اپنے فارسی اور اردو خطوں میں اکثر الفاظ کے لغوی معنی پر لغوی بحث کی ہے اور اکثر مقامات پر ان کو سہو ہوا ہے۔نذیر صاحب نے ان کی نشاندہی کی ہے۔

اردو کے کئی محققوں اور نقادوں نے خاصی تعداد میں ایسے مضامین لکھے ہیں جن میں غالب کا فارسی شاعروں سے موازنہ کیا ہے۔نذیر صاحب نے بھی اس انداز کے کم سے کم تین مضامین لکھے ہیں۔یہ مضامین انجمن ترقی اردو کی سہ ماہی رسالے ''اردو ادب'' میں شائع ہوئے تھے۔مضامین کے عنوان ہیں:

۱-غالب اور ظہوری

۲-غالب اور عرفی

۳-نظیری کا اثر غالب پر

ان مضامین کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے نذیر صاحب کی فارسی شاعری پر کتنی گہری نظر ہے۔

نذیر صاحب نے غالب پر صرف تحقیق ہی نہیں، تنقیدی مضامین بھی لکھے ہیں۔ان کے کچھ تنقیدی مضامین کے عنوان ہیں:

۱-غالب کی فارسی نثر نگاری

Marfat.com

۲-غالب کی قصیدہ نگاری

۳-غالب کے فارسی قصائد کا مطالعہ۔لسانی نقطۂ نظر سے

۴-غالب نقادِ سخن کی حیثیت سے۔

۵-غالب کے شعر میں ایک دلچسپ تلمیح

۶-غالب کے ایک شعر کی چار تلمیحات

غرض یہ ہے کہ پروفیسر نذیر احمد نے غالب پر بہت قابل قدر کام کیا ہے۔غالب پر ان کی پانچ کتابیں ہیں:

۱-نقد قاطع برہان ۲-تحقیقات (مضامین کا مجموعہ) ۳-تنقیدات (مضامین کا مجموعہ) ۴-غالب پر چند تحقیقی مطالعے اور ۵-غالب پر چند مقالے۔

اس کے علاوہ غالب پر ان کے کچھ اور مضامین بھی ہیں جو رسالوں میں بکھرے ہوئے ہیں۔

میں آخر میں نذیر صاحب کے تحقیقی رویے کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں:

پروفیسر نذیر احمد ایک سچے اور کھرے عالم ہیں۔عام طور سے ایسا ہوتا ہے کہ جب کوئی محقق نئے حقائق دریافت کرتا ہے تو پہلے وہ بڑے فخر سے کچھ محققین کو غلط ثابت کرتا ہے انہیں غیر ذمے دار قرار دے کر ان پر لعن طعن کرتا ہے اور پھر گردن سیدھی کر کے اس کا بڑے فخر سے اعلان کرتا ہے کہ اس حقیقت کی دریافت صرف اس نے کی ہے۔پروفیسر نذیر احمد کی تحریروں میں ایسے موقعوں پر صرف انکسار ہے۔وہ بڑی

Marfat.com

خاکساری کے ساتھ نئے حقائق پیش کرتے ہیں اور اگر متعلقہ حقائق کے بارے میں کسی محقق سے غلطی ہوئی ہے تو بہت نرم اور مہذب لہجے میں اس کا ذکر کرتے ہیں اور اسے محقق کی غلطی نہیں سہو کہتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان کی ایک بات جو مجھے ہمیشہ متاثر کرتی ہے وہ یہ ہے کہ اگر وہ کسی محقق یا نقاد سے اختلاف کرتے ہیں تو ان کا لب ولہجہ بہت مہذب اور عالمانہ ہوتا ہے، اس میں ذرا بھی تلخی نہیں ہوتی۔ جب کہ ہمارے ایک ممتاز ترین محقق قاضی عبدالودود جب اعتراض کرتے تھے تو طنز و مزاح سے کام لیتے تھے اور ان کے لہجے میں خاصی تلخی ہوتی تھی۔

اردو میں ایسا بھی ہوتا ہے کہ اگر کوئی محقق کچھ ایسی حقائق کا ذکر کرنا چاہتا ہے جو کسی اور محقق کی تحقیق کی مرہون منت ہیں تو اس محقق کا نام تک نہیں لیتا اور اس تحقیق کو اس طرح پیش کرتا ہے، جیسے یہ خود اس کا اپنا کارنامہ ہے۔ اس کے برعکس پروفیسر نذیر احمد جب دوسروں کے دریافت کردہ حقائق پیش کرتے ہیں تو بڑے ادب اور احترام سے ان محققوں کا حوالہ دیتے ہیں، جنہوں نے یہ حقائق دریافت کئے تھے۔

میں کئی ایسے حضرات کو جانتا ہوں جو کوشش کرتے ہیں کہ ان کے میدان میں جو اور لوگ کام کر رہے ہیں، ان کا ذکر ان کی کسی تحریر میں نہ آنے پائے۔

نذیر صاحب کی یہ خوبی ہے کہ وہ اپنے معاصرین کی ادبی خدمات کا بھرپور اعتراف کرتے ہیں۔ پروفیسر نذیر احمد فخرالدین علی احمد کی قائم کردہ غالب انسٹی ٹیوٹ کے وائس چیرمین اور سمینار کمیٹی کے ڈائرکٹر ہیں اس کمیٹی نے پروفیسر مسعود حسین رضوی ادیب، قاضی عبدالودود، امتیاز علی خاں عرشی اور حافظ محمد شیرانی پر سمینار منعقد کئے۔

Marfat.com

چوں کہ میں بھی اس سمینار کمیٹی کا ممبر ہوں، اس لئے مجھے ذاتی طور پر اس کا علم ہے کہ نذیر صاحب ہی کی تجویز پر ان موضوعات پر سمینار منعقد ہوئے۔ یہ سب سمینار بہت کامیاب رہے۔ ان سمیناروں کے تمام مقالے نذیر صاحب نے پہلے غالب انسٹی ٹیوٹ کے سہ ماہی رسالے ''غالب نامہ'' میں شائع کئے اور پھر انہیں کتابی صورت میں مرتب کیا۔ ان چاروں کتابوں پر مرتب کی حیثیت سے نذیر صاحب کا نام ہے۔

میں آخر میں جلسے کے منتظمین سے درخواست کروں گا کہ نذیر صاحب کی شخصیت اور ادبی کارناموں پر موضوعات کی ایک مکمل فہرست مرتب کی جائے اور پھر ہندوستان، پاکستان، ایران اور کابل کی مختلف یونیورسٹیوں کے فارسی اور اردو کے ذمہ داران سے فرمائش کی جائے کہ وہ اپنے طالب علموں سے ان موضوعات پر پی۔ ایچ۔ ڈی کے لئے تحقیقی مقالے لکھوائیں۔

———x———

Marfat.com

ابوالکلام قاسمی*

# مطالعات غالب اور پروفیسر نذیر احمد کی نکتہ رسی

مرزا غالب کی فارسی اور اردو شاعری کی اہمیت، قدر و قیمت اور تنقید و تعبیر سے متعلق اتنا بڑا سرمایہ جمع ہو چکا ہے کہ بہت کم گوشے ایسے رہ گئے ہیں جو اہل نظر کی توجہ سے محروم ہوں۔ پروفیسر نذیر احمد یوں تو بنیادی طور پر فارسی کی لسانی، علمی اور ادبی کاوشوں کے باعث عقیدت و احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں، لیکن غالبؔ کے معاملے میں انہوں نے فارسی اور اردو، دونوں زبانوں میں غالب کی نثری کاوشوں کے ساتھ منظوم کلام پر بھی یکساں توجہ صرف کی ہے۔ تاہم دوسرے غالب شناسوں سے نذیر احمد صاحب اس اعتبار سے منفرد اور ممتاز نظر آتے ہیں کہ انہوں نے شعر و ادب سے متعلق رسمی موضوعات کے بجائے علمی، لغوی اور شعری و نثری صنعتوں سے متعلق مسائل کو اپنے لئے مخصوص کر لیا ہے۔ مثال کے طور پر لسانی نقطۂ نظر سے قصائد غالب کا مطالعہ غالب فرہنگ نگار کی حیثیت سے، غالب کے اردو اور فارسی کے مکتوبات کے لغوی مسائل، غالب کی تلمیحات، دستنبو اور دساتیر، اور ان جیسے دوسرے موضوعات کے انتخاب سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ان کے لئے غالب کی علمی، لغوی، اصطلاحی اور تحقیقی خدمات کسی بھی طرح ان کی شاعرانہ اور ادبی خدمات سے کم اہمیت کی حامل

* ۔شعبۂ اردو، علی گڑھ

Marfat.com

نہیں ۔ بہ الفاظ دیگر اسے یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ مرزا غالب کی تخلیقی صلاحیت اور شاعرانہ ہنرمندی اور دانشوری سے ان کی جو تصویر ابھرتی ہے اس کی رنگ آمیزی صحیح معنوں میں غالب کی نثر و نظم یا مکتوب میں کہیں واضح اور کہیں غیر واضح دکھائی دینے والے علمی مسائل اور فارسی اور اردو کے لسانی مباحث سے ہوتی ہے۔ غالب کے بہت سے اشعار کو ہمہ گیری اور تعمیم پسندی کے باعث وفور معنی کا جس نوع کا ذخیرہ ثابت کیا جا سکتا ہے اس طرح ان کے ان گنت اشعار ان کے علمی، ادبی اور شاعرانہ موقف کی بھی نمائندگی کرتے ہیں۔ ابھی غالب کے ادبی منظر نامے کی رنگ آمیزی کا جو ذکر آیا ہے اس ضمن میں نامناسب نہ ہوگا کہ پروفیسر نذیر احمد کے ایک ایسے مضمون کا ذکر کیا جائے جس میں ان کی نکتہ رسی نے رنگ اور بیرنگی کے الفاظ کو غالب کے ایک فارسی شعر کے حوالہ سے نہایت معنی خیز بنا دیا ہے۔ 'لفظ بیرنگ' غالب کے ایک شعر میں' کے عنوان سے وہ اپنے ایک مضمون میں غالب کی اردو اور فارسی شاعری کے موازنے کا ایک بالکل انوکھا تناظر سامنے لاتے ہیں۔ غالب کا مشہور شعر ہے:

فارسی بین تا بہ بینی نقش ہائے رنگ رنگ
بگذر از مجموعۂ اردو کہ بیرنگِ من است

اس سلسلے میں نذیر احمد صاحب کا سارا ارتکاز 'بیرنگ' کے لفظ پر ہے اور 'بیرنگِ من' کی اضافت کے باعث زیر بحث مضمون میں مصنف نے مختلف حوالوں اور اسناد کی بنیاد پر ایک نیا پہلو دریافت کر لیا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ در اصل لفظ 'بیرنگ' پر اس شعر کی ساری خوبی کا انحصار ہے۔ اکثر اس لفظ کا املا 'بے رنگ' کی شکل میں ہے، اس کی وجہ

Marfat.com

سے اس کے معنی سمجھنے میں بالعموم غلطی ہوئی ہے۔ان کا کہنا ہے لفظ بے رنگ (بیرنگ) کے صحیح مفہوم کے لئے ہمیں فارسی کی قدیم وجدید لغات کی طرف توجہ کرنی چاہئے۔ فرہنگ جہانگیری، میں اس لفظ ''بیرنگ'' کی توضیح اس طرح ملتی ہے۔

''بے رنگ اس کو کہتے ہیں کہ جب مصور ونقاش تصویر کشی کرنا چاہتے ہیں یا نقاشی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو اس کا خاکہ کھینچتے ہیں اور اس کے بعد اس میں رنگ بھرتے ہیں، اور معمار حضرات جب کوئی عمارت بنانا چاہتے ہیں تو اس کے خاکے میں رنگ بھر دیتے ہیں، مگر اس کے خاکے کو بیرنگ کہتے ہیں''۔

وہ اس سلسلے میں شمس جندی، کمال اسماعیل کے حوالے دیتے ہیں اور 'فرہنگ نظام' لغت نامۂ دہخدا' اور 'فرہنگ معین' وغیرہ میں موجود وضاحتوں کا سہارا لیتے ہیں اور بتاتے ہیں کہ مثال کے طور پر 'فرہنگ معین' میں صاف لکھا ہے کہ ''طرحی کہ نقاشان برروی کاغذ کشند و بعد از ان کامل کنند'' اس لفظ کی مزید وضاحت کرتے ہوئے وہ برہان قاطع کی ایک اور مثال دیتے ہیں جس میں ان کے موقف کی تائید کا ایک نیا پہلو مابعد الطبیعاتی سیاق وسباق میں بھی کچھ اس انداز میں نکلتا ہے۔

''اہل تحقیق کے نزدیک احدیت کا ظہور اور اشارہ بعالم وحدت ہے، جس سے مراد مرتبہ سے بے مرتبہ ہونا ہے۔یعنی اس ذات کا جو اسماء وصفات کے لباس سے معرا ہے، اضافات سے بے تعلق ہونا''۔

Marfat.com

پروفیسر نذیر احمد اپنے موقف کو پایۂ توثیق تک پہنچانے کے لئے اسی پر بس نہیں کرتے بلکہ 'بہارِ عجم'، 'فرہنگ رشیدی' اور 'فرہنگ آنندراج' سے اسناد تلاش کرتے ہوئے سنائی، ظہیر فاریابی اور اس پایے کے متعدد شاعروں کے شعری اظہار سے بھی اس کی دلائل فراہم کرنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھتے۔ اس بحث سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ نذیر احمد صاحب کے نزدیک اس لفظ کے معنی اس عام اور رائج مفہوم سے مختلف ہیں کہ ''غالب اس شعر میں اپنی فارسی شاعری کو بوقلموں اور رنگارنگ اور اس کے مقابلے میں اردو کلام کو ہلکا، پھیکا یا قدرے بے کیف قرار دینا چاہتے ہیں۔'' وہ اس ضمن میں سید حامد کے ایک مضمون کا تفصیلی ذکر کرتے ہیں اور تمام اسناد اور حوالوں سے اپنے نقطۂ نظر کو استحکام بخشتے ہوئے ''بیرنگ'' کے اصل معنی 'خاکہ' قرار دیتے ہوئے یہ نتیجہ نکالتے ہیں۔

''بہ لحاظ قواعد یہ کلمہ اسم فاعل ہے اور استعمال میں صنف کے طور پر آتا ہے مثلاً کلامِ بیرنگ ،شعرِ بے رنگ ،گلِ بے رنگ ،وغیرہ فقرات پر غور کریں تو ان کے معنی یہ ہوں گے، وہ کلام جو لطف سے خالی ہو، وہ شعر جس میں کیفیت نہ ہو، وہ پھول جو رنگ و بو سے بے نصیب ہو۔ غرض یہ صورتیں اسم کیفیت یا اسم مصدری کی ہیں ہاں 'بیرنگی' اسم مصدر ہے اور اس کا استعمال بطور مضاف کے ہوگا اس صورت میں 'بیرنگ من' کے معنی ہوئے میرا خاکا، اور غالب کے شعر میں یہی معنی ہے۔ اس لئے غالب کے شعر میں 'بے رنگ'

Marfat.com

کا املا 'بیرنگ' ہونا چاہئے اور اس کے معنی خاکہ کے ہیں۔ 'نہ کے بے رنگ' جس میں رنگ نہ ہو"۔

مرزا غالب اور ان جیسے نابغۂ روزگار ہستیوں کے بارے میں عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ذہن وفکر اور دوراندیشی کی بنیاد پر اپنے زمانے سے بہت آگے تھے بظاہر خود غالب نے بھی اپنے فارسی اور اردو کے بعض اشعار میں اس مفروضے کی تائید کی ہے۔ مثلاً وہ اپنے ایک شعر میں کہتے ہیں کہ:-

ہوں گرمیِ نشاطِ تصور سے نغمہ سنج　　　میں عندلیبِ گلشنِ ناآفریدہ ہوں

مرزا غالب کے زمانے میں انگریزوں کے بڑھتے ہوئے اثرات اور روز افزوں ایجادات وتغیرات کے نتیجے میں خود غالب کا مستقبل کی صورت حال سے زیادہ پر امید ہونا قرین قیاس معلوم ہوتا ہے، مگر پروفیسر نذیر احمد جس مکتب فکر کے دانشور ہیں اس کے لئے کلاسیکی اقدار اور ازمنۂ قدیم وسطیٰ میں رائج علمی اور دانشورانہ قدریں ہی زندگی اور انسانی ذہن کے معیار کا تعین کرتی ہیں۔ چنانچہ ان کے نزدیک فارسی زبان و ادب کے روز افزوں انحطاط کی بناء پر غالب کی فارسی شاعری عموماً اور فارسی نظم خصوصاً وقت کے ساتھ ساتھ ناقدری کا شکار ہوئی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

"غالب اپنے دور سے پہلے کے فن کار ہیں۔ اگر وہ مثلاً سولہویں صدی میں ہوتے تو ان کو اپنے کلام کی ایسی داد ملتی جو صرف چند شاعروں اور ادیبوں کا حصہ ہوتی ہے۔ وہ نظیری، عرفی، طالب صائب، جیسے شاعروں کا خلاصہ تھے۔ مجھے حالی کے اس بیان

Marfat.com

سے پوار اتفاق ہے کہ غالب کی موت سارے ممتاز متاخرین فارسی شعراء کی موت ہے۔ اگرچہ غالب کا اپنا خیال تھا کہ ان کے کلام کی قدردانی ان کے بعد ہوگی۔ اردو کے بارے میں یہ خیال سو فیصد صحیح ثابت ہوا، لیکن فارسی میں ان کو جو داد خود ان کے زمانے میں ملی اب نہیں مل سکتی، اور آئندہ بھی بظاہر کوئی توقع نہیں:

شہرت شعرم بگیتی بعد من خواہد شدن

این می از قحط خریداری کہن خواہد شدن

یہ صحیح ہے کہ یہ شراب قحط خریداری کی وجہ سے کہن تر ہوتی جارہی ہے شراب کے لئے کہنگی قابل تعریف ہے لیکن شعر و ادب پر یہ حکم نہیں لگایا جاسکتا''۔

اس بیان سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ کلاسیکی اقدار ہوں یا جدید تر معیارات ان کی ترجیح کا تعلق اس بات سے زیادہ ہے کہ آپ کو کس نوع کی قدریں زیادہ عزیز ہیں۔ پروفیسر نذیر احمد چونکہ لسانی اور علمی و ادبی معیار کو ماضی سے متصف کرنے پر یقین رکھتے ہیں اس لئے خود غالب کے اپنے خیال کے برخلاف وہ غالب کی فارسی شاعری کو ماضی کے اعلیٰ کلاسیکی معیار اور عظمتوں سے زیادہ قریب پاتے ہیں۔

غالب کے فارسی نثر نگاری کے امتیازات کی نشاندہی کرتے ہوئے نذیر صاحب نے جس انداز میں غالب کے نثری نمونوں کو خود ان کے معاصرین اور

Marfat.com

متقدمین سے مختلف دکھایا ہے اور جس طرح غالب کی نثری مابہ الامتیاز خصوصیات کی طرف اشارہ کیئے ہیں اس سے بحیثیت فارسی نثر نگار مرزا غالب کی انفرادیت نمایاں ہو کر سامنے آ جاتی ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ معاملہ محض غالب کی نثر کے مطالعہ سے کہیں زیادہ فارسی میں نثر نگاری کے ارتقاء اور مختلف ادوار کی شناخت سے ساتھ لسانی اور اسلوبیاتی عناصر کی تفریق اور امتیازات کا بھی ہے۔ نذیر احمد صاحب، غالب کی اس انفرادیت کو نشان زد کرتے ہوئے اس انداز میں خط فاصل کھینچتے ہیں:

> ''فارسی نثر کا مروجہ اصول یہ تھا کہ اس کی زبان مغلق ہو۔ عربی کے الفاظ وفقرات سے بوجھل، اور ساری صناعی کا مدار انہیں پر ہوتا تھا۔ غالب نے اس روش سے یکسر علیحدگی اختیار کی۔ انہوں نے یہ راہ نکالی کہ عربی کے الفاظ وتراکیب سے حتی الوسع احتراز کیا جائے اور وہ صرف انہیں صورتوں میں استعمال ہوں جہاں ان کے لئے فارسی میں نہ الفاظ وفقرات موجود ہوں اور نہ انہیں تراشا جا سکتا ہو۔ ظاہر ہے، یہ فیصلہ نہایت مشکل تھا۔ اس کے لئے ہزاروں الفاظ وفقرات تراشنے تھے۔ غالب نے یہ چیلنج قبول کیا اور نہایت کامیابی سے اس سے عہدہ برآ ہوئے''۔

اس اقتباس سے محض نثر نگار غالب کی انفرادیت ہی نہیں معلوم ہوتی بلکہ اس نقطۂ نظر کی توثیق بھی ہوتی ہے کہ جس طرح سبک ہندی کے فارسی شاعروں نے ایرانی شاعروں سے الگ اپنی شعریات کی تشکیل کی اور اس کے لوازم مرتب کیئے، اسی طرح غالب جیسے فارسی کے نثر نگار نے رائج فارسی ڈکشن اور عربی آمیزی سے الگ عملی طور پر

Marfat.com

اپنی نثر کے تشکیلی عناصر کو مجتمع کرنا شروع کر دیا تھا۔ پروفیسر نذیر احمد نے غالب کے نو تراشیدہ مرکبات، اضافی و توصیفی تراکیب، مختلف النوع فقرات اور مشتقاق کی متعدد فہرستیں مرتب کر دی ہیں جن کی مدد سے غالب کو ایک منفرد نثر نگار کی حیثیت سے پہنچانا جا سکتا ہے۔ نذیر صاحب اس سلسلے میں صرف لسانی خصوصیات کے ذکر پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ زیر بحث مضمون کے لب لباب کے طور پر بعض ان اسلوبیاتی خصوصیات کی نشاندہی بھی کرتے ہیں جن سے غالب کے نثری اسلوب کا یقین ہوتا ہے۔ اس ضمن میں جدت ادا، معنی آفرینی، شعری اسلوب نگارش، ایجاز و اختصار، نئے اور تازہ مرکبات کی تشکیل اور نئے نئے الفاظ کی تراش وخراش کے علاوہ جملوں کی ساخت کا مسئلہ بھی زیر بحث آتا ہے اور اس دعوی کو پایۂ تصدیق تک پہونچانا آسان ہو جاتا ہے کہ غالب کی نثر ان کے معاصرین اور متقدمین فارسی ادیبوں سے کیونکر اپنی الگ شناخت رکھتی ہے اور کس طرح غالب نے فارسی میں ایک الگ اسلوب کی داغ بیل ڈالی تھی۔ اس موقع پر شاید اس تفصیل میں جانے کی ضرورت نہ ہو کہ کسی زبان میں بھی منفرد لسانی اور اسلوبیاتی عناصر کو الگ کر کے کسی بھی شاعر اور نثر نگار کی انفرادیت کا تعین کتنا مشکل ہوتا ہے۔ پروفیسر نذیر احمد الفاظ، تراکیب اور لغوی بنیادوں سے گہری دلچسپی رکھتے ہیں اس لئے شاعری یا نثر میں لسانی شناختوں کا مسئلہ ان کی نقطہ آفرینی کا ایک مخصوص دائرہ کار بن جاتا ہے۔

پروفیسر نذیر احمد کی نگاہ بالعموم پیش پا افتادہ علمی و ادبی گوشوں اور رائج پہلوؤں پر نہیں پڑتی۔ غالب کے فارسی قصائد سے متعلق اپنے ایک مضمون میں وہ غالب کو فارسی قصیدہ نگاری کی تاریخ میں نمایاں مقام دینے پر آمادہ نظر نہیں آتے، مگر

Marfat.com

تعین قدر کے اس عمل میں دوسرے فارسی قصیدہ نگاروں سے غالب کا موازنہ کرنے کے بعد نتیجہ یہ نکالتے ہیں کہ ان کا شمار فارسی کے بڑے قصیدہ نگاروں میں تو البتہ نہیں ہوسکتا، لیکن اس اعتبار سے غالب کا امتیاز بہر حال طے شدہ ہے کہ ان کی قصیدہ نگاری میں غزل کے آداب کی پوری رعایت ملتی ہے، اور یہ کہ غالب، اپنے فارسی قصیدہ کو غزل کے فنی حدود کے قریب کر دیتے ہیں۔ یہ نذیر صاحب کی تحقیقی دیانتداری نہیں تو اور کیا ہے کہ وہ اپنے کسی تحقیقی موضوع کو ممدوح کی سطح پر فائز نہیں کرتے اور کھرے کھوٹے کی تفریق میں کسی تکلف سے کام نہیں لیتے۔ اسی باعث وہ غالب کے قصائد کا موازنہ فارسی کے نمائندہ قصیدہ گویوں مثلاً عرفی، رودکی اور انوری وغیرہ سے کرنے کے بعد غالب کو، گو کہ ان کے پایہ کا قصیدہ نگار نہیں بتاتے، مگر غالب کے ان خصوصیات کو ضرور نشان زد کر دیتے ہیں جو غالب کو دوسروں سے الگ ثابت کرتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:

> ''غالب کی قصیدہ نگاری کو اگر فارسی قصیدہ گوئی کے پس منظر میں دیکھا جائے تو ان کا شمار بڑے قصیدہ نگاروں میں نہیں ہوسکتا۔ اس لئے کہ موضوعات کے اعتبار سے ان کا دائرہ محدود رہا ہے۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ ان کی ذہانت و طباعی قدم قدم پر اپنا رنگ دکھاتی ہے۔ ان کے قصائد مضمون آفرینی، نازک خیالی اور جدت ادا کے نمونوں سے بھرے پڑے ہیں۔ اس بنا پر یہ قصیدے اکثر غزل کے حدود میں داخل ہوگئے ہیں''۔

قصیدہ نگاری کو عربوں نے جس درجۂ کمال تک پہنچایا تھا اس کا سلسلہ ایران

Marfat.com

میں بھی برقرار رہا مگر ایران سے لے کر ہندوستان تک قصیدہ نگاری کے ساتھ تملق، چاپلوسی اور بے جا ستائش کی جو صفات اس صنف سخن سے وابستہ ہوگئی تھی ان کی تخفیف اسی صورت میں ممکن تھی کی تشبیب کے حصے میں شاعر اپنے فنی جوہر اس طرح دکھلائے کہ قصیدہ کی مدح اور اظہار مدعا کے بیانیہ حصے پر تشبیب کی فنکارانہ ہنرمندی غالب آ جائے۔ اس ضمن میں پروفیسر نذیر احمد نے بجا طور پر فارسی قصائد میں زیر بحث آنے والے وسیع دائرۂ موضوعات کا ذکر کیا، لیکن چونکہ غالب اپنے مزاج اور افتاد طبع کے اعتبار سے اپنی ندرت خیال، جدت طرز ادا اور مضمون آفرینی کی غیر معمولی تخلیقی اور فنکارانہ جہت کو تعریف و توصیف اور بیانیہ لب ولہجہ پر قربان کرنے کو کسی بھی طرح تیار نہ تھے اس لئے ان کے فارسی قصیدوں میں بھی غزل کے صنف کا ایجاز، جامعیت اور بالواسطہ طرز اظہار زیادہ نمایاں ہے۔ غالب کے قصیدوں کے ان امتیازات کو یہ بات بھی تقویت بخشتی ہے کہ غزل کی ہیئت ہی قصیدہ کے لئے تقریباً ہر زمانے میں موزوں اور مناسب رہی ہے۔ اس بات کو دوسرے لفظوں میں اس طرح بھی کہا جاسکتا ہے کہ غزل کی صنف کا قصیدہ کی تشبیب سے برآمد ہونا یا غزل کے لئے غالب طور پر قصیدہ کے مروجہ ہیئت کو اپنا لیا جانا، جیسے عمل میں دونوں اصناف کے داخلی تخلیقی رشتوں اور مماثلتوں کی پوری داستان چھپی ہوئی ہے۔

یوں تو پروفیسر نذیر احمد نے غالب کی تلمیحات، غالب کے کلام کے لسانی جہات اور لغوی اختراعات کے علاوہ ان کے مکاتیب اور نثر و نظم سے تعلق رکھنے والے متعدد مسائل اور علمی رویوں پر نہایت معنی خیز انداز میں لکھا ہے اور اپنے ہر مضمون میں کسی نہ کسی ایسے گوشے کی نقاب کشائی کی ہے جس میں بہت کم محقق اور ماہر غالبیات کو

Marfat.com

ان کا مماثل قرار دیا جاسکتا ہے، لیکن اپنے مزاج کے برخلاف انہوں نے غالب کی ناقدانہ صلاحیت پر جس طرح اظہار خیال کیا ہے وہ اردو شعراء کے تنقیدی شعور کی تلاش وجستجو کے موضوع پر نہایت قابل توجہ تحریر ہے۔ وہ اپنے تجزیہ اور بحث وتمحیث کے نتیجہ کے طور پر لکھتے ہیں:

''غالب کے نزدیک اچھے شعر کی بنیاد اچھوتے مضامین اور جدت طرز ادا پر ہے۔ وہ تصنع اور تکلف سے پرہیز کرتے ہیں، ان کے نزدیک صناع لفظی، شعر کی تاثیر میں خلل انداز ہوتے ہیں۔ وہ نازک خیالی اور مضمون آفرینی کے بڑے موید تھے، وہ اعلیٰ درجہ کے نقاد سخن تھے گو کہ موجودہ دور میں فن تنقید کے سارے تقاضے وہ پورے نہیں کرتے''۔

متذکرۂ بالا صفحات میں پروفیسر نذیر احمد کی غالب شناسی کے جن پہلوؤں کی نشاندہی کی گئی ہے وہ محض معدودے چند مثالیں ہیں، ورنہ غالب سے متعلق ان کی تمام تحریریں نکتہ رسی اور نکتہ آفرینی کے ایسے نمونے ہیں جن کی تمثیل غالب پر خود ان کی ایک رائے سے بہتر طور پر بیان کی جاسکتی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

''شعری نکات کے سمجھنے میں غالب کو جیسا ملکہ تھا، کم لوگوں کو ہوگا، اور حقیقت یہ ہے کہ ادبی وشعری تنقید کی پہلی منزل سخن فہمی اور نکتہ رسی ہے''۔

یہ بیان خود نذیر صاحب کے لئے حرف بحرف درست ہے۔

X

Marfat.com

پروفیسر شعیب اعظمی*

# پروفیسر نذیر احمد کے علمی کارناموں اور ''فارسی قصیدہ نگاری'' ایک مختصر جائزہ

آج جس علمی شخصیت کے کارناموں کے ذکر سے یہ مجلس آراستہ ہوئی ہے اور اس کے ہمعصروں، دوستوں، عقیدتمندوں اور قلم کار دانشمندوں کی آراء تقریروں اور تحریروں کے ذریعہ، اس کی بیش بہا خدمات کا حقیرانہ اعتراف کیا جا رہا ہے۔ وہ ہماری خوش قسمتی سے ہمارے درمیان موجود ہیں، ہمارے عہد کی سنجیدہ اور بھاری بھرکم، متواضع، منکسر المزاج اور دیندارانہ اور عالمانہ روایات کی حامل ہے۔ ان کے وجود سے تحقیق، تنقید، تاریخ اور تصنیف کی وہ شمع روشن ہے جو صدہا سال سے بیشمار ارباب بصیرت، اہل فکر و نظر اور عقل و دانش کے پروانوں نے جی جان سے ہر حال میں برقرار رکھی تھی۔ آج انہیں اپنے درمیان پا کر ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے ہم ان نادر بزرگوں کو دیکھ رہے ہیں جن کے قلمی سفینے ہمیں صدیوں کی تہذیب، تاریخ، تمدن، ثقافت اور ثقایت کی سیر کراتے رہے ہیں، فنون لطیفہ کے مختلف پہلوؤں معماری، موسیقی، مصوّری، خطاطی اور زندہ و پائندہ فن شاعری کے آبدار نمونوں خوشگوار اصناف شعر کے دفینوں کی نشاندہی کر رہے ہیں جن سے ہم مالا مال ہیں اور ہمیں ایسے خزانوں کی کنجی

* جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

Marfat.com

بطور میراث عطا کر رہے ہیں جو لازوال ہیں اور دنیا کے تمام مال و متاع میں افضل اور بے بدل یعنی بزرگوں کے بقول سب سے زیادہ عمر علم کی ہوتی ہے۔

یہ وہ شخصیت ہے جس نے حافظ محمود خان شیرانی (م: ۱۹۴۶ء)، شبلی نعمانی (م: ۱۹۱۴ء)، پروفیسر حسن عسکری، امتیاز علی خان عرشی (م: ۱۹۸۱ء)، قاضی عبدالودود (م: ۱۹۸۴ء)، عبد الرحمٰن بجنوری (م: ۱۹۱۸ء)، ڈاکٹر تارا چند (م: ۱۹۴۳ء)، حبیب الرحمٰن خان شروانی، پروفیسر عبدالقادر (م: ۱۹۵۰ء) کی مساعی جمیلہ کی باقی ماندہ میراث کو نہ فقط محفوظ رکھا ہے بلکہ اس کی آب و تاب میں اضافہ کیا ہے، اس کی قدر و قیمت بڑھائی ہے۔ شبلی کے ایک شعر کا مفہوم یہ تھا کہ "جو کچھ امیدیں ہیں وہ تم سے ہیں۔ جوان ہو تم لب بام آ چکا ہے آفتاب اپنا" اور وہ امید انہیں کے خطابیہ شعر میں ظاہر تھی:

عجب کیا ہے انہیں میں کوئی سر سید نکل آئے
کوئی حالی، کوئی شبلی، نذیر احمد نکل آئے

عناصر خمسہ اور شعر ہذا کے آخری نام کو ہم شبلی نعمانی کی بشارت کہہ سکتے ہیں۔

یہ وہی محترم شخصیت ہے جن کے بارے میں ایران کے مجلّہ "کیہان فرہنگی" کے مدیر مسئول آقای محمود اسعدی نے بطور تعارف لکھا ہے:

"باعث خرسندی است کہ در حضور اساتید با سابقہ ادب فارسی و نسخہ شناسان صبور و پر حوصلہ ای ہمچو استاد "نذیر احمد" ہستیم۔ بہ تعبیر سادہ فنی توان گفت ادب معاصر فارسی در ہند مدیون وجود

Marfat.com

چنین عزیزانی است۔ آقای پروفسور نذیر احمد برای ادبا و اساتید زبان فارسی در دانشگاہ ھای ایران دہر جایی دنیا چہرہ آشنا و گرانقدر اند'' (کیہان فرہنگی، ش ۴، جون ۱۹۹۲ء)

مدرسہ سے کالج اور پھر یونیورسٹی تک فارسی پڑھنے پڑھانے کے شغف میں سعدی کی گلستان بوستان کے علاوہ ان کے ہندی اساتذہ پروفسور یوسف، عبدالقوی فانی و پروفسور وزیر الحسن عابدی کی تدریس و رہنمائی اور ایران کے جلیل القدر اساتید ڈاکٹر ذبیح اللہ، ڈاکٹر معین اور استاد بدیع الزمان فروز انفر کی مشفقانہ اور عالمانہ سرپرستی نے صاحب شعر العجم کی بشارت کو جب حقیقت کے پردہ پر جلوہ گر کیا تو وہ آج کی علمی مجلس میں مہمان ذی وقار، صاحب امتیاز پروفیسر ڈاکٹر نذیر احمد ہی کی ذات گرامی تھی۔

یہ ساٹھ باسٹھ سال کی مشقت اور ریاضت تھی جس میں فارسی از اول تا امروز آن کا اوڑھنا بچھونا رہی ہے۔ ظہوری ترشیزی اور ''نورس'' پر خصوصاً موسیقی کے سلسلہ میں تحقیق وتنقید کے جان جوکھم کام کے بعد بھولے بسرے فرہنگوں کو جنہیں عام معلم چھوتے بھی تکلف کرتا ہے، اپنی تحقیقی کاوشوں کا مقصد قرار دیا۔ دستور الافاضل، نقد قاطع برہان، فرہنگ قواس، زفان گویا کی ترتیب، لغات کی درستگی اور صحت کی تکمیل انجام دے کر ان کو منظر عام پر لائے۔ مکاتیب سنائی، دیوان عمید لویکی، دیوان سراجی، دیوان مہندس کی تدوین نو، نامہ ھای پادشاہ دکن، بیہقی و ہندوستان، مقالات علمی و تاریخی (مترجمہ پروفیسر کبیر احمد جائسی) کے علاوہ حافظ شیرازی جیسے شہرۂ آفاق شاعر کے ایسے دیوان کی بازیافت جس میں مقدمہ کا وجود اور ایسی غزل کا تعارف جو

Marfat.com

کسی اور دوسرے دیوان میں نہیں ملتی ہے، ان کی کدوکاوش کا ہی نتیجہ ہیں۔ ذکر حافظ کی نادرالوجود غزل کا ہے اور وہ بھی استاد محترم کی کوشش کے طفیل کیوں نہ وہ اشعار یہاں دہرا دیئے جائیں:

در جان و دیدہ ای دل، ای مشتری شمایل — مہر تو سیر دارد چون ماہ در منازل
صحن سرای دل را شستم بآب دیدہ — دروی غمت بہ شادی جانان چو کرد منزل
از سوز سینہ ہر شب جان راست دست بر سر — وز آب دیدہ مردم جان است پای در گل
جانا بہ بہر عشقت بی آشنا و رہبر — کشتیٔ دل فگندم تا کی رسد بہ ساحل

واقعہ یہ ہے کہ استاد محترم کے کارناموں کا میدان بہت متنوع اور وسیع ہے۔ غالب شناسی پر نہ صرف سیمنار اور غالب نامہ کے صدہا مضامین کے علاوہ غالب سے متعلق ان کے اپنے تحقیقی مقالے ان کی غالب سے دلچسپی اور تحقیق و تنقید سے والہانہ ذوق و شوق کی بین مثال ہیں۔ انہیں مدیر کیہان فرہنگی کے بقول:

> ''دکتر نذیر احمد بیش از ۵۰۰ مقالہ تحقیقی و تنقیدی نگاشتہ کہ در و خارج از ہند در مجلّہ ہای افغانستان، ایران، پاکستان و کویت بہ چاپ رسیدہ است۔ این مقالہ ہا بہ زبان اردو و فارسی در بارۂ ادب، تاریخ، تمدن، خطّاطی، لغت و موسیقی می باشند کہ تراجم بعضی ازین مقالہ ہا بہ زبانہای، اردو، فارسی، پشتو، انگلیسی و روسی تہیہ است۔ (کیہان فرہنگی ص۹، شمارہ۴ سال نہم)''

واقعہ یہ ہے کہ ان مقتدر رسالوں کی فہرست بڑی طویل اور معیاری ہے جس

Marfat.com

میں پروفیسر نذیر احمد کے گرانقدر مقالات شائع ہوتے رہے ہیں۔ نگار (لکھنؤ)، معارف (اعظم گڑھ)، اردو ادب، مجلّہ علوم اسلامیہ، فکر ونظر (علی گڑھ)، غالب نامہ، برہان، ہماری زبان، آجکل، آہنگ، اسلام اور عصر جدید، تحریر (دہلی)، نیا ادب، نیا دور، (لکھنؤ)، یونیورسٹی جرنل (کلکتہ)، خدا بخش جرنل، معاصر (پٹنہ)، اورینٹل کالج میگزین، صحیفہ (لاہور)، دانش (اسلام آباد)، رہنمائی کتاب، ایران نامہ، کیہان فرہنگی، آینده، ایران شناسی اور آشنا (تہران، ایران)، قابل ذکر ہیں۔

ان بیشمار رسالوں میں علمی، فنّی، معاشرتی اور تاریخی و ادبی مضامین میں پروفیسر موصوف نے وہ نکات بیان کئے ہیں اور ایسے الفاظ، ترکیبات اور اصطلاحات سے روشناس کرایا ہے جنہیں ہم صرف پڑھ لیا کرتے ہیں مگر مفہوم اور مطلب سے نا آشنا رہتے ہیں۔ مثالاً رودکی سمرقندی کے معروف قطعہ بوی جوی مولیان کی تفصیل (ص ۵۱۱-۵۱۲) نماز خفتن (ص ۴۹۲) محفوری (ص ۴۸۴) لفظ دوشیزہ (ص ۴۹۳) شہر بانو (ص ۴۹۳) عیاری، جوانمردی، فتوت (ص ۵۰۵) اور نماز ہایی پنجگانہ (۴۹۱) کی دلچسپ تفصیل جن کے وجود میں آنے، وجہ تسمیہ اور پھر انہیں قدیم فارسی شعرا کے کلام سے استناد بخش کر اعتبار دیا ہے اور ان کو کارنامۂ نذیر، مرتبہ ڈاکٹر ریحانہ خاتون کے صفحات مذکورہ بالا میں دیکھا جا سکتا ہے۔

معاشرتی زندگی اور خصوصاً اسلامی تمدن میں لباس کی اہمیت قابل ذکر ہے۔ یہ لباس کن پارچہ جات سے تیار ہوتے ہیں، انہیں کی فراہم کردہ فہرست میں سندس، سنجان، خز دیبا، آبریشم، استبرق، دیباج، کرباس، ششتری، کالونی، ہفت رنگ

Marfat.com

شادروان، اطلس رومی، بوریا، کمسانی، پرنیان، حریر، حلّہ شوستری، قرقوبی، بوقلمون، سوزنی، شال، بیرم ،زعفرانی، قبا، دستار، شمسی، پلاس، توزی، کسوت، فرش، پرند، قصب ، پرند چینی، پرن، پرنون، تالی، پرنون، نمد، مخروط ، مدہون، کتّان، اکسون، عتابی، معلم، زربفت ہفت فرش، دق، سراپردہ، سقرلات، سقلاطون، زندنجی، آغروہ، لاد، ہنگفت ، لای، تونہ، خستوانہ، زیلو ونخ جیسے رنگارنگ لباسوں اور کپڑوں کی زرق برق تاریخ کا معلوماتی فرہنگ دیکھنا ہوتو ہمیں انہیں کے مضمون ''یادداشتہایی لغوی و ادبی'' میں ان ناموں کو فارسی کے نامور شعراء۔۔۔ ناصر خسرو، عنصری، فرخی، سنائی، مختاری، مسعود سعد سلیمان ،انوری، سراجی، خاقانی، کسائی، ابوالفرج رونی، سوزنی، نظام قاری، فرخی، منوچہری ،فردوسی، ظہیر فاریابی، نظامی، سعدی، رودکی، اسدی، ادیب صابر خسرو، حسن غزنوی، معزی، کمال اصفہانی، ذوالفقار شروانی، لامعی گرگانی، کمال اسمٰعیل اور صاجبی کے تقریباً ۱۵۷ اشعار سے ان کی تصدیق کی ہے اور راحت الصدور راوندی، سیاست نامہ نظام الملک، جہانگشائی جوینی، برہان قاطع، فرہنگ رشیدی، فرہنگ جعفری، بحر الفضائل، مدار الافاضل، سرمہ سلیمانی، منتہی الادب جیسی نادر تاریخوں اور فرہنگوں کے حوالے دیئے ہیں۔ اس مقالہ کی افادیت کے بارے میں ان کا اپنا خیال کس قدر درست اور باعث استفادہ ہے، وہ انہیں کے ذیل کے الفاظ میں پیش خدمت ہے:

''مطالعہ کتب کے دوران بعض قابل توجہ امور ایسے آجاتے ہیں
جن کے بارہ میں مختصر یادداشت بہت مفید ہوتی ہے۔ اسی بنا پر

Marfat.com

ذیل میں بعض امور پر مختصر مگر ضروری یادداشت درج کی جارہی
ہے جو قارئین کے لئے شاید زیادہ دلچسپ نہ ہو مگر متون کے
مطالعہ میں ان سے بڑی مدد مل سکتی ہے۔ اردو میں فی الحال اس کا
رواج بہت کم ہے لیکن فارسی میں کافی پایا جاتا ہے۔ تحقیق متن
کے سلسلہ میں تحقیقات و حواشی کا مدار انہیں امور پر ہوتا ہے۔
ایران کے مشہور محقق علاّمہ محمد بن عبدالوہاب قزوینی کی یادداشتیں،
مشہور ایرانی دانشور ایرج افشار کی ترتیب کے ساتھ ۱۰ جلدوں
(۵ مجلدات) میں شائع ہوئی ہیں۔ ان میں دنیا جہان کے مسائل
پر گفتگو کی گئی ہے۔ اردو میں اس سلسلہ کی ابتدا ایک مفید قدم ہوگا"۔
(کارنامہ نذیر ص ۴۵۶ تا ۴۸۹)

تحقیق، تصحیح، ترتیب، تدوین اور صحت متن سے متعلق کام کرنے والوں کے لئے یہ زرین اصول رہنما کا کام دیں گے۔ دیدہ وری، دیدہ ریزی اور جانفشانی کے علاوہ اس سے غیر معمولی دلچسپی اور عالمانہ دیانت کا سبق ہمیں ان کے بیشمار مضامین اور متعدد تصنیفات سے حاصل ہوتا ہے۔

پروفیسر نذیر احمد کے ادبی، علمی اور فنی کارناموں میں سے چند گوشوں کی جھلکیاں ان کی مجموعی خدمات اور علمی شغف کا بین اور واضح مظہر ہیں اور اس ضروری تمہیدی تفصیل و تعارف کے بعد ان کی کتاب فارسی قصیدہ نگاری کا مطالعہ اور جائزہ پیش ناظرین اس لئے زیادہ ضروری ہے کہ انہوں نے قصیدہ جیسی مقبول مگر طاق نسیان

Marfat.com

پر رکھ دی گئی اس صنف شاعری کو نہ صرف یاد دلایا ہے بلکہ اس میں تاریخ پارینہ، عظمت رفتہ، تخت نشینی کی خونین جنگوں، شجاعت، مردانگی، آلات حرب، اسباب جنگ، ذرائع نقل وحمل، ہاتھیوں، گھوڑوں، دریاؤں کوہستانوں، ریگزاروں اور دشوار گزار راستوں وغیرہ کا ذکر بے کم وکاست ملتا ہے۔ بادشاہوں کی علمی سرپرستی، سخن فہمی، دریا دلی، فیاضی اور جود وسخاوت کی بے بدیل مثالیں ملتی ہیں اور ہمارے سخنوروں کی شعری صلاحیتوں، علوم متداولہ، قرآن، تفسیر، حدیث، روایات، اقوال، اور علمی اصطلاحات، نجوم، طب، دبیری اور شاعری میں ان کی رسائی کا کماحقہ دلچسپ اور قابل قدر ذکر ملتا ہے بقول پروفیسر کبیر احمد جائسی:

> ''قصیدہ فارسی شاعری کی ایک انتہائی اہم صنف ہے۔ قدما اس صنف سخن میں اپنے زور طبع ہی کا نہیں علم وفضل کا بھی مظاہرہ کیا کرتے تھے جب علم نجوم، ہیئت اور موسیقی کی اصطلاحوں سے لوگ ناآشنا ہونے لگے اور مذکورہ علوم کی اصطلاحیں ان کے لئے چیستاں بننے لگیں تو اس صنف سخن کو مطعون کیا جانے لگا اور قصیدہ کے یہ معنی قرار دیئے جانے لگے کہ یہ ایک ایسی صنف سخن ہے جس میں شاعر یا تو دروغ گوئی کا مرتکب ہوتا ہے یا پھر بھٹئی کا۔

استاد محترم پروفیسر نذیر احمد صاحب نے اس طلسم کو توڑتے ہوئے وافر مثالوں کے ذریعے یہ بات ثابت کی ہے کہ قصیدہ ہی وہ واحد صنف سخن ہے جو تاریخی مآخذ کے بھی کام آتی ہے اور

Marfat.com

جس کے مطالعے کے ذریعہ، شاعر کے زمانہ کے تہذیبی سرمائے
سے بھی واقف ہوا جاسکتا ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ یہ وہ صنف
سخن بھی ہے، جس میں اسلامی علوم و معارف کے بہت سے ایسے
نکات بھی محفوظ ہیں جن کے ذریعہ سے ان کے ارتقا اور
مسلمانوں پر ان کے اثرات سے بھی نہ صرف واقف ہوا جاسکتا
ہے بلکہ ان کی ایک جامع تاریخ بھی مرتب کی جاسکتی ہے''
(فارسی قصیدہ نگاری، پروفیسر نذیر احمد ص ۴)

نوح بن منصور سامانی کا درباری شاعر رودکی سمرقندی (م: ۳۲۹ھ) اس کے ''بوی جوی مولیاں'' کی شان نزول، اس کے جواب میں امیر معزی، ابو سعد اصفہانی، شبلی نعمانی کے چند اشعار اور پھر ولی عہد بہادر کی مدح میں غالب کا قصیدہ اپنی جگہ مسلم مگر واقعہ یہ ہے کہ رودکی کا جواب آج تک کسی سے نہیں بن پڑا۔ عنصری (م: ۴۳۱ ہجری) فرخی (۴۲۹ ہجری) محمود غزنوی کے درباری شعراء نے محمود کی ہمت، سخاوت، طاقت کی جنگوں کی، راستے میں پڑنے والے شہروں، قصبات، دریاؤں کی جزوی خصوصیات، پھر عنصری کی شاعرانہ عظمت اور تمام عربی فارسی شعراء کو اس کے سامنے کمتر ظاہر کرنا منوچہری دامغانی (م: ۴۳۲ ہجری) کے معلومات اور کمال شعری کی معراج ہے:

کو جریر و کو فرزدق کو زھیر و کو لبید — روبہٗ عجاج و دیک الجن و سیف ذویزن
کوحطیہ، کو امیہ کو نصیب کو کُمیت — اخطل و بشار برد آن شاعر اہل یمن

Marfat.com

در خراسان بوشعیب و بوذر آن ترک کشی — وان صبور پارسی و آن رودکی چنگ زن
آن دوگرگانی و دو رازی و دو ولوالجی — سہ سرخسی و سہ کاندر سغد بودہ مستکن
ابن ہانی ابن روحی ابن معتز ابن بیض — دعبل و بوشیص و آن فاضل کہ بود اندر قرن
آن خجستہ پنج شاعر کو، کجا بودند شان — عزہ و عفرا و ہند و میّہ و لیلی سکن
وآن دو امرؤالقیس وآن دو طرفہ و دو نابغہ — آن دو حسان و سہ اعشیٰ و سہ حمّاد و سہ زن
از بخارا پنج و پنج از مہر و و پنج از بلخ باز — ہفت نیشاپوری و سہ طوسی و سہ بوالحسن
گو فراز آیند و شعرا و ستادم بشنوند — تاعزیزی روضۂ بینند و طبعی نسترن

(ص ۱۷۔۱۸)

چونکہ فرخی سیستانی (م: ۴۲۹ھ) کا دیوان محفوظ ہیں اس لئے اس کے محمودی قصائد بھی محمود غزنوی دور کے سیاسی واقعات کے عکاس ہیں۔ منوچہری کے قصائد، مناظر قدرت، طیور کے نغموں، موسیقی اور پھولوں کے اقسام اور ناموں سے بھرے پڑے ہیں، تبت، عدن، بیرم، فرخار، کبک، شارک، فاختہ، بط، قمری، مسلسل، ناقوس، سنتور، نائی، طنبور، نار، چنار، لولو، زنبر، عنبر، یاقوت، مُشک، بلبل و صلصل، لالہ نعمان، شقائق، کوہ، کوہ پایہ، جوئی، جوئبار یہ سب بہار، نوروز کی آمد اور باغ وسنلبستاں کے اجزائے ترکیبی ہیں۔

کون کہہ سکتا ہے کہ سنائی کے قصائد مدحیہ ہی ہوں گے اور لائی خوار کا طنزان کے اشعار کو کلام علم وحکمت، عرفان وتصوف اور مذہب واخلاق کا خزانہ بنادے گا۔ حکیم سنای کے بیشتر اشعار کا حوالہ دیتے ہوئے پروفیسر موصوف نے لکھا ہے کہ "ان کے

Marfat.com

دیوان میں بیسیوں قصائداس انداز کے ملتے ہیں اور میرا خیال ہے کہ اگر صرف سنائی کے قصیدوں کا ٹھیک طور پر مطالعہ کرلیا جائے تو فارسی قیصدہ نگاری کی بابت جو عام غلط فہمی ہے وہ رفع ہوسکتی ہے (م: ۵۱۵ھ)۔ مسعود سعد سلمانؔ کی حبسیات، خاقانی (م: ۵۹۵ھ) کے زندان نامے دونوں کے قوت اندیشہ، مہارت، خلق معانی اور تازہ معانی کے اشعار کے مظہر ہیں۔ انوریؔ (م: ۵۸۳ھ) کا ہجونامۂ بلخ اور اسیری سلطان سنجر پُر دردو افسوس کا بہترین نمونہ ہیں۔ امیر معزی (م: ۵۲۰ھ) سلجوقی دربار کے شاعر کی سادہ اور خالی از تکلف قصیدہ گوئی، جمال الدین اصفہانی (م: ۵۵۸ھ) منگولوں کی کشتار کے علاوہ ان کے قصائد سنائی کی مانند، زہد و حکمت، موعظت و نصیحت اور دقیق معانی کے حامل ہیں سعدیؔ (م: ۶۹۱ھ) اخلاقی و حکیمانہ مضامین اور حق گوئی سے اپنے قصائد کو مؤثر بناتے ہیں مداحی میں امیر انکیانو کو نہیں بخشتے ہیں اور یہ بتاتے ہیں کہ قصائد سے نصیحت اور حق گوئی کا بھی کام لیا جاسکتا ہے۔

فارسی قصیدہ کے مصنف نے قصیدہ گوئی کے عروج کے ساتھ زوال کی بھی مثالیں دی ہیں۔ نا مقبولیت کے اسباب بتاتے ہیں اور ہندوستان کے مغل حکمرانوں کے دربار میں اس کے سنبھالا لینے کی طرف اشارہ کیا ہے۔ عرفی مضمون آفرینی، جدت طرازی، خودداری، عزت نفس، حتیٰ غرور و نخوت، فلسفہ اور حکمت کے یادگار قصائد منظوم کرگیا ہے۔

چنانچہ قصیدہ کے خواص کو انہیں شعرا کا رہین منت اور فارسی شاعری کے دامن کو وسیع تر کرنے والا کہا گیا ہے۔ اور سیاسی، سماجی، قومی، ملی، اخلاقی، عرفانی اور

Marfat.com

تاریخی موضوعات اور مسائل کا حامل قصیدہ دستاویزی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ علوم و فنون، نجوم، ہیئت، ریاضی، موسیقی، حیون شناسی وغیرہ کے ذکر اور غالبؔ (م: ۱۸۶۸م) کے طویل قصیدہ اور مشروطیت دور کے پر شکوہ قصائد میں ملک الشعرا بہار کے انقلابی قصائد سے پیش کی ہیں۔

قصائد کی اہمیت اور رنگا رنگی کا ذکر کرتے ہوئے، بدرالدین جاجرمی کی بیاض مونس الارواح سے ۲۶، ابواب کے عنوانات اور پھر وصفیات کے گیارہ قصیدوں کے عنوانات اور بہاریہ قصیدہ کے ۲۱ اشعار درج کئے ہیں۔ منوچہری (م: ۴۳۲ھ) کے بہاریہ قصیدہ سے ۱۷ اشعار نقل کئے ہیں۔

قصیدہ نگاری بھی دوسرے اصناف شعری کے مانند اپنے اندر صنائع بدائع کا بحر بیکراں رکھتی ہے، ترصیع، تجنیس، تام و ناقص، رد العجز علی الصدر، صنعت تقسیم یا صنعت چار در چار، سوال و جواب، تکرار الفاظ، التزام، اور ایک ہی قصیدہ میں مختلف بحروں کے استعمال اور قدیم شعرا سے لے کر غالبؔ تک کے اشعار سے مثالیں موجود ہیں۔ اسی طرح صنعت مناظرہ بیں مغ و مسلم، شراب و بھنگ کے دلچسپ نمونے، توشیح، محذوفات، مسمّط، متعدد مطلع، سوگند نامے وغیرہ کے نایاب اشعار، قدماء سے لے کر غالب اور عرفی تک کے مذکور ہیں۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب کی کتاب فارسی قصیدہ نگاری اگرچہ ۹۵ صفحہ کی ایک مختصر سی تصنیف ہے لیکن اس کا مطالعہ ضخیم سے ضخیم کتاب پر فوقیت رکھتا ہے۔ تحقیق، تنقید، تدوین کا شوق، موضوع سے دلچسپی، اس کے حسن و قبح، دوسری بیاضوں کی صبر

Marfat.com

آزما ورق گردانی، قدیم شعراء کے دواوین، تاریخ سے تطابق اور ان دواوین اور کلیات سے ان کے قصائد کے اقسام، صناعات اور اوصاف کو نقد و نظر کی کسوٹی پر پرکھ کر اسے ایک علمی مقام عطا کر دینا ہر ایک کے بس کی بات نہیں۔ یوں تو ان کی علمی جد و جہد کے سفر کی داستان کے صد ہا نمونے ہیں اور صفحات بالا میں ان کی طرف اشارہ کیا جا چکا ہے لیکن ان کی تصنیفات کی فہرست میں ''فارسی قصیدہ نگاری'' بھی علمی، تحقیقی، شعرفہمی، دقیق نگاہی، ژرف بینی اور نگارش قلم کا شاہکار ہے۔

اس تصنیف کا مطالعہ ہمیں قصیدہ نگاری کی تاریخ، اوصاف، صناعات اور ان کے برتنے والے شعراء کی یاد دلاتا ہے، ہمیں جستجو اور عمل کی دعوت دیتا ہے کتنی ہی تاریخی، ادبی اور شعری تصنیفات کو دیکھنے اور پڑھنے کا شوق عطا کرتا ہے اور بدیہی طور پر بدیع الزماں فروز انفر، ڈاکٹر معین، مجتبیٰ مینوی، ذبیح اللہ صفا، محمود افشار، عباس اقبال آشتیانی جیسے ایرانی فضلاء کے انداز فکر، طریقہ تحقیق اور علمی دیانت اور حوصلہ افزا محنت و مشقت کی راہیں متعین کرتا ہے اور فاضل اور لائق صد احترام پروفیسر نذیر احمد کے بلند و بالا علمی مرتبہ کی تصدیق بھی کرتا ہے۔

x

Marfat.com

عبدالودود اظہر دہلوی*

# فارسی کے رمز شناس بے نظیر پروفیسر نذیر احمد

فارسی بہت ہی آسان زبان ہے اور شیرین بھی لیکن مچھلی کو پھنسانے کے لئے چارہ کے طور پر کہی جاتی ہے اور جب ایک دفعہ وہ چارہ پر منھ مار لیتی ہے تو اس کو اندازہ ہوتا ہے کہ اب اس کے لئے پائے رفتن یا برگشتن نہیں ہے۔ یہ بات طلباء کو ڈرانے کے لئے نہیں بلکہ ایک حقیقت کی نشاندہی ہے۔

دراصل فارسی کا مطالعہ وہ بھاری پتھر ہے کہ جو دیکھنے والوں کو چکنا اور ہلکا لگتا ہے لیکن جب چومنے والا آگے بڑھتا ہے تو اس کو بھاری ہونے کا اندازہ ہوتا ہے۔

آزادی کے بعد ہندوسان کے مطلع پر فارسی کے حوالے سے تین نام چمکے۔ اتفاق سے اس تثلیث نے فارسی زبان وادب کی وہ آبیاری کی اور وہ معیار اور میزان مقرر کئے کہ بیسویں صدی کی دوسری نصف صدی کی پہلی کڑی سے نہ چھوٹی ہوئی اور نہ ہی کمزور اور اگلی صدی بلکہ نئے ہزارہ میں داخل ہونے کے لئے اس میدان کے مطالعہ کے تمام امکانات، تمام مسائل اور تمام ہی وسعتوں کی جانب کماحقہٗ اشارے کر دیئے اس میں سے ایک بزرگ اللہ کو پیارے ہو گئے۔ دو کو خدا ہزاری عمر دے کہ ہندوسان میں یہ دونوں فارسی کی بقا کے ضامن بھی ہیں اور آبرو بھی۔ جب دوسرے مضمونوں کے

* سابق پروفیسر، جواہر لال نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی

Marfat.com

استاد و طلباء اس کلاسیکی زبان کے تئیں تحقیر کی نظر ڈالتے ہیں تو ہم لوگ جواب میں دونوں میں سے کسی ایک کا نام لے لیتے ہیں، کہنے والے کا منھ بند ہو جاتا ہے اور ہمارا حوصلہ بڑھ جاتا ہے۔

شاید سمینار کا موضوع ایک ذات واحد کی علمی و ادبی خدمات کا جائزہ، کارناموں کا اعادہ اور بعض نئے گوشوں کی نشاندہی ہے تاکہ لکھنے والے پراگندگی اور منتشر خیالات کے اظہار سے بچ سکیں لیکن فارسی زبان و ادب کی ہزاروں برس کی تاریخ، اس کے اثرات اور اس زبان کو تو ایک تہذیب کے نام سے جانا جاتا ہے۔ جب ایک تہذیب کا مطالعہ کیا جائے گا تو قدرتی طور پر دوسری تہذیبوں کے اس پر اثرات اور اس کے تعلقات دوسری تہذیبوں سے، اس سے قبل اور بعد کی تہذیبوں سے اس تہذیب نے کیا قبول کیا اور کیا رد، آنے والی تہذیبوں کو کیا دیا، خواہ وہ مذہب کے حوالے سے ہو یا زبان کے۔ ذرا اسلام اور اردو سے فارسی تہذیب کا تقابلی مطالعہ کیجئے تو اندازہ ہو جائے گا۔ جغرافیہ کا مطالعہ اگر تاریخ کے حوالے سے کیا جاتا ہے تو وہ ہمیشہ پھیلتا اور سکڑتا رہتا ہے۔ جغرافیہ لشکر کشوں اور کشور کشاؤں کے زیر پا ہو تو ہو لیکن طالب علموں کو ناکوں چنے چبواتا ہے

سمندر کی وسعت کا اندازہ ساحل سے نظارہ کرنے سے نہیں ہوتا بلکہ اترنے والا ہی اس کی وسعت کا بھی اور گہرائی کا صحیح ادراک کرتا ہے اور بعض شناور تو پہلی بار کے غوطہ میں ہی موتی نکال لاتے ہیں۔ پروفیسر نذیر احمد صاحب کی تصنیف ''تاریخی و ادبی مطالعے'' کے تناظر میں دیکھا جائے تو اپنے مطالعہ کی گہرائیوں اور سمندر کی

Marfat.com

وسعتوں کا اندازہ اس کے پڑھنے والوں کو کرادیا۔ تخصص اور Specialisation سے مشرق میں علمی کام کرنے والوں نے اس کو تن آسانی اور محدودیت کے طور پر استعمال کیا ہے، یہاں اہل مغرب کے یہاں جن اسکالرز یا عالموں پر یہ لیبل چسپاں ہوتا ہے وہ اس مضمون کی تہ تک پہنچ جاتے ہیں اور تہ میں پہنچنے کے لئے راستہ کے تمام ہی مراحل سے گزرتے ہیں۔ اس مجموعے میں ۹ مقالے جو ۱۹۵۷ء سے ۱۹۶۱ء تک تحریر ہوئے اور ایک پیش لفظ اور تصحیحات واضافے شامل ہیں۔

پہلا مقالہ ہی چونکا دینے کے لئے کافی ہے۔ اگرچہ اس کا عنوان ہے 'فرقہ نقطوی پر ایک طائرانہ نظر' یہ ۲۶ صفحوں کا پہلا مضمون ہی چونکا دینے والا ہے کیونکہ اس موضوع کے تعلق سے تقریباً سب ہی چیزوں کو سمیٹے ہوئے ہے۔ ''دین الٰہی'' کا منبع ہندوستان میں ہے یا باہر، نقطوی فرقہ کا تعلق دین حروفی سے، حروفی فرقہ کی بنیاد فضل اللہ استرآبادی (م ۷۹۶ھ) اور نقطوی تحریک کے بانی محمود پسخانی گیلانی کا حروفی فرقہ سے متاثر ہونا، اب دیکھئے پسیخان گیلان میں ایک گاؤں ہے جو فومن جانے والی سڑک کے کنارے دشت سے سات کلومیٹر مغرب میں واقع ہے۔ اسی ضمن میں یہ اشارہ بھی کردیا گیا ہے کہ شعراء کے دیوان اور ان کے تذکرے محض تفنن طبع کے لئے نہیں ہیں بلکہ تہذیب وتاریخ کے مطالعہ میں ان کی کیا اہمیت ہے۔ دراصل مشرق میں بالعموم اور فارسی واردو میں بالخصوص ہم نے اپنے ادب کو اس نقطۂ نظر سے دیکھا ہی نہیں ورنہ ادب کا تحلیل وتجزیہ سماج کے حوالے سے کیا جائے تو وہ ایک بہت اہم اور بڑا مآخذ ہوسکتا ہے۔ بلکہ صحیح بات تو یہ ہے کہ کسی بھی تہذیب اور معاشرہ کا صحیح اندازہ بغیر

Marfat.com

اس کے مطالعہ کے مکمل ہی نہیں ہوسکتا ہے۔

دوسرا مقالہ 'محمود شاہ تغلق کے ایک فرمان کی بابت آزاد بلگرامی کی شہادت' ہے۔اس میں ذخائر و دستاویزات کے اتلاف اور ان کو محفوظ کرنے کی ضرورت کی طرف متوجہ کیا گیا ہے اور خاص طور سے تاریخ کے موضوع پر کام کرنے والے حضرات کو توجہ دلائی ہے کہ ان فرامین کی مدد سے کسی بھی ایک عہد کے مطالعہ میں وہ کس طرح مددگار ثابت ہوتا ہے اور اس کے ضائع ہونے سے وہ کڑی گم ہو جاتی ہے۔

تیسرے مقالے کا عنوان چونکا دینے والا اور اس کا مطالعہ فارسی کے ہر طالب علم کے لئے ضروری ہے۔ فارسی کے طلباء کے ذہنوں میں وہ سوالات جو ہمیشہ ان کو پریشان کئے رہتے ہیں کہ فارسی کا مستقبل کیا ہے۔ کاش! ہمارے اساتذہ پہلے ہی مرحلے میں یہ ہدایت دیں کہ پہلے ہی سال میں طلباء اس مضمون کو پڑھ لیں اور اپنے شکوک وشبہات وتمام خدشات اور خطرات جو ان کے ذہنوں پر چھائے رہتے ہیں دور کرلیں، احساس کمتری سے باہر آئیں اور فارسی کو خود اعتمادی سے اختیار کریں۔ فارسی کا مطالعہ کر کے وہ ایک اہم ملکی خدمت اور تہذیبی ضرورت انجام دے رہے ہیں۔ جی چاہتا ہے کہ یہاں اقتباس نقل کردیا جائے تا کہ ذہنوں کے شکوک وشبہات دور ہو جائیں۔

> ''اکثر پوچھا جاتا ہے کہ فارسی کا مستقبل ہندوستان میں کیا ہے۔
> یہ سوال اس پوشیدہ جذبے کی غمازی کرتا ہے جس کی تہ میں فارسی
> کے زوال کا خطرہ روپوش ہے۔ یہ خطرہ کسی حد تک بجا ہے اس

Marfat.com

لئے کہ جو زبان کئی صدیوں تک ہندوستان میں نہ صرف سرکاری زبان رہی ہو بلکہ جس نے علم و تہذیب کے جملہ شعبوں کو غیر معمولی طور پر متأثر کیا ہو، جس کے جاننے والے ہر دور میں لاکھوں کی تعداد میں موجود رہے ہوں، جس سے واقفیت مہذب ہونے کی دلیل سمجھی جاتی رہی ہو وہ اس ہندوستان میں اجنبی ہوتی جاتی ہے اس کے جاننے والوں کی تعداد انگشت شمار ہوگئی ہے۔ اس کا معیار پست ہوتا جارہا ہے اور اس کے انحطاط کی رفتار مسلسل اور مربوط ہے۔ آج کی صحبت میں اس موضوع پر چند باتیں پیش کی جارہی ہیں مگر یہ بہت اہم موضوع ہے اور اس بنا پر اس سلسلے میں تقریراً و تحریراً بہت کچھ کہنے کی ضرورت ہے۔ اس کا افسوس ضرور ہے کہ جو لوگ معاملے کی نزاکت سے واقف ہیں وہ بھی بددل ہو چکے ہیں۔ وہ انحطاط کے اسباب کے دفعیے کو مشکل بلکہ ناممکن تصور کرتے ہیں، مگر میرا خیال ہے کہ صورت حال کا اگر صحیح جائزہ لیا جائے تو ابھی کام کرنے اور معاملے کو سلجھانے کا موقع نہیں گیا ہے۔ اگر بجا طور پر کوشش کی گئی تو تنزل کی رفتار رک سکتی ہے اور اگر اس طرف معقول توجہ نہ کی گئی اور مسئلے کو حل کرنے کی تدبیر نہ سوچی گئی تو اس سے ناقابل تلافی ملکی، قومی، لسانی اور تہذیبی نقصان ہوگا۔ اس کی ذمہ داری بیشتر ہمارے سر

Marfat.com

ہوگی اور علمی دنیا ہماری کوتاہی کو کبھی معاف نہ کرے گی۔ فارسی زبان کا مسئلہ صرف زبان تک محدود نہیں یہ تہذیبی، قومی اور ملکی مسئلہ بن چلا ہے"۔

اس طویل اقتباس کے بعد اس مضمون کے دو جملے اور نقل کرنا چاہوں گا

"اردو کا معیار بھی خطرے سے خالی نہیں۔۔۔۔۔ ان وجوہ کی بنا پر فارسی کے زوال کے نتیجے میں اردو کا معیار یقیناً پست ہوگا۔ میرا خیال ہے کہ کوئی ذی ہوش قوم ایسے تہذیبی نقصان کو کسی حالت میں گوارا نہیں کر سکتی"۔

اس مضمون کو فارسی کے وہ استاد جو اپنے تدریسی دور کا آغاز کر رہے ہوں ضرور مطالعہ کریں تا کہ ان کا ذہن اپنے مضمون کے تئیں بالکل صاف اور واضح ہو اور فارسی کے سلسلہ میں رجائیت سے کام لیں قنوطیت سے نہیں۔ یہ مقالہ آج سے چالیس سال قبل لکھا گیا تھا۔ صورت حال کچھ بہتر ہی ہوئی ہے۔

چوتھا مضمون سلاطین گجرات کی ایک نادر تاریخ کے مخطوطہ پر مبنی ہے۔ تاریخ گجرات از شرف الدین محمد بن احمد بن عیسیٰ بن علی النجاری جن کی وفات ۹۲۱ھ میں ہوئی اور جو شاہ مظفر کے دربار سے وابستہ تھے۔

پانچواں مضمون دیوان حافظ کا ایک قدیم نسخہ کا تعارف ہے۔ لیکن یہ نسخہ سبز پوش والا نہیں ہے، جس کے کشف سے حافظ شناسی میں ہندوستان کے نسخوں کا مطالعہ لازمی ہو گیا اور حافظ شناسی میں سنگ میل کا درجہ رکھتا ہے۔

Marfat.com

کتابخانہ جیب گنج، قدیم ایرانی وزرتشتی عناصر اردو ادب میں مونس الاحرار مؤلفہ احمد بن کلاتی اور تصحیحات و اضافے اس مجموعے سے مصنف کے کثرت مطالعہ اور اس وسیع میدان کے تقریباً سب ہی گوشوں پر نظر کا اندازہ ہوتا ہے۔ فارسی کے ڈانڈے ایک طرف قدیم ہند آریائی تہذیب سے ملتے ہیں، دوسری جانب اسلام اور فارسی کا گہرا ربط و تعلق، پھر فارسی والوں نے علم و دانش، فکر و اندیشہ کی جو خدمت انجام دی ہے اس کا احاطہ، ہندوستان میں اس کی ترقی اور پھیلاؤ مقامی زبانوں پر، تہذیبوں پر اس کے اثرات۔ فارسی کا دامن اتنا وسیع ہے کہ اس میں سمٹ کر دنیا جہاں کے موضوعات آ گئے ہیں۔ خود اس کتاب کے تناظر میں دیکھئے تو قبل از اسلام کی تہذیب و تاریخ، مختلف فرقوں کے اثرات مذہبی، ملکی اور سیاسی تحریکات پر، دستاویزات اور فرامین کی اہمیت، اندیشوں اور خدشات کی موجودگی میں فارسی کا مستقبل، امید کی ایک کرن، علاقائی تاریخ اور وہاں کے مطالعوں میں فارسی کی اہمیت، مخطوطات اور کتابوں کا تحفظ، مسلمانوں کے دور میں کتابخانوں کی اہمیت، اس میں سرکاری اور انفرادی کتابخانے، اس ادارے کے ذریعہ سے جو علم و ادب، تاریخی کتابوں کا تحفظ، اردو کی گنگا جمنی اور مشترکہ کلچر کی نمائندگی میں ایرانی وزرتشتی عناصر، بیاضوں کے حوالے سے فارسی زبان و ادب اور بعض تاریخ کے اہم گوشوں کا انکشاف۔

پروفیسر نذیر احمد، نقاد، محقق، دانشور، فارسی و اردو زبان و ادب کے ماہر نے فارسی کی وسعتوں کو سمیٹ کر اول دور سے اپنے آپ کو صرف ایک میدان تک محدود نہیں کیا بلکہ نئے نئے گوشوں کو اجاگر کیا تا کہ فارسی کی اہمیت زیادہ سے زیادہ لوگوں

Marfat.com

کے علم میں بھی آئے اور اس کی اہمیت وضرورت مطالعہ میں اضافہ بھی ہو۔

یہ کام پتہ ماری، کثرت مطالعہ، وسیع النظری اور قدیم عالموں کی پیروی میں منکسر المزاجی، شاگردوں کی تربیت اور ہمت افزائی سے جو حاصل ہوسکتا ہے وہ پروفیسر نذیر احمد صاحب میں سب ہی صفات بدرجہ اتم موجود ہیں۔

جی تو یہ چاہتا تھا کہ ان کی شخصیت کا مطالعہ ان کے اس مجموعہ مضامین کے تناظر میں کیا جائے لیکن جتنی فارسی وسیع اور عمیق ہے اتنی ہی ان کی شخصیت وسیع اور عمیق ہے۔ معلوم ہوا کہ کسی ایک گوشہ کا احاطہ بھی مشکل ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ حضرت یوسف کے خریداروں میں ایک بڑھیا بھی کاتے ہوئے سوت کی ایک انٹی لئے ہوئے تھی کہ کم از کم وہ بے خبروں یا بدذوقوں میں نہ شمار ہو۔ خدا کرے یہ تحریر تحسین ناشناس نہ ہو حافظ شناس کے لئے تو خود حافظ نے پیشین گوئی کردی ہے کہ:

ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

———X———

Marfat.com

پروفیسر نثار احمد انصاری*

# گجرات اور ڈاکٹر نذیر احمد صاحب کی علمی و ادبی خدمات

اگر یہ کہا جائے کہ ڈاکٹر نذیر احمد صاحب دور حاضر میں برصغیر کے آسمان ادب کے نیر اعظم ہیں تو بلاشبہ اس میں کوئی مبالغہ نہ ہوگا۔ موصوف نے فارسی زبان و ادب کی بے مثال خدمت کی ہے، آپ کی انہیں خدمات کے اعتراف میں منعقدہ آج کے اس سمینار میں شرکت کا شرف میرے لئے باعث صد افتخار ہے، اتنا ہی نہیں بلکہ اساتذۂ گجرات، اہل گجرات کی نمائندگی کرتے ہوئے استاد گرامی قبلہ پروفیسر ڈاکٹر نذیر احمد صاحب کی خدمت میں خراج تحسین پیش کرنے کی سعادت حاصل کرکے مجھے بے انتہا مسرت ہو رہی ہے۔

ڈاکٹر صاحب موصوف کی علمی و ادبی خدمات اظہر من الشمس ہیں اس کا ذکر کرنا گویا سورج کر چراغ دکھانا ہے۔ پورے ملک کے فارسی داں حضرات نے بالواسطہ یا بلاواسطہ قبلہ نذیر احمد صاحب سے کسب فیض کیا ہے اور اس میں گجرات بھی مستثنیٰ نہیں ہے۔ گجرات کی علمی، ادبی، ثقافتی اور روحانی اہمیت کو منظر عام پر لانے میں بیرون گجرات کے جن مقتدر ارباب علم وفن نے نمایاں کردار ادا کیا ہے ان میں ایک بڑا نام مولانا عبدالحئی صاحب کا ہے جنہوں نے گجرات کو ہندوستان کا یمن میمون قرار دیا

*احمد آباد، گجرات۔

Marfat.com

تھا، دوسرے ایک اور بڑے عالم وادیب پروفیسر ابوظفر ندوی صاحب ہیں جو برسوں گجرات میں سکونت پذیر رہے بلکہ یوں کہیئے کہ انہوں نے زندگی کا ایک بڑا حصہ گجرات ہی میں گذارا۔ ان تمام حقائق کے باوجود یہ بات میں بڑے وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ صوبۂ گجرات کی علمی، ادبی اور عرفانی خدمات سے اردو دنیا کو روشناس کرانے والے اہل علم اور صاحب قلم حضرات میں ڈاکٹر نذا احمد صاحب کو افضلیت حاصل ہے۔ جناب پروفیسر ڈاکٹر نذیر احمد صاحب کا گجرات والوں پر یہ بڑا احسان ہے کہ آپ نے اس سلسلے میں کئی مقالے قلمبند فرمائے۔ میں یہاں بطور مثال دو تین اہم مقالوں کا ذکر کرنے پر اکتفا کروں گا۔ آپ نے اپنے گجرات کے مشہور قدیم تاریخی شہر کھمبایت کے سفر کے بعد وہاں فارسی عربی کتبوں کا ذکر ایک مقالے میں کیا اور وہاں مدفون گجرات کے عہد اسلامی کے سب سے پہلے اور ہندوستان کے تیرھویں صدی کے نصف دوم کے گنے چنے شعرا میں سے ایک ایرانی شاعر زین الدین علی بن سالار یزدی متخلص بہ سالاری (متوفی ۶۸۵ھ) کے لوح مزار پر اس کی ایک عارفانہ غزل اور دو رباعیاں جو نہایت دلکش اور خوبصورت کوفی ثلث اور رقاع خط میں کندہ ہیں۔ اس حقیقت سے نہ صرف گجرات بلکہ تمام اہل علم کو سب سے پہلے آپ ہی نے روشناس کروایا۔ سی طرح فاضل موصوف پہلے شخص ہیں جنہوں نے احمد آباد کے مشہور سلسلۂ سہروردیہ کے بزرگ اور مخدوم جہانیان جہاں گشت کے پر پوتے حضرت شاہ عالم بخاری (متوفی ۸۸۰ھ) کو چھٹی پشت میں جانشیں اور صاحب سجادہ سید محمد مقبول عالم متخلص بہ جلالی (متوفی ۱۰۳۵ھ) کے صاحبزادے اور مغل بادشاہ شاہجہاں

Marfat.com

کے صدر الصدور اور شش ہزاری منصبدار سید جلال مقصود عالم متخلص بہ رضا کے حالات اور فارسی دیوان کے موضوع پر پہلا پروفیسر نورالحسن انصاری میموریل لکچر دیا جو مبسوط، پرمغز اور نہایت ہی معلومات پر مبنی ہے۔ جس میں موصوف نے مقصود عالم کے مدبرانہ صلاحیتوں اور ان کے علمی کارناموں پر روشنی ڈالی ہے۔

''حضرت شاہ عالم خود مسند ارشاد کی زیب و زینت ہونے کے علاوہ عربی، فارسی اور مقامی گوجری زبان کے عالم اور صاحب قلم تھے۔ عام طور پر حجرۂ اعتکاف میں اپنا وقت بسر کرتے تھے۔ اپنی زندگی کے آخری دو دہے کے ابتدائی سال یعنی ۱۸٦ھ سے آپ ہر جمعہ کی نماز کے بعد جماعت خانے میں تشریف لاکر نماز عصر تک رونق افروز ہوتے۔ اس دربار عام میں بلا قید مذہب وملت و بلا تفریق مراتب ہر کسی کو حاضر ہونے کی اجازت تھی۔ اس مجلس جمعہ میں دینی اور عرفانی مسائل زیر بحث آتے، دنیوی امور کا بھی چرچا ہوتا اور خود آپ یا دوسرے بزرگوں کی تصانیف کے کچھ حصے موقع ومحل کی مناسبت سے آپ کے قاری خاص پڑھکر سناتے۔ ان جمعہ کی مجلسوں کے مفصل حالات سید محمد مقبول عالم جلالی نے جمعاتِ شاہیہ کے نام سے قلمبند کئے ہیں۔ جلالی اپنی زندگی میں چھ جلدیں مکمل کر پائے تھے کہ آپ اللہ کو پیارے ہوگئے، اور ساتویں جلد ناتمام رہ گئی جسے سید جلال صدر الصدور کے ہونہار صاحبزادے اور خانقاہ شاہ عالم کے سجادہ نشیں سید جعفر بدر عالم متخلص بہ صفا نے مکمل کی۔ سید جعفر بدر بھی بڑے عالم اور شاعر تھے، آپ کی متعدد تصانیف اردو و فارسی دیوان آج بھی دستیاب ہیں۔ محترم نذیر صاحب نے اسی جمعات شاہیہ کی چھٹی اور ساتویں جلدوں کا جن کے خطی نسخے یہاں مولانا آزاد لائبریری میں محفوظ ہیں، اپنے ایک گرانقدر مقالے میں

Marfat.com

تفصیلی جائزہ لیکر حضرت شاہ عالم کی روحانی فیض اور علمی خدمات بابرکات کو اردو داں طبقے کے سامنے پیش کیا''۔

اسی طرح گجرات کی ایک اور عظیم شخصیت عبداللطیف عباسی گجراتی کی فارسی ادب کی ناقابل فراموش خدمات سے پروفیسر صاحب نے نہ صرف ہندوستان کے فارسی داں حلقوں بلکہ خود ایران کے اہل علم حضرات کو واقف کرایا۔ عبداللطیف عباسی وہ شخص ہے جس نے آج سے چارسو سال سے کچھ کم مثنوی مولانا روم کے اسّی سے زیادہ نسخوں کو بڑی جدوجہد سے حاصل کر کے ایک تصحیح کردہ متن Critical edition تیار کیا جو ''نسخۂ ناسخۂ نسخہ ہای مثنوی'' کے نام سے مشہور و معروف ہے جس کا آٹوگراف نسخہ حضرت پیر محمد شاہ لائبریری احمد آباد میں محفوظ ہے۔ نذیر صاحب نے عبداللطیف عباسی کے حالات اور ادبی کارناموں کے تفصیلی حالات پروفیسر ڈاکٹر کبیر احمد جائسی کے تعاون سے اپنے اس فارسی مقالے میں بیان کئے ہیں۔ جو تین قسطوں میں تہران کے ڈاکٹر ایرج افشار کی ادارت میں نکلنے والے مشہور جریدے ''آیندہ'' میں چند سال قبل شائع ہوا ہے۔

گجرات کے تابناک علمی ماضی کو اجاگر کرنے کی نذیر صاحب کی انتہائی خواہش کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ جب کبھی بھی موصوف کو گجرات جانے کا موقع میسر آتا ہے تو ماشاء اللہ اس عمر اور کمر کی تکلیف کے باوجود وہ اسی تاک میں رہتے ہیں کہ وہاں کے مخطوطات کو ملاحظہ فرمائیں۔ آپ جب بھی احمد آباد آتے تو حضرت پیر محمد شاہ لائبریری میں ضرور تشریف لاتے اور گھنٹوں وہاں بیٹھ کر مختلف مخطوطات کا بغور مطالعہ فرماتے اور اسی مطالعے کے دوران آپ کی دوررس اور دوربین

Marfat.com

نگاہوں نے چند ایسے حقائق کی طرف اشارہ کیا کہ نہ صرف محققین کے سامنے چند نئے حقائق کا انکشاف ہوا بلکہ قارئین کی معلومات میں بھی کافی اضافہ ہوا مثلاً تفسیر شرح شاطبی پر ایک مہر لگی ہوئی ہے جسے دیکھ کر آپ نے اس کی شناخت کی اور بتایا کہ مہر سلطان احمد شاہ بانی احمد آباد کی ہے۔

اسی طرح ایک مخطوطہ 'عوارف المعارف' جو شیخ شہاب الدین کی تصنیف ہے، کے بارے میں آپ نے بتایا کہ فارسی کا قدیم ترین ترجمہ ہے۔

گجرات آج بھی آپ کا ممنون ہے۔ گجرات کی خوش نصیبی ہے کہ اسے ڈاکٹر ضیاء الدین دیسائی صاحب جیسے مشہور کتبہ شناس اور عالم ملے ہیں جس کی وجہ سے گجرات کے اساتذہ خود ڈاکٹر ضیاء الدین صاحب جو ڈاکٹر نذیر صاحب کے بڑی دلدادہ اور ہم نشیں ہیں، سے اور ان کے واسطہ سے ڈاکٹر نذیر احمد صاحب سے فیض حاصل کرتے رہتے ہیں۔ جن میں خود راقم الحروف کے علاوہ ڈاکٹر اے۔ این قریشی، پروفیسر محی الدین بمبئی والا، ڈاکٹر بی۔ اے ترمذی، ڈاکٹر کریم اللہ انصاری، پروفیسر نصیر میاں قاضی، پروفیسر جمال الدین شیخ، پروفیسر محمود شیخ، پروفیسر محبوب حسین عباسی وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔

مختصر یہ کہ انجمن استادان فارسی گجرات اور اہل گجرات پروفیسر ڈاکٹر نذیر احمد صاحب قبلہ کی ان ناقابل فراموش مساعی جمیلہ کا تہ دل سے اعتراف کرتے ہیں اور اپنے تشکر و امتنان کے پرخلوص جذبے کا اظہار کرتے ہیں۔

———X———

Marfat.com

پروفیسر شریف حسین قاسمی*

# فرہنگ قواس مرتبہ پروفیسر نذیر احمد: ترتیب وتصحیح کا ایک اعلیٰ نمونہ

پروفیسر نذیر احمد صاحب فارسی اور اردو زبان و ادب کے محقق، دانشور اور استاد کی حیثیت سے نہ صرف ہندوستان میں بلکہ پوری فارسی دنیا میں متعارف اور بجا طور پر قابل احترام اور معتبر شخصیت و مقام کے مالک ہیں۔ آپ کے علمی، تحقیقی اور ادبی کارناموں کی فہرست پر نگاہ ڈالئے تو احساس ہوتا ہے کہ جو کام آپ نے تن تنہا انجام دیا ہے، وہ عام طور پر آج کے علمی ادارے اور اکیڈمیاں بھی مشکل ہی سے پایۂ تکمیل تک پہنچا پاتی ہیں۔ آپ کے مختلف النوع علمی کارناموں کی روشنی میں تحقیق، تنقید و تدوین متن، نسخہ شناسی، کتابوں کا مطالعہ اور ان کی ادبی و تہذیبی اہمیت، علمی و تحقیقی انداز پر سوانح نگاری، استخراج وغیرہ کے قابل قبول اصول مرتب کئے جاسکتے ہیں۔

یہ نامناسب نہیں اگر میں اپنے ان تأثرات کا مختصراً اظہار کردوں جو پروفیسر نذیر احمد صاحب کی مختلف تصنیفات، تالیفات اور مقالات کے مطالعے کے بعد میرے ذہن پر نقش ہو گئے ہیں اور میرے ایسے ہر طالب علم کے لئے راہنما اصول کی حیثیت رکھتے ہیں۔ پروفیسر موصوف کے علمی و ادبی کارناموں پر غائر نظر ڈالئے تو ان

---

* دانشگاہ دہلی، نئی دہلی

Marfat.com

حقائق کا علم ہوتا ہے کہ:

''ایک محقق، مورخ اور عالم کے کارناموں کی کامیابی کا پیمانہ اور اس بات کی شہادت کہ اس کو اپنے فن میں کس درجے کا ملکہ اور مہارت حاصل ہے، اسے کس نوعیت کی علمی بصیرت ودیعت کی گئی ہے، وہ اس کوچے کی رسم و راہ سے کہاں تک آگاہ ہے، یہ نہیں کہ اس نے کتنے صفحے سیاہ کیے اور کتنی ضخیم تصانیف پیش کی ہیں، اس کا راز دراصل اس کے جزئیات و معلومات کے انتخاب اور اس کے رد و قبول میں پوشیدہ ہوتا ہے جس سے اس نے اپنی تصانیف میں کام لیا ہے۔''

سب ہی جانتے ہیں کہ تحقیق ایک مسلسل عمل ہے۔ پروفیسر موصوف کے چند مقالات سے اس بات کا اس طرح ثبوت بہم پہنچتا ہے کہ کسی موضوع پر ایک مقالہ سپرد قلم کرنے کے بعد بھی اس موضوع پر غور و فکر اور تلاش و جستجو جاری رکھتے ہیں۔ اگر خود اپنے نتائج تحقیق کو جدید دریافت کی بنا پر قابل تنسیخ و ترمیم پاتے ہیں تو بلاتردد اس امر کا اظہار کرتے اور صورت حال سے آگاہ کرتے ہیں۔ تحقیق میں راست بازی کا تقاضا بھی یہی ہے۔ عمید لویکی پر آپ کے مضامین اور بعض ایرانی محققین کے مقالات پر آپ کے اضافات اسی نگاہ سے دیکھے جانے چاہیے۔

اس وقت صرف فرہنگ قوّاس بہ تصحیح پروفیسر نذیر احمد کا اس پہلو سے تعارف مقصود ہے کہ استاد گرامی نے اس فرہنگ کے متن کی تصحیح، تحقیق اور پھر ترتیب میں کس

Marfat.com

عالمانہ انداز سے کام لیا ہے۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب کے دلچسپی کا ایک موضوع فارسی فرہنگوں کی ترتیب وتصحیح ہے۔ آپ نے اب تک 'دستور الافاضل'، 'فرہنگ قوّاس'، 'لسان الشعرا' اور 'فرہنگ زفان گویا' جیسی اہم فرہنگیں مرتّب اور شائع کی ہیں۔ 'نقد قاطع برہان' بھی فرہنگ نویسی پر ایک ایسا تنقیدی کام ہے جس کی ابتدا قاضی عبدالودود صاحب مرحوم نے کی تھی لیکن اس کی تکمیل وتہذیب کا سہرا پروفیسر نذیر احمد صاحب کے سر ہے۔

فرہنگوں پر نقد وتبصرہ ایک علمی وفنی کام ہے۔ نذیر صاحب کو اس میدان میں خاص ملکہ، استعداد اور خداداد صلاحیت حاصل ہے۔ اس کام کے لئے گہری علمی بصیرت اور پھر وسیع مطالعے کی ضرورت ہے۔ دور بہ دور فارسی فرہنگ نویسی کی تاریخ سے بخوبی آشنائی، عربی اور حتّی سنسکرت، وہندی زبانوں پر گہری نظر، مختلف زمانوں میں الفاظ کے معانی ومفاہیم اور تراکیب کی سرگذشت، تمام فارسی فرہنگوں سے ذہنی مناسبت وغیرہ ایسے امور ہیں جن کا افہام فرہنگوں پر کام کرنے والوں کے لئے ناگزیر ہے۔ ہندوستان میں فارسی کی متعدد معتبر اور متداول فرہنگیں مرتی ہوئی ہیں۔ ہم نے متعدد فرہنگیں شائع بھی کی ہیں اسی وجہ سے فارسی فرہنگ نویسی میں ہندوستان کو دنیائے فارسی میں ایک موقّر مقام حاصل ہے۔ یہاں پر دو ایک دانشورں نے فرہنگ نویسی کی تاریخ وغیرہ پر بنیادی نوعیت کا کام بھی انجام دیا ہے، لیکن ہندوستان میں پروفیسر نذیر احمد صاحب سے پہلے کسی نے فارسی کی قدیم فرہنگوں کو اعلی علمی وفنی معیار پر مرتّب کیا ہو، اس کا راقم کو علم نہیں اس اعتبار سے پروفیسر نذیر صاحب کو اس میدان

Marfat.com

میں اولیت کا شرف حاصل ہے اور یہ ہم سب کے لئے باعث فخر ہے۔

حالات نے اب اس قابل نہیں چھوڑا کہ ہندوستان میں فارسی فرہنگ نویسی کی روایت کی جاری رکھا جائے، لیکن ہندوستان میں تالیف ہونے والی فرہنگوں کی تصحیح وترتیب، وہ بھی علمی بنیادوں پر، صرف پروفیسر نذیر احمد صاحب کی مساعی جمیلہ کا نتیجہ ہے۔ ہندوستان اب بھی اس علمی میدان میں گرانقدر نقوش چھوڑنے کا مدعی ہوسکتا ہے۔

عام حالات میں کوئی بھی ایک لغت کا شروع سے آخر تک اس طرح مطالعہ نہیں کرتا جیسا کہ دوسری کتابوں کا کیا جاتا ہے۔ فرہنگ یا فرہنگوں سے بوقت ضرورت رجوع کیا جاتا ہے۔ ایک یا چند الفاظ کا املا یا معانی ومفاہیم دیکھے جاتے ہیں اور بس۔ راقم کو بہر حال یہ فخر حاصل ہے کہ پروفیسر نذیر احمد صاحب کی مرتّبہ دو فرہنگوں کی طباعت واشاعت کی ذمہ داری میرے سپرد تھی۔ ایک 'لسان الشعراء' اور دوسری 'فرہنگ قوّاس' (دوسرا ایڈیشن)۔ اس لئے مجھے ان دونوں فرہنگوں کو الف سے ی تک پڑھنے کا موقع ملا اور تصحیح وترتیب فرہنگ میں پروفیسر نذیر صاحب کی علمی روش، تنقیدی رویّے اور دیگر فارسی فرہنگوں پر آپ کی گرفت اور گہری نظر کا احساس ہوا۔

اس وقت فرہنگ قوّاس میں استاد نذیر احمد صاحب نے ترتیب وتصحیح کی جو روش اختیار کی ہے اس پر مختصراً اظہار نظر مقصود ہے۔ یہ بات بھی عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ فرہنگوں کی تصحیح وترتیب میں پروفیسر نذیر احمد صاحب نے اپنے جس علمی تبحر، فنی ادراک اور گہری ادبی بصیرت کا مظاہرہ کیا ہے، یہ ناچیز اس سے محروم ہے اور اسی لئے

Marfat.com

ایک عرصے سے آرزو کے باوجود میں اس فرہنگ پر تبصرہ کرنے کی جرأت نہ کرسکا، لیکن بہر حال آپ حضرات کی اجازت سے 'فرہنگ قوّاس' پر ایک طالب علمانہ نظر ڈال رہا ہوں۔

'فرہنگ قوّاس' تالیف فخر الدین مبارک شاہ قوّاس غزنوی ساتویں صدی کے اواخر یا آٹھویں صدی کے اوائل میں تالیف ہوئی۔ اس میں پانچ بخش (باب) ہیں۔ ہر بخش میں چند ''گونہ'' (فصل) ہیں اور گونہ چند بہرہ میں منقسم ہیں۔ گونہ اور بہرہ کا ایک عنوان دیا گیا ہے اور اسی عنوان سے متعلق الفاظ اور مدخل اس کے تحت بیان کیے گئے ہیں۔ مثلاً گونہ اول در نام خدائے تعالی، گونۂ دوم در نام چیز ہای پراکندہ، بہرہ نخست در نام پرندگان بزرگ کہ بہ ہوا پرند وغیرہ۔ مؤلف نے الفاظ کے محض معانی لکھے ہیں یا کہیں کہیں نہایت مختصر توضیح بیان کی ہے۔ ہر لفظ کے معانی کی مزید وضاحت کے لئے شاہد کے طور پر التزاماً کسی شاعر کا بیت نقل کیا ہے۔

فرہنگ قوّاس پروفیسر نذیر احمد صاحب کی تصحیح و ترتیب کے ساتھ سب سے پہلے ۱۳۵۳ش/۱۹۷۴ء میں تہران سے شائع ہوئی تھی۔ یہ اشاعت فرہنگ قوّاس کے صرف ایک معلوم و مکشوف قلمی نسخے پر مبنی تھی جو ایشیاٹک سوسائٹی، کلکتہ میں محفوظ ہے۔ یہ خطی نسخہ بعض لحاظ سے نامکمل تھا اس لئے یہ اشاعت بھی کتاب کی نامکمل صورت پیش کرتی ہے۔ کچھ عرصے کے بعد نذیر صاحب کو 'فرہنگ قوّاس' کا ایک مکمل مخطوطہ دستیاب ہوا اور آپ نے پچھلی نامکمل اشاعت کو اس نسخے کی مدد سے مکمل کیا جو رامپور رضا لائبریری سے اہتمام کے ساتھ شائع ہوا ہے۔

Marfat.com

فرہنگ قواس کو اب تک دستیاب اطلاعات اور اکتشافات کے مطابق فارسی کی دوسری قدیم ترین فرہنگ ہونے کا امتیاز حاصل ہے۔ نذیر صاحب نے اس کی ترتیب و تصحیح میں جس علمی و تحقیقی رویّے کا مظاہرہ کیا ہے، اس نے اس فرہنگ کی دوسری اشاعت کو ایک منفرد مقام عطا کر دیا ہے۔ اگر اس کا بغور مطالعہ کیا جائے تو بآسانی اس نتیجے پر پہنچا جا سکتا ہے کہ پروفیسر نذیر صاحب نے اصل فرہنگ کے ایک ایک لفظ پر غور و خوض کیا ہے اور ہر لفظ پر حاشیہ لکھا ہے۔ آپ نے حواشی میں صرف اختلاف نسخ کی نشاندہی نہیں کی ہے، بلکہ ایک ایک لفظ پر دوسری قدیم و جدید فرہنگوں کی بنیاد پر اجمالی تبصرہ کیا ہے۔ 'فرہنگ قواس' کے مندرجات کا دوسری فرہنگوں سے اس طرح توجہ سے مقابلہ کیا ہے کہ 'فرہنگ قواس' پر حواشی، خود فرہنگ قواس کی ایک زیادہ بہتر، مستند اور معتبر شکل میں سامنے آئے ہیں۔ مزید برآن حواشی میں بعض دوسری فرہنگوں کے محاسن و معائب بھی غالباً سب سے پہلے ان حواشی ہی میں نظر آتے ہیں اور یہ ایک عظیم علمی اور ادبی خدمت ہے جو ان حواشی کے ذریعے موصوف نے انجام دی ہے۔

مطبوعہ 'فرہنگ قواس' پر پروفیسر نذیر صاحب کا مفصل مقدمہ خاصہ کی چیز ہے۔ مرتب محترم نے اس میں 'فرہنگ قواس' کے مؤلف علاء الدین خلجی کے دور (۶۹۵/۱۶/۷ھ) کے فخر الدین مبارک قواس غزنوی کے مختلف مآخذ سے تعارف کے بعد فرہنگ قواس پر علمی تبصرہ کیا ہے۔ آپ نے ثابت کیا ہے کہ اب تک کی اطلاعات کے مطابق لغت فرس اسدی طوسی (متوفی ۴۶۵ھ) فارسی کی قدیم ترین فرہنگ سمجھا جاتا ہے اور یہ صحیح ہے، لیکن 'فرہنگ قواس' کو دوسری قدیم ترین فرہنگ ہونے کا امتیاز

Marfat.com

حاصل ہے۔ 'صحاح الفرس' کے مرتب طاعتی صاحب کا یہ خیال کہ ۷۲۸ھ میں تالیف ہونے والی یہ فرہنگ لغت فرس اسدی کے بعد قدیم ترین فرہنگ ہے۔ نذیر صاحب کے اس تحقیق اور انکشاف کے بعد بے معنی ہو جاتا ہے۔

نذیر صاحب نے اپنے مقدمے میں 'فرہنگ قواس' کی تالیف کا سبب، اس کا انتساب، اس کے مندرجات، اس کے مآخذ و منابع، لغت فرس اسدی اور فرہنگ قواس میں معانی و مفاہیم کے بیان میں مماثلت، فرہنگ قواس کی خصوصیات، اس کا دوسری فرہنگوں سے مقابلہ، اس کے بعض تسامحات، اس کی زبان اور انداز بیان، اس کے خطی نسخوں کا مفصل تعارف، دوسری فرہنگوں میں اس فرہنگ سے نقل و اقتباس وغیرہ پر اظہار نظر کی ہے کہ یہ تمام امور 'فرہنگ قواس' کی اہمیت اور اس کے مقام کے تعیین کے لئے ضروری ہیں۔

پروفیسر نذیر صاحب نے 'فرہنگ قواس' کی تصحیح و ترتیب میں پچہتر مآخذ سے مدد لی ہے۔ ان میں چھبیس فرہنگیں، تئیس دیوان اور دیگر منظومات، چودہ تاریخ کی کتابیں اور چند دیگر ادبی مآخذ شامل ہیں۔ منابع و مراجع کی یہ تعداد ہی نذیر صاحب کی اس محنت اور مشقت کا پتہ دیتی ہے جو آپ نے اس فرہنگ کی ترتیب میں برداشت کی ہے۔

اس فرہنگ کی ترتیب میں پروفیسر نذیر صاحب کی تنقیدی نگاہ خردہین مصنف کے مقدمے ہی سے اپنا کام شروع کر دیتی ہے۔ مصنف نے فرہنگ کی وجہ تالیف کے ضمن میں لکھا ہے کہ اس میں یہ فرہنگ شاہنامۂ فردوسی کے الفاظ کی

Marfat.com

وضاحت کے لئے تالیف کی ہے۔اس نے شاہنامے کو اول سے آخر تک پڑھا، پہلوی الفاظ کو کاغذ پر لکھا اور دوسری فرہنگوں کی مدد سے ان پر نگاہ ڈالی اور یہ فرہنگ تالیف کی۔ غالباً اسی وجہ سے 'فرہنگ قواس' کو فرہنگ شاہنامہ بھی کہا گیا ہے۔ نذیر صاحب مؤلف کے اس دعوی کو قبول نہیں کرتے۔ ان کی تحقیق اور دریافت یہ ہے کہ قواس نے شاہد کے طور پر شاہنامے کے اکثر ابیات وہی نقل کئے ہیں جو لغت فرس اسدی میں شامل ہیں اور 'لغت فرس'، 'فرہنگ قواس' کا ایک اہم مآخذ ہے۔ اس کے معنی ہوئے کہ قواس نے وضاحت کے قابل الفاظ بلا واسطہ شاہنامے سے نہیں، بلکہ لغت فرس اسدی سے اخذ کئے ہیں۔

نذیر صاحب نے مصنف کے مقدمے میں ایک دوسری جگہ دلچسپ گرفت یہ کی ہے کہ مصنف اپنے ممدوح کی تعریف وتوصیف میں یہ جملہ لکھتا ہے:

"دوست پرور، دشمن کش کہ آصف برخیا پیشکارش و بزرجمہر نیا خوالستان دارش سزد۔"

آپ اس جملے میں خوالستان دار پر حاشیے لکھتے ہیں کہ:

"خوالستان بہ معنی دوات، اما خوالستان دار بہ معنی کسی کہ دوات را بردست دارد تا نویسندہ را در نوشتن آسانی باشد، اما دوات دار منصبی بودہ است و مترادف خوالستان دار نیست۔"

مرتب محترم نے اپنے حواشی میں بعض صفات والفاظ وغیرہ کے بارے میں یہ نشاندہی بھی کی ہے کہ انہیں سب سے پہلے کس مصنف نے اپنی کس کتاب میں

Marfat.com

استعمال کیا ہے۔فرہنگ قواس کے مقدمے میں مصنف نے لکھا ہے:

''نخست شاہنامہ را کہ شاہ نامہ ہاست، پیش آوردم واز سر تا پا خانہ خانہ فرو خواندم''۔

نذیر صاحب شاہ نامہ پر حاشیہ لکھتے ہیں کہ راحۃ الصدور راوندی (ص ۵۹) میں یہ جملہ آیا ہے کہ:

''ودر شاہنامہ کہ شاہِ نامہ ہا و سر دفتر کتابہاست''

نذیر صاحب نے راحۃ الصدور سے یہ جملہ اس لئے نقل کیا ہے کہ ان کا ذہن اس طرف منتقل ہوا کہ غالباً مصنف فرہنگ قواس نے شاہنامہ کے لئے شاہِ نامہ کی جو صفت اختیار کی ہے، ممکن ہے راحۃ الصدور ہی سے اخذ کی ہو۔ یہاں پر عرض کرنے کی بات ہی ہے کہ اس نوعیت کا کام صرف اسی صورت میں ممکن ہے جب متعدد کتابیں مرتب کی نظر سے گذر چکی ہوں اور صرف اس کے مطالب ہی نہیں بلکہ اس میں استعمال ہونے والی خاص زبان وتراکیب وصفات بھی اس کے ذہن میں متحضر ہوں۔

جیسا کہ عرض کیا جا چکا ہے 'فرہنگ قواس' میں تقریباً ہر لفظ کے معانی و مفہوم کی وضاحت کے لئے مصنف نے مختلف شعرا کے کلام سے شواہد پیش کئے ہیں۔ یہ فرہنگ ۶۹۵ھ اور ۷۱۶ھ کے درمیان کسی وقت تالیف ہوئی ہے۔ اس دور سے پہلے کی حتی اکثر مشہور شعرا کا کلام بھی مکمل صورت میں ہم تک نہیں پہنچا ہے۔ اور جن شعرا کے دواوین شاوع ہوئے ہیں، وہ مکمل نہیں۔ ایسی صورت میں اگر ان قدیم شعرا کا ایسا ایک بیت بھی کسی قدیم مآخذ سے دستیاب ہوتا ہے جو اس کے مطبوعہ یا غیر مطبوعہ

Marfat.com

دیوان میں شامل نہیں، تو یہ ایک اہم دریافت سمجھی جائے گی۔ نذیر صاحب نے اسی صورت حال کے پیش نظر 'فرہنگ قواس' میں منقول ایسے متعدد اشعار کی نشاندہی کی ہے جو بعض قدیم شعرا کے مطبوعہ کلام میں شامل نہیں، یہ خود ایک اہم کام ہے۔ اگر ایسے اشعار نذیر صاحب کے حواشی سے جمع کر لئے جائے تو یہ فارسی کے منظوم ادب میں اضافہ ہوگا۔ اس ضمن میں صرف ایک مثال پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ 'فرہنگ قواس' میں لفظ ''پرن'' سے متعلق یہ توضیح کی گئی ہے۔ ''پرن: پروین را گویند''۔ فرخی گوید:

تا چو خورشید، نتابد ناہید　　　　تا دو پیکر نبود ہمچو پرن

اس بیت پر نذیر صاحب حاشیہ لکھتے ہیں: ''این بیت در دیوان فرخی چاپ دبیر سیاقی شامل نیست، اما در فرس ۳۶۱، صحاح ۲۳۵ بہ نام شاہد درج است''۔

فرخی اور دوسرے بعض قدیم شعرا کے اس نوعیت کے متعدد ابیات 'فرہنگ قواس' میں منقول ہیں، جو فرخی کے نامکمل دستیاب کلام کی تکمیل میں معاون ہوں گے۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب نے 'فرہنگ قواس' کے حواشی میں ایسے ابیات کی بھی نشاندہی کی ہے جو اس فرہنگ میں درست اور متعلقہ شعرا کے دواوین میں نادرست (مغلوط) شائع ہوئے ہیں۔ سوزنی کا یہ شعر اس کے مطبوعہ دیوان میں مغلوط شائع ہوا ہے:

دو کس را حق حرمت دار دو بس　　　　بہ درد دیگران رایال و تیفور

فارسی کے قدیم شعرا کے کلام میں الحاق کا مسئلہ بڑا نازک اور پیچیدہ ہے۔ نذیر صاحب

Marfat.com

نے خود اس موضوع پر اپنے چند مقالات میں اظہار نظر کیا ہے، الحاقی کلام کی نشاندہی بھی کی ہے، اس کے برعکس جو کلام بعض محققین کی نظر میں الحاقی تھا، اس کے الحاقی نہ ہونے پر مدلّل بحث بھی کی ہے۔ ’فرہنگ قواس‘ کی تصحیح کے وقت یہ مسئلہ بھی پروفیسر نذیر صاحب کے مدّنظر رہا ہے۔ ’فرہنگ قواس‘ میں لفظ ’کیان‘ کے معانی کی وضاحت کے لئے مصنف نے نظامی کی لیلیٰ و مجنوں سے بیت نقل کی ہے:

دیلم گُلہ ایم دلستان بود　　　　در حجلہ کیا نیم ہمان بود

مطبوعہ لیلیٰ و مجنوں میں مرتّب نے اس بیت کو الحاقی سمجھا ہے۔ نذیر صاحب فرہنگ قواس میں اس بیت کے نظامی سے انتساب پر اسے الحاقی قرار نہیں دیتے اور یہ خیال درست اس لئے کہ ’فرہنگ قواس‘ ایک قدیم مآخذ ہے اس لئے جب تک قطعی طور پر یہ معلوم نہ ہو جائے کہ یہ بیت کس شاعر کا ہے، نظامی سے اس کے انتساب کو قبول کرنے میں تردد نہیں ہونا چاہئے۔ یہ بھی عرض کر دیا جائے کہ محترم نذیر صاحب نے ’فرہنگ قواس‘ میں ابیات کے غلط انتساب پر بھی گرفت کی ہے۔ مصنف نے یہ بیت:

شہر یاری کہ خلافش طلبد زود فتد　　　　از سخن زار بہ خارستان واز کاخ بہ کاژ

خسروی نام کے شاعر سے منسوب مانا ہے۔ نذیر صاحب کی تحقیق ہے کہ یہ بیت دیگر فرہنگوں میں فرخی سے منسوب ہے اور فرخی کے مطبوعہ دیوان میں موجود بھی ہے، اس لئے مصنف نے اسے خسروی سے نادرست منسوب کیا ہے۔

عرض کیا جا چکا ہے کہ پروفیسر نذیر احمد صاحب نے فرہنگ قواس کی سب سے پہلے اس کے ایک نامکمل نسخے کی بنیاد پر تصحیح کی تھی۔ اس نسخے کی بعض نامکمل

Marfat.com

عبارتیں اور حتیٰ بیت شاہد بھی آپ نے قیاسی طور پر قوسین میں درج کردیئے تھے۔ فرہنگ قواس کے مکمل نسخے کی دستیابی کے بعد یہ معلوم ہوا کہ یہ تصحیح قیاسی درست تھے۔ اس عمل کو مصحح کے تبحّر علمی اور فرہنگ نویسی سے طبعی مناسبت کے علاوہ اور کیا نام دیا جائے۔اس کی ایک مثال پیش خدمت ہے:

'بہمنجنہ' کے بارے میں مؤلف فرہنگ نے لکھا ہے:

اول روز بہمن است۔بہمنجنہ را تاج دبیر گفتہ است:

اس کے بعد بیت شاہد کلکتہ کے نسخے میں مفقود تھا۔نذیر صاحب نے اپنے قیاس سے تاج دبیر کا وہی بیت درج کردیا تھا جو فرہنگ قواس کے مکمل نسخے میں موجود ہے۔نذیر صاحب نے جہاں اپنی اس قیاسی تصحیح کے درست ہونے پر حاشیے میں بجا طور پر اپنی خوشی کا اظہار کیا ہے، وہاں اس بیت کے نقل کرنے اور اسے بیت شاہد کے طور پر ترجیح دینے کی وجہ بھی لکھی ہے کہ:

''این جانب در' فرہنگ قواس' چاپی ۷۱ ہمین بیت را قیاساً در قوسین درج کردہ بودم وحدس بندہ مبنی براین بود کہ یک بیت از قصیدہ ای کہ شامل بیت مزبور است، برای توضیح کلمۂ شیون (ص ۱۰۱) درکتاب حاضر درج شدہ است۔''

'فرہنگ قواس' میں الفاظ مختلف عناوین کے تحت درج ہوئے ہیں۔ایک گونہ (فصل) کا عنوان ہے۔''درنام آدمی بردو بہرہ''۔اس بہرہ میں مصنف نے 'یشک' کے معانی لکھے ہیں کہ: چہار دندان پیش باشد، عنصری گوید:

Marfat.com

بسپاریم دل بہ جستن جنگ        دردم اژدہا و یشک نہنگ

مصنف کا تسامح یہ بھی پروفیسر نذیر احمد صاحب کی نگاہ سے اوجھل نہیں رہا کہ یہ بہرہ تو در "نام آدمی" ہے اور یشک نہنگ اس بہرہ میں شامل نہیں ہونا چاہئے چونکہ یہ تو جانور کے جسم کا ایک حصہ ہے۔

'فرہنگ قواس' جس نہج پر ترتیب دی گئی ہے، اس کی تنہا ایک مثال ایران میں نظر آتی ہے اور وہ ہے۔ "برہان قاطع" مرتبہ استاد محمد معین مرحوم۔ یہ حسن اتفاق ہے کہ استاد معین پروفیسر نذیر احمد صاحب کے ایرانی اساتذہ میں شامل ہیں۔ استاد معین نے "برہان قاطع" کی تدوین میں جس علمی وفنی بصیرت کا ثبوت دیا ہے وہ نذیر صاحب کی مرتبہ فرہنگوں میں بہ نحو احسن جلوہ گر ہے۔

X

Marfat.com

پروفیسر آصفہ زمانی*

# پروفیسر نذیر احمد، محقق نامور ہند، بحوالۂ تحقیق متن

آغشتہ ایم ہر سر خاری بخون دل  قانون باغبانیٔ صحرا نوشتہ ایم

پدم شری، پروفیسر نذیر احمد، فارسی دنیا کی وہ قدر آور شخصیت ہیں، جنہیں فارسی تحقیق کی آبرو کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ انہوں نے فارسی تحقیق کو نہ صرف اعتبار بخشا، بلکہ اپنے پرارزش کارناموں کی بدولت فارسی کو اس کساد بازاری کے دور میں حیات نو اور حیات جاودانی عطا کی۔

تحقیق، جادۂ ادب کی دشوار گذار شاہراہ ہے۔ یہ علم وفن کا ایک نہایت اہم شعبہ ہے اور ایک ایسا لائحہ عمل ہے جس کا عالمانہ اور محتاط طریقہ پر کوئی عام قابل قبول حل نہیں پایا جاسکا ہے۔ ایمانداری و بے تعصبی، ذہانت و ذکاوت و قابلیت، صبر و استقلال، وسیع مطالعہ اور ژرف نگہہ اس کے اہم اجزا ہیں۔ ذوق طلب اور تلاش وجستجو اس کے بنیادی عناصر ہیں، یہی وہ جذبہ ہے جو محقق کو دانہ چینی کے لئے آمادہ کرتا ہے، ابو طالب کلیم ہمدانی نے اسی بات کی ترجمانی شعر کی زبانی یوں کی ہے، کہتا ہے:

ہیچ گہہ ذوق طلب از جستجو بازم نداشت  دانہ می چیدم من آن روزی کہ خرمن داشتم

---

*صدر شعبۂ فارسی، یونیورسٹی لکھنؤ

Marfat.com

کسی بھی ادب پارے کی پرکھ کے لئے تحقیق و نقد کا سہارا لیا جاتا ہے۔
اگرچہ نقد و تحقیق کے حدود جداگانہ ہیں، لیکن ادبی تحقیق تنقید کے اکثر نتائج سے ہم نوا ہوتی ہے جب کہ نقد کے ساتھ ضروری نہیں کہ اس میں تحقیق کا عنصر بھی شامل ہو۔

فارسی ادبیات میں بیسویں صدی سے پہلے تحقیق کی کوئی باقاعدہ اور منظّم صورت نظر نہیں آتی، ہاں ارادی یا غیر ارادی طور پر اس کی ابتدائی شکل ہمیں فارسی تذکروں، فرہنگوں، تقاریظ، خطوط و انشاء، ملفوظات و شرح و حواشی وغیرہ میں ضرور نظر آتی ہے۔ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ فارسی ادبیات کی تحقیق کا کام جس قدر باقاعدہ، منظّم اور سائنٹفک طریقہ پر بیسویں صدی میں نظر آیا، اس سے قبل اس طرح کی مثال ملنا مشکل ہے۔

فارسی ادبیات کی باقاعدہ تحقیق و نقد کا اولین نقش شبلی نعمانی کی ''شعر العجم'' ہے اور بنیان گذار نقد و تحقیق کا تاج انہیں کے سر کی زینت ہے۔

لیکن شبلی کی تحقیق سائنٹفک اصولوں کے تابع نہیں، فارسی تحقیق کو سائنٹفک اصولوں سے ہمکنار کرنے کا سہرا پروفیسر محمود شیرانی کے سر ہے جنہوں نے داخلی و خارجی استشہاد کے سہارے مفروضات کے بڑے بڑے بت توڑے ہیں، اس سلسلہ میں ''فردوسی پر چار مقالے'' اور 'تنقید شعر العجم' اس کی اعلیٰ مثالیں ہیں۔

پروفیسر شیرانی کے بعد سائنٹفک اصولوں کے تحت تحقیق کرنے والوں میں ہم پورے اعتماد کے ساتھ جس دوسرے محقق کا نام لے سکتے ہیں وہ شخصیت ہے پروفیسر نذیر احمد کی۔ پروفیسر نذیر احمد کا تحقیقی سفر تقریباً ساٹھ سال کے عرصہ پر محیط

Marfat.com

ہے۔اس طویل مدت میں فارسی، اردو وانگریزی زبانوں میں لکھے گئے ان کے صدہا تحقیقی مضامین ناقدین ادب سے خراج تحسین وصول کر چکے ہیں۔انہوں نے اب تک متعدد ادبی وفرہنگی کانفرنسوں وسیمناروں میں ہندو بیرون ہند شرکت کی اور تحقیقی مقالات پیش کئے۔

پروفیسر نذیر احمد کو کلاسیکی فارسی پر بے حد عبور ہے۔ عام طور پر میڈیول ہسٹری اور انڈو پرشین لٹریچر ان کے دائرہ تحقیق میں شامل ہیں، اس میں بھی حافظ شناسی وغالب شناسی پر انہیں تخصص حاصل ہے۔اور مخطوطہ شناسی یا متنی تحقیق میں وہ ماہر تسلیم کئے جاتے ہیں یہاں میں متنی تحقیق کے حوالے سے گفتگو کرنا چاہوں گی۔

مخطوطہ شناسی یا متنی تحقیق بڑی صبر آزما چیز ہے اور شاید جادۂ تحقیق کی دشوار گذار منزل، اس راستہ سے گذرنا سہل الحصول طبیعتوں کا کام نہیں۔اس شاہراہ سے تو کچھ وہی لوگ گذر سکتے ہیں سخت کوشی جن کا مذہب اور کان کندنی جن کا ایمان ہو۔ مخطوطہ شناسی ایک فن ہے، اس میں سب سے اہم مسئلہ خط کی پہچان ہے عموماً قلمی نسخے خط نستعلیق، خط نسخ یا خط شکستہ میں لکھے ہوئے ملتے ہیں۔اس میں خط شکستہ کا پڑھنا دشوار گذار کام ہے کیوں یہاں شوشے اور نطقے ہی کی پہچان پر اصل لفظ کی پہچان کا دارومدار ہوتا ہے، متن کی صحت ہی مخطوط کا اصل کام ہے۔ پروفیسر نذیر احمد نے اس راہ کی مشکلات کو جزو زندگی بنالیا ہے۔متنی تحقیق کے سلسلہ میں ان کی عرق ریزی اور ژرف نگاہی کا مرد میدان کوئی دوسرا نہیں۔تلفظ، لہجے، املے اور الفاظ کی صحت پر انہوں نے صدہا مضامین لکھ کر بار بار ذہنوں کو اس طرف متوجہ کیا ہے، جس میں ''غالب اور ذال

Marfat.com

فارسی''، ''دساتیر پر ایک نظر'' اس میں بھی ہنر وارش کی بحث جیسے مضامین انتہائی پر ارزش ہیں۔ تحریری فروگذاشتوں اور قلمی لغزشوں کے سلسلہ میں ان کا خیال ہے کہ کسی بھی تحریر کے لکھتے وقت غلطیوں کا احتمال حد بھر موجود رہتا ہے اور نقل کرتے وقت اس کا احتمال اور بھی بڑھ جاتا ہے۔ اس عنوان پر گفتگو کرتے وقت آپ نے ''پارسائی''، ''سیائی''، ''روشنائی'' کی ردیف میں کہی ہوئی عراقی کی غزل کے ایک مصرع:

بہ شرارۂ قلندر بزن ار حریف مائی

کی طرف توجہ مبذول کرائی کہ بشرارہ دراصل پسرارہ کی تحریف زدہ شکل ہے اور جو قلم کی زد میں آ کر کسی وقت ''شرارہ'' میں تبدیل ہو گیا اور عرصہ تک اسی طرح پڑھا اور پڑھایا جاتا رہا۔

متنی تحقیق کے سلسلہ میں ان کی چند گراں مایہ تحقیقات اس طرح ہیں۔

ا۔ مکاتیب سنائی[۱]:

تقابلی تحقیق کا نمونہ ہے۔ پروفیسر نذیر صاحب نے مکاتیب سنائی کے پانچ معتبر نسخوں کی مدد سے تقابلی مطالعہ کے بعد خط نسخ کے اختلافات کو درست کر کے ایک صحیح اور معتبر متن تیار کیا ہے۔ اس میں مستعمل آیات قرآنی اور احادیث نبوی کو قرآن و حدیث کی روشنی میں جانچنے و پرکھنے کے بعد اسے پاورقی میں دیا گیا ہے۔ فقرات و محاورات، اقوال اور ضرب الامثال وغیرہ کی دیوان اور حدیقۂ سنائی کی روشنی میں تصحیح کی گئی ہے نیز عربی اشعار کو شعراء کے دواوین سے مقابلہ کر کے صحت کے ساتھ پاورقی میں رکھا گیا ہے۔

Marfat.com

## ۲۔ دیوان حافظ:

پروفیسر نذیر احمد کا دوسرا پر ارزش اور قابل قدر کام دیوان حافظ کے انتقادی متن کی تصحیح و ترتیب و تنظیم ہے۔ دیوان حافظ کا پہلا ایڈیشن ۱۷۹۱ء میں کلکتہ سے شائع ہوا۔ اس کے بعد ایران و مصر و ترکی سے اس کے متعدد نسخے شائع ہوئے لیکن ان اشاعتوں کے باوجود، دیوان حافظ کا کوئی مکمل انتقادی متن ایسا شائع نہ ہو سکا جو معتبر ترین کہا جا سکے۔ البتہ اس درمیان ۸۲۷ھ کے کتابت شدہ نسخے کو جو حافظ کی وفات کے تقریباً ۳۵ سال بعد ترتیب دیا گیا، اس نسخے کو بنیاد بنا کر عبدالرحیم خلخالی نے ۱۹۲۷ء میں ایران سے شائع کیا۔ اسی نسخے کو مرحوم ڈاکٹر قاسم غنی اور علامہ قزوینی نے اپنے نسخہ کی اساس بنایا۔ پروفیسر نذیر احمد نے ۸۲۴ھ کے کتابت شدہ نسخے کو جو سید ہاشم علی سبز پوش (گورکھپور) کے کتب خانہ میں موجود تھا یعنی جو قدامت کے لحاظ سے نسخۂ خلخالی سے بھی تین سال قدیم تھا، ڈاکٹر محمد رضا جلالی نائینی کی ہمکاری سے تہران سے شائع کرایا۔ نسخہ کے متن میں شرح وحواشی موجود نہیں ہیں لیکن اس نسخہ میں وہ مقدمہ جامع موجود ہے جو اب تک مختلف نسخوں میں "گل اندام" کے نام سے مشہور ہے۔ اس مقدمہ پر مبسوط حواشی پیش کئے گئے ہیں۔ لیکن گل اندام کا نام مقدمہ سے حذف ہے کیوں کہ محققین کو اس کے الحاقی ہونے کا شبہ ہے۔ اس کے الحاقی ہونے کے سلسلہ میں یہ دلیل پیش کی جاتی کہ چونکہ گیارہ قدیم ترین نسخوں میں سے سات نسخوں میں یہ نام نہیں ملتا اس لئے گمان غالب یہ ہے کہ یہ نام الحاقی اور فرضی ہے۔

Marfat.com

## ۳۔ فرہنگوں کے انتقادی متن:

پروفیسر نذیر احمد نے کچھ قدیم ترین و معتبر ترین ہندستانی فرہنگوں کے بھی انتقادی متن تیار کئے ہیں۔ فرہنگ نویسی کا معاملہ ذہانت کے ساتھ، فرہنگوں اور ادبی متوں کے بے پناہ مطالعہ کا متقاضی ہے۔ پروفیسر نذیر احمد یہاں بھی بیحد سلامت روی سے گذرے ہیں۔ آپ نے جن فرہنگوں کے انتقادی متن تیار کئے ہیں وہ حسب ذیل ہیں۔

### (الف) فرہنگ قواس[۲]

تالیف فخر الدین مبارک شاہ قواس غزنوی (تالیف ۶۹۵ھ) یہ علاء الدین خلجی (۶۹۵-۷۱۵ھ) کے عہد کا ادیب اور شاعر ہے۔ ہندوستان کی قدیم ترین فرہنگ، لغت فرس اسدی طوسی (وفات ۴۶۵) کے بعد فرہنگ قواس کا نمبر قدامت میں دوسرا ہے، اس میں پانچ بخش ہیں اس لئے اسے ''پنج بخشی'' بھی کہتے ہیں۔ پہلے اس کا ایک ناقص الاول و آخر نسخہ دریافت ہوسکا تھا جو ایشیا ٹک سوسائٹی بنگال کے کتب خانے میں موجود ہے، اس کی رو سے پروفیسر نذیر احمد نے اس کا انتقادی متن تیار کیا تھا اور فرہنگ بنگاہ و ترجمہ و نشر کتاب (تہران) سے ۱۹۷۴ء میں شائع کرایا۔

### (ب) دستور الافاضل:

تالیف مولانا رفیع المعروف بہ حاجب خیرات دہلوی ۷۴۳ھ عہد تغلق ۸۴۳ھ کی یادگار ہے۔ اس کا شمار بھی ہندوستان کے قدیم ترین فارسی فرہنگوں میں ہوتا ہے۔ اس کا ایک ناقص نسخہ معلوم ہوسکا تھا، جس کی رو سے پروفیسر نذیر صاحب نے اس نسخہ

Marfat.com

کی ترتیب وتصحیح کی۔ بنیاد فرہنگ تہران کی طرف سے ۱۹۷۵ء کو شائع ہوا۔

(ج) فرہنگ زفان گویا[۳]

اس کا شمار بھی فارسی کی قدیم ترین فرہنگوں میں ہوتا ہے۔ اس فرہنگ کا پورا نام ''زفان گویا و جہان پویا'' ہے۔ اس کا مؤلف بدر ابراہیم ہے۔ پوری کتاب میں سات بخش اور ایک خاتمہ ہے۔ سات بخش کی رعایت سے ''ہفت بخشی'' بھی کہتے ہیں۔ کتابخانہ خدا بخش بانکی پور پٹنہ میں اس کا مخطوطہ موجود ہے۔

(د) نقد قاطع برہان:

بقول پروفیسر نذیر احمد ''نقد قاطع برہان'' غالبؔ کی مشہور تصنیف ''قاطع برہان'' کے بعض مندرجات کو تحقیق کی کسوٹی پر کسنے کی کوشش ہے[۴]۔ پروفیسر نذیر احمد نے فارسی کی قدیم فرہنگوں مثلاً: فرہنگ قواس دستور الافاضل، زفان گویا اور بحر الفضائل وغیرہ کی روشنی میں پہلی بار اختلاف آرا مسائل پر تنقیدی نظر ڈالی ہے۔ پروفیسر نذیر احمد نے ثابت کیا ہے کہ ''برہان قاطع (از محمد حسن تبریزی) کے سلسلہ میں مرزا غالب کے اکثر اعتراضات درست نہیں ہے انہوں نے دساتیر کی جعلی حقیقت اور ہزوارش کی طرف بھی توجہ مبذول کرائی ہے، جس کی طرف غالب کی نظر نہیں تھی۔ اس کے دوسرے حصے میں شامل پانچ ضمیمہ جات نے اس کی قدر و قیمت میں اضافہ کر دیا ہے۔ جس کی آشنائی کے بغیر فارسی فرہنگ نگاری کے اصول کی شناخت ممکن نہیں۔ یہ ضمیمہ جات اس طرح ہیں:

(۱) دساتیر پر ایک نظر (۲) برہان قاطع (۳) غالب اور صاحب برہان قاطع میں اتحاد

Marfat.com

نظر (۴) غالب اور ذال فارسی اسی عنوان سے قاضی عبدالودود کا مقالہ مجلّہ ''آجکل'' دہلی سے شائع ہو چکا ہے۔ قاضی صاحب کا دوسرا مضمون 'حافظ اور ذال فارسی' کے عنوان سے ماہنامہ ''نقوش'' لاہور (خاص نمبر اکتوبر، نومبر، دسمبر ۱۹۶۶ء) میں شائع ہو چکا ہے۔ (۵) تصحیفات اور لغات فارسی، یہ کتاب ۱۹۸۵ء کو غالب انسٹی ٹیوٹ نئی دہلی سے شائع ہو چکی ہے۔ ان فرہنگ ناموں کے انتقادی متن کے علاوہ فرہنگوں سے متعلق پروفیسر نذیر احمد کے مضامین بھی قابل پر ارزش ہیں مثلاً بحر الفضائل (مجلّہ معارف ۱۹۶۷)، تحفۃ السعادۃ (مجلّہ علوم اسلامی)۔

دیوان مہندس اور اعجاز خسروی کے متون کی تصحیح بھی، پروفیسر نذیر احمد کی کوششوں کے رہین منت ہیں۔

بلاشبہ ہر انسان کے مزاج اور ذہن کی ایک ساخت ہوتی ہے اسی کے تحت اس کی دلچسپیاں قرار پاتی ہیں۔ پروفیسر نذیر احمد کا ذہن تحقیق اور خصوصاً ''متنی تحقیق کیلئے انتہائی موزوں ہے، وہ اس کو بوجھ نہیں سمجھتے بلکہ اس کام میں پوری لذت محسوس کرتے ہیں۔ انہیں خوب معلوم ہے کہ یہ راہ جس پر وہ گامزن ہیں: 'روی دریا سلسبیل و قعر دریا آتش است' کے مصداق انتہائی دشوار گذار ہے لیکن پھر بھی آپ اس پر خار وادی سے جس سلامت روی سے گذر رہے ہیں، بلاشبہ اس میں پروفیسر نذیر کی کوئی نظیر نہیں۔

بدوں تردید پروفیسر نذیر احمد صاحب کے تحقیق و تنقیدی کارناموں کا جائزہ لینے کیلئے 'فرہنگ شیر خان' (مجلّہ غالب جولائی ۱۹۶۳ء) 'فرہنگ قواس کا ایک جعلی نسخہ بھوپال میں وغیرہ وغیرہ۔

Marfat.com

ایک ایسے ہی عالمانہ سمینار کی ضرورت تھی۔ اس سمینار کے انعقاد کے لئے پروفیسر ماریہ اور اراکین سمینار مبارکباد کے مستحق ہیں۔

اس سلسلہ میں ایک بات کہنا چاہوں گی وہ یہ کہ چونکہ پروفیسر نذیر احمد صاحب کی ادبی زندگی کا تمام تر حصہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے وابستہ رہا ہے، اسی سرزمین سے وابستہ رہتے ہوئے انہوں نے علم وادب کی خدمت کی بلاشبہ یہ سرزمین ان کی مقروض ہے، اب وقت آیا ہے کہ وہ اس قرض سے سبکدوش ہو سکے لہذا اس سلسلہ میں میرا ایک پیش نہاد ہے وہ یہ کہ علی گڑھ میں ان کے نام سے ایک ایسے ریسرچ سینٹر کی بنیاد ڈالی جائے جہاں پروفیسر نذیر احمد صاحب کے تمام علمی وادبی کارناموں کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہوئے انہیں بالکل اس طرح کتابی صورت دی جائے جیسے لاہور میں پروفیسر شیرانی کے لائق پوتے نے ان کے علمی وادبی سرمائے کا جائزہ لیتے ہوئے ان کی تمام کاوشوں کو کتابی صورت میں یکجا کر کے ہمیشہ کے لئے محفوظ کر دیا اور حق یہ ہے کہ حق ادا کر دیا۔

X

۱۔ چاپ اول ۱۹۶۰، علی گڑھ، چاپ دوم- ۱۹۶۱ افغانستان

۲۔ اس فرہنگ کی غیر معمولی اہمیت کی طرف متوجہ کرانے کا سہرا پروفیسر حافظ محمود شیرانی کے سر ہے،، دیکھئے ''پنجاب میں اردو'' صفحہ ۳-۲۷۲

۳۔ پروفیسر سید حسن (پٹنہ) نے ''فارسی کی ایک قدیم فرہنگ، زفان گویا'' کے عنوان سے ایک مقالہ قلمبند کیا ہے جس میں انہوں نے خدا بخش کے مخطوطہ کا تعارف کرایا ہے یہ مضمون مجلّہ ''فکر ونظر'' علی گڑھ سے شائع ہو چکا ہے بعد کو ان کے مجموعۂ مقالات سلک کلک (۱۹۶۴) میں بھی شامل کیا گیا۔

۴۔ پیش گفتار، نقد قاطع برہان

Marfat.com

پروفیسر محمد شرف عالم*

# عظیم آباد کے علمی و تحقیقی مراکز اور پروفیسر نذیر احمد

مشترکہ ہندی تہذیب کی آرائش و زیبائش میں فارسی زبان نے اہم رول ادا کیا ہے اور اس تہذیب پر اپنے گہرے اور لافانی نقوش مرتسم کیے ہیں۔ یہ زبان تقریباً آٹھ صدیوں تک ہندوستان کے طویل و عریض خطے میں حکمراں رہی اور جب روبہ زوال ہوئی تو درباروں، اداروں، دفتروں خانقاہوں اور عبادت خانوں سے دور ہوتی چلی گئی۔ یہاں کی ثقافتی انجمنیں اور روایتی محفلیں بھی اس زبان کی رونق افروزیوں اور سحر انگیزیوں سے محروم ہوتی گئیں۔

وہ زبان جو کبھی افہام و تفہیم کا بزرگ ترین وسیلہ اور فضیلت و دانشوری کی سند تسلیم کی جاتی تھی اب کتاب خانوں، عجائب گھروں اور محافظ خانوں (Museums & Archives) میں دستاویزوں اور مخطوطات کی صورت میں زینت طاق نسیاں بننے لگی یا پھر کتبات کی شکل میں باقی رہ گئی۔

عہد وسطی میں ہندوستان کے اندر ہمارے قابل رشک تہذیبی ورثہ کی امین، تاریخی اسناد و شواہد کی محافظ اور فنون لطیفہ کے فروغ و پیش رفت میں معاون و ضامن فارسی زبان کو باقی رکھنا ہمارا قومی و ملی فریضہ ہے اور وقت کی اہم ضرورت بھی۔

فارسی کی ٹمٹماتی شمع کو فروزاں اور ضیا پاش بنائے رکھنے کی غرض سے آزادی

---

* شعبۂ فارسی، پٹنہ یونیورسٹی، پٹنہ

Marfat.com

ہند کے بعد چند حوصلہ مند دانشوروں نے کمر ہمت باندھی اور اپنی مسلسل انتھک کوششوں سے فارسی کے چراغ کی لو کو تیز کرنے اور اس کے نور کو دور دور تک پھیلانے کی سمت جدوجہد شروع کیں، ہراول دستہ کے ان جاں بازوں میں تین ناموں نے بقائے دوام حاصل کرلیا ہے یہ ہیں:

پروفیسر نذیر احمد (علی گڑھ)، پروفیسر سید امیر حسن عابدی (دہلی) اور مرحوم ومغفور پروفیسر سید حسن (پٹنہ)۔ یہ تینوں حضرات جب ایران سے اعلیٰ تعلیمی سند لے کر ۱۹۵۶ء میں اپنے وطن ہندوستان میں واپس آئے تو فارسی زبان وادب کی خدمت کا تہیہ کیا اور ایک لائحہ عمل ترتیب دے کر اس تہذیب وثقافت کی آبیاری میں ہمہ تن مصروف ہوگئے۔ استاد بزرگوار ومحترم ومکرم پروفیسر سید حسن گیسوئے فارسی کو سنوارنے کی خدمت تادیر جاری نہ رکھ سکے ۱۸ر نومبر ۱۹۸۸ء کو ان کی وفات حسرت آیات نے اس سلسلہ کو ہی منقطع کردیا۔ الحمدللہ باقی دو حضرات اپنے مشن میں کامیابی کے ساتھ رواں دواں ہیں۔

استاد عالی مرتبت پروفیسر نذیر احمد کی سیرت وشخصیت کی صحیح عکاسی فارسی زبان وادبیات اور ایرانی تہذیب وثقافت کے میدان میں ان کثیر الجہت، بے شمار اور گراں قدر خدمات کا احاطہ کرنا مجھ ناچیز کی قدرت اظہار سے بالاتر ہے۔ مجھے اعتراف ہے کہ اس سلسلہ میں میری خامہ فرمائی ایک سعی ناتمام ہوگی لہٰذا سطور ذیل میں پٹنہ کے تعلق سے استاد گرامی قدر کی فارسی خدمات کا ایک سرسری جائزہ پیش کرنے کی حقیر کوشش کی گئی ہے۔

Marfat.com

ہندوستان کے قدیم ترین تہذیبی وتمدنی مراکز اور علمی وادبی گہواروں میں شہر عظیم آباد کی حیثیت ہمیشہ قابل توجہ رہی ہے اور یہاں کی تہذیبی روایتوں کا احترام کیا جاتا رہا ہے۔ حالیہ شہر پٹنہ کا قدیم نام عظیم آباد اور قدیم ترین نام پاٹلی پترا ہے۔ شہر کے قلب میں مشرقی علوم وادبیات بالخصوص فارسی وعربی کے نادرونایاب اور بیش قیمت قلمی نسخوں کا بہت بڑا ذخیرہ خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری، بانکی پور پٹنہ میں محفوظ ہے۔ علمی نسخوں کے گنج گراں مایہ نے اس کتب خانہ کو بین الاقوامی اہمیت کا علمی مرکز بنا دیا ہے۔ تشنگان علم وادب طول وعرض عالم سے کشاں کشاں اس کتب خانہ کی زیارت کے لئے آتے، اپنی علمی وادبی پیاس بجھاتے اور قلبی، ذہنی وروحانی سکون و راحت حاصل کرتے ہیں۔ کتب خانۂ خدابخش کے علاوہ پٹنہ یونیورسٹی، خانقاہ مجیبیہ، مدرسہ سلیمانیہ اور کئی دیگر مقامات پر پٹنہ میں فارسی، عربی اور اردو کے متعدد قلمی نسخے منتشر ہیں۔ نادرونایاب اور کم یاب وبیش قیمت قلمی نسخے ہمیشہ ہی پروفیسر نذیر احمد کی توجہ کے مرکز رہے ہیں۔

گذشتہ صدی کی ساتویں دہائی سے پروفیسر نذیر احمد کا رابطہ پٹنہ یونیورسٹی سے زیادہ استوار ہوا گرچہ قدیم نسخوں کی تلاش اور ان سے استفادہ کی غرض سے پٹنہ سے ان کا دیرینہ تعلق رہا لیکن یونیورسٹی سے مربوط ہونے کے بعد امور منصبی کی انجام دہی کے لئے ان کی آمدورفت میں قدرے اضافہ ہوگیا۔ اس کے علاوہ پٹنہ میں منعقد ہونے والے مختلف سمیناروں میں بھی پروفیسر موصوف کی شرکت بابرکت اکثر ہوا کرتی ہے۔

راقم السطور نے بہار نیشنل کالج (پٹنہ یونیورسٹی کا ایک کانسٹی ٹوائینٹ تعلیمی ادارہ) میں

Marfat.com

تین بار قومی و بین الاقوامی سطح کے سمینار یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نئی دہلی کی کفالت سے منعقد کرائے۔ پہلا قومی سمینار ۱۹۸۱ء میں ہوا جس کا موضوع تھا ''فارسی ادبیات میں ریاست بہار کے صوفیوں کا حصہ''، دوسرا قومی سمینار ۱۹۸۱ء میں ''بہار میں فارسی کے ہندو شعرا'' پر ہوا اور تیسری مرتبہ ۱۹۸۷ء میں فارسی جدید کی باز آموزی کا چودہ روزہ دورہ منعقد ہوا اور بین الاقوامی سمینار بھی۔ راقم السطور کی ڈائرکٹر شپ میں منعقدہ ان تینوں سمیناروں اور فارسی جدید کے دورۂ باز آموزی نیز بین الاقوامی سمینار میں عظیم محقق و دانشور پروفیسر نذیر احمد نے از راہ کرم میری استدعا کو قبول فرماتے ہوئے شرکت کی زحمت گوارہ کی اور جلسات کی زینت میں اضافہ کیا۔ ہر بار اپنے پرمغز مقالات سے شرکاء کو فیض یاب فرمایا۔ واضح رہے کہ ۱۸۸۹ء میں قائم شدہ بہار نیشنل کالج کی صد سالہ تاریخ میں یہ تینوں سمینار اپنی نوعیت کے اولین سمینار شمار کئے جاتے ہیں اور مؤخر الذکر جدید فارسی کی باز آموزی کا کورس تو اب تک ریاست بہار میں اولیت کے شرف کا متحمل ہے۔

پروفیسر نذیر احمد نے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی زیر اعانت پٹنہ یونیورسٹی اور پٹنہ کالج کے شعبۂ فارسی کے زیر اہتمام منعقدہ سمیناروں میں بالترتیب ۱۹۷۹ء اور ۱۹۸۹ء میں شرکت فرمائی۔ پٹنہ یونیورسٹی میں دسمبر ۱۹۸۷ء میں آل انڈیا پرشین ٹیچرز ایسوسی ایشن کی تیرھویں کانفرنس کا انعقاد ہوا پروفیسر موصوف اس کے جلسات میں شان مربیانہ کے ساتھ شریک ہوئے۔

ادارۂ تحقیقات وتتبعات عربی و فارسی پٹنہ میں ریاستی حکومت کی کفالت سے

Marfat.com

۱۹۸۱ء، ۱۹۸۲ء، ۱۹۸۳ء اور ۱۹۸۷ء میں قومی سطح کے چار سمیناروں کا انعقاد ہوا اوران میں پروفیسر نذیر احمد بہ نفس نفیس اپنے عالمانہ مقالوں کے ساتھ شریک ہوتے رہے۔

کتب خانہ خدا بخش بانکی پور پٹنہ میں ۱۹۷۱ء سے خدا بخش سالانہ خطبات کا ایک سلسلہ قائم ہے۔ جس میں عربی، فارسی، علوم اسلامیہ، عالم اسلامی اور ہندستان کی عہد وسطیٰ کی تاریخ میں تخصص رکھنے والے علما اور دانشوروں کو لکچرز کے لئے مدعو کیا جاتا ہے ۱۹۷۴ء میں یعنی اس سلسلہ کے چوتھے سال پروفیسر نذیر احمد کو مدعو کیا گیا ان سے پہلے قاضی عبد الودود (۱۹۷۱ء) میں ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی کلکتہ کو ۱۹۷۲ء میں، پروفیسر اے۔ اے آصف فیضی بمبئی کو ۱۹۷۳ء میں مدعو کیا جا چکا تھا۔ ان فضلا نے اپنے اپنے لکچرز کے ذریعہ تشنگان علوم و آگہی کو سیراب کیا تھا۔ ۱۹۷۴ء میں پروفیسر نذیر احمد نے اپنا معرکۃ الآرا سلسلہ خطبات ''فارسی و ہندستان'' کے موضوع پر پیش کیا سالانہ سلسلہ خطبات میں گرچہ پروفیسر موصوف کا چوتھا نمبر ہے لیکن علمائے فارسی کے درمیان وہ پہلے شخص ہیں جن کو یہ شرف حاصل ہوا۔ اس کے ٹھیک آئندہ سال یعنی ۱۹۷۵ء میں استادی پروفیسر سید امیر حسن عابدی کو یہ اعزاز ملا۔ یہ دونوں خطبات خدا بخش لائبریری نے طبع کرا کر منظر عام پر لا دیا ہے۔

پروفیسر نذیر احمد نے پہلے روز جو لکچر دیا اس کا موضوع تھا ''فارسی کے اثرات ہندوستانی معاشرت اور ہندوستانی زبانوں پر'' قبل از مسیح سے لے کر ایران میں اسلامی نظام قائم ہونے تک کے ادوار میں ایران و ہند کے سیاسی و ثقافتی روابط اور علاقہ مندی پر ایک طائرانہ نگاہ ڈالنے کے بعد اسلامی عہد کے ایرانی تہذیب و

Marfat.com

ثقافت کے جو اثرات ہندوستان نے قبول کیے ان پر روشنی ڈالی گئی اور خصوصیت کے ساتھ ہندوستانی تمدن و معاشرت اور یہاں کی زبانوں پر فارسی کے اثرات کا ایک سیر حاصل اور تفصیلی مطالعہ پیش کیا گیا۔

مختلف ذیلی عنوانوں کے تحت لکچر مرتب تھے۔ زندگی کے مختلف پہلوؤں پر فارسی زبان کے اثرات کی وضاحت کرتے ہوئے ہندوستانی ناموں، انسانی رشتوں، غذا اور خوراک، پوشاک، شہروں اور قصبوں کے نام، ظروف، زیورات، میوے، پھلوں، پودوں اور درختوں کے ناموں پر فارسی اثرات کی بے شمار مثالیں پیش کی گئیں۔ اسی طرح ہندوستانی گالیوں، تحسین کے کلمات، سواری و سفر، پیشہ وروں اور عہدوں کے ناموں پر فارسی اثرات کی نشاندہی کی گئی، عدالتی اور قانونی اصطلاحات، تحریر و کتابت کی اصطلاحات، نجاری کے متعلقات، معماری کے متعلق الفاظ، تعمیرات کے متعلقات، طبی اصطلاحات، موسیقی اور ناپ تول کے پیمانوں پر فارسی کے اثرات ذیلی عنوانوں کے تحت ترتیب دیئے گئے۔

ہماری بول چال میں فارسی فقروں، ضرب الامثال اور روزمروں کا کس حد تک عمل و دخل ہے مثالوں سے واضح کیا گیا، ہندستان کی مختلف زبانوں پر فارسی کے اثرات کی نشاندہی کرتے ہوئے ہندی اور اردو زبان پر اس کے اثرات کی بہ کثرت مثالیں اکٹھا کی گئیں پروفیسر موصوف نے اپنے عمیق مشاہدہ اور طویل مطالعات و تجربات کی بنیاد پر مرتب کیے گئے پہلے خطبہ کے آخر میں بیان فرمایا:

"ہندوستانی معاشرت اور ہندوستانی زبانوں پر فارسی نے نہایت

Marfat.com

دور رس اثرات چھوڑے ہیں جن کے گہرے مطالعہ کے بغیر ہندوستانی معاشرت کی تاریخ اور ہندوستانی زبانوں کا جائزہ نامکمل رہے گا"۔

خطبہ اول مطبوع شکل میں ۲۵ صفحات پر مشتمل ہے۔اس مقالہ کو پڑھنے سے اردو زبان پر فارسی کے گہرے نفوذ و اثرات کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فارسی زبان و ادب سے اچھی واقفیت کے بغیر اردو کے مسائل سے عہدہ برآ ہونا دشوار ہے۔

اس سیریز کے دوسرے لکچر کا موضوع تھا:

"فارسی کے اثرات ہندوستان کے تمدنی وتہذیبی امور پر"

ہندوستان تہذیب وتمدن پر فارسی کے اثرات ونفوذ کی وضاحت کرتے ہوئے خطبہ میں فارسی کتبوں کا تفصیلی ذکر کیا گیا اور فارسی کے کتبات کی مثالیں بھی دی گئیں چند ایک عربی کتبات کی بھی نشاندہی کی گئی۔ ہندوستان کے ہر خطے میں کتبات پائے جاتے ہیں کتبات کے مطالعے کی تاریخی اور تمدنی وتہذیبی ضرورت کی شدت پر زور دیا گیا۔کتبوں کے بعد وقف ناموں، اور شاہی فرمانوں کا ذکر کرتے ہوئے بہت ساری مثالیں دی گئیں۔

۲۷ صفحات پر محیط اس دوسرے لکچر کے آخر میں پروفیسر موصوف نے دو دنوں کی گفتگو کا ماحصل خود بیان فرمایا جو درج ذیل ہے:

"۱۔ فارسی نے ہندوستان پر جتنے گہرے نقوش چھوڑے ہیں

Marfat.com

اتنے کسی اور زبان کے نہیں ہیں۔

۲۔ ہندوستان کے دور وسطیٰ سے لے کر آج تک کی تہذیبی و تمدنی زندگی کے سلسلے میں اس زبان سے واقفیت کے بغیر کوئی معقول اقدام نہیں ہوسکتا اور جو اقدام اسکے بغیر ہوا ہے یا آئندہ ہوگا وہ ناقص ہوگا اور نا قابل اعتبار۔

۳۔ ہندوستانی زبانوں کے تحقیق کے مسائل سے عہدہ برآ ہونے کی ایک اہم شرط فارسی زبان سے واقفیت۔

۴۔ فارسی والوں کو تاریخ، تمدن، معاشرت، فنون لطیفہ، ہندوستانی زبانوں وغیرہ کے مسائل سے واقف ہونا چاہئے۔ اس لئے کہ ان مسائل کے مطالعہ میں فارسی کو بے حد دخل ہے لیکن بحالت موجودہ ہم ان کو حل کرنے سے قاصر ہیں۔

زبان و ادب کی اہمیت قومی و ملکی ضرورت کی کفالت کے اعتبار سے ہوتی ہے اور فارسی کی اہمیت کا مدار اس پر ہے کہ اس سے یہ ضرورت کس حد تک پوری ہوتی ہے۔ باوجود اس کے کہ ہندوستان کے سیاسی و تمدنی و لسانی مسائل کا اس زبان سے گہرا تعلق ہے لیکن فارسی کے ہندوستانی دانشوران مسائل کے حل میں ناکام رہے ان میں ماضی اور حال کے دانشور شامل ہیں۔

Marfat.com

۵۔ ہندوستان کی حکومت اور یہاں کے عوام پر واضح ہونا چاہیۓ
کہ فارسی کے زوال سے ہندوستان کا تہذیبی زوال ہوگا''

تیسرے لکچر کا موضوع تھا:

'' قدیم ہندستانی کتاب خانوں کی نادر کتابیں اور موجودہ
ہندوستان میں فارسی سے متعلق تحقیقی مواد''

اس موضوع پر اپنی تحقیق و تلاش، معلومات اور تجربوں کی بنا پر بہت سارے نادر نسخوں کا تعارف پیش کیا اور ہندوستان کے مختلف خطوں، مراکز اور کتاب خانوں میں تحقیقی مواد کی دستیابی سے حاضرین کو روشناس کرایا، ہندوستان کے ذخائر میں ایسے اہم مخطوطے ہیں جن کے مطالعے اور جن سے بجا طور پر استفادے کئے بغیر ایرانی ادب کی تاریخ ناقص رہے گی۔ نہ جانے کتنے اہم اور نادر مخطوطے یہاں کے عام کتاب خانوں اور شخصی ذخیروں میں موجود ہیں جن تک ہماری رسائی نہیں اور عدم توجہی کی وجہ سے یہ روز بروز برباد ہوتے جارہے ہیں۔ اس ملک نے نہ صرف فارسی کے ہزاروں ادیب اور شاعر پیدا کئے بلکہ فارسی کے علمی ذخائر کو محفوظ کر کے فارسی ادب کے دامن کو وسیع تر کر دیا۔

خدابخش جرنل شمارہ نمبر ۱۲ مطبوعہ بسال ۱۹۸۰ء پروفیسر نذیر احمد کے دو مقالات جرنل کے اس شمارہ کی زینت بنے۔ ایک کا عنوان ہے:

''غزلیات سلمان ساوجی (نسخہ خدابخش) وتعیین زمانہ استعمال ذال فارسی''۔

فارسی زبان میں یہ مقالہ جرنل کے صفحہ ۲۱ تا ۲۳ پر محیط ہے۔ جیسا کہ عنوان

Marfat.com

سے ظاہر ہے سلمان ساوجی کے دیوان غزلیات کے اس نسخہ کی زمانہ کتابت کی تعیین کی گئی ہے۔

جرنل کے اسی شمارہ میں ان کا دوسرا مقالہ اردو میں ہے جس کا عنوان ہے: ''مخطوطہ شناسی میں املائی خواص کی اہمیت'' مخطوطہ شناسی میں املائی خواص کی بنا پر اس کے زمانہ کی تعیین ایک بڑا اہم اور دقیق مسئلہ ہے۔ املائی خواص کی درست اور واضح واقفیت کے بغیر نسخہ کے زمانہ کا تعیین ناقص ہوگا۔

خدا بخش لائبریری پٹنہ میں کلیات سلمان ساوجی اور کلیات سعدی کا ایک قلمی مجموعہ ہے جو ۴۲۲ اوراق پر مشتمل ہے۔ متن اور حاشیے میں پہلے سلمان کا اور پھر سعدی کا کلام درج ہوا ہے۔

مقالہ نگار پروفیسر موصوف کی دریافت یہ ہے کہ مجموعہ کے کاتب درویش شاہ حسین کو ایک قدیم مخطوطہ جو کلیات سلمان ساوجی اور کلیات سعدی کے بعض اجزا پر حاوی تھا، مل گیا مخطوطہ ناقص حالت میں تھا، کچھ اوراق درمیان سے اور کافی حصہ آخر سے غائب تھے۔ ناقص نسخے کی قدامت کے بین شواہد موجود ہیں اس میں دال اور ذال کے درمیان تفریق کے قاعدے پر پوری توجہ سے عمل ہوا ہے، اس کے علاوہ چند اور املائی خصوصیات ہیں جن کی بنا پر بغیر کسی شک وشبہ کے یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ کاتب کا حاصل شدہ مسودہ اوائل نویں صدی ہجری سے بعد کا نہیں ہوسکتا۔ کاتب درویش شاہ حسین بن مولانا محمد رضا اصفہانی نے ۱۷ ربیع الاول ۱۰۵۷ھ میں فریدون بیگ کے لئے اس کی کتابت کی تھی۔ اس نے یہ جعل کیا کہ دونوں شاعروں کے باقی

Marfat.com

ماندہ کلام کو بڑے چابکدستی سے اس میں شامل کیا اور درمیان کے مفقود اوراق بھی پورے کردیئے لیکن دال اور ذال کے فرق اور دیگر املائی خصوصیات کی بناپر اس کے جعل کی شناخت ہوگئی۔

خدا بخش لائبریری کے جرنل شمارہ ۴۷ میں پروفیسر موصوف کا ایک خطبہ بعنوان ''حیدر آباد کا پرانا نام بھاگ نگر: افسانہ یا حقیقت'' شائع ہو چکا ہے۔ اردو میں بیس (۲۰) صفحات پر محیط یہ مقالہ لائبریری میں پڑھا جاچکا تھا پھر اسے شائع کردیا گیا۔

اس مقالہ میں پروفیسر موصوف نے مختلف تائیدی اور تردیدی دعوؤں کو اپنے محققانہ اور منصفانہ انداز میں جانچنے اور پرکھنے کے بعد اپنی جو رائے دی وہ اس طرح ہے:

> ''فیضی کے واضح بیان کے بعد بھاگ متی اور بھاگ نگر کے واقعہ کی صداقت ہر قسم کے شک وشبہ سے پاک ہوجاتی ہے یہ سرکاری بیان نہایت مصدقہ ہے جو ایک سفیر کے قلم سے اس کے آقا کی خدمت میں پیش ہوا تھا، اور اس بیان کو جب طبقات اکبری کے بیان سے ملاتے ہیں تو یہ بات طے ہوجاتی ہے کہ ۱۰۰۲ھ تک نئے شہر کا نام بھاگ نگر ہی تھا، فرشتہ، عبدالباقی نہاوندی مؤلف مآثر رحیمی اور خافی خاں مؤلف منتخب الباب وغیرہ مورخین کے بیان سے صاف طور پر معلوم ہوجاتا ہے کہ بعد میں بھاگ نگر حیدآباد کہلایا۔ یہ تاریخی حقائق ہیں جن سے انکار ممکن نہیں البتہ یہ چیز جانچنے کی ہے کہ نام کی یہ تبدیلی یعنی بھاگ نگر سے حیدرآباد کب

Marfat.com

عمل میں آئی۔

خدابخش لائبریری پٹنہ کے جرنل شمارہ ۵۴-۵۵ میں فرہنگ زفان گویا کی اشاعت ہوئی گرچہ یہ شمارہ ۱۹۹۰ء میں اشاعت پذیر ہوا اور الگ کتابی شکل میں بھی یہ فرہنگ اسی لائبریری سے شائع ہوئی جس پر سال اشاعت ۱۹۸۹ء درج ہے، ممکن ہے کتاب کی ترتیب وتزئین میں تاخیر کی بنا پر اسے جرنل میں پہلے جگہ دے دی گئی۔

یہ کتاب بدر ابراہیم کی تالیف ہے اور اسی نام سے مشہور ہے لیکن بعض فرہنگوں میں اس کا پورا نام 'فرہنگ زفان گویا وجہاں پویا' لکھا گیا ہے۔ فارسی کی ان قدیم لغات میں جو ہندوستان میں لکھی گئیں زفان گویا کا بڑا درجہ ہے، اس لحاظ سے خدا بخش مخطوطہ کی بھی بڑی اہمیت ہے جسے پروفیسر نذیر احمد نے مرتب کیا۔ زفان گویا کے متن کی فاضلانہ تدوین اور اشاعت فارسی لغت شناسی میں ایک اہم اضافہ ہے۔

سویت کے مشہور محقق، اکادمیشین بایفسکی نے لینن گراڈ کے نسخہ کو ۱۹۷۴ء میں ایڈٹ کیا تھا اور عالمانہ مقدمہ روسی زبان میں لکھا تھا۔ اس کا ترجمہ ڈاکٹر جاوید اشرف نے کیا جسے خدابخش لائبریری نے اپنے جرنل میں شائع کیا۔

اس فرہنگ کی دوسری جلد بھی پروفیسر موصوف نے ترتیب دی اسے بھی خدابخش لائبریری نے ۱۹۹۷ء میں شائع کر دی ہے۔

جلد اول میں کل ۳۶۶ صفحات ہیں۔

مرتب ومصحح کا مقدمہ آغاز کتاب میں ۳۱ صفحات پر مشتمل ہے۔ ایک صفحہ پر فرہنگ نامہ کی فہرست پھر مقدمہ کتاب از مؤلف چار صفحات پر محیط ہے۔

Marfat.com

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| فہرست | واژہ ہای الفبائی | ص ۱ | تا | ۲۱ |
| // | نامہای اشخاص واماکن | ص ۲۲ | تا | ۲۶ |
| // | نامہای کتب وزبانہای | ص ۲۷ | تا | ۲۸ |

آخر میں فرہنگ کے اصل نسخہ کے پہلے اور آخری ورق کا عکس بھی شامل کر دیا گیا ہے عکس دیکھنے سے پتا چلتا ہے کہ کرم خوردہ اور بدخط اوراق اور جہاں تہاں سے مٹے ہوئے الفاظ کی قرأت میں کس قدر زحمت، دیدہ ریزی اور الجھنیں ہوئی ہوں گی۔

آخر میں انگریزی زبان میں بھی ایک مقدمہ (Intoduction) پروفیسر موصوف نے لکھا ہے۔

مؤلف کے بارے میں زیادہ معلومات نہیں ہیں اور کتاب کی تاریخ تالیف کی بھی کہیں وضاحت نہیں ملتی۔ اس کی تالیف کے متعلق قیاس ہے کہ ۸۳۷ھ سے پہلے کی تصنیف ہے۔ کیونکہ بحر الفضائل کی تاریخ تالیف ۸۳۷ھ ہے اور اس کے مآخذ میں ''زفان گویا'' کا بھی نام درج ہے۔ اس فرہنگ کے کل سات بخش ہیں بخش اول و بخش دوم کی اشاعت ''جلد اول'' اور ''جلد دوم'' کے نام سے ہوئی ہے۔

پروفیسر نذیر احمد کا ایک تحقیقی مقالہ خدا بخش جرنل شمارہ مطبوعہ ۱۹۹۶ء کے صفحات کی زینت بنا ہے اس مقالہ کا عنوان ہے:

"Ti'murid manuscripts of Artistic & Historical Value in Indian Collections."

''ہندوستان میں مغلیہ عہد کے مصوّر اور تاریخی اہمیت کے حامل مخطوطات''

Marfat.com

ہندوستان میں تیموری عہد کے ان مخطوطات سے متعلق یہ مقالہ ہے جو مصوری، خطاطی یا تاریخی اہمیت کی حامل ہیں۔ یہ مضمون سمرقند میں منعقدہ بین الاقوامی سمینار ۱۹۶۹ء میں پڑھا گیا تھا جس کو خدا بخش لائبریری نے اپنے جرنل میں شریک اشاعت کرلیا۔ مقالہ میں اس حقیقت کا انکشاف کیا گیا ہے کہ ہندوستان میں سینکڑوں ایسے مخطوطات ہیں جن کا دوسرا نسخہ دنیا میں کہیں دستیاب نہیں ہے۔ جن کے مطالعہ کے بغیر قرون وسطیٰ کی سیاسی، ثقافتی وادبی اور تہذیبی وتمدنی تاریخ نامکمل رہے گی۔

چار حصوں پر مشتمل اس مقالہ کے حصہ اول میں ان نسخوں کا تعارف پیش کیا گیا ہے جو مصوری اور گرافک آرٹ کے نمونے ہیں۔ اس فہرست میں دسویں ور گیارہویں صدی ہجری کے چند ممتاز خطاطوں اور ان کی خطاطی کے نادر نمونوں سی روشناس کراتے ہوئے اس کے ایشیائے مرکزی اور خراسان سے ہندوستان ہجرت کر کے ہندوستان آنے کا بیان شامل ہے، مثلاً اظہر، علی الخطیب، سلطان علی مشہدی، سلطان محمد بن نوراللہ اور شاہ محمد وغیرہ۔ اس فہرست میں بیس خطاطوں کا ذکر آیا ہے۔

مقالہ کے دوسرے حصہ میں مصنفین کے دستخط کی تحقیق وجستجو کا حاصل پیش کیا گیا ہے۔

خدا بخش لائبریری میں مولانا عبدالرحمٰن جامی کے خط میں ان کی تین درج ذیل تصانیف دستیاب ہیں:

۱۔ سلسلۃ الذہب دفتر اول اور دیوان

۲۔ انیس الطالبین

Marfat.com

۳۔ شرح فصوص الحکم (عربی زبان میں)

اسی طرح اُلغ بیگ اور جمشید کاشی کے دستخط کی شناخت کی گئی ہے اور بابر اور جہانگیر کے دستخط کی صداقت بھی ثابت کی گئی ہے۔

مقالہ کے تیسرے حصے میں فن خطّاطی پر تصنیف کی گئی کتابوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ اور چوتھے حصے میں قابل توجہ اور اہم تاریخی مخطوطات کا ذکر آیا ہے اور ان نسخوں کے محتویات اور مضامین کی بھی وضاحت کی گئی ہے۔

۱۹۹۵ء میں شائع فہرست کے مطابق پروفیسر نذیر احمد کی اردو، انگریزی اور فارسی زبانون میں کل ۳۵ کتابیں ہیں ان کے علاوہ کئی کتابیں ایسی ہیں جو ابھی تک زیور طبع سے آراستہ نہ ہوسکی ہیں۔

اسی طرح مختلف تاریخی و ادبی موضوعات پر ان کے تقریباً تیس رسالے طبع ہوکر منظر عام پر آ چکے ہیں۔ اردو، انگریزی، فارسی میں ان کے تقریباً تین سو مقالات ہندوستان، ایران، پاکستان اور افغانستان وغیرہ ممالک کے مؤقر جرائد و رسائل کے صفحات کی زینت بن چکے ہیں۔

فارسی زبان و ادب اور تاریخ و تمدن کی گراں قدر خدمات کے سلسل میں پروفیسر موصوف کی کاوشوں اور تحقیق و تلاش کے ضمن میں ایک خاص بات یہ ہے کہ انہوں نے کئی درجن نادر اور قلمی نسخوں کو تلاش کر کے منظر عام پر لا دیا ہے جو گویا مفقود ہو چکی تھیں۔ اگر ان کی خاص توجہ اور کوشش نہ ہوتی، تو ان بیش بہا ادب پاروں سے دنیا محروم ہو جاتی۔

Marfat.com

ان کے علمی کارناموں کی خصوصیت یہ ہے کہ ان کے ذوق جستجو میں تنوع پایا جاتا ہے۔ان کی تنوع پسند طبیعت کا ہی نتیجہ ہے کہ خالص ادب کی کتابوں کے علاوہ ان کی توجہ کا مرکز زبان کی قواعد، زبان شناسی، مخطوطہ شناسی، کتبہ شناسی، تاریخ، فنون لطیفہ، مصوری، خطاطی، فن تعمیرات اور طب وغیرہ رہے ہیں اور ان موضوعات پر ان کے معرکتہ الآرا مقالے پوری فارسی دنیا میں قبول عام حاصل کر چکے ہیں۔

ان تمام ادبی و علمی سرگرمیوں اور تخلیقات کا احاطہ کرنا ایک دشوار کام ہے۔ میری ناقص رائے ہے کہ مختلف صنف اور مختلف فن کے لحاظ سے ان پر الگ الگ مقالے تیار کئے جائیں اور پھر انہیں کتابی شکل میں شائع کیا جائے تو ایک حد تک ان کے علمی وادبی کارناموں کے ساتھ انصاف ہو سکے گا۔اچھا ہوتا ایک انسٹی ٹیوٹ کا قیام عمل میں آتا جو ایک پروگرام کے تحت اس کو انجام دیتا۔

آخر میں میری دعا ہے کہ اللہ رب العزت پروفیسر نذیر احمد صاحب کو ذہنی و جسمانی استواری صحت کے ساتھ تا دیر ہم لوگوں کے درمیان باقی رکھے تا کہ علم وادب کی خدمت اور ہم لوگوں کی رہنمائی کا سلسلہ جاری رہے۔ (آمین)

———X———

Marfat.com

ڈاکٹر محمد ضیاء الدین انصاری*

# فن فرہنگ نویسی ورشتۂ لغت اور پروفیسر نذیر احمد

نذیر صاحب کثیر الابعاد اور ہمہ جہت شخصیت کے مالک ہیں۔ وہ دانشور ہیں، محقق ہیں، اردو اور فارسی کے مستند عالم ہیں، ماہر لسانیات ہیں، ادبی مورخ، ترتیب و تدوین متن اور فرہنگ نگاری کے رمز شناس ہیں، فن کتبہ شناسی میں اپنا ثانی نہیں رکھتے، آپ کو موسیقی اور مصوری سے بھی خصوصی لگاؤ ہے جس کا ثبوت ابراہیم عادل شاہ ثانی والی بیجاپور کی تصنیف کتاب 'نورس' کی تدوین اور ان فنون پر آپ کی متعدد تحریروں سے فراہم ہو جاتا ہے۔ کتاب 'نورس' دکنی زبان کی مشکل اور ادق کتاب ہے، نذیر صاحب نے جس عرق ریزی اور ژرف نگاہی سے اس کی تدوین کی ہے وہ بجائے خود ایک عظیم کارنامہ ہے۔ اس سے آپ کے دکنیات سے غیر معمولی شغف اور مہارت کا پتہ چلتا ہے۔ آپ کو فارسی لفظیات اور فن فرہنگ نویسی میں ید طولیٰ حاصل ہے آپ نے ان تمام موضوعات پر اتنی کثرت سے اور اتنے اعلیٰ پیمانے پر کام کیا ہے کہ ہر کام کو دیکھ کر نگاہ خیرہ ہو جاتی ہے اور یہی محسوس ہوتا ہے کہ آپ کا اصل میدان یہی ہے۔

کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا این جاست

برصغیر ہند و پاک میں اردو فارسی کے نامور محققین میں پروفیسر محمود شیرانی، پروفیسر محمد

*ڈائریکٹر خدا بخش لائبریری پٹنہ

Marfat.com

شفیع، بابائے اردو مولوی عبدالحق، پروفیسر عبدالستار صدیقی، مولانا امتیاز علی خاں عرشی، قاضی عبدالودود اور جناب مالک رام کے اسمائے گرامی خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔ ان ہی حضرات کی صف میں ہمیں نذیر صاحب بھی نظر آتے ہیں۔ لیکن ایک خاص امتیاز اور غیر معمولی شان کے ساتھ نذیر صاحب کا میدان عمل ان تمام حضرات سے زیادہ وسیع و عریض اور خاردار ہے۔ ان حضرات کے کارنامے یقیناً انتہائی وقیع اور ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے قدیم متون کی بازیافت، ان کی ترتیب و تدوین اور اشاعت پر توجہ مبذول کی۔ لیکن ان سب کا موضوع ادبیات اور لسانیات رہا۔ علم لغت نویسی اور فرہنگ نگاری جیسے اہم اور بنیادی موضوع پر ان کی نظر التفات نہیں گئی، نذیر صاحب کا امتیازی پہلو یہ ہے کہ انہوں نے مذکورہ تمام موضوعات پر کام کرنے کے ساتھ فن فرہنگ نویسی اور رشتہ لغت (Lexicography) کو بھی اپنے تحقیق و تدوینی کام کا حصہ بنایا۔ اور اس وادی پر خار میں بھی ایسے روشن اور درخشاں نقوش چھوڑے جنہیں زمانے کی گرد کبھی دھندلا نہ کر سکے گی۔

اہل علم سے یہ بات مخفی نہیں کہ فرہنگ نگاری انتہائی مشکل فن ہے اور اس کی ترتیب و تدوین کا کام ژرف نگاہی، محنت شاقہ اور کامل یکسوئی چاہتا ہے۔ اس کو انجام دینے کے لئے علم کی وسعت مطالعہ کی گہرائی اور معلومات کے تنوع کی ضرورت ہوتی ہے، اسی کے ساتھ قدیم اور جدید متون پر کامل دسترس بھی لازما ہونی چاہئے۔ اسطرح اگر بہ غور دیکھا جائے تو لغت نویسی یا نقد لغت کا کام عام تخلیق یا تحقیق کے مقابلہ میں کہیں زیادہ مشکل پیچیدہ اور تہہ دار ہو جاتا ہے۔ اسی لئے زیادہ دلجمعی اور ذہنی یکسوئی کا

Marfat.com

طالب ہوتا ہے نذیر صاحب نے فارسی لغات اور Lexicography پر جتنے بھی کام کئے ہیں، ان میں یہ تمام صفات بدرجہ اتم پائی جاتی ہیں۔ ان میں فرہنگ قواس، دستور الافاضل اور فرہنگ زفان گویا ؤجہان پویا' کی تصحیح اور ترتیب و تدوین نیز 'نقد قاطع برہان' کی تالیف خصوصاً قابل ذکر ہیں۔ ان میں 'فرہنگ قواس' پہلی بار ۱۹۷۲ء میں تہران سے اور دوسری بار ۱۹۹۹ء میں کتابخانہ رضا رامپور سے شائع ہوئی۔ اسی طرح 'دستور الافاضل' بھی پہلی بار ایران سے شائع ہوئی۔ 'زفانِ گویا' دو جلدوں میں خدابخش لائبریری پٹنہ سے اشاعت پذیر ہوئی۔ 'نقد قاطع برہان' کی اشاعت ۱۹۵۸ء میں غالب انسٹی ٹیوٹ نئی دہلی سے ہوئی۔

فخر الدین مبارک شاہ قواس غزنوی کی تالیف کردہ 'فرہنگ قواس' کو کئی لحاظ سے اہمیت حاصل ہے اس کی سب سے بڑی خصوصیت تو یہ ہے کہ ہندوستان میں فارسی لغت نویسی کی باقاعدہ ابتدا اسی فرہنگ سے ہوتی ہے۔ اس کا سال تالیف متعین نہیں۔ خود مؤلف نے بھی اس پر کوئی روشنی نہیں ڈالی ہے۔ البتہ قرائن سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سلطان علاء الدین خلجی کے حکومت (۱۲۹۵ء تا ۱۳۱۵ء) میں پایہ تکمیل کو پہنچی اس لحاظ سے اس کو فارسی کی قدیم ترین کتاب لغت تو قرار نہیں دیا جا سکتا اس لئے کہ اس سے قبل پانچویں صدی ہجری (گیارہویں صدی عیسوی) میں اسدی طوسی کی 'لغت فرس' وجود میں آ چکی تھی۔ اور اسی کو فارسی کا قدیم ترین لغت تسلیم کیا جاتا ہے۔ لیکن اگر ہندوستان کے تناظر میں دیکھا جائے تو 'فرہنگ قواس' ہی اولین لغت قرار پائے گی۔

Marfat.com

''فرہنگ قواس ظاہراً در اواخر سدہ ہفتم یا اوائل سدہ ہشتم ہجری تالیف شد نویسندہ آن فخر الدین مبارک قواس غزنوی یکی از گویندگان بزرگ دورۂ علاء الدین خلجی (۶۹۵ھ-۷۱۶ھ) پادشاہ ہندوستان بودہ است۔ ازین جہت است کہ ما حدس زدہ ایم کہ این فرہنگ در ہمین دورہ نوشتہ شدہ باشد۔ بنا براین در میان فرہنگ ہای مکشوف بعد از 'لغت فرس اسدی طوسی' (فوت ۴۶۵ھ) 'فرہنگ قواس' کہن ترین فرہنگ فارسی باشد''۔۱

فرہنگ قواس میں الفاظ کو موضوع کے اعتبار سے درج کیا گیا ہے اس طرح بنیادی طور پر یہ پانچ حصوں میں منقسم ہے۔ ہر حصہ کو بخش کہا گیا ہے پھر ہر بخش کی مزید تقسیم کی گئی ہے اس تقسیم کی گونہ اور گونہ کی مزید تقسیم کو بہرہ کا عنوان دیا گیا ہے۔

اس کی تالیف میں کسی خاص ندرت سے کام نہیں لیا گیا۔ الفاظ کے معنی بیان کرنے میں تفصیل اور تشریح کو ملحوظ نہیں رکھا گیا ہے۔ صرف لفظ کے بدلے لفظ رکھ دیا گیا ہے البتہ سند کے طور پر اساتذہ کے اشعار نقل کیے گئے ہیں۔ اس زمانہ میں لغت نویسی کا عام انداز یہی تھا۔ وضاحت کے لئے ذیل میں چند اندراجات نقل کیے جاتے ہیں، ان سے مندرجات کے عمومی انداز کا پتہ چل جائے گا:

یزدان: خدای تعالیٰ است چنانکہ انوری گفتہ است:

ای ز یزدان تا ابد ملک سلیمان یافتہ
ہر چہ جستہ جز نظیر از فضل یزدان یافتہ

دارا: دارندہ باشد چنانکہ نظامی گفتہ:

دارای زمین و آسمان اوست دارندۂ انس و جان اوست

Marfat.com

خسرو:      بادشاہ بود، خاقانی گوید:

دردری کہ خاطر خاقانی آورد      قیمت بہ بزم خسرو والا برافگند

پوری فرہنگ میں اسی طرح اختصار سے کام لیا گیا ہے حتیٰ کہ لفظ خسرو کے معنی بیان کرنے میں صرف اتنا ہی لکھ دینے پر اکتفا کرلیا گیا کہ یہ ایک بادشاہ تھا۔ اسی کے ساتھ اگر یہ بھی لکھ دیا جاتا کہ کس ملک بادشاہ تھا تو بات زیادہ واضح ہوجاتی اور اختصار میں بھی فرق نہیں پڑتا۔ البتہ معانی کی سند کے طور پر مستند شعرا کے اشعار پیش کرنے سے اس میں کسی حد تک محققانہ شان پیدا ہوگئی ہے۔ جن شعرا کے کلام سے استفادہ کیا گیا ہے ان میں مسعود سعد سلمان، سوزنی سمرقندی، سنائی، معزی، خاقانی، انوری، عطار، ظہیر فاریابی وغیرہ شامل ہیں۔ جن کے علاوہ بعض نسبۃً کم اہم شعرا کے اشعار سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ لیکن عجب ہے کہ مولانا روم اور شیخ سعدی جیسے اہم شعرا کو یکسر نظر انداز کر دیا گیا ہے۔

یہ فرہنگ کم یاب تھی اور اہل علم کی دسترس سے باہر، اس لئے کہ تشنۂ طباعت تھی۔ اس کے چند قلمی نسخے ہی مختلف کتابخانوں میں محفوظ تھے۔ نذیر صاحب نے اس کی اہمیت اور افادیت کے پیش نظر ان تمام دستیاب نسخوں کی مدد سے، انتہائی محنت اور جانفشانی سے، ایک مستند اور معتبر نسخہ تیار کر کے اسے زیور طبع سے آراستہ کرایا۔ اور اس میں ضروری حواشی و تعلیقات کو شامل کر کے اس کی افادیت میں مزید اضافہ کیا۔ دراصل موجودہ دور میں قدیم متون کی ترتیب و تدوین میں حواشی اور تعلیقات کو بڑی اہمیت حاصل ہے اس لئے کہ اکثر یہ دیکھا گیا ہے کہ اصل متن میں بعض باتیں کلیۃً

Marfat.com

واضح نہیں ہوتی ہیں۔اس کا ایک سبب تو یہ ہوتا ہے کہ مصنف ان کی تشریح وتوضیح کو ضروری تصور نہیں کرتا یا یہ اصل موضوع اور اس کے مقصد تالیف کے دائرے سے باہر متصور ہوتی ہیں۔اس کے علاوہ ان کے تشنہ توضیح رہنے کا ایک سبب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ امور جنہیں آج ہم تشریح طلب سمجھ رہے ہیں انہیں مصنف کے عہد میں تشریح طلب نہ تصور کیا جاتا ہو۔ بعد میں امتدادِ زمانہ یا ماحول کی تبدیلی کے باعث ایک عام قاری کے لئے وہ نامانوس ہو گئے ہوں، اس لئے تدوین متن کے وقت ان کی تشریح وتوضیح ضروری ہو جاتی ہے اس سے اصل متن کے معانی ومفاہیم سمجھنے میں سہولت ہو جاتی ہے اور خود اصل متن کی افادیت اور معنویت میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔نذیر صاحب نے جتنے بھی قدیم متون، بشمول فرہنگ قواس، کی ترتیب وتدوین کی ہے، ان میں عالمانہ انداز اور جس کثرت سے تعلیقات وحواشی کو شامل کیا گیا ہے ان سے اصل متن کی معنویت اور افادیت میں متعد بہ اضافہ ہوا ہے۔

فرہنگ قواس کے شروع میں آپ نے ایک مبسوط مقدمہ بھی تحریر فرمایا ہے جس میں فرہنگ اور صاحب فرہنگ دونوں کے بارے میں مفید معلومات فراہم کی ہیں۔اس ضمن میں انہوں نے بعض محققین کی آراء سے اختلاف بھی کیا ہے اور اپنے نقطۂ نظر کو بڑے مدلّل اور واضح انداز میں پیش کیا ہے اور بعض مقامات پر خود مؤلف فرہنگ کے بیانات کو بھی بعید از حقیقت ثابت کیا ہے۔مثلاً فرہنگ کی تالیف کا سبب بیان کرتے ہوئے قواس قزوینی لکھتے ہیں کہ انہوں نے اس کو احباب کے اصرار پر تالیف کیا اور اس کی بنیاد شاہنامہ فردوسی پر رکھی ہے۔

Marfat.com

''روزی در انجمنی نشستہ بودم یاران ہمدل و ہم منش گرد آمدہ بودند ....روزی خواندن کارنامہ دردل ایشان راہ یافت، شاہنامہ کہ بہترین نامہ ہا است پیش آوردند... دوستی روی بہ من آوردہ و گفت.... مارا ازین زبان بہرہ مند کن....پس از آن جوش گرفتند کہ آنچہ زبان پارسی و پہلوی است می باید کہ ہمہ را یک جائی وتر زفان بہ نویسی تا ہر کس از این زبان بہرہ ای گردد...مراچون از گفت او..گریز نبود خشنود شدم و در بستوہ واستوہ را برخود بستم وخاست منش واندیشہ دل در آن پیوستم تا فرہنگ ہارا باہم کنم۔نخست شاہنامہ را کہ شاہِ نامہ ہا است پیش آوردم واز سرتا پا بخانہ فرو خواندم آنچہ از سخن پہلوی بود ہمہ را جدا گانہ بر کاغذ نوشتم۔[۲]

اسی کی بنیاد پر حافظ محمود شیرانی جیسے بلند پایہ محقق اور عالم نے لکھ دیا کہ شاہنامہ کے مطالب کو سمجھنے کے لئے فرہنگ قواس کافی سود مند لغت ہے:

''در مطالعہ شاہنامہ، فرہنگ قواس خیلی مؤثر وسودمند است''۔[۳]

نذیر صاحب اس سے اتفاق نہیں کرتے ان کا فرمانا ہے کہ یہ کہنا کہ قواس نے لغت خالصۃً شاہنامہ کو بنیاد بنا کر فارسی و پہلوی الفاظ کا انتخاب صرف شاہنامہ سے کیا، درست نہیں اور یہ کہ اس نے سند کے طور پر جو اشعار پیش کئے ہیں وہ شاہنامہ سے زیادہ رودکی اور سوزنی سمرقندی کے دیوانوں سے لئے گئے ہیں۔

''از این عبارات (مؤلف فرہنگ) واضح می شود کہ فخر قواس این

Marfat.com

فرہنگ را مخصوصاً برای شاہنامہ فردوسی نوشتہ بہ ہمین علت است کہ در بعضی موارد 'فرہنگ قواس' را 'فرہنگ شاہنامہ' دانستہ اند''۔ ۴

''برای ما این امر چندان مہم نیست کہ فخر قواس شاہنامہ را کامل خواند یا خیر۔ اما دعوای مؤلف کہ او فہرست مفصلی شامل واژہ ہای پہلوی و فارسی از شاہنامہ تہیہ نمودہ بہ پایۂ تحقیق نمی رسد، زیرا در فرہنگ حاضر ابیات شاہد از دیوانہای رودکی وسوزنی بیشتر از شاہنامہ نقل شدہ، بنابر این واضح است کہ قواس از این دو شاعر اخیر بیشتر استفادہ کردہ۔ ہمچنین استفادۂ او از گفتہ ہای عنصری و نظامی و خاقانی تقریباً بہ ہمان درجہ است کہ او از فردوسی استفادہ کردہ است''۔ ۵

نذیر صاحب نے اپنے مقدمہ میں فرہنگ قواس کے منابع و مصادر پر بھی روشنی ڈالی ہے آپ کا فرمانا ہے کہ اگر چہ خود مؤلف نے اس سلسلہ میں کچھ نہیں بتایا ہے تاہم اس کے بالاستیعاب مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ اس کا بنیادی مآخذ اسدی طوسی کی لغت فرس ہے جو پانچویں صدی ہجری (گیارہ صدی عیسوی) میں تالیف کی گئی تھی اور جسے فارسی کی قدیم ترین کتاب لغت ہونے کا شرف حاصل ہے۔ آپ نے مزید یہ بھی واضح کیا ہے کہ فرہنگ کی ترتیب و تنظیم علامہ زمخشری کی کتاب پیشرو ادب یا مقدمہ الادب کے طرز پر کی گئی ہے۔

''اگر چہ فخر قواس نہ در دیباچہ منابع خود را تذکر دادہ و نہ در متن کتاب ہیچیک از کتاب ہای مورد استفادہ را نام بردہ، اما او از لغت فرس اسدی

Marfat.com

استفادہ کلی کرددر ترتیب و تنظیم کتاب از کتاب پیشرو ادب یا مقدمۃ الادب زمخشری پیروی کردہ است۔ زمخشری در کتاب خود مندرجات را بہ اعتبار مطالب در پنج بہرہ قسم نمودہ است''۔

اسی کے ساتھ نذیر صاحب نے فرہنگ کے بعض تسامحات کی نشاندہی بھی کی ہے اور بتایا ہے کہ سند کے طور پر جو اشعار اس میں درج کیے گئے ہیں ان میں زیادہ تحقیق سے کام نہیں لیا گیا ہے اور ان کو بلا تحقیق لغت فرس سے نقل کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ فرس میں بعض الفاظ کے جو معنی غلط درج ہو گئے ہیں فرہنگ قواس میں بھی وہ اسی طرح نقل ہو گئے ہیں۔

ان سب کی اصلاح نذیر صاحب نے متن کے حاشیہ میں کر دی ہے۔

اس کے بعد اصل متن کی تدوین میں نذیر صاحب نے انتہائی دیدہ ریزی اور ژرف نگاہی سے کام لیا ہے۔ اس کے حواشی میں آپ نے نہ صرف فرہنگ کے دستیاب نسخوں کے متنی اختلافات کی نشاندہی کی ہے بلکہ ہر ہر لفظ کے بارے میں بھی یہ بتایا ہے کہ دوسری کتب لغات میں ان کے کیا معنی درج ہیں۔ اس ضمن میں انہوں نے 'لغت فرس'، 'فرہنگ زفان گویا'، 'دستور الافاضل'، 'فرہنگ رشیدی'، 'لغات سروری'، 'برہان قاطع'، صحاح الفرس، ادات الفضلا، موید الفضلا، فرہنگ جہانگیری جیسی اہم اور مستند کتب لغات میں درج معانی و مفاہیم سے مقابلہ کیا ہے اور بعض مقامات پر فرہنگ قواس کے تسامحات کی نشاندہی بھی کی ہے۔ اور یہ وہ مقام ہے جہاں نذیر صاحب دوسرے محققین ادب سے بہت آگے نکل گئے ہیں۔ متن کی تدوین و ترتیب میں فنی

Marfat.com

مہارت کے ساتھ لغوی اور لسانی تحقیق نے ان کو اس اعلیٰ مقام پر پہنچا دیا ہے جہاں ان کا کوئی ہمسر نظر نہیں آتا۔

فارسی کی دوسری اہم کتاب لغت بدر ابراہیم کی 'فرہنگ زفان گویا و جہان پویا' ہے۔ اس کو ہفت بخشی بھی کہا جاتا ہے۔ اس لئے کہ اس کے مندرجات کو بنیادی طور پر سات حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس کے سال تالیف کے بارے میں اختلاف ہے۔ لیکن اتنی بات مسلم ہے ہندوستان میں تالیف کی جانے والی یہ اولین لغات میں سے ہے۔ اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ اس کے بعد تالیف کی جانے والی کتب لغات مثلاً فرہنگ ابراہیمی، تحفۃ السعادت، مدار الافاضل، موید الفضلا، مجمع الفرس، فرہنگ جہانگیری وغیرہ کے مؤلفین نے بہ کثرت اس سے استفادہ کیا ہے اور اس کے حوالے سے بیشتر معنی درج کئے ہیں۔ یہ لغت بھی تشنہ طباعت اور ہمارے محققین کی توجہ کی محتاج تھی۔ اس کی جانب بھی نذیر صاحب نے ہی نظر التفات کی اور متعدد قلمی نسخوں کی مدد سے اس کا ایک معتبر اور مستند نسخہ تیار کر کے خدا بخش لائبریری پٹنہ سے شائع کرایا۔ یہ دو جلدوں میں ہے پہلی جلد ۱۹۸۹ء میں طبع ہوئی اور دوسری آٹھ سال بعد ۱۹۹۷ء میں [جلد اول خدا بخش لائبریری جرنل (شمارہ ۵۴، ۵۵، ۱۹۹۰ء) میں بھی شائع ہوئی) اس کی ترتیب و تدوین میں بھی نذیر صاحب نے تصحیح متن، تعلیقات اور حواشی کا وہی اعلیٰ معیار برقرار رکھا ہے جو 'فرہنگ قواس' کا طرۂ امتیاز ہے۔ ابتدا میں آپ نے ایک مبسوط مقدمہ سپرد قلم کیا ہے جس میں فرہنگ کے مولف بدر الدین بن ابراہیم سے متعلق تفصیلی معلومات فراہم کی ہیں، اور فرہنگ کی

Marfat.com

خصوصیات سے بحث کی ہے اور اس کے تسامحات کی نشاندہی کی ہے۔ اس ضمن میں آپ کا فرمانا ہے؛ کہ اس فرہنگ کا سب سے بڑا نقص یہ ہے کہ اس کے مؤلف نے زیادہ تحقیق سے کام نہیں لیا ہے اور اکثر الفاظ کے معانی بلا تحقیق قدیم کتب لغات سے اخذ کر لئے ہیں۔ اور دوسرا نکتہ یہ کہ اس میں 'فرہنگ قواس' وغیرہ کے برعکس سند کے طور پر اشعار پیش نہیں کئے گئے ہیں ان امور کی بناء پر اس کی محققانہ حیثیت مجروح ہوگئی ہے۔

تدوین متن کے سلسلہ میں آپ نے 'فرہنگ قواس' کی طرح فرہنگ 'زفانِ گویا' میں بھی بکثرت حواشی و تعلیقات کا اضافہ کیا ہے۔ اس میں مختلف قلمی نسخوں میں اختلاف قرأت یا الفاظ کی کمی و بیشی کی نشاندہی کے علاوہ دوسری متعدد فرہنگوں اور کتب لغات میں مندرج الفاظ کے معانی و مطالب سے 'زفان گویا' میں بیان کئے گئے معانی سے مقابلہ کر کے صحیح معنی اور مفاہیم کو واضح کیا ہے اور اسی کے ساتھ مولف فرہنگ (بدر ابراہیم) کے تسامحات کی نشاندہی کر کے مستند حوالوں سے ان کی اصلاح بھی کر دی ہے۔ اس طرح اصل متن کی صحت کے ساتھ اس کی افادیت اور معنویت میں بے پناہ اضافہ ہو گیا ہے۔

'فرہنگ قواس' کی پیروی میں ہندوستان میں جو کتب لغات تالیف کی گئیں ان میں حاجب خیرات کی 'دستور الافاضل' کو بھی خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ اس کا سال تالیف متعین نہیں۔ بعض محققین اسے ۷۴۳ھ کی تالیف مانتے ہیں، جب کہ بعض حضرات اسے ۷۷۳ھ کی تالیف بتاتے ہیں۔ نذیر صاحب نے اس اہم فرہنگ کو بھی

Marfat.com

دستیاب قلمی نسخوں کی مدد سے مرتب کیا اس کی ترتیب و تدوین کا کام بھی بڑی محنت جانفشانی اور مہارت سے انجام دیا۔ اور اس پر انتہائی مبسوط مفید اور پر از معلومات مقدمہ تحریر فرمایا اور اختلاف الفاظ کے معانی و مطالب، نیز صحت متن کے سلسلہ میں عالمانہ، محققانہ اور بیش قیمت حواشی سے فرہنگ کو مزین کیا اور جسے پہلی بار بنگاہ ترجمہ و نشر کتاب، ایران نے شائع کیا۔

اس قسم کی کتابوں میں ضمیمہ کے طور پر اشاریوں اور مختلف فہرستوں کی بھی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔ یہ اصل متن کی افادیت میں بھی اضافے کا باعث بنتی ہیں۔ یہ اشاریے یا فہرستیں اصل متن میں وارد الفاظ، اشخاص، اماکن اور کتب وغیرہ کے ناموں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ ان کو تیار کرنا اور ایک مخصوص ترتیب سے کتاب میں شامل کرنا ایک فن کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس قسم کے اشاریوں کا رواج ابھی تک اردو اور فارسی کی کتابوں میں بہت زیادہ عام نہیں ہے۔ لیکن نذیر صاحب ان کی افادیت کا بخوبی احساس رکھتے ہیں، اس لئے آپ کی تمام کتابوں میں ان کا التزام ملتا ہے۔

نذیر صاحب نے علم لغت اور فن فرہنگ نگاری سے متعلق جتنے بھی کام کئے ہیں وہ سب بلاشبہ انتہائی اہم اور قابل یادگار ہیں، لیکن میری ناقص رائے میں 'نقد قاطع برہان' (مع ضمائم) کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ یہ ۱۹۸۵ء میں غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی سے شائع ہوئی۔ اس میں اصلاً محمد حسین تبریزی کی تالیف کردہ 'برہان قاطع' پر مرزا غالب کے گوناگوں اعتراضات کا تفصیلی اور ناقدانہ جائزہ لیا گیا ہے۔

'برہان قاطع' فارسی زبان کی اہم اور بنیادی کتاب لغت ہے۔ یہ ۱۰۶۲ھ/

Marfat.com

۱۲۵۲ء میں تالیف کی گئی۔ اس میں بیس ہزار سے زائد فارسی الفاظ کے معانی درج ہیں۔ اس کی تالیف میں جیسا کہ خود مؤلف نے مقدمہ میں واضح کیا ہے، فرہنگ جہانگیری، مجمع الفرس، سرمہ سلیمانی اور صحاح الادویہ حسین الانصاری سے خصوصی طور پر استفادہ کیا گیا ہے۔ اس لئے اس کے مستند ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔ لیکن اس کے باوجود اس میں مختلف قسم کی خامیاں بھی راہ پا گئی ہیں جن کی بنا پر ہمارے ماہرین لغات نے اسے تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ اس میں سب سے پہلا نام محمد کریم بن مہدی قلی تبریزی کا آتا ہے۔ جنہوں نے برہان جامع کے مقدمہ میں برہان قاطع کی بعض کوتاہیوں کی نشاندہی کی۔ ان کے بعد سراج الدین علی خاں آرزو نے سراج اللغت کے مقدمہ میں اس کی متعدد خامیوں کو اجاگر کیا اور ان پر مدلل گفتگو کی۔ ان کے بعد اردو اور فارسی کے مشہور شاعر اور نثر نگار مرزا اسد اللہ خاں غالب نے اسے اپنے تنقید کا نشانہ بنایا۔ اس پر انہوں نے مختلف اعتراضات کئے جن کا لہجہ سخت اور طنز آمیز تھا۔ ان کے بعض اعتراضات تو بلاشبہ درست تھے، لیکن بیشتر صحت کی کسوٹی پر پورے نہیں اترتے۔ ان اعتراضات کو انہوں نے کتابی شکل میں 'قاطع برہان' کے عنوان سے مطبع اکمل المطابع، دہلی سے شائع کرایا۔ ان اعتراضات کا منظر عام پر آنا تھا کہ ادبی حلقوں میں یہ بحث کا موضوع بن گئے۔ جواب، جواب الجواب، ردوقدح اور جرح وتعدیل کا تکلیف دہ سلسلہ شروع ہو گیا۔ غالب کی رد میں متعدد کتابچے لکھے گئے، پھر ان کی تردید اور غالب کی حمایت میں چند رسالے تالیف کئے گئے۔ خود مرزا غالب نے دوسروں کے نام سے دو، تین کتابچے شائع کرائے۔ اور نوبت بہ این جا رسید کہ فریقین

Marfat.com

کو درعدالت پر دستک دینی پڑی۔ اس طرح ایک خالص علمی اور لسانی بحث نے انتہائی افسوس ناک صورت اختیار کر لی۔ اس سلسلہ میں جو کتابچے اور رسالے وجود میں آئے ان میں 'محرق قاطع برہان'، 'ساطع برہان'، موید برہان، قاطع القاطع، دافع ہذیان، لطایف غیبی، سوالات عبدالکریم، نامۂ غالب، قطعۂ غالب، ہنگامۂ دل آشوب، تیغ تیز، شمشیر تیز تر، خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔ لیکن ان تمام کتابچوں اور طولانی بحث کے باوجود یہ بات قطعی طور پر متعین نہ ہوسکی کہ حق بجانب کون تھا اور مرزا غالب نے جو اعتراضات کئے تھے وہ کہاں تک درست تھے۔

دراصل یہ ایک وقتی نوعیت کی بحث تھی۔ اس لئے جلد ہی لوگوں کے ذہنوں سے محو ہوگئی۔ لیکن اصل مسئلہ اپنی جگہ برقرار رہا۔ ایک طویل مدت کے بعد اردو اور فارسی کے نامور محقق جناب قاضی عبدالودود نے اس جانب توجہ مبذول کی اور 'جہان غالب' کے ضمن میں غالب کی فرہنگ نویسی پر بھی اظہار خیال کیا۔ وہ غالب کو محقق نہیں مانتے۔ ان کے نزدیک ''ان کی (غالب کی) معلومات قلیل، ان کے الفاظ اتنے مختلف الانواع اور کثیر التعداد ہیں کہ بزم محققین کی صف فعال میں بھی ان کے لئے جگہ نکالنی مشکل ہے''۔ انہوں نے برہان قاطع پر کئے گئے غالب کے اعتراضات کا جائزہ لیا اور انہیں غالط ثابت کیا۔ اس مضمون پر ڈاکٹر شوکت سبزواری نے سخت تنقید کی اور ایک طویل مضمون ''ہم سخن فہم ہیں غالب کے طرفدار نہیں'' کے عنوان سے سپرد قلم کیا۔ جو دو قسطوں میں سہ ماہی اردو ادب، علی گڑھ (جنوری، جولائی ۱۹۵۲ء) میں شائع ہوا۔ اس میں انہوں نے قاضی صاحب پر تنقید کی اور ان کے ذریعہ کئے گئے

Marfat.com

غالب پر اعتراضات کا مدلل تفصیلی جواب دیا۔ لیکن ان تمام بحثوں کے باوجود اصل مسئلہ اپنی جگہ پر برقرار رہا کہ غالب نے برہان قاطع پر جو اعتراضات کئے تھے وہ کہاں تک درست تھے۔ ے

ہمارے لئے یہ بات باعث مسرت بھی ہے اور موجب افتخار بھی کہ اس مسئلہ کو نذیر صاحب نے حتمی طور پر حل کیا۔ وہ عالمانہ نظر اور سائنٹفک طرز فکر رکھتے ہیں۔ ان کا مزاج عادلانہ ہے۔ وہ نہ کسی کی بے جا تعریف کرتے ہیں اور نہ خواہ مخواہ ہدف تنقید بناتے ہیں۔ ان کی تنقید کبھی تنقیص کے حدود میں داخل نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ وہ غالب کی عظمت کے قائل ہونے کے باوجود ان کو لغزشوں اور کوتاہیوں سے مبرا نہیں مانتے۔ وہ غالب کو عظیم شاعر، دانشور اور بے مثال ادیب وانشاء پرداز مانتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ان کا یہ بھی فرمانا ہے کہ ان تمام صفات کے باوجود وہ فرہنگ نویسی کے مرد میدان نہیں تھے، اس لئے اس میدان میں قدم رکھ کر انہوں نے اپنی بے پناہ صلاحیت اور افتادِ طبع کے منافی کام کیا۔ فرماتے ہیں:

''دراصل الفاظ کی متعدد شکلوں میں اصل اور صحیح لفظ کا تعین بڑے علم کا متقاضی ہے۔ قدیم ایرانی زبانوں سے واقفیت کے ساتھ ساتھ سنکرت اور متعلقہ زبانوں کی شناسائی، فارسی زبان کا دقیق مطالعہ اور فارسی منثور و منظوم متون سے کما حقہ آگاہی لازم امر ہے۔ مگر غالب کو ان میں سے کسی میں درک نہ تھا۔۔۔ مختصر یہ کہ برہان قاطع کے نقائص کی نشاندہی جن صلاحیتوں کا تقاضا کرتی تھی، غالب میں وہ

Marfat.com

صلاحیتیں نہ تھیں۔ اس بناء پر ان کے اکثر اعتراضات بے بنیاد ہیں''۔[۸]

اسی کے ساتھ وہ برہان قاطع کو بھی ہر قسم کی غلطی سے پاک اور اس کے مؤلف محمد حسین تبریزی کو تنقید سے بالاتر تصور نہیں کرتے۔ فرماتے ہیں:

''اگرچہ مرزا غالب کے اکثر اعتراضات غلط ہیں، لیکن اس سے یہ اندازہ لگانا صحیح نہ ہوگا کہ برہان قاطع ہر طرح کے اسقام سے پاک ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس فرہنگ میں بعض بنیادی خرابیاں ہیں لیکن غالب مسائل فرہنگ نویسی سے کما حقہٗ آگاہ نہ تھے۔ اس کی بنا پر ان کی نظر ان خرابیوں تک نہ پہنچ سکی.... برہان قاطع کے مطالعہ سے صاف ظاہر ہے کہ اس کا مؤلف نقادِ فن نہ تھا۔ اس لئے اس لغت میں رطب و یابس سب جمع ہو گیا''۔[۹]

غالب نے برہان قاطع پر مجموعی طور پر مختلف انداز سے ۱۸۴ اعتراضات کئے تھے۔ نذیر صاحب نے نقد قاطع برہان میں ان میں سے بیشتر اعتراضات کا تنقیدی جائزہ لیا ہے اور مختلف کتب لغات اور فرہنگوں کی مدد سے ان کی صحت اور عدم صحت کا تعین کیا ہے۔

اس کی وضاحت میں صرف ایک مثال کو پیش کر دینا ہی کافی ہوگا۔ فارسی میں ایک لفظ ہے ''شرنگ''۔ اس کے برہان قاطع میں جو معنی درج ہیں ان پر غالب نے اعتراض کیا ہے، نذیر صاحب نے ان دونوں کو جرح و تعدیل کی کسوٹی پر پرکھا اور آخر

Marfat.com

میں اپنا فیصلہ صادر کیا۔ اس کی تفصیل اس طرح ہے۔

شرنگ: برہان قاطع میں اس کے حسب ذیل معانی درج ہیں۔

''بروزن پلنگ مطلق زہر را گویند و خربزۂ تلخ خودرو کہ در صحرا شود۔ بہ عربی حنظل خوانند و خرزہرہ را نیز گفتہ اند و آن درختی ست کہ برگش بہ غایت تلخ می باشد۔ اگر حیوانات بخورند در حال بہ میرند و عریان قطف می گویند''۔

اس پر مرزا غالب نے حسب ذیل اعتراضات وارد کیے:

''شرنگ را مطلق زہر می گوید نام گرش خربزہ تلخ می نہد۔ من می گویم کہ شرنگ نہ از سمیات و مہلکات است، و نہ از قسم خربزہ۔ ثمریست تلخ طعم کہ در صورت خربزہ ماند۔ پیہہ آن در مسہلات بلغم و سودا بکار رود و در عربی آن را حنظل گویند، در فارسی شرنگ و در ہندی اندراین''۔

اس پر نذیر صاحب کا محاکمہ ملاحظہ ہو۔ فرماتے ہیں:

''غالب کہتے ہیں کہ شرنگ کے معنی زہر کے ہیں اور یہ خربزۂ تلخ نہیں ہے، بلکہ ایک نہایت کڑوا پھل ہے جس کی شکل خربزے کی طرح ہوتی ہے۔ عربی میں اس کو حنظل، فارسی میں شرنگ اور ہندی میں اندراین کہتے ہیں۔ ذیل میں شرنگ کے جو معانی فارسی فرہنگوں میں ملتے ہیں درج کیے جاتے ہیں''۔

اس کے بعد انہوں نے لغت فرس اسدی، صحاح الفرس، فرہنگ قواس، دستور الافاضل، ادات الفضلا، بحر الفضائل، زفان گویا، موید الفضلا، مدار الافاضل،

Marfat.com

فرہنگ جہانگیری اور فرہنگ رشیدی وغیرہ کتب لغات سے لفظ شرنگ کے معنی نقل کئے ہیں اور پھران سب کی روشنی میں یہ فیصلہ صادر کیا ہے کہ:

''تفصیل بالا سے واضح ہے کہ اس کے اصلی معنی تو حنظل کے ہیں جس کو خربزۂ تلخ کہا گیا ہے۔ لیکن مجازی معنی زہر کے ہیں اور یہ معنی اتنی کثرت سے متداول ہے کہ اکثر فرہنگوں میں یہی ایک معنی درج ہے۔ بہرحال غالب کی گرفت میں وزن ہونے کے باوجود بالکلیہ درست نہیں اور جب برہان کے مآخذ میں دونوں معنی ملتے ہیں تو صاحب برہان کے لئے دونوں کے درج کرنے کے علاوہ کوئی چارہ بھی نہ تھا''۔

اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ نذیر صاحب نے برہان قاطع اور قاطع برہان کے تقابلی مطالعہ اور مختلف فرہنگوں کے حوالے سے اصل قضیہ کا حل تلاش کیا ہے اور ایسا کرنے میں کہیں بھی انصاف اور توازن کو ہاتھ سے نہیں جانے دیا ہے۔ اور جہاں غالب کی کمزوریوں کا تذکرہ کیا ہے، وہیں محمد حسین تبریزی کی خامیوں کی بھی نشاندہی کی ہے۔ یہاں یہ بات خصوصیات سے قابل ذکر ہے کہ اس پورے قضیہ میں نذیر صاحب کے علاوہ اتنا عادلانہ اور متوازن رویہ کسی بھی محقق یا نقاد نے نہیں اپنایا۔ ان کی یہی صفت انہیں ان تمام فضلا اور ماہرین السنہ سے ممتاز کرتی ہے جنہوں نے کسی نہ کسی حیثیت سے برہان قاطع اور برہان کی بحث میں حصہ لیا۔

———X———

Marfat.com

# حواشی

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔فرہنگ قواس | (رامپور-۱۹۹۳) | مقدمہ صحیح ص:۱ |
| ۲۔ایضاً | ایضاً۱۹۹۹ء | ص:۲-۳ |
| ۳۔ماہنامہ مخزن | (لاہور)مارچ ۱۹۲۹ | |
| ۴۔فرہنگ قواس | (رامپور-۱۹۹۹) | ص:۵-۶ |
| ۵۔ایضاً | ایضاً | ص:۶-۷ |
| ۶۔نقد قاطع برہان | (نئی دہلی-۱۹۸۵) | ص:۳ |

۷۔اس سلسلہ میں راقم الحروف کا ایک تفصیلی مضمون ''پروفیسر نذیر احمد اور قضیہ برہان قاطع وقاطع برہان'' کے عنوان سے سہ ماہی فکر ونظر علی گڑھ (شمارہ ۳-۱۹۹۹) میں شائع ہو چکا ہے

| | |
|---|---|
| ۸۔نقد قاطع برہان | ص:۲۴۶ |
| ۹۔ایضاً | ص:۱۲ |

———X———

Marfat.com

ڈاکٹر محمد نورالاسلام*

# اردو میں تحقیق کی روایت اور ڈاکٹر نذیر احمد

ہمارے دور کے محققین میں پروفیسر نذیر احمد (سابق صدر شعبۂ فارسی، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ) کو نمایاں مقام حاصل ہے۔ وہ پروفیسر محمد شفیع اور حافظ محمود شیرانی کی طرز کے محقق ہیں۔ ان دونوں برزگوں کی مانند نذیر صاحب کی تحقیق کا بھی خاص میدان فارسی ادبیات ہے لیکن بابائے اردو کی طرح دکنی ادب کے سلسلے میں بھی آپ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ آپ بجا طور پر ایک عظیم محقق، متنی نقاد، ماہر لغات اور ماہر دکنیات کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔ آپ کو بین الاقوامی شہرت حاصل ہے۔ آپ کی تحقیقات کو ہندوستان کے علاوہ ایران، پاکستان، وسطی ایشیا، ترکی اور ان تمام ممالک میں جہاں فارسی زبان وادب سے ذوق رکھنے والے حضرات بستے ہیں، عزت و وقعت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے اور وہاں کے تمام دانشور، اسکالر اور ادیب ادبی وعلمی مسائل میں آپ سے رجوع کرتے رہتے ہیں۔

آپ گزشتہ تقریباً ۶۰ سال سے انتہائی اہم موضوعات پر تحقیقی مضامین لکھتے رہے ہیں اور بلند پایہ تالیفات منظر عام پر لاتے رہے ہیں۔ آپ کے بعض مضامین تو اپنی ضخامت اور جامعیت کے لحاظ سے مکمل کتاب کا درجہ رکھتے ہیں۔ آپ کی سب سے پہلی اور اہم کتاب ملا نورالدین ظہوریؔ پر ہے۔ ظہوریؔ عہد عادل شاہ کا اہم شاعر

---

* ایم۔اے، پی ایچ، ڈی (علیگ)

Marfat.com

اور ممتاز نثر نگار ہے۔ ''نثر ظہوری'' اس کی سب سے زیادہ مشہور تصنیف ہے، نذیر صاحب نے تلاش و تحقیق سے اس کے حالات جمع کئے اور اس کے علمی آثار کی کھوج کی۔ آپ کی یہ کتاب اعلیٰ تحقیق اور عمدہ تنقید کا بہترین نمونہ ہے۔

دکنی ادبیات کے سلسلہ میں آپ کا اہم کام ''کتاب نورس'' کی ترتیب و اشاعت ہے۔ یہ بیجاپور کے حکمراں ابراہیم عادل شاہ کی تصنیف ہے۔ یہ بڑا زندہ دل فرمانروا تھا اسے ادب اور شاعری کے علاوہ موسیقی سے بھی دلچسپی تھی اور 'جگت گرو' کہلاتا تھا۔ کتاب نورس اس کی بہت ہی اہم تصنیف ہے۔ امتداد زمانہ سے یہ پردۂ خفا میں چلی گئی تھی البتہ دکن کے کچھ کتب خانوں میں اس کے چند مخطوطے محفوظ تھے۔ لیکن ان کی اشاعت کی طرف کسی کی توجہ نہیں ہوئی تھی۔ نذیر صاحب نے اس کو اپنی توجہ کا مرکز بنایا۔ مختلف قلمی نسخوں سے اصل متن کا مقابلہ کیا اور ان کی مدد سے ایک مستند اور محقق متن تیار کیا۔ اور پھر اس کے متعلق جملہ معلومات سے بھرپور مقدمہ لکھا۔ اور حواشی قلم بند کئے۔ اس سلسلے میں نذیر صاحب کو کتنی محنت کرنی پڑی ہوگی اس کا اندازہ کام کی نوعیت سے ہی لگایا جاسکتا ہے۔ کسی ایسے شخص کے لئے جس کا براہ راست دکن سے تعلق نہ ہو، دکنی زبان کو سمجھنا مشکل ہوتا ہے اس پر مستزاد اس زبان کا مخطوطہ پڑھنا وہ بھی قدیم دکنی کا۔ اس میں ایک ایک لفظ کا تعین بڑا ہی دقت طلب اور صبر آزما کام تھا۔ پھر اس کتاب میں موسیقی کی بے شمار اصطلاحیں اور ہندو صنمیات بھی ہیں جن کی صحیح قرأت کوئی آسان کام نہیں اس کے علاوہ ان کا سمجھنا اور معنی متعین کرنا سخت دشوار کام تھا۔ لیکن نذیر صاحب ان تمام مراحل سے انتہائی کامیابی سے گزرے۔ یہ ان کا ایسا کارنامہ ہے جس نے اردو ادب کی تاریخ کو آگے بڑھایا۔

Marfat.com

فارسی ادب کے سلسلے میں نذیر صاحب کا سب سے اہم کام حافظ شیرازی کے دیوان کی ترتیب جدید ہے۔ آپ نے دیوان حافظؔ کے قدیم ترین نسخے کی بازیافت کی اور اس کی مدد سے مستند ایڈیشن تیار کیا۔ ایران کے ادبی حلقوں نے نذیر صاحب کی اس کوشش کو بے حد سراہا۔ اسی طرح آپ کے مرتب کردہ مکاتیب سنائیؔ، کو بھی بڑی مقبولیت حاصل ہوئی۔ سنائیؔ فارسی کا مشہور شاعر ہے۔ شاعری کے ساتھ ساتھ فارسی نثر نگاری میں بھی اسے بڑی اہمیت حاصل ہے۔ غالبؔ کی طرح اس کے مکاتیب بھی فارسی نثر نگاری میں سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ نذیر صاحب نے ان کو بڑی جانفشانی اور عرق ریزی سے مرتب کیا اور اس پر تفصیلی مقدمہ لکھا اور تعلیقات کا اضافہ کیا۔

فارسی لغت نویسی کے سلسلے میں بھی نذیر صاحب نے بہت کام کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہی ان کا اصل میدان ہے۔ نقد قاطع برہان، زفان گویا اور دستور الافاضل جیسے اہم فارسی لغات کے جدید ایڈیشن اور ان کے متعلق آپ کے مضامین انتہائی وقیع اور تحقیقی ہیں۔ 'نقد قاطع برہان' مرزا غالب کا تحقیقی و تنقیدی ایڈیشن ہے مرزا غالبؔ نے محمد حسین تبریزی کی فارسی لغت 'برہان قاطع' پر سخت نکتہ چینی کی تھی اور جس پر اس زمانے میں بڑا ہنگامہ ہوا تھا۔ غالبؔ کے یہ اعتراضات 'قاطع برہان'، کے عنوان سے کتابی شکل میں شائع ہوئے تھے۔ اس کے بعد جواب اور جواب الجواب کا سلسلہ شروع ہوا جس نے انتہائی تکلیف دہ شکل اختیار کرلی۔ لیکن جلد ہی یہ سلسلہ ختم ہوگیا اور رفتہ رفتہ لوگوں کی توجہ 'قاطع برہان' کی جانب سے بھی ہٹ گئی۔ اور پھر یہ عدم توجہی کا شکار ہوگئی۔ ایک طویل عرصہ کے بعد قاضی عبدالودود صاحب نے اس کو اپنی

Marfat.com

تحقیق کا موضوع بنایا اور غالبؔ کی چند کوتاہیوں کی نشاندہی کی، لیکن وہ اس کام کو آگے نہ بڑھا سکے، ڈاکٹر نذیر احمد نے اس پر تفصیلی کام کیا اور جہاں جہاں غالبؔ نے محمد حسین تبریزی پر اعتراضات کئے تھے، نذیر احمد صاحب نے ان تمام مقامات کا جائزہ لیا اور ایک ایک لفظ اور اس کے معانی و مفاہیم سے تفصیلی بحث کی۔ اس سلسلے میں انہوں نے فرہنگ قواس، زفان گویا، دستورالافاضل اور بحر الفضائل نیز دیگر مستند کتبِ لغات سے مدد لی۔ اور یہ ثابت کیا کہ اگرچہ برہان قاطع، اغلاط سے پاک نہیں تاہم مرزا غالبؔ نے جو اس پر اعتراضات کئے ہیں، وہ بھی مزید تحقیق اور تنقید و تنقیح کے محتاج ہیں۔ نقط قاطع برہان، کی مطالعہ سے اس حقیقت کا ادراک ہوتا ہے کہ دوسروں کی تحقیق پر بھروسہ کر کے کوئی بات حتمی طور پر نہیں کہی جاسکتی۔ کتاب کی آخر میں پانچ ضمیے بھی ہیں جن کے عنوانات ہیں: (۱) دساتیر پر ایک نظر (۲) برہان قاطع (۳) غالبؔ اور صاحب برہان قاطع میں اتحاد نظر (۴) غالبؔ اور ذال فارسی اور (۵) تصحیفات اور لغات فارسی۔ یہ پانچویں مضامین بہت طویل، انتہائی اہم اور پراز معلومات ہیں۔ یہ نذیر صاحب کی محققانہ ذہن اور تنقیدی بصیرت کی عکاسی کرتے ہیں۔ خصوصیت سے دساتیر پر ایک نظر، ور غالبؔ اور صاحب برہان قاطع میں اتحاد نظر، تو نقد قاطع برہان کے گل سر سبد کی حیثیت رکھتے ہیں۔ دساتیر پر آپ نے جو ضمیمہ قلم بند کیا ہے۔ وہ اپنے موضوع پر پہلی اور اب تک کی آخری کوشش ہے۔ اس سے نذیر احمد صاحب کے تحقیقی ذہن اور قدیم فارسی ادب پر غیر معمولی قدرت کا اظہار ہوتا ہے۔

نذیر صاحب کے کارناموں اور تحقیقی طریقِ کار کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے اس دور کے عظیم محقق اور دانشور قاضی عبدالودود نے درست فرمایا تھا۔

Marfat.com

"تحقیق کے لئے قانون، ریاضی یا فلسفے کا ڈسپلن ضروری ہے
اور ڈاکٹر نذیر احمد اس معاملے میں تنہا استثنا ہیں جو اس قسم کے کسی
ڈسپلن کے بغیر تحقیق کا حق ادا کرتے ہیں"۔

مختصر طور پر کہا جا سکتا ہے کہ نذیر صاحب کی تحقیقی فتوحات کئی لحاظ سے منفرد ہیں۔ انہوں نے اپنے کاموں کو محض تحقیق اور ترتیب متن تک ہی محدود نہیں رکھا ہے۔ بلکہ اس سے بھی آگے بڑھایا۔ اس کے علاوہ ان کا بہت بڑا کمال یہ ہے کہ انہوں نے دوسروں کے اغلاط کی گرفت کرنے کے بجائے اپنی اوریجنل تحقیق کی طرف زیادہ توجہ کی اور اس طرح اپنے تحقیقی کاموں کو منفی تحقیق کی حدود میں داخل ہونے سے محفوظ رکھا ہے۔ اسی طرح انہوں نے اپنی تنقید کو بھی محض نکتہ چینی اور عیب جوئی کے زُمرے میں قدم رکھنے سے بچالیا ہے۔ ان کی تنقید دراصل ان کے تحقیق کاموں میں مدد کرتی ہوئی نظر آتی ہے۔ اس طرح وہ نقد و نظر کے سہارے اپنے تحقیقی کارواں کو جادۂ اعتدال پر ڈالتے ہیں کہ یہیں سے بامقصد اور مثبت تحقیق کی منزل تک رسائل ممکن ہوتی ہے۔

——————X——————

Marfat.com

ڈاکٹر عراق رضا زیدی*

# پروفیسر نذیر احمد کی غالب شناسی کے چند گوشے

غالب اپنی شخصیت اور اپنے کلام کو ایک معمہ بنا کر تقریباً ۱۳۲ سال قبل اس دنیا سے رحلت کر چکے ہیں۔ ان کے انتقال کے ساتھ ہی غالب شناسی کی داغ بیل بنیادی طور پر یادگار غالب کی صورت میں پڑ چکی تھی۔ حقیقت تو یہ ہے کہ غالب شناسی کا آغاز خود غالب کی زندگی میں ہو چکا تھا۔ غالب خود بھی ایک غالب شناس تھے جو تمام عمر غالب کی ہمہ جہت شخصیت میں گم رہے۔ آج غالب شناسی ایک صدی کا سفر طے کرنے کے بعد دوسری صدی کے بھی ایک حصہ کو عبور کر چکی ہے۔ لیکن فکر کی باریکیاں گواہ ہیں کہ ابھی یہ کام ابتدائی منزل میں نظر آتا ہے۔ حالی کے بعد کتنے ہی غالب شناسوں نے ادبی دنیا میں قدم رکھا اور جوئے شیر کی مانند اس ادب کی پہاڑ سے جوجھتے رہے۔ جہاں روح کے لئے عرفان جیسی مقوی دوائیں ہیں، تعمیر نو کے لئے فولاد جیسے مضبوط ارادے ہیں، آب شیریں کی مانند زندگی کی مٹھاس ہے، قیمتی گوہر کی طرح تخیل کا بے بہا خزانہ ہے۔ لیکن ایک پہاڑ سے دنیا جس طرح فیض یاب ہوتی ہے اور وہ جیسے کا تیسا رہتا ہے اس میں سے کچھ بھی کم ہوتا دکھائی نہیں دیتا۔ یہی عالم غالب کی شخصیت اور کلام کا ہے۔ ناقدین ہوں یا محققین سب غالب کے نام سے اپنا نام جوڑ کر زندگی کو بقای دوام دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ اقبال جیسا شاعر اور مفکر غالب کا معترف ہے تو حالی، مالک رام، محمد اکرام، انصاری، شمس الرحمٰن فاروقی اور سردار جعفری

---

*... فارسی، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی – ۱۱۰۰۲۵

Marfat.com

جیسے کتنے ہیں ناقد غالب شناسی کی راہ میں گامزن نظر آتے ہیں۔ اگر یہ کہا جائے کہ اقبال شناسی اور غالب شناسی ادب میں ایک فیشن بن چکا ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ ہر ناقد چاہتا ہے کہ اس کا کم از کم ایک مضمون اقبال اور غالب پر ضرور ہو۔

یہ سبھی اپنے اپنے ظرف اور تخیل کی بنیاد پر ذہنی اختراع کے ذریعے اس میدان میں قدم رکھتے ہیں۔ خود سیراب ہوتے ہیں اور غالب کو تشنہ چھوڑ جاتے ہیں۔ اس کی سب سے بڑی وجہ غالب کی ہمہ گیر شخصیت اور اس کے کلام میں ان اقدار کا ہونا ہے جو ہر زمانے کی ضرورت کو پورا کرتے ہیں گویا کلام غالب زمان و مکان کی قید سے آزاد ہے اور جو شئی آزاد ہے وہ گرفت یا پابندی قبول نہیں کر سکتی یہی وجہ ہے کہ ہر زور غالب پر کام ہو رہا ہے مگر کوئی دعویٰ نہیں کرتا کہ اب یہ کام مکمل ہو گیا اور ہو بھی نہیں سکتا اسی لئے ناقدین کلام غالب کے الگ الگ گوشوں پر کام کرتے رہے ہیں ابھی تک کوئی ناقد ایسا نہیں ہوا جو خود ہمہ جہت شخصیت ہونے کا دعویٰ کرتا یا غالب کے کلام کے ہر رمز سے واقف ہونے کا اعلان کرتا۔ ایسا نہ ہونا تھا اور نہ ہوا نہ کسی نے دعویٰ کیا

آج غالب کو سمجھنا اتنا آسان نہیں ہے جتنا کل تھا مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ غالب کو آج جتنا پہچانا جا رہا ہے اتنا ماضی میں کبھی نہیں پہچانا گیا۔ غالب اردو اور فارسی دونوں زبانوں کے بڑے شاعر ہیں لہذا غالب کو سمجھنے کے لئے کم از کم دو زبانوں اردو و فارسی کا جاننا نہایت ضروری ہے۔ ان دونوں زبانوں میں بھی غالب کی تمام روایات اور تہذیب و تمدن کی جڑیں ایران یا فارسی زبان سے جڑی ہوئی ہیں۔ اردو نظم ہو یا نثر الفاظ کی تراش خراش، تراکیب کا استعمال بنیادی طور پر فارسی سے ماخوذ ہے۔ لہٰذا

Marfat.com

غالب کو وہی شخص بخوبی پہچان سکے گا جو ہندو ایران دونوں کی روایات کا مطالعہ کر چکا ہو اور ان روایات سے اچھی طرح واقف ہو۔

اس ذیل میں چند شخصیات میں سے ایک شخصیت پروفیسر نذیر احمد کی ہے۔ جنہوں نے غالب کو اس کی روایت اور اقدار ۵۰۰ سال پرانی جڑوں میں تلاش کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ کام نہایت گراں اور محنت طلب ہے۔ پہلے ایران کی ہزاروں سال کی تاریخ اور تاریخی روایات کا مطالعہ کرنا پھر اس سے غالب کی شخصیت کو تلاش کرتے ہوئے اس کے کلام کو پرکھنا کسی طور جوئے شیر لانے سے کم نہیں ہے۔ غالب کے اردو کلام کی ۵ سے زیادہ تشریحات موجود ہیں۔ جن میں کہیں بھی اصل غالب دکھائی نہیں دیتا۔ فارسی شاعری کا بھی ترجمہ ہوا مگر وہاں بھی غالب کی روحانی کیفیت ندارد ہے۔ کیوں کہ یہ سبھی شارح غالب کی اصل سے ناواقف نظر آتے ہیں۔ اور یہ بات وہی کہہ سکتا ہے جس نے پروفیسر نذیر احمد کے مقالات کا مطالعہ کیا ہو۔ کیوں کہ ان مقالات کے مطالعے سے قبل غالب کے کلام کی سبھی تشریحات مکمل اور با مقصد نظر آتی تھیں ایک حد تک با مقصد تو ہیں مگر مکمل نہیں معلوم ہوتیں۔

ذرا سوچئے غالب کے مطالعہ کے لئے عام حالات میں فارسی لغات کا مطالعہ کون کرتا ہے۔ وہ بھی ایک لغت نہیں، دو نہیں بلکہ جتنی لغات دسترس میں ہو سکتی ہیں ان سبھی کا مطالعہ کرنا اور ایک ایک لفظ کی جانب توجہ دینا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ لغات میں بھی الفاظ کی ساخت اور معنی میں جو تضاد ہے اس کی نشاندہی کرتے ہوئے دوٹوک فیصلہ سنانا آسان کام نہ تھا لیکن موصوف نے اس طرف توجہ کی ا

Marfat.com

غالب کے الفاظ کی ساخت اور معنی کے تضاد کے ساتھ ہی سا کے استعمال پر بھی سیر حاصل بحث کی ہے۔فرماتے ہیں۔

''مثلاً غالب کے کیفر کے معنی سزا اور پاداش کے معنی جزا لکھے ہیں۔ گویا دونوں متضاد ہیں۔ اگرچہ عام طور پر یہی سمجھا جاتا ہے۔لیکن حقیقت یہ ہے کہ کیفراور پاداش مترادف بھی ہیں۔''

دلیل کے لئے دہخدا اور فرہنگ معین کا سہارا لیتے ہوئے رقم طراز ہیں:

''خلاصہ کلام یہ ہے کہ کیفر کی تخصیص عمل بد کی سزا کے لئے اور پاداش جزائے عمل نیک کیلئے صحیح نہیں ہے۔ اسی بنا پر میں نے قیاس کیا ہے کہ غالب نے بعض جگہ معنی بیان کرنے میں اس دقت نظری سے کام نہیں لیا ہے جس کی ضرورت تھی''۔

یہاں ''قیاس'' کا استعمال جہاں غالب کی انا کو ٹھیس نہیں لگنے دیتا وہیں اہل ذوق کو دعوت بھی دیتا ہے کہ وہ اس کام کو آگے بڑھا سکتے ہیں۔اس سوال کو حل کرنے کے لئے گیارہ لغات کا سہارا لیا گیا ہے۔

نثر نگاری میں غالب کے خطوط اردو نثر نگاری کی بنیاد سمجھے جاتے ہیں تو فارسی خطوط بھی کم اہمیت کے حامل نہیں ہیں۔غالب سے پہلے بھی ادیبوں کے فارسی خطوط شائع ہو چکے ہیں۔جن میں ابوالفضل، مجدد الف ثانی اور اورنگ زیب کے خطوط سر فہرست ہیں۔ یہ سارے خطوط اس وقت کی نثر کا نمونہ ہیں جب فارسی زبان ہندوستان میں شباب پر تھی اوران خطوط کا اسٹائل عام ہونے کی امید تھی اور یہ کوشش ہوئی بھی۔

Marfat.com

لیکن غالب اس دور میں ایک نیا طرز ایجاد کر رہے تھے جب ہندوستان میں فارسی کا چراغ ٹمٹمار رہا تھا۔ غالب اس روایت کے آخری بڑے شاعر ہو کر رہ گئے اور اقبال نے کلیتًا فارسی کا آخری شاعر ہونے کا درجہ حاصل کر لیا۔ لیکن نثر نگاری میں کوئی بھی غالب کے بعد دوسرا نثر نگاری دکھائی نہیں دیتا۔ اس کے باوجود غالب نے فارسی خطوط کو ایک نئی طرز اور جہت بخشی۔ اس نظریہ پر تقریباً سبھی ناقدین متفق ہیں لیکن نذیر احمد نے اس میدان میں بھی ایک نئے غالب کو تلاش کرنے کی کوشش کی ہے۔ خصوصاً القاب و آداب لکھنے کے لئے کی جانے والی جدت کی جانب لوگوں کے ذہنوں کو مبذول کیا ہے۔ گویا خط کا مضمون پڑھتے ہی قاری آگاہ ہو جائے کہ ایک نئی روش کی جانب قدم اٹھایا جا رہا ہے۔ پروفیسر صاحبؒ نے کتنے ہی خطوط سے اس طرح القاب یکجا کئے ہیں۔

> ”لیکن مکتوب الیہم کو جس انداز سے تخاطب کیا گیا ہے اس سے تو ان کی تحریر مکالمے سے بہت قریب ہو جاتی ہے چند نمونے ملاحظہ ہوں۔
>
> حضرت سلامت می دانند کہ، جان برادر سخن را از فراوانی، بہ موقف عرض ایستادگان حضور فیض گنجور وغیرہ۔“

فارسی خطوط میں اس طرح کے انداز تخاطب مروج نہ غالب کا بڑا احسان ہے کہ انہوں نے مروجہ اصول کی پیروی کے باوجود ایسا انداز اختیار کیا ہے کہ واقعی ان کی تحریر گفتگو سے کافی قریب ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

اردو زبان میں تو غالب کے خطوط لکھنے کا انداز اس حد تک اپنایا گیا کہ غالب میر مہدی مجروح کو لکھنے پر مجبور ہو گئے کہ ''ایک پانی پت کا رہنے والا میرا طرز تحریر چرا لے گیا''۔ لیکن افسوس کہ فارسی میں ایسا نہ ہو سکا اور پروفیسر موصوف نے افسوس کے ساتھ یہ بھی تحریر کیا۔

''اگر ہندوستات میں فارسی کا چلن باقی رہتا تو غالب کا طرز نہایت مقبول اور دل پسند ہوتا اور اس کی وجہ سے ان کی ہر دل عزیزی میں چار چاند لگ جاتے''۔

ناقد کی حیثیت سے خطوط میں جذبات کے دخل پر بھی بحث کی گئی ہے۔ خطوط ہر حال میں جذبات کے عکاس ہوتے ہیں۔ اورنگ زیب کے خطوط کی بنیاد ہی جذبات پر ہے لیکن غالب نے خط لکھتے ہوئے جذبات کو کبھی حاوی نہیں ہونے دیا۔ جس کا اشارہ اسی طرح ملتا ہے۔

''غالب کی نثر نگاری کی ایک قابل ذکر خصوصیت یہ ہے کہ جذبات کی رو میں ان کا قلم نہیں اٹھا''۔

غالب کے کلام کے شارح اور ناقد غالب کی تحریر کی روشنی میں ہی غالب کو سمجھنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ اگر کسی نے اس سے زیادہ کیا تو فارسی کے چند اساتذہ جن کے نام کلام غالب میں مل جاتے ہیں ان کے کلام کی روشنی یا موازنے کے ذریعے کام کیا ہے۔ اس بنا پر غالب کی کتنی ہی خوبیاں پردہ خفا میں تھیں مثلاً وہ الفاظ اور تراکیب جو غالب کے علاوہ کبھی کسی نے استعمال نہیں کیں اور یہ جائزہ لینا آسان کام

Marfat.com

بھی نہیں ہے، کیوں کہ یہ کام بعد از اسلام کے لامحدود نظم ونثر کے نمونوں کے ساتھ ساتھ قبل از اسلام کے محدود فارسی ادب کے جائزے کے بنا ممکن نہ تھا۔ اور یہ جائزہ لینا کتنا مشکل ہے اس کا اندازہ ہر صاحب فہم کو اچھی طرح ہے۔ جو ناممکن نہیں کہا جا سکتا لیکن مشکل ضرور تھا۔ صدیوں پر محیط تحریر کا جائزہ لے کر ان الفاظ کی نشاندہی کرنا جو پہلے کبھی استعمال نہ ہوئے ہوں یا بہت کم استعمال ہوئے ہوں پروفیسر نذیر احمد جیسے اسکالر کا ہی مرہون منت ہو سکتا تھا۔ اسی لئے موصوف رقم طراز ہیں۔

''(غالب نے) نثر و نظم میں صدہا الفاظ ایسے استعمال کئے ہیں جو خالص فارسی کے ہیں۔ ان میں اکثر قدما کے یہاں مل جاتے ہیں اور خاصی تعداد میں ایسے بھی ہیں جو خود غالب کے گڑھے ہوئے ہیں اور اگر چہ جس طرح ترکیبات کے بارے میں یہ کہنا مشکل ہے کہ کتنے ہیں۔ جو خود غالب نے تراشے ہیں۔ لفظوں کے بارے میں اور بھی زیادہ مشکل ہے۔ ذیل میں ایسے لفظوں کی فہرست دی جاتی ہے جن کا استعمال غالب کے زمانے میں بہت شاذ تھا۔''

اس ذیل میں تقریباً دو سو پچاس الفاظ کی فہرست درج کی گئی ہے۔ غالب فردوسی کی طرح ''پارسی بی آمیزش عربی'' کے قائل تھے۔ اس ذیل میں بھی بڑی دقت نظری سے سو سے زیادہ ایسی تراکیب کی نشاندہی کی گئی ہے اور ۱۵۴ ایسی تراکیب غالب کی تحریر سے تلاش کر کے اس دعوی کے ساتھ پیش کی گئی ہیں۔

Marfat.com

''غالب کی فارسی خالص سے محبت کی داستان یہیں پر ختم نہیں ہوتی، ان کی اسی محبت کا نتیجہ ہے کہ ہزاروں نئی ترکیبیں اور نئی تشبیہیں نئے استعارے خالص فارسی کے استعمال ہوئے ہیں۔ ان میں سے خاصی تعداد ایسی بھی ہوگی جو غالب سے پہلے کسی کے ہاں نہ ملے گی۔ ان کی بدولت فارسی زبان کا دامن مالا مال ہوگیا ہے اور غالب کی اس خدمت کے اعتبار سے ہندوستانی فارسی نویسوں میں ان کا کوئی ہم پلہ نہیں بلکہ اہل ایران میں بھی چند ہی ان کے ہم پلہ نظر آئیں گے۔ اب چند خطوں کی مدد سے ان کی برتی ہوئی تراکیب کی ایک فہرست درج کرتا ہوں''۔

''بہار کی کتاب، سبک شناسی'' ان کی وسیع النظری اور عمیق مطالعے کا نتیجہ ہے لیکن وہ غالب کی نثر نگاری سے ناآشنا نظر آتے ہیں یہ بات قومی جذبات رکھنے والا محقق ہی کہہ سکتا ہے، جس کے لئے بہار سے کچھ نہ کچھ زیادہ وسیع النظری اور عمیق مطالعہ ہو بھی رکھتا بہار کے اس قول کو کہ ''ابوالفضل کے طرز کی پیروی نہ ہو سکی'' پروفیسر صاحب نے غلط ثابت کرتے ہوئے یقین کے ساتھ کہا ہے۔

> ''مجھے یقین ہے کہ اگر وہ (بہار) غالب کی نثر کا مطالعہ کرتے تو وہ اس نتیجے پر پہنچتے کہ ابوالفضل کے طرز پر غالب نے نہ صرف کافی اضافہ کیا ہے بلکہ اسے نئے طرز پر ڈھالا ہے۔ جو ان کا اپنا مخصوص اسلوب بن گیا ہے۔''

غالب نے اپنی شاعری کے بارے میں بہت سے دعوے کئے ہیں۔ کچھ مبالغہ آمیز اور کچھ حقیقت پر مبنی۔ یہ غالب کی خوش قسمتی ہے کہ ان کے مبالغہ

Marfat.com

آمیز دعوے بھی ایک مدت کے بعد صحیح ثابت ہونے لگے۔ غالب کو جتنا ناز فارسی شاعری پر تھا اس سے کہیں زیادہ فخر اردو شاعری پر رہا، لیکن ناقدین نے ان کے فارسی شاعری سے متعلق دعوؤں کو زیادہ اہمیت دی اور اردو کلام سے متعلق دعوے کو درگذر کیا۔ جس کی ایک وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ فارسی شاعری کے مقابلے میں اردو شاعری آج بھی کم مایہ اور فارسی شاعری کی مرہون منت ہے۔ اسی لئے غالب کا یہ شعر:

جو یہ کہے کہ ریختہ کیوں کر ہو رشک فارسی

گفتہ غالب ایک بار پڑھکے اسے سنا کہ یوں

ان کا یہ دعوی اس لئے حقیقت پر مبنی نظر آتا ہے کہ آج انہیں اردو کا ممتاز شاعر مانا جا چکا ہے۔ ظاہر ہے ایک زبان کے ممتاز شاعر کا کلام دوسری زبانوں کے اکثر شعراء سے بہتر ہونا چاہئے۔ دوسرا مسئلہ فارسی کلام کے بارے میں کئے گئے دعوے کا ہے۔

فارسی بین تا بہ بینی نقش ہای رنگ رنگ بگذر از مجموعۂ اردو کہ بیرنگ من است

یہاں اب تک بیرنگ سے مراد بے مزہ بے لطف اور بے کیف وغیرہ لیا جاتا تھا۔ خود شروع میں پروفیسر صاحب کا بھی یہی نظریہ رہا ہوگا۔ آہستہ آہستہ اس نظریہ میں بدلاؤ آیا تو دو نظریوں کے درمیان کا راستہ بھی اپنایا گیا فرماتے ہیں۔

''اس میں شبہ نہیں کہ ان کی اردو شاعری، فارسی کے مقابلے میں بیرنگ یا محض ایک خاکہ نہیں ہے۔ اردو شاعری کی وجہ سے آج غالب، غالب ہیں''۔

آخر کار تحقیق کی وہ منزل آئی جس نے غالب کی اپنی انا اور اردو کلام کے لئے کئے گئے

Marfat.com

دعوے کی تصدیق کے ساتھ شاعر کا مکمل مقصد و مدعا بیان کیا اور مجموعہ اردو ''بی رنگ'' نہ رہ کر ''بیرنگ'' سے تعبیر ہوا۔ اس نئی تحقیق نے غالب شناسی میں ایک نیا انقلاب برپا کیا۔ لیکن اس نتیجہ کے لئے ناقد کو کتنی دشواریاں پیش آئیں ہوں گی اس کا اندازہ ''لفظ بیرنگ غالب کے ایک شعر میں مقالے'' کے مطالعے سے کیا جا سکتا ہے۔ اس مقالے سے عام قاری کے سامنے کتنی ہی گتھیاں سلجھتی نظر آتی ہیں۔ مثلاً مرکب الفاظ لکھنے کا طریقہ واضح طور پر بیان کیا گیا ہے۔ خصوصاً حروف سابقہ اور لاحقہ کا استعمال، پروفیسر موصوف فرماتے ہیں:

''اکثر اسی لفظ کا املا ''بے رنگ'' کی شکل میں ہے، اس کی وجہ سے اس کے معنی کے سمجھنے میں غلطی ہوئی''

اس تحریر سے واضح ہے کہ اگر کوئی لفظ سابقے، لاحقے یا کسی اور بنا پر مرکب بنتا ہے تو اس کا املا جدا ہونا چاہئے اور اگر لفظ مرکب نہیں ہے تو اس کا املا دو حصوں میں بنا ضرورت نہیں ہونا چاہئے۔ ضرورت سے مراد ا۔ د۔ ر۔ و اور انہیں قبیل کے حروف کا آخر میں آنا ہے اور اسی لفظ سے بحث کرتے ہوئے کہتے ہیں:

''دراصل بے رنگ (بیرنگ) کے صحیح مفہوم کے لئے ہمیں فارسی لغات کی طرف توجہ کرنی ہے۔ فرہنگ جہانگیری میں اسی لفظ (بیرنگ) کی توضیح اس طرح ملتی ہے۔

بیرنگ اس کو کہتے ہیں کہ جب مصور و نقاش تصویر کشی کرنا چاہتے ہیں یا نقاشی کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو اس کا خاکہ کھینچتے ہیں اور

Marfat.com

اس کے بعد اس میں رنگ بھرتے ہیں اور معمار حضرات جب
کوئی عمارت بنانا چاہتے ہیں تو اس کے خاکے میں رنگ بھر دیتے
ہیں اور اس خاکے کو بیرنگ کہتے ہیں''۔ص،۶۴

اسی کے ساتھ شمس جندی، حکیم انوری، کمال اسمٰعیل، مشرف شفر دہ وغیرہ فارسی شعراء کے اشعار میں بیرنگ کے استعمال کرنے کا طریقہ دکھایا گیا ہے۔ اور لفظ بیرنگ کے معنی کی بحث کو جاری رکھتے ہوئے فرہنگ نظام، برہان قاطع، غیاث اللغات، لغت نامۂ دہخدا اور اسی کے ذیل میں شرف نامہ، فرہنگ رشیدی، انجمن آرا، آنندراج، ناظم الاطباء وغیرہ سے بھی استفادہ کی گیا ہے۔ اور فارسی کے مشاہیر شعراء کے کلام کی مثالیں جن میں سنائی، ظہیر فاریابی، سلمان، عرفی، وصال شیرازی یہاں تک کہ فردوسی، حافظ اور مولانا روم جیسے صف اول کے شعرا کے کلام سے بھی مثالیں پیش کی گئی ہیں۔

''میرا فارسی کلام دیکھو کہ تمہاری آنکھیں گونا گوں نقش سے دو
چار ہوں اردو مجموعہ سے گذر جاؤ کہ فارسی دیوان کے سامنے وہ
بے رنگ ہے''۔

یہ مفہوم غالب کے اپنے اس دعوی کے منافی تھا۔

جو یہ کہے کہ ریختہ کیوں کر ہو رشک فارسی
گفتہ غالب ایک بار پڑھ کے اسے سنا کہ یوں

پروفیسر صاحب کی تحقیق کے بعد اب ''بیرنگ'' نے شعر کے مفہوم کو اس

Marfat.com

طرح بدل دیا ہے۔

''ہماری فارسی شاعری دیکھو، اس میں میرا دیوان رنگ برنگ کے نقش ونگار کا ایسا مرقع ہے جو آنکھوں کو دعوت نظارہ دیتا ہے۔ اردو دیوان کو نظر انداز کیجئے ابھی اس کی حیثیت ایک خاکے کی ہے جو نقش ونگار سے خالی ہے''۔

اس مفہوم کو مزید تقویت پہنچانے کے لئے قواعد پر بھی سیر حاصل بحث کی گئی ہے اور اس اہم طریقہ کو بھی جس پر زبان کا دارومدار ہوتا ہے نظر انداز نہیں کیا ہے۔ ظاہر ہے کہ جب غالب نے یہ شعر کہا تھا تو مجموعہ اردو کی حیثیت ان کی نظر میں ایک خاکے کی سی رہی ہوگی لیکن جب یہ خاکہ مکمل ہو گیا تو انہوں نے اپنی شاعری کو بھی رشک فارسی سمجھا۔

اس قیمتی نظریہ نے جہاں غالب کے کلام کی افادیت میں چار چاند لگائے ہیں وہیں ''اردو کلام'' جس زبان کے غالب ممتاز شاعر ہیں اس کی اہمیت میں بھی اضافہ ہوا۔ ورنہ ایک زبان کا ممتاز شاعر اپنے کلام کو بے لطف بتائے اور اہل زبان اسے ممتاز شاعر ہونے کا درجہ دیں یہ اس زبان کی بدقسمتی سے زیادہ کچھ نہ ہوتا اس طرح غالب شناسی میں یہ نظریہ بہت نمایاں اور کارآمد ثابت ہوا ہے۔

تحقیق اور تنقید کبھی مکمل نہیں ہوتی اس ذیل میں غالب کی قصیدہ نگاری کے تحت اس بات: ''قابل توجہ امر یہ ہے کہ ائمہ اثنا عشر میں صرف تین اماموں کی منقبت لکھی گئی۔ حضرت امام حسین اور

Marfat.com

آٹھ دوسرے ائمہ سے صرف نظر کرنا تعجب خیز امر ہے، موجودہ قصائد سے یہ بات پوری طرح واضح ہے کہ غالب شیعی عقیدے کے حامل تھے۔ اس عقیدے کا تقاضا ہے کہ ان کو صرف تین اماموں کی مدح پر بس نہ کرنا تھا''۔

کی وضاحت اس طرح ہے کہ یہاں کاتب نے غلطی سے امام حسنؑ کی جگہ امام حسینؑ کا نام تحریر کردیا ہے۔ دراصل یہ قصائد پہلے امام، تیسرے امام اور بارہویں امام کی مدح میں غالب نے کہے ہیں۔ شعراء حضرات اکثر انہیں ائمہ کی مدح سرائی کیا کرتے ہیں۔ کچھ شعراء نے امام حسنؑ اور امام رضا کی مدح سرائی بھی کی ہے۔ اس کی خاص وجہ حضرت علیؑ کا تمام اسلامی جنگوں میں فتح ہونا اور دین کی اشاعت حضور کے ساتھ رہ کر کرنا۔ امام حسینؑ کا معرکۂ کربلا کے ذریعے اسلام کو نئی زندگی عطا کرنا یہاں تک کربلا کے حادثہ اور فکری شعور کا اثر فارسی اور اردو اور غزلیات پر بھی نمایاں نظر آتا ہے۔ بارہویں امام جن کی آمد کا انتظار ہے اور وہ امام زمانہ ہیں یہی وجہ ہے کہ اکثر شعرا انہیں تین اماموں کی مدح میں قلم کی جولانیاں دکھاتے ہیں۔ کچھ شعراء نے بارہ اماموں کی بھی مدح سرائی کی ہے خود راقم نے پہلے، دوسرے، تیسرے، آٹھویں، گیارہویں اور بارہویں امام کی مدح میں ہی قصائد لکھے ہیں۔

غالب دساتیر سے خاص رغبت رکھتے تھے جس کی پیروی میں انہوں نے دستنبو لکھی ہے۔ اس ذیل میں بھی پروفیسر صاحب نے 'برہان قاطع' کے حوالے سے خاصی بحث کی ہے۔

Marfat.com

''لیکن چوں کہ اسی مؤلف نے برہان قاطع میں سارے
دساتیری الفاظ بھر لئے ہیں۔ غالب نے کتاب کے اس عنصر کو
بہت سراہا ہے''۔

یہاں دساتیر سے متعلق ایک سوال یہ بھی اٹھتا ہے کہ اسے اب جعلی کیوں کہا جائے۔ یہ درست ہے کہ جب یہ لکھی گئی ہوگی تو جعل رہی ہوگی لیکن اب جب کہ اس کے الفاظ لغات میں بھی آ چکے ہیں اور دستنبو کا ترجمہ بھی ہو چکا ہے اور ان الفاظ کا استعمال اکثر جگہ کثرت سے موجود ہے تو اب یہ خود ادب کا حصہ بن چکی ہے۔ اس حقیقت کو دیکھتے ہوئے ان کتابوں کا مطالعہ ہونا چاہئے کیوں کہ یہ کام بھی نہایت مشکل اور جوکھم سے خالی نہیں ہے۔ صرف پروفیسر صاحب ہی اسے اچھی طرح انجام دے سکتے ہیں اور اہل ادب کی نگاہیں موصوف کی طرف ہی اٹھ رہی ہیں۔ پروفیسر صاحب کا ارشاد۔

''یہ صرف انہیں پر موقوف نہیں سینکڑوں پڑھے لکھے لوگ اس
کے جعل میں پھنسے اور دساتیری طرز میں کتابیں لکھیں، لیکن بعد
کے محققین نے اس جعل کا پردہ چاک کر دیا''۔

مختصر طور پر کہا جا سکتا ہے کہ پروفیسر نذیر احمد نے نہ صرف خود غالب شناسی کے ہر پہلو پر غور کیا ہے بلکہ اپنی غالب شناسی کے ذریعہ اہل نظر اور دوسرے محققین ادب کے لئے کتنے ہی در وا کئے ہیں۔ جن نقوش پر کام کر کے غالب شناسی کو اور نئی جہتیں دی جا سکتی ہیں۔

———X———

Marfat.com

ڈاکٹر معتصم عباسی*

# نظر بر شخص دانش

طالب آملی نے اپنے پیرو مرشد کے بارے میں کہا تھا:

ندیدی گر محیطی در لباس قطرہ ای طالب
نظر بر شخص دانش عارف الاسلام ما بکشا

اگر اس شعر کا اطلاق میں اپنے استاد پروفیسر نذیر احمد پر اس دلیل کے ساتھ کروں کہ یہ قطرہ علم وفن کے جس سمندر (تحقیق و تدوین، لغت شناسی) کا احاطہ کئے ہوئے ہے اس میں برصغیر ہند و پاک تو کیا ایران، افغانستان اور وسط ایشیائی ممالک میں بھی کوئی اس کا ثانی نہیں ہے اور میرے اس دعوے کی تصدیق ان ممالک کے ارباب قلم کی طرف سے بھی ہو رہی ہو تو مجھے یقین ہے کہ میری اس جسارت پر ارباب علم وفن کو اعتراض نہ ہوگا۔

اس تمہید سے یہ مراد نہیں ہے کہ میں نذیر صاحب کے علمی و تحقیقی فتوحات کا تفصیلی جائزہ لے رہا ہوں بلکہ ان کی علمی بصیرت اور مقام و مرتبہ کا اعتراف ہے۔ انہوں نے فارسی اور اردو ادب کو جو بیش بہا علمی و تحقیقی سرمایہ عطا کیا ہے اور خان آرزو کی طرح فارسی زبان دانی اور لغت شناسی میں ایرانیوں سے ہمیں ذہنی مرعوبیت سے

---

* ریڈر شعبۂ فارسی، اے۔ ایم۔ یو، علی گڑھ

Marfat.com

نجات دلائی ہے اور اس فن کو جن نئی نئی جہتوں سے آشنا کیا اس پر نقد و تبصرہ وہ ارباب دانش کریں جنہوں نے ہماری دعوت پر یہاں تشریف لانے کی زحمت گوارا کی ہے۔ میں تو نذیر صاحب کی سیرت و شخصیت کے چند پہلوؤں کو جو میرے ذاتی مشاہدے میں آئے ہیں بیان کرنا چاہتا ہوں۔

نذیر صاحب سے میرا غائبانہ تعارف تو اس وقت سے ہے جب میں ساتویں یا آٹھویں درجہ میں پڑھتا تھا۔ وہ بستی میں گورنمنٹ اسکول میں ٹیچر تھے اور میری ماموں زاد بہن کے ٹیوٹر بھی تھے۔ ریاضی بہت اچھی پڑھاتے تھے۔ بیڈمنٹن بھی بہت اچھا کھیلتے تھے۔ کرتا، پاجامہ اور کرمچ کا جوتا ان کا یونیفارم تھا۔ گرمی کی چھٹیوں میں جب میرے ماموں زاد بہن، بھائی گورکھپور آتے اور حساب اور کھیل موضوع گفتگو ہوتا تو وہ نذیر صاحب کا ذکر ضرور کرتے تھے۔ اس طرح نذیر صاحب کا تعارف مجھ سے ایک ریاضی داں کی حیثیت سے ہوا جب کہ علمی و ادبی حلقوں میں وہ ایک فارسی کے محقق کی حیثیت سے مشہور تھے۔ ان کی ریاضی دانی ایک راز ہی رہی ایک ایسا راز جو قاضی عبدالودود مرحوم پر بھی ظاہر نہ ہوسکا۔

قاضی عبدالودود مرحوم کے لئے کہا جاتا ہے کہ ہر وہ محقق ان کی نظر میں مشتبہ تھا جو فلسفہ، قانون اور ریاضی کے علوم میں سے کسی ایک ڈسپلن سے ہوکر نہ گذرا ہو لیکن نذیر صاحب کو انہوں نے اس سے مستثنیٰ قرار دیا تھا۔ اس استثنا کا سبب غالبًا یہی تھا کہ قاضی صاحب کو معلوم نہ رہا ہوگا کہ نذیر صاحب کو ریاضی پر نہ صرف دسترس تھی بلکہ پڑھاتے بھی تھے۔ اگر نذیر صاحب کی ریاضی دانی کا انہیں علم ہوتا تو انہیں اس شرط

Marfat.com

سے مستثنٰی قرار دینے کی ضرورت پیش نہ آتی۔ خود نذیر صاحب نے ایک بار مجھے بتایا تھا کہ وہ اپنے ہم جماعتوں میں ریاضی میں بہت تیز تھے۔

۱۹۵۷ء میں جب میں بی۔ اے میں داخلہ لینے علی گڑھ آیا تو ایک روز پروفیسر عبدالعلیم صاحب کے صاحبزادے ڈاکٹر عبدالحلیم سے ملنے جو میرے عزیز بھی تھے اور دوست بھی، یونیورسٹی روڈ کی کوٹھی پر پہنچا تو ان کے کمرے میں سیاہ داڑھی، سرمئی شیروانی، چوڑے پائچہ کے سفید پاجامہ میں ملبوس، پیر میں باٹا کا بادامی رنگ فیتہ دار جوتا پہنے ایک صاحب تشریف فرما تھے جن سے حلیم حسب عادت ہنس ہنس کے مصروف گفتگو تھے انہوں نے تعارف کرایا ''ڈاکٹر نذیر صاحب ہیں'' اس وقت گرمی کی شام کا تقریباً چھ ساڑھے چھ کا عمل تھا۔ پروفیسر علیم صاحب اپنے کمرے سے نکل کر لان پر جا چکے تھے جہاں کچھ لوگ ان کے منتظر تھے۔ نذیر صاحب بھی اٹھ کر علیم صاحب کے پاس چلے گئے۔ حلیم نے مجھے بتایا کہ نذیر صاحب اس وقت ''تاریخ اردو ادب'' کے منصوبہ کے ڈپٹی ڈائرکٹر کی جگہ پر کام کر رہے ہیں۔

نذیر صاحب کو اس طرح میں نے پہلی بار دیکھا۔ ایک ریاضی داں کی حیثیت سے ذہن میں ان کی جو تصویر تھی انہیں اس کے بالکل برعکس پا کر ذرا دھچکا لگا۔ میں انہیں ڈاکٹر سر محمد ضیاء الدین (جن کی تصویر دیکھ چکا تھا) قسم کی چیز سمجھتا تھا یا انہیں میرے ہم وطن فاروق دیوانہ صاحب کی طرح تو ہونا ہی چاہئے تھا جو ہر علوم کی تصدیق وتعبیر ریاضی سے کیا کرتے تھے اور جن کا سراپا اور طور طریق دیکھ کر پروفیسر رشید احمد صدیقی کی نگاہوں میں قدیم یونان کے ارباب دانش اور اہل قلم کا نقشہ کھنچ گیا تھا۔ نذیر

Marfat.com

صاحب کے چہرے مہرے سے نہ تو عالمانہ شان ٹپکتی تھی جو بعد میں پروفیسر بابر مرزا، پروفیسر ہادی حسن، پروفیسر محمد حبیب یا پروفیسر عبدالعلیم صاحب میں دیکھنے میں آئی نہ وہ رعب داب تھا جو پروفیسر شیخ عبدالرشید اور پروفیسر عمرالدین صاحب کی شخصیت کا ظاہری پہلو تھا۔ ان میں حد سے زیادہ انکساری، سادگی اور خوش مزاجی تھی۔ ہر شخص سے برابری کی سطح پر ملتے تھے۔ آواز میں نرمی تھی۔ اپنی عالمانہ گفتگو سے کسی کو مرعوب کرنے کی کوشش نہیں کرتے تھے اور نہ اپنی کسی بات پر مصر ہوتے تھے۔

ایک روز معلوم ہوا کہ شعبۂ فارسی میں بہ حیثیت ریڈر ان کی تقرری ہوگئی ہے۔ اگلے روز سے وہ بی۔ اے سال آخر اور ایم۔ اے کے کلاس لیا کریں گے۔ جب میں بی۔ اے کے آخری سال میں پہنچا تو ان سے نصابی درس کی ابتدا ہوئی۔ وہ کلاسیکل اور انڈو پرشین کی نصابی نظم و نثر پڑھایا کرتے تھے۔ ان کے پڑھانے کا انداز ذرا مختلف تھا۔ ترجمہ بتا دینے کے بعد ادبی اور فنی خصوصیات کی بھی صراحت کیا کرتے تھے۔ وہ حافظؔ کے شیدائی ہیں۔ غزلیات حافظ اور قصائد عرفی دونوں ہم لوگوں کے نصاب میں تھا۔ ایک روز وہ حافظ کو پڑھاتے ہوئے کسی شعر کی معنویت اور اس کی فنی خوبیاں بیان کر رہے تھے۔ اچانک ان کا ذہن عرفی پر اقبال کی نظم کی طرف چلا گیا۔ انہوں نے تمسخرانہ انداز میں اس کا پہلا شعر پڑھا:

محل ایسا کیا تعمیر عرفی کے تخیل نے
تصدق جس پر حیرت خانۂ سینا و فارابی

آخری مصرع ذرا زور دے کر پڑھا اور کہا کہ اقبال نے حافظ کو سمجھا نہیں۔

Marfat.com

اس وقت میں کیا اور میری بساط کیا۔لیکن اب خود کو نذیر صاحب کے خیال سے ہم آہنگ نہیں پاتا۔ یہ ایک علیحدہ بحث ہے جس کا یہاں موقع نہیں۔ایم۔اے میں بھی دو سال ان سے نصابی درس لینے کے بعد انہیں کی نگرانی میں میں نے پی۔ایچ۔ڈی کا مقالہ مکمل کیا جس میں میرا کم ان کا حصہ زیادہ تھا۔

نذیر صاحب سے شروع ہی سے میرا تعلق قائم ہو گیا تھا۔ وہ مجھ پر کافی مہربان تھے۔ جب وہ 'زہرہ باغ' کے قریب کے مکان کے بالائی حصہ میں رہتے تھے تو میں اکثر وہاں جایا کرتا تھا۔ بعد میں جب وہ 'عزیز جاں منزل' میں منتقل ہوئے تو آمد و رفت روز کی ہوگئی۔عصر اور مغرب کے درمیان کا وقت نذیر صاحب ہوں یا نہ ہوں انہیں کے یہاں گذرتا تھا کیونکہ ان کے صاجبزادے عبدالباسط مرحوم اور داماد عبدالحیٔ سے دوستی ہوگئی تھی۔ ڈاکٹر صاحب اگر نہ ہوتے تو ان دونوں کے ساتھ مختلف موضوعات اور یونیورسٹی میں ہونے والے واقعات پر گفتگو ہوا کرتی تھی۔نذیر صاحب ہوتے تو لان پر آم کے درخت کے نیچے یا ان کے طویل برآمدے میں ان کی علمی و ادبی گفتگو سننے کا موقع ملتا جس سے معلومات میں اضافہ ہوتا۔اسی ضمن میں کبھی کبھی وہ اپنے متعلق بھی کچھ باتیں بتا جایا کرتے تھے۔ایک بار انہوں نے بتایا کہ جب ان کی کتاب ''نورس'' کا ترجمہ شائع ہوا تو مشہور موسیقار نوشاد نے انہیں کوئی ماہر موسیقی سمجھ کر بمبئی آنے اور مل کر فلمی دینا میں کام کرنے کی دعوت دی۔ یہ خط اس وقت ڈاکٹر صاحب کے پاس موجود تھا۔ واقعہ یہ ہوا کہ نذیر صاحب جب ''نورس'' کا ترجمہ کر رہے تھے تو لکھنؤ اور دوسرے مقامات کے موسیقی کے مشہور ماہرین فن سے راگ،

Marfat.com

راگنیوں اور سازوں کے بارے میں معلومات فراہم کر کے اپنی کتاب میں شائع کر دیا تھا جسے پڑھنے کے تعد نوشاد کو ان پر کسی ماہر موسیقی کا دھوکہ ہوا۔ انہوں نے انہیں بمبئی آنے کے لئے وہ خط لکھا تھا۔ یہاں ایک اور واقعہ کا ذکر خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ یہ واقعہ نذیر صاحب کے یہاں کھانے پر پروفیسر سید حسن صاحب مرحوم نے سنایا تھا کہ جن دنوں نذیر صاحب، سید حسن صاحب اور امیر حسن عابدی صاحب گورنمنٹ اسکالر شپ پر اعلیٰ تعلیم کے لئے ایران میں مقیم تھے ان میں ایک روز گوشت پکانے کی صلاح ٹھہری۔ نذیر صاحب پکانا جانتے تھے۔ دوران ملازمت گھر سے باہر تنہا رہنے کے سبب انہوں نے سیکھ لیا تھا۔ تینوں بازار پہنچے اور گوشت فروش سے ''پارچہ'' بنانے کو کہا۔ گوش فروش حیرت سے ان کی طرف دیکھنے لگا کیونکہ ایران میں پارچہ کپڑے کو کہتے ہیں۔ ان لوگوں نے انٹرنیشنل زبان (اشارے) میں اسے بتایا تو اس نے کہا کہ ''اوہ تکّہ می خواہید'' اور بوٹی بنا کر دے دیا۔ پکانے کے دوران گوشت کو خوش ذائقہ بنانے کے لئے نذیر صاحب نے اس میں زعفران بھی ڈال دیا تھا لیکن مقدار کا اندازہ نہ کر سکے تھے۔ زیادہ پڑ جانے سے گوشت کڑوا ہو گیا۔ اور کوئی تو نہ کھا سکا صرف عابدی صاحب نے مزہ لے لے کر کھایا اور بقیہ دوسرے روز کے لئے رکھ دیا۔ اس کے بعد جب بھی گوشت پکتا تو عابدی صاحب نذیر صاحب سے کہتے کہ ''ذرا زعفران زیادہ کر دینا''۔

نذیر صاحب نہ تو کسی متمول گھرانے سے تعلق رکھتے تھے کہ انہیں حصول تعلیم کی سہولیات حاصل ہوتیں اور نہ کسی علمی وادبی خانوادے کے فرد تھے کہ علمی ذوق، شوق ورثہ میں ملتا۔ وہ ضلع گونڈہ کے قصبہ اترولہ کے اندرونی موضع کوٹھئی غریب کے

Marfat.com

رہنے والے ہیں۔ ذریعۂ معاش آبائی زمینوں پر کاشتکاری تھا۔ تعلیم کا رواج آٹھویں یا دسویں سے زیادہ نہ تھا۔ خاندان کے جن افراد نے یہ درجہ پاس کرلیا تھا کاشتکاری کے ساتھ قصباتی اسکولوں میں مدرسی بھی کررہے تھے۔ نذیر صاحب کو بھی مڈل یا میٹرک تک کی تعلیم دلائی گئی۔ اس کے بعد ان سے بھی کھیتی باڑی کے کاموں کو دیکھنے کو کہا گیا کیونکہ مزید تعلیم کے اخراجات ان کے گھر والے برداشت کرنے کو تیار نہ تھے۔ ایسے میں ان کی حوصلہ مند بیوی آگے آ گئیں۔ انہوں نے اپنے زیورات بیچ کر نذیر صاحب کو آگے تعلیم جاری رکھنے میں بھرپور اعانت کی۔ اتنا ہی نہیں جب نذیر صاحب لکھنؤ میں ایم۔ اے میں زیر تعلیم تھے تو خود بھی گاؤں چھوڑ کر مع اولادوں کے لکھنؤ چلی آئیں تا کہ نذیر صاحب کو کھانے پینے کی تکلیف اور تنہائی کا احساس نہ ہو۔ گھر سے اخراجات کے لئے جو ماہانہ رقم ملتی تھی وہ بھی بند ہوگئی۔ لیکن اس نیک دل خاتون نے ہمت اور حوصلے کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ پروفیسر علیم صاحب کی بیوی راوی ہیں کہ ان سے دونون گھرانوں سے رسم و راہ رکھنے والی لکھنؤ کی ایک خاتون نے بتایا کہ جب نذیر صاحب کی اہلیہ نے پڑوس کے گھروں اور جان پہچان رکھنے والی عورتوں کی لڑکیوں کو اسکولوں میں پڑھتے ہوئے دیکھا تو انہیں اپنی لڑکیوں کو بھی پڑھانے کا شوق ہوا۔ انہوں نے دو لڑکیوں کا نام لکھوانے کے لئے ان کے ساتھ جا کر ایک ہاتھ کا کڑا یا چوڑی ڈھائی سو روپیہ میں بیچ دی۔ نذیر صاحب کو اس کی کانوں کان خبر بھی نہ ہوئی۔ نذیر صاحب آج جس مقام و مرتبہ پر ہیں اس مقام کو انہوں نے بھی ڈپٹی نذیر احمد کی طرح سخت محنت، جدوجہد، حوصلہ مندی اور ریاضت شاقہ کی بدولت حاصل کیا ہے۔ وہ

Marfat.com

جو کچھ بھی ہیں اپنی ذات سے ہیں۔ ڈپٹی نذیر احمد کی طرح وہ بھی Self made man ہیں لیکن اس کو کبھی کہتے نہیں سنا۔ کوئی اگر ان کی ترقیوں کا ذکر کرتا بھی تو وہ اس کا سہرا کچھ تو اپنی مرحومہ بیوی اور زیادہ تر اپنے استاد پروفیسر مسعود حسین رضوی ادیب کے سر رکھ دیتے ہیں۔

نذیر صاحب نے ایم۔اے کر لینے کی بعد بحیثیت ایک مڈل اسکول ٹیچر کے عملی زندگی میں قدم رکھا۔ اس زمانے میں درس و تدریس اور معلّمی کے پیشہ میں داخل ہونا اتنا آسان نہ تھا جتنا آج ہے۔ اس پیشہ سے ذہنی مناسبت رکھنے والوں کو اپنی اہلیت و لیاقت کے ثبوت کا امتحان دینا پڑتا تھا۔ برسوں اسکولوں، کالجوں میں پڑھانے، اپنے مضمون اور درس و تدریس کے فن میں شہرت و ناموری حاصل کر لینے کے بعد ہی کوئی یونیورسٹی کی سطح تک پہنچتا تھا۔ اہلیت کے امتحان میں کامیابی کے بعد نذیر صاحب کی پہلی تقرری گورنمنٹ ہائر سکنڈری اسکول دیوریا میں ہوئی۔ وہاں سے ان کا تبادلہ بستی کے گورنمنٹ ہائی اسکول میں ہوا۔ ملازمت کے دوران وہ پروفیسر مسعود حسین رضوی ادیب کی نگرانی میں تحقیق کا کام بھی کرتے رہے۔ "Zahuri, Life and works" (انگریزی) پر مقالہ لکھ کر پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ یہ مقالہ آج بھی ظہوری پر سند کا درجہ رکھتا ہے۔ بعدازاں ڈی لٹ کی ڈگری حاصل کی، اسی زمانے میں وہ ابراہیم عادل شاہ کی کتاب ''نورس'' کے ترجمے میں لگ گئے، جس کے بارے میں ایک دلچسپ واقعہ پیچھے بیان کیا جا چکا ہے۔ اس کتاب کی بھی شہرت ہوئی۔ نذیر صاحب علمی و ادبی افق پر اپنے تحقیقی کاموں کی بدولت ایک ایسے روشن تارے کی طرح

Marfat.com

نمودار ہوئے جس کی تابنا کی لوگوں کی توجہ کا مرکز بن گئی۔

لکھنؤ یونیورسٹی میں شعبۂ فارسی میں لکچرر کی عارضی جگہ خالی ہونے پر ان کے استاد پروفیسر مسعود حسین رضوی نے انہیں یونیورسٹی میں بلایا۔ یہیں سے وہ حکومت ہند کے وظیفہ پر ایران گئے۔ واپس آ کر لکھنؤ یونیورسٹی سے دوبارہ منسلک ہو گئے تعلق زیادہ عرصہ قائم نہ رہ سکا۔ ۱۹۵۷ء میں وہ ''تاریخ اردو ادب'' کے منصوبہ کے ڈپٹی ڈائرکٹر کی حیثیت سے علی گڑھ آ گئے۔ ۱۹۵۸ء میں ریڈر کی حیثیت سی ان کا تقرر یونیورسٹی کے شعبۂ فارسی میں ہو گیا۔ شعبۂ فارسی سے وابستہ ہونے کے بعد نذیر صاحب نے ترقی کے مدارج بڑی تیز رفتاری سے طے کئے اور ان کی شہرت و مقبولیت میں اضافہ ہوتا گیا۔ پروفیسر یوسف حسین خاں (پرووائس چانسلر) کی ادارت میں اردو مجلّہ ''فکر و نظر'' نکالا گیا جس کے اصل کرتا دھرتا نذیر صاحب ہی تھے۔ اس رسالہ میں ان کے تاریخی اور محققانہ مضامین سے نہ صرف انہیں بین الاقوامی شہرت حاصل ہوئی بلکہ رسالہ بھی دنیا کے مقتدر علمی رسائل میں شمار ہونے لگا۔ انگریزی کے مشہور روزنامہ ''اسٹیٹس مین'' میں پروفیسر ہارون خاں شیروانی نے لکھا کہ ''جس ادارے سے فکر و نظر جیسا مجلّہ شائع ہو رہا ہو اس ادارے کی ضمانت کے لئے یہی کافی ہے''۔

نذیر صاحب کے علی گڑھ آنے اور ''فکر و نظر'' کے اجرا سے پہلے یونیورسٹی کی علمی و ادبی فضا تخلیق و تنقید کے رنگ میں اس قدر ڈوبی ہوئی تھی کہ اس پر دوسرا کوئی رنگ چڑھنا مشکل تھا۔ ایک سے ایک شاعر، ادیب اور نقاد یہاں موجود تھے پروفیسر رشید احمد صدیقی، پروفیسر آل احمد سرور، پروفیسر خورشید الاسلام، پروفیسر خلیل الرحمٰن اعظمی،

Marfat.com

مسعود علی ذوقی، اختر انصاری، معین احسن جذبی، مجنوں گورکھپوری جیسی قدآور شخصیتیں تخلیق و تنقید کے کاموں میں مصروف تھیں۔ لیکن ''فکر و نظر'' میں نذیر صاحب کے شائع ہونے والے تاریخی و تحقیقی مضامین اور ''مکاتیب سنائی'' اور ''دیوان عمید لونکی''، ''دیوان سراجی خراسانی'' اور ''دیوان حافظ'' وغیرہ کے تنقیدی متون کی اشاعت کے بعد تحقیق و تدوین کو وہ اعتبار و امتیاز حاصل ہوا کہ ہر علمی و ادبی محفل میں صرف اسی کا تذکرہ ہونے لگا اور ہر شعبہ میں تخلیق و تنقید کی جگہ تحقیق و تدوین کو اہمیت دی جانے لگی جس سے چڑھ کر میرے دیرینہ کرم فرما اور اردو کے نامور شاعر معین احسن جذبی کو ''وبائے تحقیق'' کے عنوان سے ایک نظم لکھنا پڑی جسے یہاں نقل کر دینا خالی از لطف نہ ہوگا۔

پھر علی گڑھ میں چلی باد و بائے تحقیق
بے ہنر فیض سے جس کے نظر آتا ہے لئیق
اے محقق ترے انداز خشونت کے طفیل
نہ کوئی دوست ہے تیرا نہ کوئی تیرا رفیق
تجھ سے ہر مردۂ صد سالہ ہے لرزاں ترساں
کس قدر قبر شکن ہیں ترے اطوار و طریق
ہائے کیا کیا نہ ہوا صرف ترے وقت کا خون
سنگریزوں کو بنانے کے لئے لعل و عقیق

Marfat.com

نکتۂ سہل کی فریاد ہے کتنی دل دوز
کہ جسے تو نے بنایا ہے بلاوجہ دقیق
تو وہ غواص معانی ہے کہ اللہ اللہ
جوئے کم آب ترے واسطے اک بحر عمیق
سہو ونسیاں پہ جو پڑ جائے کہیں تیری نگاہ
اک توجہ سے تیری مرد مسلماں زندیق
تو جو ناگاہ صحافت کی طرف پھیر دے رخ
پھر تو ہر خستہ سا اخبار ہے از عہد عتیق
جس کی توجیہہ جہالت ہے اسی کی توجیہ
جس کی توثیق حماقت ہے اسی کی توثیق
دفعتاً آئی مرے کان میں آواز سرورؔ
اے مرے شاعر خوش فکر مگر بد توفیق
کن خیالات میں رہتا ہے تو کھویا کھویا
سن مری بات کہ ہوں میں ترا استاد و رفیق
شعر و تنقید ہے اس دور میں اک سعی فضول
ہو سکے تجھ سی تو کر ''ہوشربا'' پر تحقیق
توبہ کرتا ہوں میں تنقید سے تو شعر کو چھوڑ
اب نہ تنقید کی وقعت ہے نہ قدر تخلیق

Marfat.com

جذبیؔ صاحب نے محقق کی جو خصوصیات بیان کی ہیں اس سے یہاں بحث نہیں، البتہ نذیر صاحب کی بدولت ذہنوں میں جو تبدیلی آئی اس کا اندازہ آخری چار شعروں سے کیا جا سکتا ہے۔ علی گڑھ سے باہر کے علمی و ادبی حلقوں میں مدتوں اس نظم کی گونج سنائی دیتی رہی۔ نثار احمد فاروقی نے جذبی صاحب پر تنقید کی۔ پروفیسر مسعود حسین خاں نے اس نظم کا جواب لکھا۔ مشہور مزاح نگار احمد جمال پاشا نے جو ایم۔ اے کے طالب علم تھے سر سید ہال کے مجلّہ ''اسکالر'' میں نذیر صاحب کے اسلوب کو اپنے مزاح کا نشانہ بنایا۔ مگر رنگ نذیر صاحب ہی کا چڑھکر رہا۔

اسی زمانے میں ایک اور واقعہ جس کا ذکر صرف اس لئے کیا جا رہا ہے کہ اندازہ ہو سکے کہ نذیر صاحب سے اختلاف رکھنے والے بھی ان کی تحقیقی بصیرت کے بارے میں کیا رائے رکھتے تھے۔ یونیورسٹی کے اساتذہ اس زمانے میں دو گروپوں میں بٹے ہوئے تھے۔ کمیونسٹ (ترقی پسند) اور غیر کمیونسٹ (رجعت پرست)۔ اول الذکر گروہ وائس چانسلر کرنل زیدی کو اپنے حلقے میں لئے ہوئے تھا۔ موخر الذکر گروہ پروفیسر یوسف حسین خاں پرو وائس چانسلر کے گرد گھیرا ڈالے ہوئے تھا۔ پروفیسر آل احمد سرورؔ زیدی صاحب سے بہت قریب تھے۔ ''تاریخ اردو ادب'' کے منصوبے کی ڈپٹی ڈائرکٹری سے نذیر صاحب کی مستعفی ہو جانے کے بعد سرور صاحب نے اس عہدے پر مجنوں گورکھپوری کی تقرری کی تھی۔ جب تاریخ شائع ہوئی تو جہاں معنوی غلطیاں تھیں وہیں کتابت کی غلطیوں کی بھی بھرمار تھی۔ پاکستان میں اس پر بڑا واویلا مچا۔ سرور صاحب کے مخالفوں کو موقع ہاتھ آ گیا۔ جامعہ اردو کے مجلّہ ''ادیب'' میں ابن فرید کا مضمون شائع ہوا جس میں ایسی باریک باریک غلطیوں کی بھی نشاندہی کی گئی تھی جس

Marfat.com

تک پاکستان والوں کی بھی نگاہ یا ذہنی رسائی نہ ہو سکی تھی۔ یہ مضمون علمی حلقوں میں ایٹمی دھماکہ سے کم نہ تھا۔ شبہ کی انگلیاں نذیر صاحب پر اٹھنے لگیں۔ ایک روز میں نے مجنوں صاحب سے کہا کہ مضمون ابن فرید نے لکھا بدنام نذیر صاحب ہوئے۔ مجنوں صاحب نے کسی قدر غصہ کے لہجہ میں کہا کہ ''یہ مضمون سوا نذیر کے کوئی نہیں لکھ سکتا۔ مجھے سب کی صلاحیت معلوم ہے''۔ بعد میں ابن فرید نے خود مجھے بتایا کہ وہ مضمون پروفیسر عمر الدین صاحب کے کہنے پر نذیر صاحب کی مدد سے لکھا گیا تھا۔ غلطیوں کی نشاندہی نذیر صاحب کی کی ہوئی تھی۔

نذیر صاحب کا علی گڑھ آنا جہاں دوسروں کے لئے ان معنوں میں بابرکت ثابت ہوا کہ انہوں نے کتنے ہی طالبِ علموں کو پی۔ ایچ۔ ڈی کرا کے روزگار سے لگا دیا وہاں خود ان کے لئے بھی فال نیک ثابت ہوا۔ انہوں نے جتنا علمی و تحقیقی کام علی گڑھ میں رہ کر کیا کسی دوسرے شہر میں دشوار تھا کیونکہ وہاں مولانا آزاد لائبریری کی سہولتیں اور دوسری آسانیاں میسر نہیں ہیں۔ میں نے مئی جون کی تپتی دوپہر میں لائبریری کی بالائی منزل پر مخطوطات کے شعبہ میں مخطوطات کی تلاش یا ان کی نقل لیتے ہوئے کئی بار نذیر صاحب کو دیکھا ہے۔

نذیر صاحب کو مولانا آزاد لائبریری کے تمام نادر مخطوطات اور نایاب کتابوں کا علم ہے۔ جن کی اہمیت کا احساس وہ اپنے احباب اور طالب علموں کو گفتگو کے دوران برابر یاد دلاتے رہتے ہیں۔ وقت پسندی، ژرف بینی اور مستقل مزاجی ان کی طبیعت کا خاصہ بن گئی تھی۔ اس خاصیت کی بدولت وہ ہر طرح کا چیلنج بڑی آسانی سے قبول کر لیتے ہیں اور کامیابی کی کوشش میں لگ جاتے ہیں۔ انہوں نے جب تحقیق

Marfat.com

تدوین کے میدان میں قدم رکھا تھا تو پروفیسر اقبال حسین(پٹنہ) کی کتاب "Pre-Mughal Persian Poets" معرض وجود میں آ چکی تھی۔ اس کے دیباچے میں پروفیسر محمود شیرانی نے لکھا تھا کہ قدیم شعراء کے جس قدر اشعار اقبال حسین صاحب نے جمع کر دیئے ہیں ان میں ایک مدت تک اضافہ ممکن نہیں ہوسکتا۔ نذیر صاحب نے اسے اپنے لئے چیلنج سمجھا اور تھوڑے ہی عرصہ میں نہ صرف سینکڑوں اشعار ڈھونڈ نکالے بلکہ عمید لویکی اور سراجی خراسانی کے دواوین جن کے بارے میں قیاس تھا کہ ناپید ہو چکے ہیں، مرتب کر کے شائع کرا دیا۔

اسی طرح غالب کے وقت سے لے کر آج تک غالب کو بڑا فارسی داں، لغت اور ایرانی باستاں شناس سمجھا جاتا رہا ہے۔ ان پر جو کچھ الزام عائد ہوا وہ اشعار کے سرقہ اور توارد کا تھا۔ ان کی فارسی دانی، لغت شناسی اور ایران کی قدیم تاریخ پر عبور کے دعوی کو کوئی چیلنج نہیں کر سکا۔ نذیر صاحب نے محکم دلائل وشواہد سے غالب کے اس دعوی کی تغلیط کی اور ثابت کر دیا کہ غالب فارسی داں تو تھے لیکن لغت شناس اور باستاں شناس نہ تھے۔ بحیثیت شاعر وہ غالب کی عظمت کے قائل ہیں۔ ایک روز مجھ سے کہنے لگے کہ غالب کا یہ شعر:

ہے کہاں تمنا کا دوسرا قدم یارب　　　ہم نے دشت امکاں کو ایک نقش پا پایا

مجھے بہت پسند ہے۔ اس طرح کا شعر اردو تو کیا فارسی میں بھی نظر سے نہیں گذرا۔ میں نے کہا گذرے گا بھی تو آپ ہی کی نظر سے۔

نذیر صاحب کا اصل موضوع تو متنی تنقید اور لغت شناسی ہے۔ لیکن انہوں نے دوسرے موضوعات پر بھی قلم فرسائی کی ہے۔ خطّاطی، مصوّری، موسیقی اور کتبہ

Marfat.com

شناسی پر ان کی تحقیقی موشگافیاں جو مضامین کی صورت میں مختلف رسائل میں بکھرے ہوئے ہیں، ہندوستان کی ثقافتی تاریخ میں بیش بہا اضافہ ہیں۔ اسی طرح ژند و پاژند اور ہزوارش کے بارے میں ان کی نئی دریافتوں نے فارسی زبان و ادب کی تاریخ کے تاریک گوشوں کو جس طرح روشن کیا ہے اس نے خود ایرانیوں کو ان کا معتقد بنا دیا ہے۔ کتنے ہی گمنام شاعروں، ادیبوں اور شاہی خاندانوں کے افراد اور امیروں و وزیروں کو تاریخ کی روشنی میں لا کر انہیں دوامیت عطا کی۔

نذیر صاحب کے کارناموں میں ایک کارنامہ یہ بھی ہے کہ انہوں نے ہندوستانی فارسی کو بیرونی دنیا میں نہ صرف روشناس کرایا بلکہ اسے معتبر اور مستقل مقام بھی دلوایا، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ''سبک ہندی'' سے بے اعتنائی برتنے والے ایرانی علماء ہندوستان کے فارسی کے ادیبوں، شاعروں اور مورّخوں کی تصانیف اور دواوین اپنے تصحیح و تحشیہ کے ساتھ ادھر بیس پچیس برس سے شائع کر رہے ہیں۔ کچھ نے تو ''سبک ہندی'' کے بجائے اسے ''سبک اصفہانی'' کہنا شروع کر دیا ہے۔

جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے کہ میرا موضوع نذیر صاحب کے علمی و تحقیقی کاموں کا تفصیلی جائزہ نہیں بلکہ ان کی سیرت و شخصیت کے بعض پہلوؤں کو نمایاں کرنا ہے۔ نذیر صاحب اس مقام و مرتبہ پر سخت محنت، جدوجہد اور ریاضت شاقہ کے بعد پہنچے ہیں، جس میں ان کی مرحومہ بیوی کی حوصلہ مندی اور ایثار و قربانی کا بھی بمنزلۂ وسیلہ کے دخل تھا۔ لیکن زندگی کی اس لڑائی میں انہوں نے کبھی اپنے اوپر ترحم اور دردمندی کے جذبات کو طاری نہیں ہونے دیا۔ پروفیسر محمد حسن صاحب ان کے لکھنؤ

Marfat.com

کے ساتھیوں میں ہیں۔ وہ شہادت دیتے ہیں:

''اس ملاقات میں نذیر احمد صاحب محض اپنے زیر تحقیق موضوع پر گفتگو کرتے رہے۔ دنیا و مافیہا سے بے خبر۔ نہ معمولی سے قصبہ میں پڑھانے کی فریاد، نہ دنیائے تحقیق میں اپنے کام و مقام کا تذکرہ، نہ زمانے کی شکایت، نہ ناقدری کا رونا، غرض عجیب بے خبری تھی''۔

یہی حال ان کا علی گڑھ میں بھی رہا ہے۔ نواب علی یاور جنگ مرحوم کے ساتھ جو سلوک ہوا وہ انتہائی مذموم تھا لیکن نذیر صاحب کے لئے یہ دور سخت ابتلا و آزمائش کا تھا۔ یوسف حسین خاں صاحب کے ساتھ جو اساتذہ تھے راتوں رات ان میں سے کچھ نے اپنی وفاداریاں بدل دیں۔ زیادہ تر نے معاملات سے کنارہ کشی میں ہی عافیت سمجھی۔ حالات کے مقابلے کے لئے یوسف حسین خاں صاحب کے ساتھ تنہا نذیر صاحب رہ گئے تھے۔ یوسف حسین خاں کے مستعفی ہو جانے کے بعد نذیر صاحب کو تنہا اپنا دفاع کرنا پڑا۔ لیکن زبان پر نہ تو ساتھیوں کے چھوڑ جانے کی شکایت تھی، نہ اپنی پریشانیوں کا گلہ، نہ چہرے پر کسی طرح کی فکرمندی کے آثار تھے، ملنے والوں سے وہی علمی و ادبی گفتگو تھی، ہمدردی کے طور پر اگر کوئی کچھ کہتا تو ٹال جاتے اور اپنے کسی تحقیق کے موضوع پر اظہار خیال کرنے لگتے۔

میں نے علی گڑھ میں ایسے ایسے دماغ والے اساتذہ دیکھے جو برنی کے الفاظ میں ''باگ کے ایک ' سے مملکت فتح کر لیتے تھے اور ایک دانشمندانہ قدم سے بڑے بڑے فتنے فرو کر دیتے تھے'' لیکن پروفیسر نورالحسن صاحب کے دماغ کے آگے ان کی

Marfat.com

ایک نہ چل پاتی تھی۔نورالحسن صاحب کے دماغ کا جواب اگر کوئی دے سکا تو وہ نذیر صاحب کا دماغ تھا۔لیکن نہ تو گھر گھر نورالحسن صاحب کی شکایت کرتے پھرتے، نہ زبان کو ان کے خلاف کسی ناشائستہ یا تہذیب سے گرے ہوئے الفاظ یا کلمہ سے آلودہ ہونے دیا۔نہایت خاموشی اور بڑے وقار کے ساتھ حالات کا مقابلہ کیا۔

اسی طرح جب امریکہ میں ان کے نوجوان بیٹے عبدالباسط، جوانجینیرنگ کی اعلیٰ تعلیم کے لئے امریکہ گئے تھے، ایک حادثہ میں انتقال ہوا تو ان کے داماد عبدالحیٔ نے اس بری خبر کو سننے کے لئے پہلے سے دل و دماغ کو آمادہ کرنے کے لئے تار دیا کہ عبدالباسط کی حالت "very very serious" ہے۔ مجھے معلوم ہوا تو عزیز جہاں منزل پہنچا۔دریافت حال کے بعد میں نے ان سے کہا کہ گھبرایئے مت ٹیلیفون سے خیریت معلوم کرانے کو کوشش کراتا ہوں، نذیر صاحب کی چھٹی حس بیدار ہوچکی تھی۔وہ بار بار یہی کہتے کہ کام تو Very سے چل سکتا تھا یہ very very کا مطلب۔ دوسرا تار آنے میں کافی تاخیر ہوئی۔اس درمیانی عرصہ میں جو کیفیت تھی اس کا اندازہ وہی لوگ کرسکتے ہیں جنہیں اس طرح کے سانحہ سے واسطہ پڑا ہوا۔ماں تو دیوانی ہوچکی تھیں ہر آہٹ پر دروازے کی طرف لپکتیں کہ کوئی بیٹے کی خیریت کی خبر لایا ہے۔ ماں اپنے اس بیٹے کو بہت چاہتی تھیں۔ بیٹا بھی ماں سے بڑی محبت کرتا تھا۔جب ہر جگہ سے امریکہ فون ملانے کی کوشش ناکام ہوگئی تو نذیر صاحب تن تنہا ٹیلیفون ایکسچینج دوڑ رہے تھے۔کسی شاگرد کا ساتھ بھی گوارا نہ تھا۔ایک بار میں نے پیشکش کی تو کہا کہ آپ کہاں جائیں گے۔ بہت دیر لگے گی۔ بالآخر جب دوسرے تار سے موت کی

Marfat.com

تصدیق ہوگئی تو تعزیت کرنے والوں نے دیکھا کہ چہرے پر حزن وملال کے آثار موجود ہیں لیکن نذیر صاحب صبر وضبط کا پیکر بنے ہوئے ہیں۔ گفتگو ایسی کہ ترحم و ہمدردی جذبات پر نہ طاری ہونے پائیں۔ کبھی امریکہ کی کسی لائبریری کے بارے میں بتا رہے تھے، کبھی کسی لائبریری میں موجود کسی واحد مخطوطہ کا ذکر کر رہے ہیں۔ دلی کیفیت کا کوئی اظہار نہیں۔

یوسف حسین خاں کے ساتھ ساتھیوں کی بے وفائی دیکھ کر نذیر صاحب یونیورسٹی کی سیاست سے کنارہ کش ہوگئے۔ ساری سیاست صرف اپنے دفاع تک محدود رکھی۔ حالات سازگار ہوگئے تو بالکل ہی علیحدہ ہوگئے اور پورے طور پر علمی و تحقیقی کاموں میں منہمک ہوگئے۔ جس کے ثمرات مولانا لائبریری میں مقالات وتصانیف کی کثرت کی شکل میں لوگوں نے دیکھا۔

نذیر صاحب نے اپنے شاگردوں سے کبھی ذاتی کام نہیں لیا ہے۔ نذیر صاحب کے معاصرین میں کئی ایسے پروفیسر بھی تھے جو اپنے شاگردوں کا گھر کا سودا سلف تک منگواتے تھے۔ اگر مکان تعمیر کراتے ہوتے تو مزدوروں کی نگرانی شاگرد کے سپرد ہوتی اور اس وقت تک پی۔ ایچ۔ ڈی کی سند نہ ملتی جب تک مکان مکمل نہ ہو جاتا۔ نذیر صاحب نے اس طرح کا کوئی کام کبھی اپنے شاگردوں سے نہیں لیا۔ وہ اسے ان کی سلف ریسپکٹ کے منافی سمجھتے۔ ہاں لائبریری سے کوئی کتاب نکلوانا ہوئی، کسی مضمون کی نقل کرانی ہوئی، کسی مسودہ کی پروف ریڈنگ کرنا ہوئی تو اس طرح کے کام وہ ضرور اپنے طالب علموں سے لیتے ہیں۔ وہ اپنے شاگردوں سے ''تم'' سے ہمکلام بھی نہیں

Marfat.com

ہوتے ہمیشہ ''آپ'' کہتے ہیں۔ غصہ کی حالت میں بھی انہیں ڈانٹتے چلاتے نہیں پایا۔ صرف چہرے پر غصہ کے آثار نمایاں ہوتے اور زبان سے ناپسندیدگی کے چند کلمات کہہ دیتے ہیں۔

نذیر صاحب کا اپنے علمی کاموں میں انہماک و یکسوئی بھی حیرت انگیز ہے۔ وہ دنیا و مافیہا ہی سے نہیں ارد گرد سے بھی بے خبر ہو جاتے ہیں۔ جن دنوں میں ان کے یہاں جایا کرتا تھا جاڑے کی ایک دوپہر کو پہنچا۔ باہری لان پر بیٹھے کوئی مقالہ یا مضمون لکھ رہے تھے۔ میرے سلام پر آہستہ سے نظر اٹھائی، سر کی خفیف سی جنبش سے جواب دیا اور اسی طرح لکھنے میں مصروف ہو گئے گویا:

''دیدیم کہ باقیست شب فتنہ غنودیم''

سڑک پر کار، اسکوٹر موٹر سائیکل، رکشہ اور راہگیر شور کرتے گذر رہے ہیں لیکن کیا مجال کہ نذیر صاحب کے انہماک میں مخل ہو جائیں۔ ڈپارٹمنٹ کے ملازم اکبر آئے، اندر گئے اور واپس چلے گئے۔ بیس پچیس منٹ بعد جب نذیر صاحب کا استغراق ختم ہوا تو سر اٹھایا اور پوچھا اندر کوئی گیا تھا۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب نذیر صاحب کی اہلیہ کا انتقال ہو چکا تھا اور وہ تنہا رہ رہے تھے۔ میں نے جواب دیا اکبر تھے آئے بھی چلے بھی گئے۔ اس زمانے میں وہ کسی فرہنگ پر کام کر رہے تھے جس کا نام یاد نہیں رہا۔ کچھ الفاظ وغیرہ کا ذکر کرنے کے بعد انہوں نے کہا کہ کھانا نہ کھایا ہو تو آیئے۔ میں نے نذیر صاحب کے دسترخوان پر بارہا کھانا کھایا ہے۔ یہ کھانا دیکھ کر تکلیف ہوئی۔ اپنے لئے نہیں نذیر صاحب کے لئے۔ موٹی روٹی اور آلو پڑا قیمہ جو اکبر

Marfat.com

بازار سے یا اپنے وہاں سے پکوا کر لائے تھے۔ نذیر صاحب نے یہ دور بھی خاموشی اور وقار کے ساتھ گذار دیا۔ خوشی کی بات ہے کہ ان کی دوسری اہلیہ ان کے کھانے پینے اور صحت کا خاص خیال رکھتی ہیں۔ انہوں نے نذیر صاحب کو ہر فکر سے آزاد کر دیا ہے۔ وہ اپنا سارا وقت علمی و تحقیق کاموں میں صرف کرتے ہیں۔ عمر کے ساتھ ان کے کام کی رفتار بھی تیز ہے۔ عجیب محویت اور استغراق ہے۔ میں نے صوفی مجذوب تو کئی ایک دیکھے لیکن علمی مجذوب نذیر صاحب کی شکل میں دیکھنے کو ملا۔ یہاں اس بات کا ذکر کر دینا ضروری ہے کہ اس مجذوبیت کے باوجود وہ کبھی عبادت اور حق العباد سے غافل نہیں ہوئے ہیں۔ عبادت گذار وہ ہمیشہ رہے۔ ساتھ ہی بیوی سے محبت کرنے والے شوہر، اولاد کے شفیق باپ اور دوستوں کے مخلص دوست ہیں۔ اپنی پہلی بیوی سے محبت کا یہ عالم تھا کہ جب سر سید نگر میں مکان تعمیر ہو گیا تو کچھ لوگوں نے مکان کا نام تجویز کیا لیکن مکان کا نام اپنی بیوی کے نام پر ''سکینہ'' رکھا۔ اولادوں اور دوستوں کی ہر طرح کی مدد کرتے رہتے ہیں۔ جس زمانے میں وہ ''عزیز جہاں منزل'' میں رہتے تھے مجھے یاد نہیں کہ کوئی ان کے گھر سے خالی ہاتھ گیا ہو۔ اس زمانے میں بھیک مانگنے والے کو وہ یا ان کی بیوی ایک روپیہ سے کم نہیں دیتے تھے۔ جب شعبہ کی صدارت پر تھے تو مہینے کی پہلی اور دوسری تاریخ کو دسیوں منی آرڈر فارم پچاس پچاس روپئے کی رقم کے میں نے ان کی میز پر رکھے ہوئے دیکھے جو مختلف دینی مدارس کے نام ہوتے تھے۔

نذیر صاحب علمی و ادبی دنیا میں بین الاقوامی شہرت و عزت کے مقام و مرتبہ پر پہنچ چکے ہیں اولادیں بھی کسی نہ کسی مرتبہ پر فائز و خوشحال زندگی بسر کر رہی ہیں۔

Marfat.com

افسوس اگر ہے تو اس بات کا جس حوصلہ مند خاتون نے ایثار و قربانی کی بدولت انہیں یہ مقام و مرتبہ حاصل کرنے میں مدد دی وہ خود اپنی قربانیوں کا ثمرہ دیکھنے کو اس دنیا میں نہیں رہیں۔

عزت و شہرت اور خوشحالی کے اس مقام پر پہنچنے کے بعد بھی نذیر صاحب کے تواضع اور انکسار کا وہی عالم ہے کہ شاخ ثمردار کی طرح جھکے پڑے ہیں۔ نہ علمی وجاہت کا غرور نہ شہرت و ناموری کی نخوت۔ اپنے شاگردوں پر وہی شفقت، اپنے دوستوں سے وہی اخلاق جو روز اول سے رہا۔ جب تک وہ ہمارے درمیان ہیں (اللہ تعالیٰ یہ عرصہ طویل کرے (آمین) ہم اپنی طرف سے انہیں عزت اور ادب و احترام کا ہدیہ پیش کرتے رہیں اور وہ بھی اپنے علمی و تحقیقی مکشوفات سے ہماری معلومات میں اضافہ کرتے رہیں۔ ان کے بعد مستقبل قریب تک کم از کم برصغیر ہند و پاک میں تو ان کی جگہ لینے والا کوئی نظر نہیں آتا۔ گویا طالب آملی زبان سے کہہ رہے ہیں:

از یں پس ما و جاہل مشربی و ناخردمندی
بہ یاران پیش کش کردیم علم نکتہ دانی را

جو کچھ بیان کیا گیا ہے وہ نذیر صاحب کی شخصیت کا مثبت پہلو ہے جس میں کسی طرح کے مبالغہ کو دخل نہیں ہے۔ لیکن ایسا نہیں کہ ان کی شخصیت میں میں نے کوئی منفی پہلو جو لازمۂ بشریت ہے، نہیں پایا ہے۔ اس الزام سے بچنے کے لئے ایک ہی پہلو بیان کیا ہے۔ دوسرا پہلو بھی بیان کر دینا مناسب ہوگا۔ نذیر جس سے متاثر ہوتے ہیں اس کی نیت شک و شبہ سے بالاتر ہو جاتی ہے۔ اس کی لگائی بجھائی پر یقین کر لیتے

Marfat.com

ہیں۔ انہیں اس کی تصدیق کی بھی ضرورت نہیں رہتی۔ ان کی اس کمزوری سے خوشامدیوں اور لگائی بجھائی کرنے والوں نے تو فائدہ اٹھایا اور کام نکل جانے کے بعد یا تو ان کے خلاف ہو گئے یا دوسرے آقاؤں کی خوشنودی کے لئے ان کی طرف سے مصلحتاً بے اعتنائی اختیار کر لی۔ لیکن ان کے دوستوں اور کئی ایسے شاگردوں کو جنہیں بجا طور پر ان کا شاگرد کہا جا سکتا ہے جو نقصان پہنچا اس کی تلافی کا انہیں خود موقع نہیں ملا۔ ان لوگوں نے اپنی لیاقت و صلاحیت کی بدولت وہ مقام و مرتبہ حاصل کر لیا جس کے مستحق تھے۔ پھر بھی وہ نذیر صاحب سے شاکی نہیں ہیں اور ان کی ذات ان کے لئے سرمایۂ افتخار ہے۔ وہ انہیں آج بھی عزیز ہیں۔ ان کی بیٹی پروفیسر ماریہ بلقیس نذیر صاحب کے ارادتمندوں کے شکریہ کی مستحق ہیں کہ انہوں نے بورڈ آف اسٹڈیز کے متفقہ تجویز کو منظور کرتے ہوئے نذیر صاحب پر سیمینار کرا کے ملک کے دانشوروں کی نذیر صاحب کی زندگی ہی میں ان کی علمی و ادبی خدمات پر اظہار خیال کا موقع فراہم کیا۔ اور وہ لوگ بھی جنہوں نے اس موقع پر اپنے اپنے خیال کا اظہار کیا۔

X

Marfat.com

ڈاکٹر ریحانہ خاتون*

# پروفیسر نذیر احمد ایک عظیم محقق و دانشور

پروفیسر نذیر احمد نام ہے ایک ایسی بڑی علمی شخصیت کا جو درحقیقت فارسی دنیا کی آبرو اور فارسی زبان و ادب پر کام کرنے والے دانشوروں کی توجہ کا مرکز ہے۔ آپ کا شمار بجا طور پر فارسی دنیا کے مفاخر میں کیا جاتا ہے۔ ایران اور ہندوستان کے تقریباً تمام علمی و ادبی مراکز نے آپ کی علمی بصیرت کو سراہا ہے اور مختلف انداز سے آپ کو خراج تحسین پیش کیا ہے اور اس طرح اس حقیقت کا اقرار کیا ہے کہ آپ کی شخصیت فارسی دنیا میں باعث افتخار ہے۔ ایرانی شاعر ابراہیم صہبا نے پہلے تاریخی و ادبی جائزہ دکتر ''محمود افشار'' کے مراسم اہدا کے موقع پر استاد نذیر احمد صاحب کی خدمت میں مندرذیل چند اشعار پیش کیے تھے:

خوشا افشار و موقوفات افشار — کہ شد سرمشق مردان نکوکار
خوشا بر ''یزد'' کاین ''محمود'' پرور — کہ ایران دارد از فخر بسیار
ادیبی بود دانشمند و عاقل — بزرگی بود ارزشمند و پرکار
نمود احیا ''زبان فارسی'' را — در ایران و در اقطار و در اعصار
لغت نامہ کہ نام دہخدا یافت — بنالیش را نمود افشار ایثار
بہ ماندہ زان ادیب جاودانی — دو افغان نامہ و دیوان اشعار

* شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی

نگر بر چار جلد یاد و اره — که هر یک ارزشی دارد سزاوار
یقین دارام که با آن نیت پاک — نثار اوست لطف خاص دادار
کنون بر پای گشته این مراسم — برای مرد دانایی گر انبار
به دانشگاه تهرن گشته تجلیل — به عزت در چنین فرخنده تالار
نذیر احمد که مرد بی نظیر است — زبان فارسی را او مددگار
ز استادان مشهور علی گره — به بحر معرفت ابری گهربار
که دکتر فاضل و دکتر شهیدی — ستودنش بدان زیبنده گفتار
مشایخ با عزیزالدین نمودند — ز فضل و دانش او وصف بسیار
محیط استاد دانا کرد اہدا — نخستین جایزه از سوی افشار
که باید قدر دانی ها نمودن — از این استاد معرفتِ نکوکار
که از هند است و آثارش جهانگیر — ولی ما را بود یاری وفا دار
بسی تحقیق های پر بها کرد — که هر جا هست آثارش نمودار
نشاید کرد آنها را شماره — که بسیارند این درهای شهوار
فراوان کرده تنقیح رسالت — نموده چاپ، بس دیوان اشعار
سخندانان عالم نیک دانند — ز هر کس بر نیاید این چنین کار
ز عهد باستان ایران دهندند — برادر وار، مشتاقان دیدار
ز قند پارسی شکر شکن شد — به هند، آن طوطی گویای اسرار
نذیر احمد مرید حافظ ماست — چو او از ذوق و عرفان است سرشار

Marfat.com

که با همکناری دکتر جلالی — شده دیوان حافظ چاپ تکرار
امیر خسرو آن فرزانه شاعر — به دهلی خلق کرد آن جمله آثار
کلیم و صائب و بیدل نظیری — فراوان چیده گل ز آن طرفه گلزار
نموده روی بر هند ادب دوست — هر آن شاعر کز ایران شد دل آزار
که از سوی جهانداران گرفتند — صلات پر بها با پیل و خروار
جز آنها شاعران فعال دیگر — سروده بس غزل های گهر بار
کنون در نزد این عالی مقامان — کنار جمع استادان و احرار
اگر چه نیست جای شعر صهبا — میان این همه فرخنده آثار
چه خوش باشد نذیر احمد پذیرد — ز "صهبا" هدیه ای با لطف بسیار
که جاویدان بماند نام نیکش — به گیتی لطف یزدانش نگهدار

(۱۳۶۸ھ،ش)

پروفیسر صاحب کو فارسی لغت اور اس کی تاریخ سے ایک خاص تعلق خاطر ہے۔ زفان گویا، فرہنگ قواس، نقد قاطع برہان، لسان الشعراء، دستور الافاضل وغیرہ بعض قدیم فارسی فرہنگیں آپ نے اس طرح علمی دیانت اور تحقیقی و تدوینی صلاحیت کے ساتھ مرتب کی ہیں کہ تدوین و تحقیق لغت کے میدان میں انہیں بطور نمونہ پیش کیا جاتا ہے اور اس میدان میں کام کرنے والوں کے لئے راہنما ثابت ہوتی ہیں۔

اب میں آپ کے تحقیق متن کے سلسلے میں آپ کی چند ایک خوبیوں کا اعتراف کرتے ہوئے ان پر روشنی ڈالنا چاہوں گی، مثال کے طور پر:

ان کی نظر میں افراد کے وہ افکار و خیالات جو تحریری شکل میں ہوتے ہیں ان

Marfat.com

کے بارے مین وہ معلوم کر لیتے ہیں کہ ان میں کیا سقم ہے۔ وہ یہ اندازہ لگا لیتے ہیں کہ وہ اسی مصنف کے افکار و خیالات ہیں۔ وہ اپنی گفتگو کا آغاز نہایت دیانت داری سے کرتے ہیں۔ وہ سچ بات کے کہنے میں کسی طرح عار محسوس نہیں کرتے ہیں۔ ان کی نظر میں ایک محقق کو دیانت دار اور سچا اور کھرا ہونا چاہئے تب ہی وہ دوسروں کی تخلیق کو کسوٹی پر پرکھ سکتا ہے۔ وہ ادبی امور کی تحقیق کرنے میں صرف نفس مضمون اور افکار و خیالات کی ہی تصدیق نہیں کرتے بلکہ اس کی اصل زبان بھی متعین کرتے ہیں، یعنی وہ مصنف جس کے بارے میں وہ تحقیق کرتے ہیں تو وہ یہ پتہ لگا لیتے ہیں کہ مصنف نے اپنے اظہار خیال کے لئے جو زبان استعمال کی ہے وہ وہی ہے جو اس کے زمانے میں رائج ہے یا اس میں ترمیم کر دی گئی ہے۔ یہ ان کی دقیق نظر اور وسیع معلومات کی وجہ سے ہی ممکن ہوتا ہے۔

عربی رسم خط سے وہ خاصی واقفیت رکھتے ہیں۔ جیسا کہ معلوم ہے کہ اس رسم خط میں نقطے دار حروف کی تعداد زیادہ ہے اور ان نقطوں کی مدد سے حرفوں کی مزید شکلیں معین ہوئی ہیں مثلاً ب، پ، ت، ث، وغیرہ اور ایک سے زیادہ نقطے ہونے اور نقطے دار حروف کے پے در پے آنے سے تحقیق کا مسئلہ بہت پیچیدہ ہو جاتا ہے، اور نقطوں کو ملا کر لکھنے سے لفظوں کا تقدم و متاخر مشکل اور پھر لفظوں کا تعین عام طور پر دشوار ہو جاتا ہے، اور پھر اگر حرف الگ الگ ہوں تو نقطوں سے اتنی دشواری نہیں ہوتی، لیکن جب پورے حروف کی نشان دہی صرف شوشے اور ان پر لگائے گئے نقطے کرتے ہوں اور

Marfat.com

نقطوں کا با قاعدہ اہتمام بھی نہیں ہوتا ہو تو پھر نقطوں کے تعین میں مزید قباحتیں پیدا ہو جاتی ہیں لیکن پروفیسر نذیر احمد کو چونکہ عربی رسم خط سے خاصی واقفیت اور مطالعہ عمیق ہے اس لئے وہ ان تمام مراحل کو نہایت آسانی سے حل کر لیتے ہیں اور متن کی تصحیح میں ان کو اس طرح کی کسی دشواری کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ وہ دشوار سے دشوار اور مشکل سے مشکل متن کو نہایت آسانی اور روانی کے ساتھ پڑھ لیتے ہیں۔

حرفوں کے اختصار یعنی شوشوں اور تشدید کے لفظ میں جگہ نہ پانے کی بنا پر لفظوں کی ہجاؤں کا تعین عام طور پر مشکل ہوتا ہے اور اس سے متن میں بڑی دشواری ہو جاتی ہے مثلاً منّت ومنَت بالکل ایک سے لکھے جاتے ہیں لیکن پڑھنے اور معنی کے لحاظ سے دونوں میں کافی فرق ہے، مگر پروفیسر صاحب کو اس طرح کی کسی دشواری کا سامنا نہیں ہوتا۔

فارسی کی علامت اضافت اگر ہمیشہ لکھی جاتی یا املا میں شامل ہوتی تو متن کا تعین قدرے آسان ہو جاتا۔ چونکہ الفاظ کا باہمی رشتہ اضافتوں سے بھی قائم ہوتا ہے اور اس کی علامتیں حرکات کی طرح اکثر نظر انداز ہو جاتی ہیں تو اس رشتہ کے قائم کرنے میں دشواری اور کبھی کبھی غلطی ہو جاتی ہے اور یہی غلطی بڑے نتائج پیدا کرتی ہے لیکن جہاں تک ڈاکٹر صاحب کا تعلق ہے ان کو ان رشتوں کے قائم کرنے میں کبھی کسی دشواری یا غلطی کا سامنا نہیں ہوتا اور وہ ہمیشہ صحیح نتائج ہی اخذ کرتے ہیں۔

الحاق کے شکل میں دوسروں کا کلام شامل ہو جاتا ہے، اور مصنف کی زبان میں طرح طرح کی ترمیمیں دانستہ یا نادانستہ طور پر عمل میں آتی ہیں لیکن آپ اس

Marfat.com

الحاق کو اس کی زبان، اس کی روشنائی، اس کتاب کے کاغذ، اس کے لکھنے کے انداز وغیرہ سے پہچان لیتے ہیں اور متن کی اصل شکل متعین کرتے ہیں، اس کی مثال ان کی متعدد کتابوں کا تعین ہیں جو دوسری کتابوں کے ساتھ پیوست تھیں یا دوسری کتابوں کے درمیان اوراق ملے ہوئے تھے یا اشعار دوسرے شعرا کے کلام میں شامل تھے۔ مثلاً "لسان الشعراء" اور زفان گویا کا تعین، دیوان حافظ کی تصحیح اور الحاق کلام کی پہچان، اس کی بہترین مثالیں ہیں۔ الحاق کی شناخت اور اس کی نشاندہی ایک علم ہوتا ہے اور اس علم کا نام علم تخریج ہے۔ ڈاکٹر صاحب کو اس علم پر بڑی مہارت ہے۔ پروفیسر عابدی صاحب جو خود ایک دانشمند اور عالم ہیں، ان کا کہنا ہے کہ جب کبھی ان کو اپنے کام کے دوران اس سلسلے کی مشکل سے دوچار ہونا پڑا تو انہوں نے ڈاکٹر صاحب سے رجوع کیا جس کو انہوں نے نہایت آسانی سے حل کر کے اس کا صحیح تعین کر دیا۔ آپ طرز املا و تاریخ خط سے واقفیت رکھتے ہیں۔ اس کے بغیر متن کی تصحیح و تحقیق میں نسخوں کی قدامت کا تعین ناممکن ہے۔ یہ نہایت اہم مسئلہ ہے اور جب تک طرز املا ور طرز خط سے واقفیت نہ ہو اس مسئلہ کو حل نہیں کیا جا سکتا۔ ایسے مخطوطے جن پر تاریخ کتابت درج ہو اور وہ ہر طرح کے سقم و شکوک وشبہات سے پاک ہوں بہت کم ہوتے ہیں۔ بغیر تاریخ یا مشکوک نسخوں کے بارے میں کوئی رائے اس وقت تک قائم نہیں کی جا سکتی جب تک مختلف دور میں املا اور خط کا جو طرز رائج تھا اس سے واقفیت نہ ہو۔ آپ اس میدان کے ماہر ہیں اور اسی شناسائی کی بنا پر آپ یہ اندازہ لگا لیتے ہیں کہ یہ نسخہ کس دور کا ہے۔ ایک ڈاکٹر مریضوں کو تو اپنے علاج کے ذریعے درست کر سکتا ہے لیکن وہ ان کو زندہ

Marfat.com

نہیں کرسکتا۔ اور اگر بہت زیادہ خراب حالت کے مریضوں کا علاج کرتا ہے تو ان میں زیادہ تر صحیح نہیں ہوتے اور اگر ہو بھی جاتے ہیں تو ان کی تعداد نہایت درجہ کم ہوتی ہے۔ لیکن یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ آپ نے تقریباً ۵۰۰ اشخاص کو، کتابوں کو، تحریروں کو اپنے علم سے زندہ کیا ہے جس کی مثال فارسی میں مشکل سے ہی ملتی ہے۔ قزوینی کے بعد اس میدان کی مہارت میں آپ کا ہی نام سرفہرست ہے۔ فارسی کا کیا ذکر عربی اور اردو میں بھی ان جیسی مثال کا ملنا مشکل ہے۔ شاید دو تین اشخاص اس طرح کے مل جائیں جنہوں نے اپنی تحریر کے ذریعہ اشخاص کو زندہ کیا ہوگا۔

آپ کو فن عروض پر ملکہ حاصل ہے کیونکہ جو شخص فن عروض پر خاطر خواہ دستگاہ نہیں رکھتا وہ قدیم متون کی حسب دلخواہ تصحیح نہیں کرسکتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کو موزونیت کا احساس اور علم قوافی و اوزان و بحور کی شناسائی ہے، جس سے وہ متن کی تصحیح میں قدم قدم پر سہارا لے کر اس کا صحیح تعین کر لیتے ہیں۔ ان کا مطالعہ وسیع ہے اس لئے وہ ہر دور کی مخصوص خصوصیات سے واقفیت رکھتے ہیں اور یہی واقفیت نامانوس و ناآشنا الفاظ کی صحیح ادائیگی کا سبب بن جاتی ہے۔ جن میں دیوان حافظ، دیوان سراجی، دیوان مہندس، اور دیوان عمید لو یکی اس کی بہترین مثالیں ہیں جن کی تصحیح کر کے ڈاکٹر صاحب نے فارسی دنیا پر ایک بڑا احسان کیا ہے۔

ڈاکٹر صاحب ہر دور کی زبان کی خصوصیات سے واقف ہیں اس طرح مصنف کے دور کا تعین آسانی سے کر لیتے ہیں۔ ہر دور کی زبان دوسرے دور کی زبان سے کافی حد تک مختلف ہوتی ہے، وہ نامانوس اور ناآشنا لفظوں کا صحیح تعین کر لیتے ہیں۔

Marfat.com

آپ کو کاغذ و سیاہی کا علم ہے جن سے ان کو ان کی تحقیق میں مدد ملتی ہے۔ کاغذ و سیاہی کے مختلف اقسام کی واقفیت کی بنا پر نسخے کی قدامت و اہمیت کا تعین کر لیتے ہیں۔ آپ خطّاطوں کے تذکروں سے استفادہ کرتے ہیں، چونکہ اہم قلمی کتابوں کے لکھنے والے اکثر مشہور خطّاط ہوتے ہیں اور ان سے واقفیت نسخے کی اہمیت کے تعین کی ضامن ہوتی ہے اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ معمولی کاتب کا لکھا ہوا نسخہ مشہور کاتب کی طرف منسوب کر دیا جاتا ہے، چونکہ آپ مشہور خطاطوں کے دور اور ان کے طرز سے آشنائی رکھتے ہیں اس لئے جعل کا پردہ اپنی اس خوبی کی بنیاد پر آسانی سے چاک کر دیتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کو جب کسی متن کی تحقیق کرنا مقصود ہوتا ہے تو وہ قدیم و معتبر نسخوں کی تلاش کرتے ہیں، ان کی قدامت کو معلوم کرنے اور ان پر اعتبار کرنے کے لئے ان نسخوں کو مندرجہ بالا ذکر کی گئی کسوٹی پر پرکھتے ہیں، مثلاً اس طرح کے نسخے جو مصنف کے خود کے یا اس کے شاگرد کے نسخوں کی نقل ہوں۔ یا اچھے خطاط کے نسخے یا ایسے نسخے جن پر شاہی یا غیر شاہی کتابخانوں کی مہریں ہوں، یا ایسے نسخے جو مشاہیر کے مطالعہ میں رہ چکے ہوں۔ کیونکہ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بعد کے نسخوں میں قدیم نسخے کا ترقیمہ درج ہو جاتا ہے، کبھی پرانے کاغذ پر جدید قلم سے کتابت کر لی جاتی ہے، کبھی عمداً غلط تاریخ درج ہو جاتی ہے، کبھی کتابت کی تاریخ تحریر تاریخ کتاب سمجھ لی جاتی ہے، لیکن آپ ان تمام امور کی چھان بین اچھی طرح کر لیتے ہیں اور ان ہی تمام امور پر اپنی تحقیق کی بنیاد رکھتے ہیں۔

Marfat.com

متن کے اندر سارے حوالہ جات کی تصدیق یعنی آیات قرآنی، احادیث نبوی، اقوال صوفیہ، کلام مشائخ وعلما اور شعرا کے اشعار کا باقاعدہ تعین اصل کتاب کے تنقیدی ایڈیشن سے مقابلے کے بعد کرتے ہیں۔ اور اس سے اصل مؤلف کا پتا بھی لگا لیتے ہیں۔ اختلافات نسخ میں عموماً وہی اختلافات درج کرتے ہیں جو معنی دار ہوتے ہیں، مہمل اور بے معنی الفاظ کو نہ خود داخل کرتے ہیں اور اپنے شاگردوں، دوستوں، اور احبابوں کو بھی اس سے احتراز کرنے کی تلقین کرتے ہیں، کیونکہ ان کے خیال میں ایسے بی معنی الفاظ کو داخل کرنا سعی لاحاصل ہے۔ وہ صرف کتابوں کے نسخوں پر اکتفا نہیں کرتے ہیں، بلکہ اس کے دوسرے مآخذ کی جستجو میں بھی سرگرداں رہتے ہیں۔ اور جس کتاب، تذکرے، کیٹلاگ یا جہاں کہیں بھی اس کا ذکر ملتا ہے اس سے نسخے کا مقابلہ کر کے یہ اندازہ لگا لیتے ہیں کہ یہ نسخہ کتنا قدیم ہے، اس طرح اکثر اصل نسخہ کے دیگر تمام معلوم نسخوں اور مآخذوں سے مقابلے کے بعد سب سے قدیم نسخے کو اپنی بنیاد بنا کر دوسرے نسخوں کے اختلافات کو حواشی میں درج کرتے ہیں۔

اس طرح مکمل تصحیح کے بعد کتاب پر ایک مقدمہ کا اضافہ کرتے ہیں، اس میں مصنف کتاب کے بارے میں ضروری اطلاعات مثلاً وہ کس دور اور کس خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔ اور اس کی حالات زندگی کو اختصار کے ساتھ بیان کر کے نسخوں کی کیفیات کی تفصیل درج کرتے ہیں کہ کتاب کے کتنے نسخے ہیں اور کن کن نسخوں سے تصحیح متن میں مدد لی گئی ہے اور کون سا نسخہ سب سے قدیم ہے، کس کس کتابخانوں میں موجود ہے، ان تمام امور کا تفصیل سے ذکر کرتے ہیں، ساتھ ہی ساتھ وہ تمام نسخے یا

Marfat.com

کتابیں جن کا بار بار ذکر ہوا ہے۔ان کے لئے علامت اختصار کا بھی تعین کر لیتے ہیں۔

اس طرح نہایت وثوق سے یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ نذیر صاحب ایک اعلیٰ پایہ کے محقق ہیں اور تحقیق متن کے سارے مسائل ان کی نظر میں ہیں اور وہ تحقیق متن کی دشوار گذار راہوں کو آسانی کے ساتھ طے کر لیتے ہیں اور تحقیق کی منزلوں میں درجہ بدرجہ کامیابی حاصل کر لیتے ہیں۔ وہ تصحیح و تحقیق متن کے تمام خصائص کی کسوٹی پر پورے اترتے ہیں، یہی سبب ہے کہ ان کا نام ایک اعلیٰ درجہ کے محقق کی حیثیت سے ہندوستان، پاکستان، بنگلہ دیش، ایران، افغانستان، تاجیکستان، ازبکستان، انگلستان، اور امریکہ میں جانا مانا جاتا ہے۔آج ان جیسے محقق کی مثال ملنا ناممکن تو نہیں لیکن بہت مشکل ہے۔ان کی علمی حیثیت، ان کی تحقیقی اور ان کی دانشمندی کا اندازہ لگانے کے لئے محض یہ مختصر سا واقعہ ہی کافی ہوگا:

آپ کو علمی کاموں سے نہایت کم عمری سے ہی شوق پیدا ہو گیا تھا اور ہر وقت علم کی تلاش میں ہی سرگرداں رہتے تھے۔ ۱۹۵۷ء میں جب آپ لکھنؤ سے علی گڑھ ''علی گڑھ تاریخ ادب اردو'' کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر کی حیثیت سے تشریف لائے لیکن فارسی سے وفاداری نے بھی جوش مارا تو یہاں بھی وہ کسی نایاب چیز کی تلاش میں لگ گئے۔کسی طرح سے یہ معلوم ہوا کہ اس وقت حبیب گنج کلکشن واقع حبیب گنج میں مکاتیب سنائی کا کوئی قلمی نسخہ موجود ہے۔کسی طرح سے اس کو وہاں سے نقل کیا، کچھ اس کے خطوط اس کے دیوان میں موجود تھے اور دو تین خط دوسری جگہوں پر شائع ہوئے تھے۔ان سب کی مدد سے اس کا ایک نہایت انمول نسخہ ایڈٹ کر کے تیار کر لیا۔اس وقت

Marfat.com

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے فیکلٹی آف آرٹس کے ڈین پروفیسر عبدالعلیم صاحب تھے، آپ کے ان سے اکثر علمی مذاکرات ہوا کرتے تھے۔ انہوں نے باتوں باتوں میں آپ سے ذکر کیا کہ اپنے یہاں یونیورسٹی میں شاہ ایران (محمد رضا شاہ پہلوی) کا ایک فنڈ ہے (جس میں اس زمانے کے پانچ ہزار روپیہ سالانہ ہوا کرتے تھے اور جو فارسی کتاب کی اشاعت کے لئے وقف تھے) اور اس میں پچھلے چار پانچ سالوں سے چونکہ کوئی کتاب شائع نہیں ہوئی ہے اس لئے اگر تمہارے پاس کوئی کتاب ہو جس کو شائع کیا جاسکے تو لاؤ اس کو شائع کریں گے۔ ایڈٹ کیا ہوا آپ نے مکاتیب سنائی کا وہ نسخہ جو مسودہ کی شکل میں تیار تھا علیم صاحب کو اس کے بارے میں نہایت تفصیل سے بتایا۔ علیم صاحب یہ سن کر خوش ہوئے اور اس کو منگا کر دیکھا اور پھر ایک میٹنگ اس سلسلے میں منعقد کی، جس میں اس وقت کے وائس چانسلر زیدی صاحب اور شعبۂ فارسی کے رئیس جناب ہادی حسن صاحب بھی شریک ہوئے۔ انہوں نے اس مسودہ کو دیکھا اور سب کی تجویز ہوئی کہ چونکہ یہ کتاب فارسی زبان میں لکھی گئی ہے اس لئے اس کو کسی ماہر زبان کے پاس نظر ثانی کے لئے بھیج دیا جائے جو اس کو جانچے کہ آیا یہ کام اس قابل ہے جس کو شائع کیا جاسکے۔ آپ نے یہ بات نہایت تحمل سے سنی، اس کے بعد جواب دیا کہ جناب میں یہ بات جانتا ہوں کہ یہ نسخہ فارسی میں لکھا گیا ہے اور یہ بات بھی اچھی طرح جانتا اور سمجھتا ہوں کہ آج کے دور میں ہندوستان میں اس سے بہتر فارسی کوئی دوسرا نہیں جانتا ہے۔ جو میرا حال ہے دوسرے کا اس سے بدتر حال ہے، اس لئے میں ہندوستان میں تو کسی کی اس کتاب پر رائے لینے کی اجازت نہیں دونگا، ہاں اگر ایسا ہی ہے اور آپ واقعی چاہتے ہیں کہ کوئی دوسرا بھی اس پر رائے زنی کرے تو اس کام کے

Marfat.com

لئے آپ اسے ایران کے کسی عالم دانشور کے پاس بھیج کر اس کی رائے سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ اگر چہ اس وقت ڈاک کا نظام آج کی طرح منظم نہیں تھا پھر بھی یونیورسٹی نے کسی طرح سفارت خانے کے ذریعہ اس مسودہ کو ایران بھجوایا، کہاں اور کس کے پاس یہ بات ڈاکٹر صاحب کو معلوم نہ تھی لیکن آٹھ نو ماہ بعد سفارت ایران نے ایک خط بھجوایا جو اصلاً زیدی صاحب وائس چانسلر کے نام تھا اور ڈاکٹر صاحب کے پاس اس کی ایک کاپی آئی تھی۔ وہ خط اسی مکاتیب سنائی کی اشاعت کے بارے میں تھا جس کو دکتر علی اصغر حکمت، اس وقت کے ایک اہم دانشمند و معروف عالم اور وزیر تعلیم کی طرف سے تھا، اس خط میں اس نسخہ کی غیر معمولی تعریف کی گئی تھے۔ اور یہ بھی لکھا تھا کہ اگر آپ کسی وجہ سے اس کتاب کو شائع نہ کر سکیں تو اس کو ہم ایران میں فوری چھاپنے کے لئے تیار ہیں۔ جب زیدی صاحب نے یہ خط دیکھا اور اس کا مضمون سنا تو غیر معمولی خوشی کا اظہار کیا اور بہت متاثر ہوئے اور اس کتاب کو فوراً اشاعت کے لئے دے دیا گیا۔ یہ تمام واقعہ ۱۹۵۹ء-۱۹۶۰ء ہے۔ ۱۹۶۲ میں یہ کتاب شائع ہو کر منظر عام پر آ گئی۔ اس کتاب اور اس نسخہ کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ کابل میں ایک سمینار ۱۹۷۷ میں سنائی پر کیا گیا اور پھر علی گڑھ سے شائع ہوئی کتاب کو بغیر کسی ردّ و بدل یا تجدید نظر کے عیناً شائع کیا گیا۔ تیسری بار یہ کتاب بالکل اپنی اس شکل میں بغیر کسی تبدیلی کے ۱۳۶۲ شمسی میں ایران میں چاپخانہ صنوبر تہران سے شائع کی گئی۔ ہاں اس میں صرف یہ لکھا گیا کہ یہ کتاب اس وقت یعنی ۱۳۶۲ میں پہلی بار شائع ہوئی، جبکہ یہ بات بالکل غلط ہے کیونکہ اس سے پہلے دو بار شائع ہو چکی تھی۔ اس غلطی کا ارتکاب کیوں ہوا اس کی وجہ معلوم نہ ہو سکی۔ اس تیسرے ایڈیشن پر ایک

Marfat.com

ایرانی دانشور فروز مہا بادی کا تبصرہ ''کتاب شناخت'' ص ۱۱۴-۱۱۵ پر ۱۳۶۳ شمسی میں شائع ہوا جو شائع ہوا جو کتابخانۂ طہوری، تہران میں موجود ہے۔ ذیل میں اس کا تبصرہ کا آخری حصہ جو اس نسخہ کی اہمیت کے ذیل میں ہے نقل کیا جاتا ہے:

''نکتہ ای کہ ذکر آن ضروری است، اہتمام عالمانہ ومباشرت مدققانہ استاد نذیر احمد است کہ نکتہ بہ نکتہ، مو بمو، موارد ابہام را باز می شکافد و نکات ادبی را یاد می کند و اشخاص کسان را می شناساند و در تعلیقات بس عالمانۂ خود بسیاری از مشابہات و نظایر مضامین کار بردۂ سنائی را در آثار دیگران معرفی می کند۔ مکاتیب سنایی از جہت محتوی و نیز از جہت تصحیح و تحشیہ از کارہای عالمانہ برجستۂ روزگار ما است''۔

وہ اپنی تحقیق کے ذریعہ ان طالب علموں کو جو تحقیق اور علم کی دنیا میں اپنا نام روشن کرنا چاہتے ہیں، یہ پیغام دیتے ہیں کہ وہ جو کام بھی کریں اس میں صداقت کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور اپنا کام نہایت ایمان داری سے انجام دیں اور کسی کتاب کی ایڈیٹنگ کے وقت لازمی طور پر مرزا محمد قزوینی کی تصحیح شدہ کتابوں کو اپنے سامنے رکھیں، جن میں تاریخ جہاں گشای جوینی اور چہار مقالہ خاص طور سے قابل ذکر ہیں، یہی صحیح تحقیق کا تقاضا ہے۔

از خداوند بزرگ طول عمر با عزت ہمراہ با تائید و توفیق مسئلت دارم۔

گرچہ دوریم بہ یادتو قدح می نوشیم　　　　بُعد منزل نبود در سفر روحانی

—X—

Marfat.com

ڈاکٹر علیم اشرف خاں*

# پروفیسر نذیر احمد فارسی قصیدہ نگاری کے آئینے میں

پروفیسر نذیر احمد صاحب جیسے مایۂ ناز اور عظیم محقق، مشہور و معروفِ روزگار دانشور، شفیق و مہربان استاد اور فارسی ادب کے رہنما و رہبر پر کچھ لکھنا سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے وہ اردو اور فارسی دنیا کے ان نامور محققین کی فہرست کا گل سرسبد ہیں جن میں پروفیسر محمود شیرانی، پروفیسر مسعود حسین رضوی، پروفیسر قاضی عبدالودود، پروفیسر ڈار اور مولانا امتیاز علی عرشی نیز ایرانی محققین میں علامہ میرزا عبد الوہاب قزوینی، پروفیسر پرویز ناتل خانلری اور پروفیسر رضا جلال نائنی معروف و مشہور ہیں۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب کے تبحر علمی، غیر معمولی انکسار و تواضع، طلباء و اساتذہ کی تشویق اور رہنمائی کے کچھ ایسے پہلو ہیں جن پر ''کارنامۂ نذیر'' میں ایرج افشار، محمد باقر کریمیان، ڈاکٹر رضا مصطفوی سبزواری، پروفیسر سید امیر حسن عابدی، پروفیسر محمد حسن، پروفیسر عطا کاکوی، پروفیسر نورالحسن انصاری،، پروفیسر مختار الدین احمد، پروفیسر شعیب اعظمی، پروفیسر محمد حسن، پروفیسر اسلوب احمد انصاری، ڈاکٹر خلیق انجم، جسٹس خواجہ محمد یوسف اور پروفیسر گیان چند جین جیسے ادباء اور مشاہیر اپنے اپنے میدانوں میں آزمودہ اور باصلاحیت محققین نے اظہار خیال کیا ہے اور بلا مبالغہ ان

---

*سنئیر لکچرر، شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی ۱۱۰۰۰۷

Marfat.com

میں سے ہر شخصیت کو کسی تعارف کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔

میرا تعلق پروفیسر نذیر احمد صاحب سے کبھی کلاس میں پڑھنے والے شاگرد جیسا تو نہیں ہے مگر مجھے یہ کہنے میں فخر ہے کہ اکثر سمیناروں میں پروفیسر نذیر احمد صاحب سے سمینار کے اختتام پر بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملتا رہتا ہے اور میں اسے آج کے جدید عہد میں غیر رسمی کلاس (Informal Class) ہی مانتا ہوں۔ آپ جب بھی کوئی بات کرتے ہیں تو اس میں کہیں نہ کہیں ضرور کوئی تربیت، اصلاح اور نئی معلومات کا انکشاف مضمر ہوتا ہے جو ڈاکٹر صاحب کے وسیع مطالعے اور دقت نظری مزیدان کے ہمہ وقت مصروف تحقیق رہنے کا نچوڑ ہوتا ہے اور مجھ جیسے فارسی ادب کے طالب علم کے لئے یہ کسی بھی طرح کلاس سے کم اہمیت کا حامل نہیں ہوتا۔ اس طرح میں بھی پروفیسر نذیر احمد صاحب کا بالواسطہ شاگرد ہی ہوا۔

میں نے پروفیسر نذیر احمد صاحب کو ''فارسی قصیدہ نگاری'' کتاب کے تناظر میں سمجھنے کی ایک طالب علمانہ کوشش کی ہے، جس کی تفصیل اس طرح ہے:

کتاب کا نام: فارسی قصیدہ نگاری     تصنیف: پروفیسر نذیر احمد

ناشر: ادارۂ علوم اسلامیہ اے۔ ایم۔ یو، علی گڑھ،

(سلسلۂ مطبوعات ادارۂ علوم اسلامیہ: ۳۳)

سنہ اشاعت: ۱۹۹۱ء     مطبع: لیتھوکلر پرنٹرس، اچل تال، علی گڑھ

صفحات: ۸۸     پیش لفظ: ۳ صفحے از پروفیسر کبیر احمد جائسی، ڈائریکٹر ادارہ علوم اسلامیہ، علی گڑھ

Marfat.com

کتاب کے متعلق پیش لفظ میں ڈائریکٹر ادارہ علوم اسلامیہ نے نہایت وضاحت سے کتاب شائع کرنے کی غرض و غایت اور فارسی قصیدوں کی اہمیت بیان کرتے ہوئے تحریر کیا ہے:

''قصیدہ فارسی شاعری کی ایک انتہائی اہم صنف ہے۔ قدما اس صنف سخن میں اپنے زور طبع ہی کا نہیں علم و فضل کا بھی مظاہرہ کیا کرتے تھے۔ جب علم نجوم، ہیئت اور موسیقی کی اصطلاحوں سے لوگ ناآشنا ہونے لگے اور مذکورہ علوم کی اصطلاحیں ان کے لئے چیستاں بننے لگیں تو اس صنف سخن کو مطعون کیا جانے لگا اور قصیدے کے یہ معنی قرار دئے جانے لگے کہ یہ ایسی صنف سخن ہے جس میں شاعر یا تو دروغ گوئی کا مرتکب ہوتا ہے یا پھر بھٹی کا۔ استاد محترم پروفیسر نذیر احمد صاحب نے اس طلسم کو توڑتے ہوئے وافر مثالوں کے ذریعے یہ بات ثابت کی ہے کہ قصیدہ ہی وہ واحد صنف سخن ہے جو تاریخی مآخذ کی بھی کام آتی ہے اور جس کے مطالعے کے ذریعے شاعر کے زمانے کے تہذیبی سرمایے سے بھی واقف ہوا جاسکتا ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ یہی وہ صنف سخن بھی ہے جس میں اسلامی علوم و معارف کے بہت سے ایسے نکات بھی محفوظ ہیں جن کے ذریعے سے ان کے ارتقاء اور مسلمانوں پر ان کے اثرات سے بھی نہ صرف واقف ہوا جاسکتا ہے بلکہ ان کی ایک جامع تاریخ بھی مرتب کی جاسکتی ہے''۔

Marfat.com

پروفیسر نذیر احمد صاحب نے نہایت عالمانہ، محققانہ اور عنوان سے انصاف کرنے کا جواز تلاش کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے:

''ہندوستانی نقادوں اور محققوں نے فارسی قصیدہ گوئی کے مطالعے کا حق ادا نہیں کیا بلکہ اکثر اس صنف کے بارے میں غلط فہمی پھیلانے کے ذمہ دار ہوئے ہیں۔ میری اپنی نظر میں فارسی قصیدہ گوئی فارسی شاعری کا طرّہ امتیاز ہے''۔ (ص:۷)

ظاہر ہے پروفیسر صاحب کا یہ بیان کہ فارسی قصیدہ گوئی فارسی شاعری کا طرّہ امتیاز ہے۔ ایک ایسا بیان ہے جس کی تصدیق انہوں نے فارسی قصائد کے حوالوں سے کی ہے اور جس میں یہ ثابت کیا ہے کہ واقعی قصیدہ فارسی شاعری کا طرّہ امتیاز ہے اپنے اس بیان کو مزید تقویت دیتے ہوئے آپ نے تحریر کیا ہے:

''اس صنف شاعری میں قصیدہ نگاروں نے نئے نئے موضوعات شامل کئے ہیں کہنے کو تو یہ مدحیہ شاعری ہے اور شاعر کی ساری صلاحیت ممدوح کی شخصیت کی برتری ثابت کرنے پر مرکوز ہوتی ہے مگر ایسا نہیں، ممدوح تو محض ایک بہانہ ہے۔ شاعر کا مقصد تو اپنے شاعرانہ خیالات کا اظہار ہوتا ہے اور اس کے لئے قصیدے کا ابتدائیہ جس کو تشبیب کہتے ہیں، نہایت مناسب جگہ ہے۔ اس میں پچاسوں موضوعات پر طبع آزمائی ہوتی ہے کبھی عاشقانہ رنگ کے اشعار لکھے جاتے ہیں جو غزل کی بنیاد ہوتے ہیں۔ کبھی بہار کے تعلق سے رنگ

Marfat.com

ہر رنگ کے چھوٹے بڑے موضوع پر اظہار خیال ہوتا ہے فخر یہ تو شاعر کا دلپسند موضوع ہے اس میں شاعر طرح طرح سے اپنی خودداری اور خودستائی کے راگ الاپتا ہے۔ غرض اخلاقی، مذہبی، عارفانہ، تاریخی، قومی اور سیاسی وغیرہ موضوعات پر شاعر کے بے لاگ اظہار خیال کے لئے قصیدے سے بہتر کوئی صنف نہیں اور حق بات یہ ہے کہ فارسی قصیدے موضوعات و مضامین کے تنوع کے اعتبار سے اپنا جواب نہیں رکھتے۔ اس لئے مجھے ان حضرات سے بنیادی اختلاف ہے جو قصیدہ گوئی کو محض بھٹئی سمجھتے ہیں اور اس لحاظ سے وہ فارسی قصیدہ گوشعرا ء کی عظمت کے قائل نہیں۔ شبلی نعمانی جیسے نقاد نے بھی فارسی قصیدہ سرائی کے موضوع کے ساتھ انصاف نہیں کیا''۔ (ص: ۷و۸)

پروفیسر نذیر احمد صاحب ان محققین میں ہیں جو حقائق کا نہایت ایمانداری سے اعتراف کرتے ہیں اور یہ امر عہد جدید میں خواب ہوتا جارہا ہے۔ اس کی مثال کتاب کے ایک ذیلی حاشیے (Footnote) سے ملتی ہے جو منصفانہ تحقیق اور ایماندار محقق کی دلیل ہے وہ لکھتے ہیں:

''تاریخ سیستان میں رودکی کا ایک تاریخی قصیدہ نقل ہے اس میں ۹۴ بیت ہیں۔ امیر ابوجعفر احمد (۳۱۱-۳۵۲ہجری) سیستان کا امیر تھا''۔۔۔(ص:۸)

اس میں امیر ابوجعفر احمد کے لئے ذیلی حاشیہ یوں ملتا ہے:

Marfat.com

''اس کے حالات کے لئے دیکھئے راقم کا مضمون: امیر خلف بن احمد، نذر مختار، ص ۱۶۴ تا ۲۱۷، نیز یادداشتہای قزوینی جلد ۲، ص ۱۵۱-۱۵۴؛ اس مآخذ تک راقم کی رسائی بعد میں ہوئی اور مقالہ بالا میں اس سے استفادہ نہ ہو سکا''۔ (ص: ۸ ذیلی حاشیہ: ۲)

یہ بھی ممکن تھا کہ پروفیسر صاحب نے جب یادداشتہای قزوینی کا ذکر کیا ہے تو اس میں نوٹ نہ لکھتے کہ مقالہ بالا میں اس سے استفادہ نہیں ہوا ہے۔ ظاہر ہے یہ بات پروفیسر نذیر صاحب کی منصفانہ اور حقائق پر مبنی تحقیق کا جزو لاینفک ہے جو عام طور پر نئی نسل کی تحقیق میں معدوم ہو رہی ہے۔ اسی قصیدے کے ضمن میں انہوں نے یہ بھی ثابت کر دیا ہے کہ شاعر اپنے اشعار سے وہی کام انجام دیتا ہے جو کوئی نقاش اپنے رنگ اور برش سے کسی کینوس پر کرتا ہے۔ اس قصیدے میں ۹۲ اشعار نقل کرنے کے بعد تاریخ سیستان کا مؤلف لکھتا ہے:

''ہم نے یہ اشعار اس لئے درج کئے ہیں کہ جو انہیں پڑھے گا اس نے گویا امیر ابو جعفر کو دیکھا ہو گا وہ بالکل ایسا ہی تھا جیسا کہ (رودکی) نے بیان کیا ہے۔ یہ اشعار رودکی نے امیر خراسان کے مجلس میں پڑھے اور کوئی شخص کسی ایک بیت کا یا کسی ایک مضمون کا جو اس میں ہے انکار نہیں کر سکا بلکہ سب نے متفق اللفظ ہو کر کہا کہ اس کی (ابو جعفر کی) مدح میں جتنا بھی لکھا جائے، لکھنے والا اپنے (فرض سے) عہدہ برآ نہیں ہو سکتا''۔ (ص: ۱۰)

Marfat.com

رودکی کا دوسرا کمال اس کا معروف قصیدہ ہے جس کو رودکی نے اہل دربار اور اہل لشکر کی فرمائش پر لکھا اور محفل میں پردۂ عشاق میں پڑھکر امیر نصر بن احمد کو بغیر موزے کے گھوڑے پر سوار کرا کے بخارا پہنچنے پر مجبور کر دیا تھا۔ مشہور قصیدہ ہے:

بوی جوی مولیان آید ہمی　　یاد یار مہربان آید ہمی

ریگ آموو درشتی راہ او　　زیر پایم پرنیان آید ہمی

آب جیحون از نشاط روی دوست　　خنگ مارا تا میان آید ہمی

ای بخارا شاد باش و دیر زی　　میر زی تو شادمان آید ہمی

میر ماہست و بخارا آسمان　　ماہ سوی آسمان آید ہمی

میر سرواست و بخارا بوستان　　سرو سوی بوستان آید ہمی

اسی ضمن میں پروفیسر نذیر صاحب نے صاحب طبقات ناصری کے اشتباہ کی طرف بھی توجہ دلائی ہے اور Footnote میں درج کیا ہے کہ منہاج سراج نے طبقات ناصری (طبع کابل) جلد ا، ص ۲۶۱ میں خود رودکی کے بجائے امیر معزی کی طرف اس قصیدے کو منسوب کیا ہے اور یہ واقعہ سنجر سے متعلق بتایا ہے۔ (:۱۰ او ۱۱) ظاہر ہے یہ اہم اطلاع ڈاکٹر صاحب کی دقت نظر اور وسیع و عمیق مطالعے کی غماز ہے۔ سلطان محمود غزنوی کے درباری شعراء اور اس دور کے قصائد پر تبصرہ کرتے ہوئے آپ نے لکھا ہے:

''سلطان محمود کے درباری شعرا میں عنصری اور فرخی مشہور قصیدہ نگار تھے دونوں کے قصائد کے متعلق یہ کہنا از بس ضروری ہے کہ وہ محمود

Marfat.com

غزنوی کے دور کے اہم مآخذ کا کام کرتے ہیں۔قابل ذکر امر یہ ہے کہ تاریخ کے مطالعے میں ادبی ذرائع اکثر نظر انداز ہو جاتے ہیں حالانکہ شعراء کے دواوین اور ادیبوں کی تصانیف تہذیبی زندگی کے مسائل سے مالا مال ہوتے ہیں اور بعض تو سیاسی و تاریخی واقعات کے دستاویز کا کام کرتے ہیں۔غرض ایران کے ہر دور کے ادبی سرمائے تاریخ نویسی کے بڑے کار آمد مصادر ہیں''۔(ص:۱۲)

محمود کے سفر ملتان کے بیان میں قصیدے کے اشعار نقل کرتے ہوئے پروفیسر نذیر صاحب نے ایک مصرع میں آئے ناموں کو قدیم و جدید ناموں سے مشخّص کر کے مدلّل اور مستند کتاب سے حوالے اپنے ذیلی حواشی میں درج کئے ہیں۔

مصرعہ یہ ہے:

بچند راہہ[1] زجیحون[2] واز بیاہ[3] و بہت[4]

۱۔ بچند راہہ (چناب کا قدیم نام)۔

۲۔ بظاہر مراد دریائے سند ہے، جیحون سند کے لئے کئی جگہ آیا ہے، دیکھئے دیوان سراجی، ص:۵۱۵۔

۳۔ بیاس کا پرانا نام ہے، دیکھئے دیوان سراجی، ص:۳۶۔

۴۔ رہت یا رہب درست ہے جو دریائے راوی کا پرانا نام ہے، دیکھئے دیوان سراجی، ص:۱۴''۔

فرو فیسر نذیر احمد صاحب محقق بھی ہیں اور استاد بھی اور انہوں نے اپنے

Marfat.com

طالب علموں کی ضروریات کو بھی مدّ نظر رکھا ہے اس لئے ''فارسی قصیدہ نگاری'' کتاب میں بعض موقعوں پر تفصیلات پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ایک استاد اپنے طالب علموں سے مخاطب ہے اس کی مثال ملاحظہ ہو:

''خلاصۂ کلام یہ کہ فرّخی سیستانی کے قصائد اس دور [محمود غزنوی] کی سیاسی تاریخ کے اہم مآخذ کا کام کرتے ہیں۔ ان قصائد میں شاعر نے واقعہ نگاری کا بھی حق ادا کیا ہے۔ فرّخی کے کلام میں عام قاری کی دلچسپی کا وافر سامان موجود ہے، اس نقطۂ نظر کی وضاحت عروضی سمرقندی کے چہار مقالے کی ایک حکایت سے ہوسکتی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں ''خواجہ عمید اسعد مردی فاضل بود و شاعر دوست، شعر فرّخی راشعری دید تر و عذب، خوش و استادانہ، فرّخی راسگزی دید بی اندام، جبۂ پیش و پس چاک پوشیدہ، دستاری بزرگ سگزی وار در سر'' و پای و کفش بس ناخوش شعری در آسمان ہفتم، ہیچ باور نکرد کہ این شعر آن سگزی را شاید بود]

مگر یہی خواجہ عمید داغگاہ سے متعلق قصیدے اور ''با کاروان حلّہ برفتم ز سیستان'' قصیدے کو سن کر حیران رہ گیا اور اس کے انعام کے لئے ایک ہزار عمدہ نسل والے بچھڑے لائے گئے اور فرّخی سے کہا گیا کہ ان میں جتنے چاہو پکڑ لو اس طرح ۴۲ بچھڑے اس کے حصے میں آئے''۔ (ص ص: ۲۳، ۲۴ و ۲۵)

Marfat.com

منوچہری دامغانی پر پروفیسر نذیر احمد صاحب کی رائے، مستقل محنت، مرتّب مطالعے نیز قصائد منوچہری کو بنظر غایت پڑھنے اور نہایت فکری تجزیے کو چند سطروں میں منتقل کرنے کی اعلیٰ مثال ہے وہ لکھتے ہیں:

''منوچہری دامغانی فارسی کا وہ بے بدل شاعر ہے جس نے مناظر طبیعی کی نقاشی نہایت مؤثر و دلکش انداز میں کی ہے۔ کسی فارسی شاعر کے یہاں مناظر طبیعت کا بیان اتنی تفصیلات کے ساتھ نہیں ہوا ہے سینکڑوں ایسے پھولوں، چڑیوں، نغموں اور دوسری متعلق اشیاء کا نام اور خصوصیت اس کے کلام میں موجود ہے جن میں سے اکثر فارسی میں بجز لغات کے کہیں اور نہ ملیں گے۔ یہی ایک وصف ہے جو اس کو فارسی کے بیشتر شاعروں سے ممتاز کرتا ہے۔ بطور نمونہ مشتی از خروار نقل کیے جاتے ہیں:

نو بہار آمد و آورد گل و یاسمنا
باغ ہمچو تبت و راغ بسان عدنا
کبک ناقوس زن و شارک سنتوزن است
فاختہ نای زن و بط شدہ طنبور زنا

ان اشعار سے اندازہ ہوتا ہے کہ منوچہری نے مناظر قدرت کے اوصاف (کبھی کبھی علامتی طور پر Symbolic انداز میں) نادر و بدیع تشبیہات کے ساتھ بیان کیے ہیں۔ شاعری کا یہ وصف اس کے

Marfat.com

یہاں سب سے زیادہ نمایاں ہے"۔ (ص ص: ۲۵و۲۶و۲۹)

فارسی قصیدہ نگاروں کا ذکر حکیم سنائی غزنوی کے بغیر نامکمل ہے اور پروفیسر نذیر احمد صاحب کا ہر جملہ ان کے عمیق مطالعہ کا بیّن ثبوت ہے۔ مندرجہ ذیل مدلّل بیان مصنف کی نظر عمیق اور وسعت مطالعے کا بہترین نمونہ ہیں:

"اب میں ایک ایسے شاعر کا تعارف کرانا چاہتا ہوں جس کا کلام علم و حکمت، عرفان و تصوف اور مذہب و اخلاق کا زبردست خزانہ ہے، یہ شاعر حکیم سنآئی غزنوی ہے جس کی مثنوی حدیقۃ الحقیقۃ، مثنوی مولانا روم کا مآخذ رہی ہے۔ لیکن خود حکیم سنآئی کے زمانے میں ان کے قصائد بے حد مقبول تھے۔ اس کا ثبوت تفسیر میبدی سے فراہم ہوتا ہے۔ اس تفسیر میں آیات قرآنی کی عرفانی تشریح میں سنآئی کے قصائد سے پچاسوں مقام پر استشہاد ہوا ہے۔ سنائی کے قصائد قرآن کریم کی عارفانہ شرح ہیں۔ سنآئی کے فکر و فن کے اندازے کے لئے دو شعر بطور مثال پیش ہیں:

دلا تا کی درین منزل فریب این و آن بینی
یکی زین چاہ ظلمانی برون شو تا جہان بینی

یا

مسلمانان مسلمانان مسلمانی مسلمانی
ازین آئین بی دینان پشیمانی پشیمانی

Marfat.com

حکیم سنائی کے بیشتر کلام کا انداز عارفانہ وحکیمانہ ہے۔ میرا خیال ہے کہ اگر صرف سنائی کے قصیدے کا ٹھیک طور پر مطالعہ کرلیا جائے تو فارسی قصیدہ نگاری کی بابت جو عام غلط فہمی ہے وہ رفع ہوسکتی ہے''۔

(ص:۳۳و۳۴)

موجودہ دور میں یونیورسٹیوں میں ریسرچ اسکالروں کے لئے تحقیق کے موضوعات عام طور پر ایک پریشان کن مسئلہ ہوگئے ہیں۔ مگر ایک بڑا محقق اور ماہر استاد ہمیشہ اپنی تحریروں میں تحقیقی کام کرانے اور دیگر اساتذہ کی رہنمائی کی گنجائش کو بھی ملحوظ نظر رکھتا ہے۔ پروفیسر نذیر احمد صاحب ایک محقق اور استاد ہونے کے باعث ان مسائل سے بخوبی آشنا ہیں اس لئے وہ اپنے مقالات اور کتابوں میں ضمنی طور پر ایسے اشارے کردیتے ہیں جس پر پی۔ایچ۔ڈی کا کام کرایا جاسکے۔ اسی ضمن میں وہ سنائی کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

''ضرورت اس بات کی ہے کہ سنائی کے قصائد کو تحقیق عمیق کا موضوع بنایا جائے''۔ (ص:۳۴)

مسعود سعد سلمان سنائی کا ہم عصر تھا اور وہ حبسیہ قصائد کا بے تاج بادشاہ کہلانے کا مستحق ہے۔ جس میں زندگی کے آلام ومصائب کا بیان قدم قدم پر قاری کو متأثر کرتا ہے۔ پروفیسر نذیر احمد صاحب نے مسعود سعد سلمان کے قصائد کی خصوصیات نہایت کم الفاظ میں بڑی جامعیت سے بیان کردیئے ہیں۔ پروفیسر موصوف دریا کو کوزے میں سمونے کا فن بخوبی جانتے ہیں اس فن کی بہترین

Marfat.com

مثال ان کے یہ بیانات ہیں:

''سنائی کے معاصرین میں مسعود سعد سلمان ایک ممتاز قصیدہ نگار کی حیثیت سے افقِ سخن پر جلوہ گر ہوتے ہیں۔ ان کے قصائد زندگی کی بصیرتوں سے پُر بار ہیں۔ ہمارے مخصوص نقطۂ نظر سے ان کے قصائد حسب ذیل خصوصیات کے حامل ہیں:

۱۔ ان کے قصیدے فارسی کے اعلیٰ نمونے ہیں ان سے شاعر کی قادر الکلامی کا پورا ثبوت فراہم ہوتا ہے۔

۲۔ ان کے قصیدے تاریخی واقعات سے پُر ہیں اور بعض امور تو ایسے ہیں جن کا واحد مآخذ مسعود سعد سلمان کا کلام ہے۔

۳۔ مسعود سعد سلمان کی بدولت ''حبسیہ'' فارسی قصیدے کا ایک اہم حصہ قرار پایا۔ مسعود مدت دراز تک حبس میں رہا اور قید خانے میں اس نے متعدد نظمیں اپنی بے گناہی کے سلسلے میں لکھیں جو بے اثر ثابت ہوئیں۔ مسعود کے ان قصائد میں جو انتہائی بے چارگی کی حالت میں لکھے گئے تھے، انسانی کردار کی بلندی قائم رکھی''۔ (ص: ۳۴ و ۳۵)

اس کے بعد پروفیسر صاحب نے خاقانی شروانی کو ان ''حبسیات'' کی روایت کو آگے بڑھانے والا ثابت کرتے ہوئے اس کے چند مشہور قصیدوں کے اشعار نقل کیے ہیں۔ مثال کے طور پر یہ اشعار:

صبحدم چون کلہ بند دآہ دود آسای من
چون شفق در خون نشیند چشم شب پیمای من

Marfat.com

مزید قصائد خاقانی کا نہایت عالمانہ تجزیہ کرتے ہوئے پروفیسر صاحب تحریر کرتے ہیں:

''قطع نظر ان قصائد کے جو قصائد خاقانی کی قوت اندیشہ و مہارت خلق معانی و ابتکار مضامین تازہ کے مظہر ہیں اور یہ وہ قصائد ہیں جو سنائی کی پیروی میں حکمت و موعظہ کے مضامین سے پر ہیں۔ اس کے ایک قصیدے سے جو مدائن سے گذرنے کے موقعے پر لکھا گیا اور جو اپنے ملک کی عظمت رفتہ کا دردناک مرثیہ ہے، چند اشعار درج کرنے کی اجازت چاہونگا:

ہان! ای دل عبرت بین از دیدہ نظر کن ہان
ایوان مداین را آیینۂ عبرت دان
یک رہ زلب دجلہ منزل بہ مداین کن
از دیدہ دوم دجلہ بر خاک مداین ران''
(ص:۳۹)

پروفیسر نذیر احمد صاحب نے انوری اور اس کے قصائد پر سیر حاصل بحث کرتے ہوئے اس کے کلام کا احاطہ چند سطور میں عالمانہ انداز میں درج کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

''انوری قصیدہ گوئی کا امام سمجھا جاتا ہے اس نے قصیدہ گوئی کو انواع مضامین سے آراستہ کیا۔ اس کا کلام اصطلاحات علمی، فلسفیانہ

Marfat.com

مضامین اور افکار دقیق سے پُر ہے۔ انوریؔ نے اس صنف میں بہت زیادہ کلام بطور یادگار چھوڑا ہے۔ انوری شاعر ہونے کے باوجود علم و فضل کو شعر و شاعری سے بہتر جانتا ہے، چنانچہ ایک قصیدہ اسی موضوع کے لئے وقف کر دیا۔ انوری پر ہجو بلخ کا الزام تھا اس کو رفع کرنے کے لئے اس نے جو قصیدہ لکھا ہے وہ قصیدہ نگاری کا شاہکار سمجھا جاتا ہے ملاحظہ ہو یہ اشعار:

ای مسلمانان فغان از دور چرخ چنبری
وز نفاق تیر و قصد ماہ و کید مشتری
خیرہ خیرم کرد صاحب تہمت اندر ہجو بلخ
تا ہمی گویند کافر نعمت آمد انوریؔ''

(ص: ۱۴۰ و ۱۴۱)

پروفیسر نذیر صاحب نے امیر معزی کے ضمن میں نہایت اہم اطلاعات رقم کرتے ہوئے لکھا ہے:

''امیر معزیؔ، سنائیؔ اور حسنؔ غزنوی کا معاصر اور سلجوقی عہد کا امیر الشعراء تھا۔ قصیدہ گوئی میں اس نے بڑی شہرت پائی، معزیؔ کے شعر کی مابہ الامتیاز خصوصیت سادگی ہے۔ وہ بڑے سے بڑے خیال کو الفاظ سادہ و خالی از تکلف میں ادا کر دیتا ہے مثال کے طور پر اس کے قصیدے کا یہ شعر:

Marfat.com

اى ساربان منزل مکن جز در دیار یار من
تا یک زمان زاری کنم بر ربع واطلال ودمن

یہ قصیدہ کافی مقبول ہوا کئی شاعروں نے اس کے مقابل میں قصائد لکھے اس میں صفت مسجع یا مزلع کا جیسا خوب صورت استعمال ملتا ہے اس کی مثال شاذ ہے''۔(ص ص:۴۳،۴۴و۴۵)

پروفیسر نذیر احمد صاحب نے جگہ جگہ کتاب میں اہم اطلاعات سپرد قلم کرتے ہوئے اشارے کئے ہیں جو قاری کو مزید تحقیق کی طرف راغب کرتے ہیں مثلاً آپ کی فراہم کردہ یہ دو اطلاعات:

''خلاق المعانی جمال الدین اصفہانی دورۂ حملہ منگول کا آخری اہم قصیدہ سرا ہے اس نے منگولوں کے کشتار کو اپنی آنکھوں سے نہ صرف دیکھا تھا بلکہ انہیں کے ہاتھوں قتل بھی ہوا۔ خلاق المعانی کے قصائد معانی دقیق کے لحاظ سے ضرب المثل ہیں۔ اس کے موضوعات بھی متنوع ہیں۔ اس نے زہد وحکمت، موعظت ونصیحت کے تعلق سے اتنے قصائد لکھے ہیں کہ اس کا مقابلہ حکیم سنائی سے کیا جا سکتا ہے۔ پھر سیاسی وتاریخی اعتبار سے اس کے قصائد اہم مآخذ کے طور پر استعمال ہو سکتے ہیں۔ خصوصاً حملہ منگول کے دورۂ وحشت ناک کے لئے کمال اسمٰعیل کے قصائد کا مطالعہ ناگزیر ہے''۔(ص:۴۵)

پروفیسر صاحب نے فارسی قصیدہ گوئی کے زوال کو نہایت منطقی طریقے پر اس

Marfat.com

کی وجوہات وعلل پر عالمانہ اور استدلالی بحث کرتے ہوئے درج ذیل نکات کو اس کے لئے ذمہ دار قرار دیا ہے وہ لکھتے ہیں:

''ا۔ فارسی قصیدہ گوئی بتدریج مائل بہ زوال ہوئی اس سلسلے میں چند اوامر کارفرما تھے ان میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ غزل گوئی کی وجہ سے اس کی مقبولیت تدریجاً کم ہوتی ہوگئی۔

۲۔ غزل عام طبائع کو مرغوب ہوتی ہے اور اکثر عام فہم بھی اس لئے معاشرے پر غزل کا ایسا رنگ چڑھا کہ قصیدے کا کیا ذکر رباعی کا بھی بول بالا ختم ہوا۔

۳۔ معاشرے میں علمی انحطاط زمانے کے ساتھ بڑھتا گیا واضح ہو کہ قصیدہ گوئی میں کمال حاصل کرنا بڑی علمی وفنی استطاعت چاہتا ہے، اس کے ساتھ زبان کا مزاج بدلا اور پر شکوہ الفاظ وفقرات کا چلن اٹھتا گیا۔ سادگی کا رواج ہوا یہ سادگی غزل کے مزاج سے زیادہ سازگار ہے۔

۴۔ قصیدے میں جو طرز وروش مقبول تھی اس کی بنیاد فنی ریزہ کاری پر تھی۔ پر تکلف طرز کا رواج ختم ہوا۔ ''مصنوع'' طرز میں دلکشی باقی نہ تھی اور بعد میں جو سبک وروش عام ہوئی وہ قصیدے کے مزاج سے آشنا نہ تھی۔

۵۔ زمانے کے ساتھ ایسے قدردان بھی جاتے رہے جو قصیدہ گوئی کے اہم محرکات تھے''۔ (ص:۴۹)

Marfat.com

ظاہر ہے کہ مذکورہ بالا تمام نکات کو حقیقت بیانی ہی کہا جائے گا اور حقیقت حال کا صحیح اور معروضی بیان مستند محقق کے لئے نہایت ضروری ہے۔ ان نکات کو پڑھ کر بے ساختہ یہ کہنے کو جی کرتا ہے کہ پروفیسر صاحب نے چھوٹے جملوں میں بہت سی بڑی باتوں کو مقید کر دیا ہے۔

ادبیات فارسی کا ذکر ہندوستانی فارسی ادب کے ذکر کے بغیر ناقص رہتا ہے پروفیسر صاحب نے فارسی قصیدہ گوئی کے زوال کے اسباب وعلل بیان کرنے کے بعد ہندوستان میں قصیدہ گوئی کے ارتقاء اور فروغ کو نہایت جامع انداز میں مدلل بیان کیا ہے۔ جو ان کے وسیع مطالعے، مستند تحقیق اور عالمانہ واستادانہ زاویہ نظر کی نمائندگی کرتا ہے وہ فرماتے ہیں:

''ہندوستان میں مغلیہ دور میں قصیدہ گوئی نے پھر سنبھالا لیا اور اس میں رشد وترقی کے آثار دکھائی دینے لگے۔ اس دور میں شاعری کے افق پر عرفی جیسا شاعر نمودار ہوا جس کی وجہ سے قصیدہ گوئی میں پھر وہی دلکشی نظر آنے لگی جو دور قدما کی خصوصیت تھی۔ اس شاعر کا مزاج فلسفیانہ تھا اور اس نے اپنی اس صلاحیت کا بھرپور استعمال اپنی شاعری میں کیا۔ اس کے نتیجے میں اس کی شاعری ''خصوصاً'' قصیدہ گوئی میں ایسے عناصر شامل ہوئے جو ذہنوں کو دعوت فکر دینے لگے اس کی شاعری کے خصائص یہ ہیں:

ا۔ شاعری میں فکری عناصر کا شمول۔

Marfat.com

۲۔ شاعری کی بنیاد انسانی اقدار کی برتری پر۔

۳۔ قصیدوں میں مضمون آفرینی، نازک خیالی، افکارنو، تشبیہات بدیع، جدت طرز ادا کے اضافے سے ان کو نئی جہت سے آشنا کرنا۔

عرفی کے چند اشعار جو مضمون آفرینی، نازک خیالی اور جدت طرز ادا کی اچھی مثالیں ہیں:

ای متاع درددر بازار جان انداختہ  گوہر ہر سوددر جیب زیان انداختہ

عرفی خودداری اور عزت نفس کے لحاظ سے اپنے دور کے سارے شاعروں میں ممتاز تھا یہی وجہ ہے کہ کہیں کہیں اس کی انا کبر وغرور کی حد کو چھو لیتی ہے عرفی کی شاعری کا یہ وصف نہایت نمایاں ہے مثلاً:

منم آن سحر بیان کز مدد طبع سلیم  نبرد ناطقہ نام سخنم بی تعظیم

عرفی نے شاعری کو فلسفہ اور حکمت کے مضامین سے پر بار کر دیا تھا۔ یہاں ایک مشہور قصیدے کا ایک شعر بطور مثال پیش ہے:

زخود گردیدہ بربندی چگویم کام جان بینی
ہمان کز اشتیاق دیدنش زادی ہمان بینی

(ص ص: ۴۹، ۵۰، ۵۱ و ۵۳)

پروفیسر صاحب ایک ماہر نبّاض کی حیثیت سے طالب علموں کے مسائل سے بخوبی آشنا ہیں اس وجہ سے انہوں نے اپنے طلبہ کو ذہن میں رکھتے ہوئے فارسی قصیدوں کی کئی سوسالہ تاریخ کا احاطہ کرتے ہوئے اس سے جو نتائج اخذ کئے ہیں وہ

Marfat.com

مورخین کے لئے شاید قصائد کو بالواسطہ تاریخ بنا کر پڑھنے کے لئے مجبور کرنا اور طالب علموں کو امتحانات میں اچھے نتائج دلانے کے دلی جذبات کے آئینہ دار ہیں وہ فرماتے ہیں:

''قصیدہ اہم ترین صنف شاعری ہے اس کی وجہ سے فارسی شاعری کا دامن وسیع ہوا ہے اور بطور نتیجہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ:

(۱)۔اس صنف سخن کی وجہ سے فارسی شاعری کے موضوعات میں کافی اضافہ ہوا ہے۔سیاسی، سماجی، قومی، ملی، اخلاقی، عرفانی اور تاریخی ہر طرح کے مسائل قصیدے میں بیان ہوئے ہیں۔فارسی شاعری اسی صنف کی وجہ نہایت سے وقیع ہوگئی ہے۔

(۲)۔تاریخی واقعات کے بیان کے لئے اس صنف سے بہت کام لیا گیا ہے۔اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بعض قصیدہ نگار شاعروں کا کلام تاریخی دستاویز ہے۔ان میں مبالغہ ضرور ہوتا ہے لیکن ساتھ ہی نہایت کام کی باتیں بھی مل جاتی ہیں اور کبھی تو ایسا ہوتا ہے کہ ان قصیدوں میں ایسے واقعات درج ہو جاتے ہیں جن کا تاریخ احاطہ نہیں کر پاتی۔فرّخی سیستانی اور عنصری کے قصائد محمود غزنوی کے دور کے واقعات کے نہایت اہم مآخذ ہیں۔

(۳)۔خصوصاً دور مشروطہ کے شعرا نے پر شکوہ قصیدوں کے ذریعے عوام کے حقوق کی نشاندہی کی اور لوگوں کو انقلاب کے لئے ابھارا۔

Marfat.com

ملک الشعراء بہارؔ کے قصائد ملکی و ملی مسائل کے مآخذ کا کام کرتے ہیں۔

(۴)۔ شاعری کی یہی صنف ہے جس میں شعراء اپنی فنی، علمی اور ادبی صلاحیت کا اظہار کرتے ہیں۔ قصیدہ ہی وہ صنف سخن ہے جس میں علوم و فنون کا سب سے زیادہ اظہار ملتا ہے۔ علم نجوم و ہیئت، ریاضی و موسیقی، حیوان شناسی، علم طبقات الارض وغیرہ کے مضامین کا بیان قصیدے میں مل جاتا ہے''۔ (ص: ۵۶ و ۶۷)

پروفیسر صاحب کا ذاتی کینوس بہت وسیع ہے اس لئے وہ اپنے علمی کاموں میں طلباء، اساتذہ، مورخین اور دیگر لوگوں کے لئے کچھ نہ کچھ مثبت اشارے ضرور کر دیتے ہیں جو مستقبل قریب میں نئی تحقیقات کا پیش خیمہ ثابت ہوتے ہیں مثال کے طور پر ان کے درج ذیل بیانات نے ان کے محقق ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بزرگ استاد اور ایک رہنما کا کام بھی کیا ہے جس میں فارسی اور تاریخ میں مزید تحقیق کے عنوانات ملتے ہیں نیز انہوں نے فارسی ادبیات میں قصائد کی اہمیت اور ان میں موجود گھن گرج اور طمطراق کا خلاصہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

''ا۔ انہی علوم کا نتیجہ یہ کہ فارسی شاعری اصطلاحات علمی و فنی سے پر بار ہوگئی ہے علاوہ بریں ایسے الفاظ و فقرات بھی قصیدے کا جز و لاینفک ہوگئے ہیں جو شان و شکوہ، جوش و خروش، دبدبہ و ہیبت پیدا کرنے میں مدد ہوتے تھے۔ ہزاروں نئی تراکیب بنائی گئیں جن سے فارسی ادب کا دامن گرانبار ہوگیا۔ میرے خیال میں اگر صرف قصائد

Marfat.com

کے الفاظ، فقرات، ترکیبات وغیرہ کی فہرست مرتب کی جائے تو ان سے ایک ضخیم فرہنگ تیار ہو جائے۔

۲۔ فارسی شعری ادب میں قصائد کا حصہ سب سے زیادہ ہے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ فارسی شعراء میں بیشتر بڑے شعراء قصیدہ نگار ہوئے ہیں ان میں رودکیؔ، فرخیؔ، عسجدیؔ، عنصریؔ، ازرقیؔ، ناصر خسروؔ، مسعودؔ سعد سلمان، مختاری غزنوی، معزیؔ، سنائیؔ، حسن غزنویؔ، سوزنیؔ، رشید وطواط، عبد الواسع جبلی، عمعقؔ بخارائی، اثیرؔ اخسیکتی، مجیرؔ بیلقانی، ظہیرؔ فاریابی، خاقانی شروانی جمال الدینؔ اصفہانی، رضی الدین نیشاپوری، کمال الدین اسمٰعیل وغیرہ خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔ اگر ان شعراء کے کلام کو نظر انداز کر دیا جائے تو فارسی شاعری کا خزانہ خالی ہو جائے۔

۳۔ قصائد میں جتنا تنوع ہے اتنا تنوع کسی اور صنف سخن میں نہیں۔ فارسی شعراء کی ایک بیاض مونس الاحرار ہے اس کا مؤلف بدر الدین جاجرمی ہے، جس نے ۷۴۱ھ میں یہ مجموعہ مرتب کیا اس کی پہلی جلد تو محض قصائد پر مشتمل ہے اور دوسری جلد کا بھی بیشتر حصہ قصائد سے تعلق رکھتا ہے''۔ (ص: ۵۸)

پروفیسر صاحب نے اپنے کسی بھی بیان کو مدلّل اور اطلاع کو مثال سے سمجھانے والے انداز میں پوری کتاب ''فارسی قصیدہ نگاری'' کو تالیف کیا ہے۔ ان کا ہر ہر جملہ وسیع مطالعے، دقت نظر، معروضی ذہن اور تجزیاتی بیانات پر مشتمل ہے۔ آپ

Marfat.com

کا ایک جملہ ایک کتاب کے خلاصے کی حیثیت رکھتا ہے مثال کے طور پر:

> "فارسی شعراء نے قصیدوں میں طرح طرح کے صنائع شعری درج کئے ہیں مثلاً قوامی گنجہ ای کا قصیدہ جس میں طرح طرح کے صنائع شعری آئے ہیں جیسے حسن مطلع وترصیع، ترصیع وتجنیس، تجنیس تام، تجنیس ناقص، ردالعجز علی الصدر وغیرہ"۔ (ص: ۶۳ و ۶۴)

پروفیسر صاحب کو بحور واوزان پر مکمل دسترس حاصل ہے ان کا درج ذیل جملہ ان کی مختلف النوع اوزان، بحور وقافیوں کے ساتھ مختلف اصناف شعری پر دستگاہ کا بین ثبوت ہیں:

> "بدر جاجرمی کا ایک قصیدہ ہے جس کے دوسرے مصرع کا پہلا لفظ پہلے مصرع میں شامل کریں تو رباعی بن جاتی ہے۔ کل ۲۰ شعر ہیں جن سے ۵ رباعیاں بن جاتی ہیں۔ رباعیوں کا مرتب قصیدہ دو بیتی کہلاتا ہے پہلے چار شعر یہ ہیں:-

ای روی تو غیرت گلستان — پیوست لب تو شکر ستان
از چشم خوش تو ماند نرگس — سرمست وگل زرخ تو حیران
خورشید فتاد پیش رویت — بر خاک چنانکہ ماہ تابان
و زحسن تو رفت عقل کامل — از دست وگرفت عین نقصان

رباعی یہ ہے:

ای روی تو غیرت گلستان پیوست — از چشم خوش تو ماند نرگس سرمست

Marfat.com

خورشید فتاد پیش رویت برخاک          وزحسن تو رفت عقل کامل از دست"

(ص:۶۵)

پروفیسر صاحب نے قصیدہ نگاروں میں سوال و جواب کے انداز میں قصیدوں میں عنصری، فرخی، امیر معزی وغیرہ نیز صنعت تقسیم (تقسیمات) جسے صنعت چار در چار بھی کہتے ہیں کے ضمن میں عبدالواسع جبلی، عزیز اللہ بسطامی وغیرہ سے متعلق نہایت اہم اطلاعات جو اس کے عہد پر محیط ہیں درج کی ہیں۔ اس کے علاوہ التزامی قصائد نیز مختلف قصیدہ گو شعراء کے قصائد کا مطالعہ بھی کیا ہے۔ آخر میں غالب دہلوی کا ایک قصیدہ جو سوال و جواب میں ہے اس کا بھی ذکر کیا ہے۔ مزید برآں الفاظ کی تکرار والے قصائد میں عزیز مشتملی کے قصیدے میں چشم، لب، بادام، شکر کی تکرار کا قصیدہ بھی بطور مثال تحریر کیا ہے۔ اس میں سراجی جو دہلی سلطنت کا قدیم ترین شاعر ہے اور جس کا دیوان پروفیسر صاحب نے شائع بھی کیا ہے اس کے بارے میں یہ درج کیا ہے کہ وہ التزامی قصائد کا شائق تھا۔ نیز عسجدی، فلکی اور ادیب کے یہاں قصائد سے الفاظ کی تکرار کی مثالیں پیش کی ہیں۔ فارسی قصائد میں مناظرے کی روایت پر آپ نے لکھا ہے کہ بظاہر اس صنف کا موجد اسدی طوسی معلوم ہوتا ہے۔ جس کے قصائد مناظرہ کافی شہرت رکھتے ہیں۔ ایک قصیدہ 'مغ و مسلم' کے مناظرے سے متعلق ہے عمید لویکی جو ساتویں صدی ہجری کا ایک ہندوستانی فارسی گو شاعر ہے اس نے ایک قصیدہ تاج الدین ابوبکر کی مدح میں لکھا ہے جس میں ''شراب اور بھنگ'' کا مناظرہ ہے۔ محمد جاجرمی نے بدر جاجرمی کا ایک قصیدہ نقل کیا ہے جس میں توشیحات و محذوفات کی مثالیں ہیں۔ محذوفات کے ضمن میں فارسی شاعروں نے فنی صلاحیتوں کا خوب

Marfat.com

مظاہرہ کیا ہے۔ مثلاً شہاب الدین مہمرہ کے درج ذیل قصیدے میں کسی لفظ میں حرف ''الف'' نہیں آیا ہے۔

منہ ببرگ سمن پیش تو دۂ عبہر　　زمشک گرد گل نسترن مکش عنبر

یا مجیر بیلقانی کا قصیدہ صفت مہملہ میں ہے جس میں کسی لفظ پر نقطہ نہیں آیا ہے۔

کہ کرد کار کرم مرد وار در عالم　　کہ کرد اساس ممالک مہمد و محکم

پروفیسر نذیر احمد صاحب نے امیر معزیؔ کے معروف قصیدے کو جو مسجع یا مسمط ہے اور مونس الاحرار کلاتی میں ایسے منظومے مزلع کے نام سے درج ہیں۔ اسی قصیدے کے جواب میں جوہری زرگر کا قصیدہ بطور مثال نقل کیا ہے یہ کام وہی کر سکتا ہے جس کی دونوں شعرا کے کلام پر گہری نظر ہو وہ مثال ہے:

امیر معزی:

ای ساربان منزل مکن جز در دیار یار من
تا یک زمان زاری کنم بر ربع واطلال ودمن

(ص:۸۱)

جوہری زرگر:

ای تند بدخو ساربان تندی مکن با کاروان
منزل بدین دوری مکن اشتر بدین پیری مران

(ص:۸۲)

انہوں نے غالب کے قصائد کو قدما کی تقلید اور پیروی سے مختلف کر کے دیکھا ہے اور اس کی مثالیں مدلل ثبوتوں سے فراہم کی ہیں۔

Marfat.com

پروفیسر نذیر صاحب نے فارسی قصیدہ گوئی کی اہم خصوصیات میں ''سوگند نامہ'' کو بھی تسلیم کیا ہے جس میں شاعر کسی بات کے لئے قسم کھاتا ہے اور قسم پچاسوں بیت تک جاری رہتی ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ مونس الاحرار کا تیرہواں باب حسب ذیل شعراء کی قسمیات پر مشتمل ہے:

> ''کمال اسمٰعیل، ظہیر فاریابی، نجیب جرباد قانی، رشید وطواط، انوری، فلکی شروانی، مجیر بیلقانی۔ ادیب صابر، سید حسن غزنوی، سوزنی سمرقندی، بدیع سیفی اور روحانی وغیرہ''۔

مزید انہوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ:

> ''اکثر شاعروں نے بائے قسمیہ سے اشعار درج کئے ہیں۔ البتہ انوری نے آ نک کے ساتھ، سوزنی اور بدیع سیفی نے ہزلیہ سوگند نامے لکھے ہیں۔ اکثر سوگند نامے طویل ہیں۔ رشید وطواط اور سید حسن غزنوی کے قصیدے چھوٹے ہیں۔ ہندوستان میں عرفی نے ''ترجمۃ الشوق'' کے عنوان سے ایک سوگند نامے کا قصیدہ حضرت علی کی منقبت میں لکھا ہے جس میں ۱۸۴ ابیات ہیں اور اس اشعار کے مطالعے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ عرفی شیرازی نے اس قصیدے میں ابداع وایجاد معانی، مضمون آفرینی، نازک خیالی، فقرات تراشی، تشبیہات بدیع، جدت طرز وافکار عالی کے ایسے نمونے پیش کئے ہیں جن کی مثال فارسی ادب میں بہت شاذ ہے''۔ (ص ص:۸۵، ۸۶و۸۹)

پروفیسر نذیر صاحب نے اپنی پوری کتاب کا نچوڑ آخری صفحے میں بطور

Marfat.com

خلاصہ پیش کردیا ہے جوان کی وسیع معلومات، مخطوطات سے آگہی، شعراء کے دواوین پر گہری نظر، محققانہ اصول وضوابط اور استادانہ اور قائدانہ روایتوں کا مجموعہ ہے۔ وہ درج کرتے ہیں:

''اس گزارش کا مقصد اس حقیقت کا اظہار ہے کہ فارسی قصیدہ نگاری کوئی بیکاری کا مشغلہ نہ تھا نہ اس کا مقصد محض ممدوحین کی مبالغہ آمیز تعریف نہ تھا۔ ممدوح کی مدح ایک ضمنی چیز ہے۔ دراصل اس صنف کے ذریعے عظیم شعراء نے اپنی توانائی زندگی کے اعلیٰ مقاصد کے بیان پر صرف کی۔ قصائد میں شخصی کردار کی بلندی کے ساتھ ساتھ اجتماعی وانفرادی زندگی کی ضروریات ومقاصد، ملکی وملی ضرورتیں بھرپور انداز میں بیان ہوئی ہیں چنانچہ میرے اس نقطۂ نظر کی تصدیق اس مقالے میں مندرج اشعار سے ہوجائے گی اور چونکہ خود انفرادی شعراء کے قصائد مورد بحث تھے اس لئے اشعار نسبتاً زیادہ درج ہوگئے ہیں۔ اشعار زیادہ درج کرنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ قارئین کے لئے شعراء کے دواوین حاصل کرنا مشکل ہے۔ یہ اشعار مقالے کو خود کفیل بنادیتے ہیں۔

فارسی قصیدہ نگاری مقبول ترین صنف سخن تھی۔ عظیم شعراء نے اس صنف کو اپنے اظہار خیال کا وسیلہ بنایا۔ ان کا مقصد ہرگز نہ تھا کہ ان کی صلاحیتیں محض ممدوح کی مدح پر ہی صرف ہوجائیں۔ قصیدہ نگاری کی مقبولیت کا ایک ثبوت یہ ہے کہ فارسی کی جتنی قدیم بیاضیں

Marfat.com

اور مجموعے پائے جاتے ہیں ان میں قصائد کا حصہ جزو غالب کی حیثیت رکھتا ہے اور فارسی قصیدہ گو شعراء کی تعداد بھی بہت زیادہ ہے۔ اگر فارسی شاعری سے قصائد خارج کر دیئے جائیں تو اس کا دامن خالی ہو جائے اور اگر مورخ ادب فارسی کے قصیدہ گو شعراء کو نظر انداز کر دے تو اس کی تاریخ میں کچھ بھی دلکشی باقی نہیں رہے''۔

(ص:۹۵)

آخر میں بطور خلاصہ کہا جاسکتا ہے کہ پروفیسر نذیر احمد صاحب کی کتاب ''فارسی قصیدہ نگاری'' جو محض ۹۵ صفحات کی کتاب ہے، اگرچہ دیکھنے میں بہت چھوٹی مگر پڑھنے میں نہایت ضخیم، متن و مواد بھی جامع ہے اور یہی ایک بڑے محقق کی خصوصیت بھی ہے، جو سمندر کو دریا میں اور دریا کو کوزے میں منتقل کرنے کا فن بخوبی جانتا ہے۔ پروفیسر نذیر احمد صاحب نے اس کتاب کو تصنیف کر کے یہ بات ثابت کر دی کہ:

مشکلیں کچھ بھی نہیں عزم جواں کے آگے
حوصلے آہنی دیوار گرا دیتے ہیں

میں خداوند کریم سے پروفیسر نذیر احمد صاحب کی صحت و تندرستی کی دعا کرتا ہوں تاکہ ہم ان کی رہنمائی اور رہبری کے ساتھ ان کی شفقتوں سے بھی بہرہ ور ہوتے رہیں اور ان کا سایہ تادیر ہم سب پر قائم رہے۔ (آمین ثم آمین)

———X———

Marfat.com

ڈاکٹر زہرہ عرشی*

# از لطف شامی بینم

فروری ۱۹۶۸ء کی بات ہے میں ایم۔اے سال اول کے دوسرے سمسٹر کے لئے علی گڑھ آئی تھی۔ پہلے سمسٹر میں علالت کی وجہ سے شریک نہ ہو سکی تھی، کچھ اس وجہ سے اور کچھ نئے ماحول، نئی جگہ، نئی درسگاہ سے اجنبیت کی وجہ سے مجھ پر ایک عجیب سا اضمحلال طاری تھا۔ یہاں آنے کا صرف ایک بہانہ تھا اور دل نہ آنے کے ہزار بہانے تلاش کر رہا تھا۔ لیکن میں اپنے ابا کی رائے کو ہی ہر مسئلے کا حل سمجھتی تھی اس لئے اپنی اس کیفیت کا برملا اظہار کر بیٹھی۔ میری بات سننے کے بعد انہوں نے اپنا فیصلہ سنا دیا۔ وبیٹی میں تمہیں علی گڑھ بھیج رہا ہوں۔ پروفیسر نذیر احمد صاحب کے پاس، تمہیں جب کبھی اپنے ابا کی یاد آئے ان کے پاس چلی جانا۔ اور جب کبھی پڑھائی کے سلسلے میں الجھن ہو انہیں سے رجوع کرنا۔ وہ تمہیں میری کوئی کمی محسوس نہیں ہونے دیں گے، یہ تھا وہ تاثر جو میں اپنے ذہن میں لے کر علی گڑھ آئی تھی۔

مجھے آج بھی وہ دن یاد ہے اور روز روشن کی طرح میری نگاہوں میں عیاں ہے۔ جب میں اپنے بھائی جان اکبر علی خاں عرشی زادہ کے ساتھ شعبۂ فارسی میں آئی تھی۔ صدر شعبہ پروفیسر نذیر احمد صاحب کے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے مجھ پر ایک ہیبت طاری تھی۔ یہ ہیبت صدر شعبہ کی وجہ سے نہیں تھی، بلکہ فارسی ادب کے ایک

---

*ریڈر: شعبۂ فارسی ویمنس، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

Marfat.com

زبردست عالم، مایۂ ناز محقق اور بے مثال دانشور کے حضور میں حاضر ہوتے وقت اپنی بے حیثیتی کے شدید احساس کا نتیجہ تھی۔ میں تو اس وقت اس قابل بھی نہ تھی کہ ان کے اس بلند مرتبے کو سمجھ سکوں جس پر وہ فائز تھے۔ لیکن چونکہ میرا تعلق بھی ایک ایسے گھرانہ سے ہے جو علماء وفضلا کا مرکز رہا ہے۔ اس اعتبار سے میرے محترم ومعظم استاد میرے لئے نئے نہیں تھے۔ میں نے اکثر وبیشتر ان کا تذکرہ اپنے ابا مرحوم اور اپنے بھائی جان سے سنا تھا۔ کبھی ان کے علم وفضل اور تحقیق وتدوین کے ذیل میں (اس لئے کہ یہ وہی زمانہ تھا جب مکاتیب سنائی رام پور سے شائع ہو رہی تھی) اور کبھی بھائی جان کے ایک شفیق استاد اور ریسرچ میں ان کے رہنما کی حیثیت سے۔ اس وقت میرے ذہن میں وہ ساری باتیں یکے بعد دیگرے ابھر رہی تھیں، میرے ان خیالات کا تسلسل اچانک اس وقت منقطع ہوا جب ڈاکٹر صاحب نے کرسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اپنے مخصوص انداز میں فرمایا ''بیٹھیے بی بی'' یہی وہ مٹھاس اور نرمی تھی جس نے دل کی گرد ملال کو کسی حد تک صاف کر دیا۔ بعد ازاں بھائی جان سے باتیں ہوتی رہیں۔ بھائی جان کے پی۔ ایچ۔ ڈی کا موضوع 'دیوان نظیری' چھایا رہا۔ بھائی جان نے یہ کام بڑی محنت سے کیا تھا۔ دیوان کی ایڈیٹنگ مکمل ہو چکی تھی لیکن مقدمہ تحریر نہ کر سکے۔ مجھے اس کا بے حد افسوس رہے گا کہ ایک عمدہ کام ان کی حیات میں اور ڈاکٹر صاحب کی زیر نگرانی مکمل نہ ہو سکا۔ بہر حال۔ مرضیٔ مولیٰ از ہمہ اولیٰ، اگلے دن کلاسز شروع ہو گئیں۔ حسن اتفاق دیکھیے کہ پہلا کلاس ڈاکٹر صاحب ہی کا تھا۔ اس وقت آپ لسانیات پڑھاتے تھے۔ یہاں میں آپ کے درس وتدریس کے طریق کی تفصیل میں نہیں جاؤں گی۔ ہاں اتنا

Marfat.com

کہے بغیر نہیں رہ سکتی کہ پڑھانے میں ہم شاگردوں پر آپ نے کبھی ناراضگی کا اظہار نہیں کیا۔ ہماری غلطیوں اور کوتاہیوں پر بھی آپ کے مزاج کی نرمی سایہ فگن رہی۔

ڈاکٹر صاحب ایم۔اے سال آخر کے طلباء کو وداعیہ دیتے تھے۔ یہ وداعیہ امتحان ختم ہونے کے بعد آپ کے دولت کدے پر دیا جاتا تھا۔ اس وقت آپ کا قیام عزیز جہاں منزل، صاحب باغ میں تھا۔ آپ نے چار بجے مدعو فرمایا تھا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ میں ہاسٹل میں رہتی تھی اور مجھے وقت مقرر پر واپس جانا تھا۔ اس اتفاق کو کیا کہیے کہ ہم طالبات کو پہنچنے میں تاخیر ہوئی۔ ہماری شرمندگی کی اس وقت انتہا نہیں رہی جب دیکھا کہ ہمارے مشفق و محترم استاد موسم کی شدت اور لو کے تھپڑوں کے باوجود باہری برآمدے میں منتظر ہیں۔ اور جس وقت دھیمے لہجے اور متبسم چہرے کے ساتھ فرمایا ''میں بہت دیر سے آپ کا انتظار کر رہا تھا'' تو ہم سب کے سر ندامت سے جھک گئے۔ بظاہر یہ جملہ مختصر تھا لیکن اس میں ہمارے لئے دو سبق پوشیدہ تھے۔ اول وقت کی پابندی، دوم مہمان نوازی کا انداز

میرے والد مرحوم نے مجھ سے تاکید کی تھی کہ میں ڈاکٹر صاحب سے درخواست کروں کہ وہ اپنے زیر نگرانی مجھے ریسرچ کرنے کی اجازت مرحمت فرمادیں۔ یہ میری خوش قسمتی تھی کہ آپ نے نہ صرف اجازت دی بلکہ یہ بھی فرمایا کہ ''جب آپ آئی تھیں میں نے فرہنگ جہانگیری کی ایڈیٹنگ کا کام آپ کے لئے رکھا تھا'' میں اپنی بے بضاعتی کے احساس اور ڈاکٹر صاحب کی اس انتہائی مہربانی پر فرط حیرت سے بہت دیر تک یقین نہ کر سکی کہ جو کچھ میں نے سنا وہ صحیح ہے۔ اور ان سے دوبارہ پوچھنے کی مجھ

Marfat.com

میں ہمت نہ تھی۔

میں سمجھتی ہوں کہ میری زندگی کا وہ خوش نصیب ترین دن تھا جس دن ڈاکٹر صاحب کا والا نامہ میرے ابا کو ملا جس میں آپ نے میرے پی ایچ۔ڈی کے موضوع کو منظور کروانے کے بعد داخلے کی تکمیل کے لئے لکھا تھا۔ موضوع ڈاکٹر صاحب نے منتخب فرمایا تھا۔ کام کرنے والی بھی انہیں کا انتخاب تھی۔ جسے اپنی کم مائگی کا شدید احساس تھا اور جسے اپنے رہنما استاد کے علم و فضل کی انتہا اور نگاہ کی گہرائی و گیرائی کا اندازہ تھا۔ غالباً یہی وہ ''اندازہ'' اور اس اندازے پر اعتماد تھا جس نے مجھے لغت نویسی جیسے وسیع اور دقیق موضوع پر کام کرنے پر آمادہ کیا۔ فرہنگ جہانگیری پر میں نے اسی حوصلے، عزم اور انہماک سے کام کا آغاز کیا جس کا متمنی میں نے اپنے نگراں اور رہنما استاد کو پایا تھا۔ دوران کار ڈاکٹر صاحب اور میرے والد مرحوم نے جو محنت مجھ سے کرائی اور جس طرح میری رہنمائی اور حوصلہ افزائی فرمائی میری حد بیان سے باہر ہے۔

اہل علم اور ارباب فن بخوبی واقف ہیں کہ فن تحقیق، ترتیب اور تدوین جتنا علم، جتنی محنت، کاوش، عزم، حوصلہ، متانت اور پختگی کا طلب گار ہے وہ ایک مبتدی طالب علم کے بس کی بات نہیں اور اس تحقیق کا موضوع اگر فرہنگ نویسی ہو تو ایک ادنیٰ طالب علم سے کون امید کر سکتا ہے کہ کامیابی و کامرانی کے ساتھ منزل مقصود پر پہنچ جائے گا۔ لیکن میں اپنی خوش قسمتی سمجھتی ہوں کہ ڈاکٹر صاحب نے میری ایسی رہنمائی فرمائی کہ یہ دقیق موضوع میرے لئے نہ صرف انتہائی سبک اور آسان ہو گیا بلکہ یہ طویل مدت اور اس مدت میں رات دن کی محنت کب اور کیسے ختم ہو گئی اس کا اندازہ نہ ہو سکا۔

Marfat.com

ہاں! اس محنت وکاوش کا ثمرہ یہ ملا کہ پروفیسر اقبال حسن مرحوم اور پروفیسر عطا کریم برق مرحوم نے اپنی رپورٹ میں اس کے لئے تحسینی کلمات لکھے اور اس کی جلد از جلد اشاعت کے لئے پرزور اور پرشکوہ الفاظ میں سفارش کی۔ اس کی اشاعت کا موقع تو آج تک نہیں آیا البتہ ان کی Reports نے مجھے ڈاکٹر صاحب کے سامنے شرمندگی سے بچالیا۔

میں خود کو اس حیثیت میں نہیں پاتی کہ ان کے علم وفضل پر اظہار خیال کرسکوں لیکن ایک بہت بڑی خوبی اور ایک بہت زبردست صفت جس کی میں تہہ دل سے معترف ہوں یہ ہے کہ آپ جس پرسکون ذہن اور پرسکون دل کے ساتھ علمی، ادبی اور تحقیقی کاموں میں مصروف ومشغول رہتے ہیں وہی ذہنی سکون اپنے ریسرچ اسکالر کے لئے انتہائی انصاف کے ساتھ مہیا کرتے ہیں اپنی ریسرچ کے دوران مجھے ایک لمحے کے لئے بھی یاد نہیں کہ آپ کی ذات سے کوئی ذہنی ٹھیس پہنچی ہو۔

اگر اس کے برخلاف ہوتا تو شاید میں اس مقام پر نہ ہوتی جو مجھے آج حاصل ہے۔

———X———

Marfat.com

شوکت نہال انصاری*

# پروفیسر نذیر احمد صاحب بہ حیثیت عظیم محقق، چند تحقیقی انکشافات

انسانی تہذیب و تمدن کے مطالعہ کے وقت سینکڑوں افراد کے نام ایسے ملیں گے جنہوں نے اپنی زندگی میں کسی نہ کسی شعبہ میں شہرت حاصل کی اور پنی شخصیت و ذاتی قابلیت کی بنا پر اپنا نام ہمیشہ کے لئے جریدۂ عالم پر ثبت کردیا ایسی ہی اہم شخصیتوں میں پروفیسر نذیر احمد صاحب کا شمار ہوتا ہے۔ پروفیسر نذیر احمد نام ہے ایک ایسی شخصیت کا جو علم کا بحرِ زخار ہے جو اپنی موجوں سے سب کو سیراب کرتا ہے، میں بھی ان ہی کی موجوں کا ایک معمولی سا قطرہ ہوں، مجھے بھی انہوں نے اپنی نوازشوں و عنایتوں سے نوازا ہے، ان ہی کے زیر سایہ میں نے اپنی Ph.D کے کام کو پورا کیا ہے۔ جس کی میں زندگی بھر مشکور وممنون رہوں گی۔

ہندوستان میں چند ہی نام ایسے ہیں جنہوں نے تحقیق کی دنیا میں بڑی ناموری حاصل کی اور جن کو بلاشبہ عظیم محققین و دانشوران میں شمار کیا جاتا ہے ان میں پروفیسر امیر حسن عابدی صاحب (دہلی یونیورسٹی)، مرحوم پروفیسر سید حسن (پٹنہ یونیورسٹی) اور پروفیسر نذیر احمد صاحب (علی گڑھ مسلم یونیورسٹی) کا نام سرفہرست آتا ہے۔

* لکچرر شعبۂ فارسی، علی گڑھ

Marfat.com

نذیر صاحب ان محققین میں سے ہیں جن کی تحریروں کو مستند و معیاری قرار دیا جاتا ہے۔ آپ نے اپنی ہمہ گیر تحقیق سے بڑے بڑے عقدوں کو حل کیا اور نئی معلومات بہم پہنچائیں، یہی وجہ ہے کہ دنیائے علم وادب میں آپ ایک محقق کی حیثیت سے عالمی شہرت کے حامل ہیں اور جس کے لئے آپ کو بڑے بڑے اعزازات سے نوازا جاچکا ہے۔

آپ نے جس مسئلہ یا جس کام کی تحقیق کا ذمہ لیا اس کو بڑی جانفشانی و نہایت باریک بینی سے سرانجام دیا، علم وادب کا کوئی موضوع ایسا نہیں ہے جس پر آپ نے قلم نہ اٹھایا ہو، چاہے وہ ادب سے متعلق ہو یا تاریخ سے ہو، حتیٰ کہ فن موسیقی، فن ریاضی وفن معماری پر بھی اپنی تحقیق کی چھاپ چھوڑی ہیں۔

چند اوراق میں ان کی علمی شخصیت وعلمی کاوشوں کا احاطہ کرنا سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے۔ تنگی وقت کے سبب میں نے ان کے چند انکشافات کو بیان کرنے کی کوشش کی ہے۔

ان کے تین تحقیقی مقالے اس وقت وضوع سخن ہیں۔

۱۔ آپ کا ایک مقالہ نادر العصر استاد احمد پر ہے، جو کہ شاہجہاں کے عہد کا بہت مشہور معمار شمار کیا جاتا ہے، آپ نے اس مقالے میں اس کے پورے خاندان کے متعلق چند نئی معلومات بعنوان "Some new intormations about the family on Nadrul asr, ustad Ahmad, a the Architecht of Tajmahal" (اورینٹل کالج میگزین کے شمارہ فروری ۱۹۶۹ء) میں بیان کی ہیں۔

Marfat.com

اگر چہ استاد احمد کے خاندان کے متعلق دیگر دانشوران مثلاً سید سلیمان ندوی نے مجلۂ معارف اعظم گڑھ شمارہ فروری واپریل ۱۹۳۷ء میں وڈاکٹر عبداللہ چغتائی نے تین مقالے بعنوانات ذیل لکھے ہیں:

1. Memare Taje karwan
2. A family of great Mughal Arechitects (Islamic culture, Hyderabad, 1937)
3. Ahmad Memar Lahori and his family, (Nauras Depot, Lahore, 1952)

اس کے علاوہ محمد عبدالرحمٰن چغتائی نے ایک مقالہ ''معمار تاج محل'' کے عنوان سے مجلۂ ماہ نو، کراچی، اگست تا اکتوبر ۱۹۵۳ء میں لکھا ہے۔

قاضی محمد بنگلوری نے ''دیوانِ مہندس لاہور'' کے نام ایک سے مقالہ لکھا ہے اس مقالہ کا تعاقب پروفیسر نذیر احمد صاحب نے بڑی جانفشانی سے کیا اور نہ صرف لطف اللہ مہندس کا پورا دیوان یکجا کیا بلکہ استاد احمد کے خاندان کی تفصیل بیان کرتے ہوئے اس خاندان کے آخری فرد زین العابدین عرف مکھو کے بارے میں کچھ نئی معلومات کا اضافہ بھی کیا ہے۔ کہ اگر چہ استاد احمد کے خاندان نے تقریباً تمام لوگ مثلاً اس کے بیٹے عطاء اللہ راشدی، لطف اللہ، ونور اللہ و پوتے امام الدین وابوالخیر عرف خیر اللہ وپڑپوتے امیر الدین علی، مرزا محمد علی سب کے سب مہندس کے طور پر مشہور ہیں لیکن ریاضی و دیگر مختلف علوم بھی ان سے منسوب کی جاتی ہیں۔

ابوالخیر جو کہ استاد احمد کا پوتا تھا اس کی پانچ نثری تصانیف کا ذکر کرتے ہوئے آپ فرماتے ہیں:

Marfat.com

''کہ ایسا لگتا ہے کہ وہ ایک شاعر بھی تھا اور معنی تخلص کرتا تھا جیسا کہ اس کی تصنیف قانون الوفق میں ملتا ہے۔ اس کے دو نسخے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے آزاد لائبریری میں ایک احسان اللہ کلکشن نمبر (۲/۱۔۵۲۰)، دوسرا سبحان اللہ کلکشن مجموعہ نمبر (۶۶/۷۔۲۹۷) میں موجود ہیں۔ پہلے نسخہ کے آخر میں نقص ہے اور ۱۷ صفحات پر مشتمل ہے۔ دوسرا بھی نامکمل ہے اس میں ۱۵ صفحات ہیں''۔

ابوالخیر کی جو تصانیف آج معلوم ہیں ان میں قانون الوفق سب سے پرانی ہے۔ ان کی کتاب شرح زیج محمد شاہی ۱۱۴۰ھ بمطابق ۱۷۲۷ء میں لکھی گئی جب کہ قانون الوفق کو اس نے ۱۰۹۹ھ میں مکمل کیا اس کی آخری کتاب تقریب التحریر ۱۱۶۱ھ میں لکھی گئی اس طرح اس کی علمی زندگی ۶۲ سال پر محیط ہے''۔

ابوالخیر کا بیٹا مرزا محمد علی ریاضی بھی ایک بڑا اسکالر تھا۔ اس کی ایک کتاب ''مقدمات التقویم'' جیب گنج کلکشن میں موجود ہے۔ اس کتاب کا کاتب مرزا محمد علی کا بیٹا زین العابدین عرف مکھو ہے یہ کتاب دراصل علم ہیئت پر مختص ہے۔ اسی لئے اس کا نام ''مقدمات التقویم'' رکھا ہے۔ آخر میں ڈاکٹر صاحب نے اس کتاب کے کچھ اقتباسات Quote کر کے ان سے جو نتائج اخذ کئے ہیں وہ اس طرح ہیں:

۱۔ ''یہ کہ مرزا محمد علی ریاضی ایک جامع و کامل ریاضی داں معلوم ہوتا ہے جیسا کہ اس کے خطاب معروف بہ ریاضی سے ظاہر ہے۔

Marfat.com

۲۔ محمد علی نے اپنے والد ابوالخیر کی کتاب "تقریب التحریر" پر ایک پیش لفظ لکھا ہے۔ اس کی ایک اور کتاب عربی "تخریج نصف النہار" عبد اللہ چغتائی نے دریافت کی ہے اور مقدمات التقدیم اس کی دوسری کتاب ہے۔ زین العابدین نے اس کی تصانیف کیلئے جمع کا صیغہ استعمال کیا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کئی کتابوں کا مصنف تھا جو ابھی تک دریافت نہیں ہوئی ہیں۔

۳۔ محمد علی اپنے بیٹے زین العابدین کا اتالیق بھی تھا۔

۴۔ "مقدمات التقویم" جس کی کتابت زین العابدین نے کی اس میں متعدد غلطیاں ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ زین العابدین ۱۱۷۹ھ میں ایک اسکولی بچہ تھا اور اس نے اپنی ادبی و علمی زندگی اسی وقت شروع کی ہوگی۔

۵۔ محمد علی کے پردادا لطف اللہ مہندس نے "رسالہ اوقات نماز" کے نام سے ایک اور کتاب لکھی تھی جس کا مخطوطہ ابھی تک نہیں ملا ہے۔

۶۔ محمد علی کے چچا امام الدین ریاضی نے اس رسالہ کی شرح لکھی ہے"۔

مذکورہ بالا نتائج سے پروفیسر نذیر احمد صاحب کی علمی بصیرت و تحقیق کا اندازہ ہوتا ہے کہ اس طرح آپ نے انتہائی باریک بینی کے ساتھ استاد احمد کے خاندان کے

Marfat.com

متعلق مزید تفصیلات بہم پہنچائیں۔

۲۔ آپ کا دوسرا مقالہ بعنوان ''نادر العصر استاد احمد'' معمار تاج محل کے خاندان کے مصنفین کے مخطوطے علی گڑھ میں'' ہے جو کہ اورنیٹل کالج میگزین میں ۱۹۶۰ء کے شمارہ مئی میں چھپا ہے۔ آپ کا یہ مقالہ بھی آپ کی علمی تحقیق کی پوری طرح دلالت کرتا ہے، جس کا کہ تذکرہ دلچسپی سے خالی نہیں ہوگا۔ آپ کو استاد احمد کے خاندان کے افراد کے چند مخطوطات آزاد لائبریری میں ملے جس کی تفصیل اس طرح ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ اگرچہ استاد احمد کی علمی فضیلت مسلم ہے لیکن اس کی تصانیف نہیں معلوم ہوسکیں لیکن جو نسخہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے مولانا آزاد لائبریری، سبحان اللہ کلکشن میں موجود ہے اس مخطوطے کے اوپری صفحہ پر کسی نے دوسرے قلم سے ''رسالہ احمد معمار'' لکھدیا ہے اور فہرست نگار نے اس تحریر کی بنا پر فہرست کے ص:۲۱ پر بغیر تشریح و توضیح کے اس رسالہ کو استاد کی طرف منسوب کردیا ہے۔ اس بیان کی رو سے مستشرق استوری نے پرشین لٹریچر جلد دوم ص:۱۴، ۱۵ میں استاد احمد کو ایک مصنف کی حیثیت سے روشناس کردیا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ بیان سراسر غلط ہے۔ رسالہ مذکورہ استاد احمد کی تالیف نہیں بلکہ یہ رسالہ بہاء الدین عاملی کی ''خلاصۃ الحساب'' کا فارسی ترجمہ ہے جو استاد احمد کے بیٹے لطف اللہ مہندس کی یادگار ہے اور جو عام طور پر ''منتخب'' کے نام سے مشہور ہے اور اسی عنوان سے ترجمہ کا سن ۱۰۹۲ء نکلتا ہے۔ پہلے ہی صفحہ پر مترجم کا نام آیا ہے۔ اس کی وضاحت کے لئے ڈاکٹر صاحب نے ایک اقتباس بھی نقل کیا ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ استاد احمد سے اس رسالہ کا کوئی تعلق نہیں۔

Marfat.com

## ۲۔ رسالہ لطف اللہ مہندس

لطف اللہ مہندس جو استاد احمد کا دوسرا بیٹا تھا اور مختلف علوم کے ساتھ فن معماری میں بھی بڑی دستگاہ رکھتا تھا۔ اس کی تصانیف کے حسب ذیل مخطوطے آزاد لائبریری میں موجود ہیں۔

ا۔ پہلی تصنیف تو وہی مذکورہ بالا بہاء الدین عاملی کی ''خلاصۃ الحساب'' ہے جس کی اس نے عربی شرح لکھی تھی اور فارسی میں منتخب کے عنوان سے ۱۰۹۲ھ میں اس کا ترجمہ کیا تھا اس منتخب کے تین نسخے آزاد لائبریری میں موجود ہیں۔ جس میں پہلا نسخہ تو وہی ہے جو رسالہ احمد معمار کے نام سے مشہور ہے، اور سبحان اللہ کلکشن میں موجود ہے۔ اس کی کتابت کالکا پرشاد نے کی ہے اور سن کتابت ۱۸۳۶ء ہے لیکن اس نسخہ میں جا بجا املا کی غلطیاں ہیں۔

دوسرا نسخہ عبدالحیٔ کلکشن میں موجود ہے البتہ یہ نسخہ پہلے نسخہ سے زیادہ اچھا ہے حسب ذیل عبارت جو پہلے نسخہ میں محذوف ہے اس نسخہ کے پہلے ہی صفحہ پر موجود ہے۔

''چون این نسخہ 'خلاصہ' نام داشت این را منتخب نام نہادم و ہمین تاریخ تالیف سنہ ہزار نود و دوہ (۱۰۹۲ھ) این رسالہ است''۔

تیسرا نسخہ لٹن میں شمارہ ۷۷ فارسی علوم میں محفوظ ہے۔ یہ نسخہ خط نستعلیق میں ہے مگر آخری حصہ شکستہ ہوگیا ہے۔ اس کا کاتب ثناء اللہ مشہدی اور تاریخ کتابت ۱۲۴۲ھ ہے۔

اس کی تیسری تصنیف ''ترجمہ صوَر الکواکب'' ہے۔ جو ابو حسین عبدالرحمٰن بن

Marfat.com

عمر صوفی کی تصنیف ہے اور جو صُوَر صوفی کے نام سے بھی مشہور ہے جس کو لطف اللہ سے اپنے والد کی فرمائش پر ۱۰۵۰ھ میں فارسی میں ترجمہ کیا۔ اس ترجمے کی خصوصیت یہ ہے کہ مترجم نے جابجا دوسری کتابوں سے استفادہ کیا ہے اور کہیں کہیں مصنف کی رائے سے بھی اختلاف کیا ہے، خاص طور زیج الغ بیگ سے کافی استفادہ کیا ہے اور اس کا جابجا حوالہ بھی دیا ہے۔

اس ترجمہ کے نسخے کمیاب ہیں اس کا ایک نسخہ برلن میں اور دوسرا نسخہ مولانا آزاد لائبریری میں موجود ہے، تیسرا نسخہ ناصریہ لائبریری میں حال میں معلوم ہوا ہے۔ اس نسخہ کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ خود مترجم کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے اس نسخہ میں جابجا مترجم کی اصلاح و اضافے موجود ہیں اس بنا پر قیاس کیا جاسکتا ہے کہ یہ ترجمہ کے اولین نسخوں میں ہوگا۔ یہ نسخہ مصور ہے اور جابجا کواکب کی تصویریں قلم سے کھینچی ہوئی ہیں۔

## رسالہ امام الدین ریاضی:

امام الدین ریاضی استاد احمد کا پوتا اور لطف اللہ کا بیٹا تھا اور وہ اپنے باپ کی طرح مختلف علوم وفنون میں بڑی دستگاہ رکھتا تھا اور ریاضی و ہندسہ کا ماہر تھا۔ شاعری سے بھی رغبت تھی اور ریاضی تخلص کرتا تھا۔ اس نے عربی میں 'شرح چغمینی' پر حاشیہ لکھا تھا۔ اس حاشیہ کے تین نسخے مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں عبدالحی کلکشن میں خود ہیں۔ ان میں دوسرا نسخہ بظاہر مولانا عبدالحیٔ کا ہی لکھا ہوا ہے مگر سن کتابت درج نہیں۔

Marfat.com

### ۴- رسالہ ابوالخیر:

ابوالخیر لطف اللہ کا دوسرا بیٹا تھا اس کی پانچ تصانیف کا ذکر مختلف علماء نے کیا ہے۔ مسلم یونیورسٹی لائبریری میں اس کا ایک فارسی رسالہ ''قانون الوفق'' کے دو نسخے موجود ہیں، جن میں پہلا نسخہ احسان کلکشن میں اور دوسرا سبحان اللہ کلکشن میں موجود ہیں پہلا نسخہ خافض الآخر ہے جو ۷ اصفحات پر مشتمل ہے البتہ دوسرا کامل ہے اور صفحات کی تعداد ۱۵ ہے۔

ابوالخیر کی پانچوں تصانیف نثری قرار دی گئیں تھیں۔ لیکن پروفیسر نذیر احمد صاحب کے مطابق اس کا ایک رسالہ بعنوان ''مدخل فی النجوم'' نظم میں ہے۔ چنانچہ اس نسخہ کا تعارف آپ نے ایک مضمون بعنوان 'امام الدین' میں کرایا ہے نیز اس کے اشعار بھی نقل کئے ہیں۔ مدخل کا ایک نسخہ حافظ احمد علی خاں رامپوری کے کتابخانے میں موجود ہے۔

### رسالہ محمد علی

محمد علی ابوالخیر کا بیٹا اور لطف اللہ کا پوتا تھا اس کے ایک فارسی رسالہ 'مقدمۃ التقویم' کا ایک نسخہ مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ کے حبیب گنج کلکشن میں موجود ہے۔ اس کا کاتب محمد علی کا بیٹا زین العابدین عرف مکھو ہے۔ پروفیسر نذیر صاحب نے اس نسخہ کا تعارف قانون الوفق کے ساتھ اورینٹل کالج میگزین میں کرایا ہے۔

پروفیسر نذیر احمد صاحب کا ایک اور تحقیقی مقالہ جو اس وقت موضوع سخن کا آخری مقالہ ہے بعنوان ''امام الدین ریاضی اور اس کا تذکرہ باغستان'' ہے۔ جس کا

Marfat.com

کہ ایک حصہ ڈاکٹر صاحب کو ٹیگور یونیورسٹی لائبریری، لکھنؤ میں ملا جس کو آپ نے ۱۹۵۵ء میں رسالہ اردو ادب میں اور جنوری ۶۷-۱۹۵۶ء میں اسلامک کلچر میں متعارف کرایا۔ آپ نے اس کا دوسرا حصہ رضا لائبریری رامپور میں دریافت کیا۔ پھر دونوں نسخوں کے غائر مطالعہ کے بعد اس کی ایک فہرست تیار کی۔

آپ نے اپنے مقالہ میں یہ بیان کیا ہے کہ اس کے دونوں حصے ایک ہی نسخے کے ہیں۔ سائز کے اعتبار سے بھی اور تحریر کے اعتبار سے بھی۔

پھر اس تذکرہ کے بارے میں آپ نے بتایا کہ باغستان سے مراد chapters ہیں۔ یعنی باب کے بجائے باغ کا استعمال کیا گیا ہے۔ اس کے بعد اس کے sectios بنائے ہیں جن کو مصنف نے چمن کا نام دیا ہے، مثلاً اس نے ایک چمن میں امیر تیمور امراور اس کے حملۂ ایشیائے کوچک کے متعلق بیان کیا ہے۔

اسی طرح اس نے بابر کی حکومت کی مدت کے بارے میں، ہمایوں کے انتقال کی مادۂ تاریخ کے متعلق اور اس کی ہندوستان میں دوبارہ واپسی کے متعلق، پھر اکبر کی حکومت اس کی جنگوں کا مختصر حال لکھا ہے۔ اسی طرح اورنگ زیب کی تاریخ پیدائش و وفات و دیگر حالات کے متعلق متعدد معلومات بہم پہنچائیں ہیں۔ ان تمام باغوں کی تفصیل پروفیسر نذیر صاحب نے بیان کی ہیں۔ ساتھ ہی حوالوں کے لئے اشعار بھی نقل کئے ہیں اور ہر حوالہ کے سامنے ورق نمبر بھی دیا ہے۔ مثلاً تذکرہ 'صحیح بخاری' ورق ۲۶۱ 'ہفت اقلیم' امین احمد رازی ۲۵۶ ورق اور 'ذخیرۃ الملوک' ۱۰۹-۱۰۷ ورق پر ہے۔

آخر میں پروفیسر نذیر صاحب نے امام الدین ریاضی کی تاریخی معلومات کا

Marfat.com

خلاصہ بیان کیا ہے۔

الغرض مندرجہ بالا تینوں مقالات یا بہ الفاظ دیگران کے تحقیقی انکشافات ان کے عظیم محقق ہونے کی دلالت کرتے ہیں۔

آخر میں میں خداوند تعالی سے بدست بدعا ہوں کہ اللہ تعالی آپ کا سایہ ہم سب پر زندگی وصحت وسلامتی کے ساتھ باقی رکھے (آمین) آپکا نام یقیناً ہمیشہ کے لئے جریدۂ عالم پر لکھدیا گیا ہے بقول شاعر کے۔

نام تو در جہان باقیست در دفتر نگر

X

Marfat.com

ڈاکٹر رعنا خورشید*

# پروفیسر نذیر احمد: ترتیب و تدوین متن کے آئینہ میں

جس میں خود آپ چمکنے کی قدرت ہو
وہ ذرہ منتظر فیض آفتاب نہیں

پروفیسر نذیر احمد صاحب فارسی ادب کے مایۂ ناز محقق اور زبردست عالم ہیں۔ آپ کے ذات اور علمی و ادبی صلاحیتوں ولیاقتوں کا نہ صرف ہندوستان بلکہ بیرونی ممالک میں لوہا مانا جاچکا ہے۔ اس سے زیادہ خوشی اور مسرت کی بات اور کیا ہوگی کہ آج ہم سب کے درمیان موجود ہیں۔ ہم سب کو نہ صرف آپ کا شرف دیدار نصیب ہے بلکہ آپ کی عالمانہ ومحققانہ گفتگو سے ہمیشہ بہرہ مند ہوتے رہتے ہیں۔ مجھے احساس ہے کہ آنے والا زمانہ یقیناً یہ پوچھے گا کہ "کیا تم نے نذیر صاحب کو دیکھا ہے" تو میں بڑے وثوق اور فخر واعتماد کے ساتھ کہہ سکونگی کہ میری خوش قسمتی ہے کہ ہمیشہ آپ کی پرارزش وسودمند گفتگو سے مستفید ہوتی رہی ہوں۔

آپ کی ذات بیک وقت مختلف پہلوؤں میں گھری نظر آتی ہے۔ آپ پایہ کے محقق، زبردست مخطوطہ شناس، لغت شناس، ماہر غالب شناس اور حافظ شناس ہونے کے ساتھ ہندوستانی وقدیم فارسی ادب وتاریخ سے بے پناہ واقفیت وقدرت کے

---

* لکچرر شعبۂ فارسی، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ

Marfat.com

مالک ہیں۔ اس کے علاوہ علم موسیقی اور سائنسی علوم پر بھی قدرت رکھتے ہیں۔ یہ کہنا ہرگز غلط نہ ہوگا کہ تاریخ، ادب، فلسفہ اور سائنس کے باہمی رشتوں کو جس گہری اور دقیق نگاہ سے آپ نے دیکھا ہے شاید ہی ایسی کم ہستیاں ہوتی ہیں جو بیک وقت گوناگوں اور رنگارنگی صلاحیتوں کی مالک ہوں جس افتخار و مباہات کے پروفیسر صاحب مستحق ہیں۔

آج بھی آپ کی علم دوستی و شوق کا یہ عالم ہے کہ ہمیشہ مصروف مطالعہ اور کتابوں کی دنیا میں مگن نظر آتے ہیں۔ کہیں لغت کے پیچیدہ و باریک مسائل پر عرق ریزی کرتے دیکھائی دیتے ہیں تو کہیں کسی تحقیقی روشنی میں ادب پارے کی مبہم گتھیوں کو سلجھاتے نظر آتے ہیں۔

آیئے آپ کو تحقیق و ترتیب و تدوین متن کے آئینہ میں دیکھتے ہیں۔ حقیقتاً تحقیق تدوین اور ترتیب متن کے سلسلہ میں پروفیسر صاحب نے جو باریک نکات بیان کئے ہیں اور جن اہم امور کی طرف نشاندہی کی ہے اور تحقیق کے زبردست اور آسان اصول و پیمانہ مقرر کردیئے ہیں ان کا جاننا ادب کے ہر طالب علم و اسکالر کے لئے بے حد ضروری ہیں۔

قبلاً تذکرہ کیا گیا کہ ڈاکٹر صاحب کا ہر موضوع پسندیدہ ہے لیکن میرا جہاں تک مشاہدہ ہے آپ کی خاص دلچسپی تحقیق سے ہی متعلق ہے۔ ترتیب و تدوین متن کو آپ نے محققانہ کوششوں کے نتیجے میں علمی وقار و اعتبار بخشا ہے۔ کیونکہ ادب کا ہر پہلو اور ہر شاخ تحقیق کا ہی مرہون منت ہے اور کوئی بھی ادب پارہ بنا تحقیقی کاوشوں کے وجود میں نہیں آسکتا۔ اس سلسلہ کا آپ کا ابتدائی کارنامہ سہ نثر ظہوری ہے۔ اس کے

Marfat.com

بعد قدیم اردو و ہندی کی بنیادی وہ اہم کتاب عادل شاہ کی تصنیف ''نورس'' ہے۔ جو ترتیب متن کا زندہ جاوید وزبرست شاہکار ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ ادبی تحقیق کے لئے گہری نظر اور وسیع مطالعہ بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ ایک اعلیٰ سطح کا محقق اپنے علمی تجربے اور وضاحت معنی و بیان کے لئے جس قدر سمندر ادب میں شناوری کرتا ہے اتنے ہی گوہر آبدار اس کے ہاتھ لگتے ہیں۔ لہذا یہی بات پروفیسر نذیر صاحب کے حق میں ثابت ہوتی ہے کہ انہوں نے اپنی عمیق تجربات کی روشنی میں داخلی و خارجی شواہد و دلائل کے ذریعہ اغلاط سے پاک وشستہ کر کے دنیائے ادب کے سامنے پیش کر دیا۔

آپ نے محقق کی صلاحیت وخصوصیت کے علاوہ تحقیق کی ماہیت ونوعیت، اغلاط متن ومسائل متن وتصحیح وترتیب متن سے متعلق بڑی اہم وسودمند معلومات فراہم کرائی ہیں۔

یہ تو ہم سب کو معلوم ہے کہ انسان تقریر وتحریر کے ذریعہ اپنے خیالات اور احساسات وجذبات کو مختلف پیرائے سے بیان کرتا ہے۔ زمانہ قدیم میں جب انسان زبانی شعور اور تحریری وجود سے ناآشنا تھا تو اپنے جذبات واحساسات کو حرکات کے ذریعہ بیان کرتا تھا لیکن آج جب شعوری زندگی میں قدیم رکھ چکا ہے تو یہ دونوں طریقے ہیں جن کا وہ سہارا لیتا ہے۔ تقریر یعنی گفتگو ومکالمہ کے ذریعہ سامع مستفید ضرور ہوتا ہے لیکن وہ وقت کی پابند ہوتی ہے، لیکن اس کے برعکس تحریر ایک ایسا بہترین ذریعہ جو صرف مقام اور وقت کی پابند نہیں ہوتی ہے، بلکہ مختلف اوقات ومقامات میں

Marfat.com

جب چاہیں اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ آج کے موجودہ دور میں ٹکنیکی سہولیات نے میلوں دور بیٹھے ہوئے انسان کو ایک دوسرے کے قریب کر دیا ہے۔ انسان جب چاہے اور جس وقت چاہے معلومات با آسانی فراہم کر لیتا ہے۔ یہ تحریر کی سب سے اہم خوبی اور افادیت ہے۔ اس سلسلہ مین پروفیسر صاحب کا خیال ہے:

''تقریر سے تحریر کی اہمیت وافادیت زیادہ ہوتی ہے۔

اظہار خیال کے تحریری وسیلے: نثر ونظم دونوں شکلوں میں ہوتے ہیں،

منظوم وسیلے: شعرا کے دواوین، منظوم کہانیاں، منظوم تاریخیں وغیرہ ہیں۔

منثور وسیلے بہت زیادہ ہیں، ان میں قابل توجہ یہ ہیں۔

۱۔ قصص وحکایات، ناول اور افسانہ

۲۔ مرقعات، خطوط

۳۔ سیاسی وسماجی تاریخیں

۴۔ سوانح وتذکرے: تذکرہ کے متعدد اقسام ہیں۔ جیسے تذکرۂ شعراء، تذکرہ صوفیہ، تذکرہ مورخین، محدثین، مفسرین، حفاظ، حکما، فقہاء، اطبا وغیرہ۔

۵۔ کتاب فلسفہ: سلسلۂ تصوف، طب، جغرافیہ، طبعیات، ریاضیات، حیوان شناسی، زمین شناسی، گیاہ شناسی وغیرہ۔

۶۔ ملفوظات: امالی ومحاضرات۔

۷۔ کتب لغت ودستور زبان

Marfat.com

۸۔ کتب دینی: فقہ، حدیث، تفسیر کلام وغیرہ

۹۔ سفرنامے وغیرہ"۔

ریسرچ میں سب سے اہمیت وافادیت متن کی ہوتی ہے، کیونکہ افکار ماضی اور پرانی تحریر عہد بعہد کاتبوں کے ذریعہ ہی وجود میں آتے ہیں۔ جس پر اکثر الحاق و اغلاط کے پردے پڑے ہوتے ہیں لہذا اس ادب پارہ سے الحاق، تغیر اور تبدل کی گرد کو دور کرنے کے لئے ایک محقق کو بڑی محنت وجانفشانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ باالفاظ دیگر گذران وقت کے ساتھ الحاق واغلاط، تغیر وتبدل کے مختلف راہوں سے گذر کر پردہ گمشدہ سے وجود پذیر ہوتے ہیں۔ جب تک یہ پوری طرح سے معلوم نہ ہوتے کہ فلاں ادب پارہ تمام سقم اور کمیون سے پاک ومبرئ ہے تو کیسے یقین اور وثوق کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ فلاں تحریر صحیح طور پر فلاں شخص کی ہے۔ اس سلسلہ میں نذیر صاحب کا کہنا ہے:[۱]

> "ادبی تحقیق میں صرف نفس مضمون کی تحقیق مقصود نہیں ہوتی بلکہ یہ بھی دیکھنا چاہیۓ کہ مصنف نے اپنے اظہار خیال کے لئے جو زبان استعمال کی تھی وہ وہی ہے جو ہمارے سامنے ہیں یا اس میں ترمیم ہوئی ہے۔ ہر مخطوطہ دوسرے سے کسی نہ کسی لحاظ سے مختلف ہوتا ہے۔ اس لئے ان سارے مخطوطات میں ایسے مخطوطہ کی تلاش کرنا ہے جو مصنف کے خیال کی نمائندگی کرتا ہو"۔

حرفوں کی صورتی وصوتی مشابہت اور یکسانیت، عربی وفارسی رسم الخط میں

Marfat.com

لکھے جانے والے متون کی پیچیدگی اور دشواری، حروف تہجی کے نقطے اور غیر نقطے دار حروف سے متعلق اپنے پر مغز آرا کا اظہار کیا ہے۔ علاوہ ازین مذکر و مؤنث، یای مجہول و معروف اور املائی اغلاط پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

پروفیسر صاحب کا کہنا ہے کہ متن میں تصرفات اور تحریفات کبھی عمداً اور کبھی غیر عمداً ہوتے ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ املائی دشواریان اور رسم الخط کی بعض خصوصیات سے لاعلمی اور علمی طور پر کاتب کی جہالت، قدیم متون میں غیر مانوس الفاظ کی کثرت کے علاوہ مختلف شاعروں کی ایک ہی زبان والی غزلیں جو ایک دوسرے کے دیوان میں خلط ملط ہو جاتی ہیں اور ایک تخلص کے شاعروں کا کلام جو بڑی آسانی سے ایک دوسرے سے منسوب ہو جاتا ہے وغیرہ بکثرت باریک نکات ہیں جس پر آپنے پرارزش گفتگو کی ہے۔

متن کی اہمیت افادیت کو بیان کرنے کے بعد محقق یعنی Researcher کی صلاحیت و قابلیت کے بارے میں اظہار خیال کیا ہے۔

محقق کے سلسلے میں ۱۹۹۴ء میں شعبۂ فارسی، علی گڑھ کے سمینار میں آپ نے ایک عالمانہ لکچر دیا تھا اس میں آپ نے ایک محقق اور ایک وکیل دونوں کے کاموں کے باوجود مماثلت کے واضح فرق کو بڑی خوبی سے بیان کیا ہے۔ دراصل جس طرح ایک وکیل ایک طے شدہ Hypothesis کو لے کر اپنے مقدمہ کی کاروائی کرتا ہے اور مختلف پیچیدگیوں اور بیانوں کے اتار چڑھاؤ سے گذار کردہ اپنے طے شدہ نتیجہ پر پہنچ جاتا ہے اور اس میں کسی طرح کی کوئی تبدیلی نہیں کرتا۔

Marfat.com

لیکن اس کے برعکس ایک محقق اپنے کام کی ابتداء سے پہلے ایک ذہن میں خاکہ ضرور تیار کرتا ہے اور گوناگوں طریقوں سے با الفاظ دیگر داخلی و خارجی شواہد سے گذر کر اگر چہ وہ اس نتیجہ تک ضرور پہنچ جاتا ہے، لیکن اس کا نتیجہ آخری نتیجہ نہیں ہوتا بلکہ اس میں دوسری محقق کے لئے اس قدر گنجائش اور راہیں ضرور کھلی رہتی ہیں کہ وہ اس میں مختلف شواہد اور دلائل کی روشنی میں رد و بدل کر سکتا ہے اور کام کو مزید آگے بڑھا سکتا ہے۔ یعنی ایک محقق کے ذریعہ کی ہوئی تحقیق آخری تحقیق نہیں ہوتی بلکہ اس میں نئی کھوج و تلاش کی راہیں کھلی رہتی ہیں۔

آیا ایک محقق کے اندر وہ کونسی صلاحیتیں ہونی چاہئیں جس سے گذر کر وہ ایک انتقادی متن پیش کر سکے مثلاً اس میں تاریخی و تنقیدی صلاحیت، زبان کی ابتداء وارتقاء کا علم، گذران وقت کے ساتھ الفاظ و معنی کی تبدیلیوں کا علم، فن لغت میں دسترس، شعری متن کا شوق و ذوق، عروض و قافیہ کے مسائل سے واقفیت، اوزان و بحور، زحافات کا علم، قوافی کے مسائل، حرف روی کی شناخت وغیرہ چیزوں کا جاننا بے حد ضروری ہے لیکن ان سب کے ساتھ ساتھ سب سے اہم مخطوطہ شناسی میں کمال وقدرت ہونا چاہئے۔ اس سلسلے میں آپ کا بیان ہے:[۲]

> ''مخطوطہ شناسی میں بصیرت محقق متن کی ایک ضروری صلاحیت ہے۔ اس فن میں بصیرت کے لئے ضروری ہے کہ وہ خط املا، کاغذ اور سیاہی وغیرہ کے مسائل پر دستگاہ رکھتا ہو۔ مخطوطہ شناسی ہی کی بدولت محقق متن مخطوطات کے زمانے کے تعین میں کامیاب ہو سکتا ہے''۔

Marfat.com

طرز خط کا علم ہونا بھی محقق کے لئے بے حد ضروری ہے۔ کیونکہ اس کی واقفیت کے بغیر کسی بھی مخطوطہ کو نہ پڑھا جا سکتا ہے اور نا ہی بخوبی سمجھا جا سکتا ہے۔ اس لئے لازمی قرار پایا کہ خطوں کی شناخت کی ہی وجہ سے زمانے کا تعین اور اس دور کی اہمیت وافادیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ محقق کو تیز ذہن (Sharpmind) ہونا چاہئے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے قدیم متون میں سینکڑوں مقامات پر غلطی کا اشتباہ ہوتا ہے۔ جس کا نہ کوئی منطقی ربط ہوتا ہے اور نہ ریاضیائی تعلق، لہذا اسے حالات میں قیاس کی بنیاد پر ہی صحیح اور غلط کا تعین جاتا ہے۔

ایک اہم خوبی جو پروفیسر صاحب نے بتائی ہے وہ ہے محقق کا دیانتداری۔ سچ تو یہ ہے تصحیح متن کا سارا مسئلہ دیانتداری پر ہی منحصر ہے۔ آپ کا کہنا ہے:[۳۰]

"دیانتداری کا تقاضا ہے کہ محقق ساری اغلاط حتی المقدور رفع کردے اور جس منابع کا استعمال ہوا ہے اس کا ذکر کرے، اس سے نہ اس کے علم پر حرف آتا ہے اور نہ اس کے مرتبہ متن کا معیار کم ہوتا ہے۔ البتہ اگر یہ معلوم ہوجائے کہ اس نے خیانت کی ہے تو ہر لحاظ سے مورد الزام قرار پاتا ہے"۔

اسناد ومدارک جن کا دارومدار تحقیق متن پر مبنی ہے۔ ان کے استعمال واقسام پر تفصیلی گفتگو کی ہے۔ آپ کا کہنا ہے:[۳۱]

اسناد ومدارک کی طبقہ بندی ان کی اہمیت کے اعتبار سے ہوتی ہے۔
تحقیق متن میں سب سے زیادہ اہم وہ نسخہ ہے جو مصنف کا اپنا دیا

Marfat.com

ہوا ہو۔ اس کی کئی صورتیں ہیں: مثلاً مصنف نے وہ خود تیار کیا ہے، مصنف نے کسی سے نقل کرایا ہے اور پھر وہ اس کے مطالعہ میں رہا ہے، یہ دوسری صورت پہلی سے زیادہ قابل توجہ ہے اس لئے کہ جس طرح کاتب سے غلطی ہو جاتی ہے، مصنف سے بھی نقل میں غلطی کا بخوبی امکان رہتا ہے''۔

متن کی ترتیب کس طرح اور کس نوعیت کے اعتبار سے ہونا چاہئے اس سلسلے میں آپ کی رائے ہے: ۵؎

''بعض محققین کسی قدر معتبر نسخہ کو ہو بہو متن قرار دیتے ہیں اور دوسرے نسخے کے مقابلے سے جو اختلاف ملتے ہیں اس کا اندراج حاشیہ میں کرتے ہیں۔ میرے نزدیک یہ طریق کار زیادہ مناسب نہیں۔ اس لئے کہ اس میں دو سقم ہیں، اس میں تحقیق کرنے والی صلاحیت کا کوئی دخل نہیں رہتا یہ کام وہ شخص بھی کر سکتا ہے جو زبان بھی نہ جانتا ہو۔ تحقیق متن کا مقصد ایسا نسخہ تیار کرنا ہے جو مصنف کا ہو کسی کاتب کے نقل کئے ہوئے نسخہ پر سو فیصد بھروسہ نہیں کیا جا سکتا۔ اگر کاتب کے پیش نظر خود مصنف ہی کا نسخہ ہو تو بھی نقل میں کچھ نہ کچھ فرق ہو ہی جاتا ہے''۔

اس کے علاوہ انتقادی متن و اس کی ترتیب اور املا کے بارے میں دیگر حوالوں کے ثبوت کے ساتھ کافی تفصیلی گفتگو کی ہے۔ تعلیقات اور حواشی جو انتقادی

Marfat.com

متن کا اہم جزو ہیں دونوں کے واضح فرق کو مختلف فرہنگوں کے حوالوں سے لفظ تعلیق پر روشنی ڈالی ہے۔ مثلاً فرہنگ معین کا حوالہ دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

ا۔ آویختن: آویزاں کردن، درآویختن

۲۔ یادداشت کردن: نوشتن مطالب درذیل رسالہ وکتاب

۳۔ یادداشت: ضمیمہ کتاب ورسالہ

اس فرہنگ میں حاشیہ بمعنی ''شرح کہ درکنارۂ رسالہ یا کتاب نویسند'' آیا ہے فرہنگ نامہ دہخدا میں حاشیہ اور تعلیق یا تعلیقہ باعتبار مفہوم ومعنی یکساں ہیں، لیکن استعمال کے لحاظ سے فرق ہے''۔

تعلیقہ معقولات اور فلسفہ کی کتابوں کے حواشی کو کہتے ہیں اور دوسرے فنون کی کتابوں کے تعلیقے بھی حواشی یا حاشیہ کہلاتے ہیں۔

ایران میں حواشی لکھنے کے انداز پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھتے ہیں کہ موجودہ زمانے میں تعلیقات وحواشی الگ الگ رسالے کی شکل میں نہیں لکھے جاتے بلکہ کتاب ہی کے ساتھ سامل ہوتے ہیں۔ مختصراً یہ کہ آج کی تحقیق کی اصطلاح میں تعلیقات یا حواشی وہ یادداشتیں ہیں جو بطور ضمیمہ کتاب میں درج کی جاتی ہیں۔ اس کے بعد آپ نے حواشی اور تعلیقات کی اہمیت پر روشنی ڈالی ہے۔[۶]

ا۔ ''تعلیقات سے متن پر از معلومات قرار پاتا ہے۔

۲۔ مطالب کتاب کی تفہیم وتنقید میں ان سے بڑی مدد ملتی ہے۔

۳۔ ان سے کتاب کی تاریخی، ادبی اور فرہنگی اہمیت کا صحیح اندازہ کیا جاسکتا ہے۔

Marfat.com

۴۔ تعلیقات وحواشی اپنی وسعت معلومات اورتنوع مضامین کے اعتبار سے الگ تصنیف کے خواص کے حامل ہوتے ہیں۔

۵۔ تعلیقات نویسی نہایت مشکل فن ہے۔

۶۔ تعلیقات تنوع و وسعت معلومات کے اعتبار سے اصل کتاب سے زیادہ مفید ہوتے ہیں۔

۷۔ تعلیقات مصنف کے علم وفضل کے لئے مقیاس کا کام کرتے ہیں۔

۸۔ تعلیقات نویسی مصنف کی کوتاہیوں کی بھی نشاندہی کرتی ہے۔اگر یہ نہ لکھے جائیں تو مدتوں غلطیوں کا شمار علم کے درجہ میں ہوتا رہے گا۔

تعلیقات اور خواشی سے متعلق مختلف حوالوں کے ذریعہ تفصیلی و کارآمد اطلاعات فراہم کرائی ہیں۔مثلاً مرزا محمد قزوینی کا چہار مقالہ سے متعلق تعلیقات، پھر اس کے ساتھ پروفیسر معین کا چہار مقالہ کے نئے ایڈیشن کو سودمند اضافوں کے ساتھ مزین کرنا یا مرزا محمد قزوینی کا ''لباب الالباب'' کے تعلیقات پھر سعید نفیسی کا مزید اضافہ اور دوسرا ایڈیشن وغیرہ جو اس طرح سودمند اور کارآمد اطلاعات کے ساتھ بڑی جانفشانی کے ساتھ تعلیقات وحواشی کی اہمیت پر عالمانہ گفتگو کی ہے۔اور اس کے ساتھ ہی زرتشتیوں کی کتب دساتیر سے متعلق غالب کے کچھ خطوط کے حوالے سے تفصیلی بحث کرتے ہوئے ان کی پارسی قدیم سے متعلق غلط فہمیوں کو بیان کیا ہے۔ پارسی قدیم کے سلسلہ میں آپ کا بیان:ئے

''پارسی قدیم ایران کی وہ قدیم زبان ہے جس میں ہنحامنشیوں کے

Marfat.com

کتبے پائے جاتے ہیں۔ اس خاندان کا بانی کوروش اور آخری فرمان روا
داریوش سوم تھا، جو سکندر کے ہاتھوں ۳۲۱ ق م میں قتل ہوا۔ سارے
کتبے پڑھے جا چکے ہیں۔ قدیم فارسی کے لغات اور زبان کے مسائل
حل ہو چکے ہیں۔ غالب اس زبان سے مطلق آشنا نہ تھے۔ جب وہ
پارسی قدیم کہتے ہیں تو ان کی مراد جعلی دساتیر کی زبان ہوتی ہے،
تاریخی زبان نہیں''۔

تعلیقات کے سلسلہ کی ایک کڑی تخر یج ہے جس کے معنی خارج کرنا بیرون آوردن کے ہیں۔ آپ کا بیان ہے:؂۸

''فن تحقیق کی اصطلاح میں وہ عمل' ہے جس کے ذریعہ کسی ادیب یا
شاعر کے کلام میں دوسرے اور اقوال کی نشاندہی کی جاتی ہے۔ اکثر
مصنف اپنے بیان کو زیادہ دلچسپ، مستند اور وقیع بنانے کے لئے
آیات قرآنی اور احادیث نبوی، اقوال عارفانہ وصوفیہ، ضرب الامثال،
اشعار وغیرہ کا استعمال کرتا ہے، نظم کے مقابلے میں نثر میں اس کا عمل
زیادہ ہوتا ہے۔ رقعات، ملفوظات تذکرے، لغات، کتب تاریخ اور
دوسرے مصنفوں کے اقوال سے زیادہ مدد لی جاتی ہے۔ انہیں اقوال
واشعار کی نشاندہی ان کے منابع کا تعین اور منابع کے متن سے نقل
شدہ متن کا مقابلہ تخر یج کے حدود میں شامل ہے''۔

تخر یج کی اہمیت اور افادیت پر روشنی ڈالنے کے ساتھ ہی بتایا ہے کہ اکثر

Marfat.com

کاتبوں کی بے توجہی اور لاعلمی سے متن میں جو غلطیاں ہو جاتی ہیں تخریج کے ہی ذریعہ غلطی آسانی سے گرفت میں آ جاتی ہے۔

چنانچہ اس قبیل کے بے شمار اور سودمند باریک و دقیق نکات ہیں جس پر آپ نے اپنی عالمانہ صلاحیت کا اظہار کیا ہے۔

---

۱۔ تصحیح و ترتیب متن، پروفیسر نذیر احمد، ص:۱۰ بمبئی، ۱۹۸۸ء ۲۔ ایضاً، ص:۲۴

۳۔ ایضاً، ص:۲۸ ۴۔ ایضاً متن:۳۸ ۵۔ ایضاً، ص: ۳۵

۶۔ ایضاً ۷۔ ایضاً، ص:۵۴ ۸۔ ایضاً، ص: ۶۲

X

Marfat.com

پروفیسر عبدالقادر جعفری*

# پروفیسر نذیر احمد در جهان نقد و پژوهش

این سمینار در تجلیل استاد بزرگوار نذیر احمد تشکیل شده۔ نذیر احمد استادی است که نظیرش پیدا نیست و استادان گرامی و آقایان محترم به فضایل و مراتب علمی استاد بیشتر آگاه اند، زیرا عالمان عالم را بهتر می دانند و بنده درین راه از پیادگان وامانده ام۔

استاد نذیر احمد در دانشگاه علیگر سالها تدریس نموده و می نمایند و عمر عزیز خود ایشان را برای خدمات آموزشی و فرهنگی صرف نموده اند۔ وحق این است که او ادیبی بزرگ پژوهش گری والا و ایران دوست بی نظیر و بی همت است و شخصیتش شمع فروزان انجمن های و گرمی بخش محافل علمی و ادبی و فرهنگی است۔ پرفسور نذیر احمد در تربیت دانشجویان رهنمای بلیغ به کار برده اند چنانکه غالب استادان امروز از پرورش یافته گان وی اند۔ اگر بگویم که ذات نذیر احمد هم دانشگاهی است و هم فرهنگی هیچ مبالغه نه ورزیده باشم۔

بنده می دانم که صلاحیت و منزلت سخن گفتن در جمع استادان گرامی و ادبای نامی در این محفل را ندارم فقط اطاعت حکم مدیر سمینار می کنم۔ یقین کامل دارم که کسی دربارۂ مقام استاد و اهمیت خدماتش که او به زمینۂ ادب و فرهنگ نموده و می نماید از لحاظ احترام و قدردانی او شک و تردید داشته باشد۔

---

* رئیس بخش عربی و فارسی؛ دانشگاه اله آباد، اله آباد

Marfat.com

دکتر نذیر احمد بدون تردید یکی از عمائدین نقد و پژوهش است ـ او این صنف را نضج و قوام داده به پایه کمال رسانده است، لذا از حق و انصاف باید او را بزرگ ترین ناقد و محقق خواند و دانست ـ ـ اینک به معرفی مختصات گرانمایه استاد نذیر احمد در زمینه نقد و پژوهش می پردازیم و از خدا توفیق می جوییم که بتوانیم گوشه از شخصیت بزرگ و والای وی را برای حضار گرامی ترسیم کنیم ـ

نمی توانیم بگوییم که از کتابهای استاد کدام یک از همه بهتر است ـ وقتی ما دیوان سراجی و حافظ را گیریم در یابیم که تحقیقی از ان بهتر، زیباتر و مدلل تر ممکن نیست ـ وقتی ظهوری را بر گردانیم تحقیقش چنان مست می کند گوی که سرود سرایان عشرت کده ابراهیم عادل شاه حاضر شده یک یک حرف از صوت و صدای نغمه و تار تنبور را به زبان ساده، روان، شیرین و لذت بخش تشریح می دهند که نه تنها خواص بل عوام هم درمی یابند ـ

دکتر عبدالحسین زرین کوب راجع به تحقیق و پژوهش خیالاتش چنان ابراز داشته که ''چنان محققی چون شوق طلب و درد تحقیق داشت با دقت و حوصله تمام در کشف مطالب و حل دشواریها اهتمام می ورزید، حتیٰ اتفاق می افتاد که برای یافتن اصل و تمام شعر تازی که در جهان گشای جوینی آمده بود چندین سال وقت و عمر می گذرانید ـ این مایه شور و شوق البته مایه حیرت است اما تا چنین شور و شوق در محقق نباشد کار او نمی تواند مایه یقین و موجب اطمینان اهل نظر واقع گردد و حقیقت آن است که همین شور شوق و دقت و حوصله شگرف است که کار محققان بزرگ مانند شامپولیون و انکتیل و بسیاری از همگنان آنها را شکوه و عظمت جاودانه بخشیده است'' ـ در تحقیقات پرفسور نذیر احمد این همه مختصات و

Marfat.com

مشخصات کہ دکتر زرین کوب بیان نمودہ دیدہ می شود۔ تالیفات و مقالات استاد در موضوع ہای مختلف گواہ ذوق وشیوای سخن وکمال فضل و براعت اومی باشد۔ نام نذیر با کارہای ادبی پژوہشی ہمراہ است۔ کمتر کسی است کہ مانند وی بافعالیتہای گوناگون آثار با ارزشی داشتہ باشد۔ مقالاتش بہ طور خلاصہ حاصل بررسی منابع زیادی ونتیجہ مشاہدات وتحقیقات ہمہ جانبہ می باشد ومشوق وعامل محرک برای دانشمندان ومحققان می باشد۔ پروفیسر نذیر احمد عاشق جستجو است۔ اوروایا مختلف راروشن می کند ومسایل نامعلوم تاریخ وفرہنگ رانمایان می سازد وازمنابع معتبر تاریخ وجغرافیہ وتذکرہ اطلاعات لازم جغرافیایی وتاریخی بہم می رساند کہ ارزش محتویات کتاب ومقالات رامی افزاید ودرحواشی کتابہاومقالات اطلاعات مفید ونادر بہم می رساند۔

نذیر درزبان وتاریخ وادبیات فارسی واسلامی بی نظیر است۔ وبالاتر از ہمہ صفات انسانی وخلق وخوی مردمی اش کمتر از تبحر علمیش نیست۔ از ہر لحاظ بشر دوست است، گوی کہ شخصیتش مصداق ’’اکمل الناس عقلا احسنہم خلقاً‘‘ است۔ تبحر علمی نذیر احمد مسلم است کار منظّم وخستگی ناپذیر وسفر ہا بہ کتابخانہ ہایی معروف کشور وجہان ومطالعہ و مخطوطات ازمشخصات وی است۔ نذیر احمد دانشمندی فراگیرندہ وآموزندہ است۔ اطلاعاتی راکہ بہ زحمت ودشواری بہ دست آرد آسان دراختیار جویندگان وطالبان علم می نہد۔ نظم وترتیب درمطالعہ وجمع آوری نکات نادر ازمختصات وی است۔ نثرش سادہ وفصیح وزیبا بود۔ ہمانگونہ کہ سخن گویدمی نویسد مگر براین نکتہ کاربند است کہ بسیاری ازلغت سازی ہا کہ میان بعضی ازنویسندگان امروز رواج گرفتہ ناشی ازآن است کہ ازمیراث

Marfat.com

گذشته خود بی خبراند و شاهکارهای فارسی را مورد اغفال قرار داده اند۔ از ارزشهای انکار ناکردنی استاد تنوع مطالعات است و در نتیجه تنوع اطلاعات و تحقیقات تاریخی، ادبی و فرهنگی مؤلفاتش دارای اهمیت فراوانی و شایانی می باشد۔ در تصحیح متون همه سعی و کوشش را بکار بردتا متنی که از هر جهت به متن خود مؤلف نزدیکتر باشد تا خوانندگان و دوستان علم و ادب به رساند۔ می دانیم در نسخه های خطی و چاپی اختلافات و اشتباهات متنوع و گوناگون یافته می شود، پرفسور نذیر احمد در نگاشته های خود این اشتباهات و اختلافات را به تفصیل و صراحت مورد بحث قرار می دہد از ین جهت تالیفات وی میان مستندترین تالیفها جای می گیرد۔ صراحت لهجه و بی پروای در اظهار حقیقت از مشخصات وی است۔ پرفسور نذیر احمد جنبۂ مصلحانه و معلمانه هم دارد و امر تحلیل و تشریح را در مقالات خود مرعی دادر۔ او در مقالات خود سایر مطالب مهم را با ایجاز می گنجاند و در امر نقد بسیار چیره دست و با دیانت است و اندیشهایی خود را با دلایل محکم شرح می دہد استاد موصوف در نقد شعر فارسی مرجع معتبر بشمار می رود۔ با شعر فارسی الفتی فطری و طبیعی دارد۔ ہنگام گفتگوی ادبی و فرہنگی از شعر شاعران بزرگ فارسی شاہد می آرد۔

استاد نذیر احمد تصوف اسلامی را هم مورد توجه خود قرار داده و راجع به کتابهایی پیشین تصوف مقالات مفصل و وقیع نوشته که در زمینۂ عرفان و تصوف از اہمیت اساسی برخوردار است۔

چنانچه در آغاز تذکره داده شد که شخصیت استاد چند بعدی است او بیشتر از همه برای کارهایی پژوهشی و تحقیقی معروف است۔ او در زمینۂ تدوین لغت ہا ہم کارهمی انجام

Marfat.com

داده است وتدوین ''فرہنگ لسان الشعرا'' ''فرہنگ قواس'' و ''فرہنگ زفان گویا'' از تالیفات پُر افتخارترین کارہایی وی بہ شمار می رود۔

مختصر اینکہ بدیع آفرینی و اطلاعات انتقادی و تحقیقی در مقالات و تالیفہای پرفسور نذیر احمد چنان یافتہ می شود کہ بارہا گوی کہ آفرین بر زحمت و ذہن توانایش باد۔ بالاتر از ہمہ چنانکہ قبلاً اشارہ رفت سبکش بسیار دلکش، زیبا و گیرا است۔ و ہر جملہ وی مصداق چون 'از دل برمی خیزد بر دل می نشیند' می باشد و از ابتدا تا انتہا بقدری جالب و جاذب می باشد گوی کہ 'کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجا است'۔

پس بہ اختصار توان گفت کہ در تاریخ بشریت مردان کم یافتہ می شوند کہ راہی وکاری کہ خدای متعال برای آنہا ترسیم و تعیین نمودہ طی کنند۔ پرفسور نذیر احمد یکی از انہا است کہ ماموریتی کہ داشتہ و دارد با موفقیت انجام نمودہ و می نماید۔ استاد قریباً ۵۰ جلد کتاب دارند و مقالات بیش از پنج صد (۵۰۰) دارند کہ در زمینہ ہای مختلف زبان و ادب دامنہ دار فارسی در ایران و ہند از پژوہش ہای لغوی، تاریخی، نسخہ شناسی، تصحیح متن و مباحث مربوط بہ کشف و معرفی شعرا و نویسندگان ناشنیدہ و گمنام فارسی در مجلہ ہای مختلف کشور و بیرون کشور چاپ شدہ است۔ امیدوارم آن ہمہ مقالات توسط دختران استاد بزرگوار (پرفسور ماریہ بلقیس و دکتر ریحانہ خاتون) با اساتید دیگر زود بہ شکل کتاب چاپ خواہد شد۔

پس پرفسور نذیر احمد در ادبیات فارسی جایی گرفتہ است وقطعاً در آیندہ مقام بلندی میان دانشمندان و پژوہشگران ایران خواہد داشت۔ کسانیکہ از ادب امروز ہند در ایران باخبر اند می دانند کہ دکتر نذیر احمد نہ فقط میان چندتن از خواص کہ با ہند آشنای دارند

Marfat.com

معروف است بلکه سراسر ایران و افغانستان و هر جا که فارسی خوانده می شود، میان ادب دوستان جای مهمی گرفته است۔ از خدای متعال خواستاریم که دریای بیکران از علم و اندیشه های ژرف و افکار بدیع و تلاش و پیگیر و کوشش پیهم وی برای همه ادب دوستان، حق جویان و فضیلت خواهان رهنمون و همراه باشد۔

———— x ————

Marfat.com

# قطعهٔ تاریخ

جشن هشتاد سالگی دکتر **نذیر احمد** استاد برجسته و پژوهشگر سرشناختهٔ زبان و ادبیات فارسی در هند که روز هشتم ماه ژانویه ۱۹۹۵ میلادی (برابر با ۶ رشعبان ۱۴۱۵ھ) با حضور اساتید و پژوهشگران نام آور کشور و خارج آن در دهلی نو برپا کرده شد۔

دکتر نذیر احمد آن نامدار دوران — کو هست مرد دانش بی هیچگونه تردید
مردی که در پژوهش دارد بلند دستی — با پای جستجویش صد راه را نور دید
در کارهای علمی برده به کار عمرش — تا آنکه شام کار و سییعیش رخ سحر دید
در کشت علم و عرفان کارید بذر تحقیق — وز آب اهتمامش نخل قلم ثمر دید
چندین کتابها را تدوین و چاپ کرده — صدها مقاله بنوشت بی آنکه روی درد دید
مانند او به گیتی استاد بی ریایی — در فارسی شناسان کی دیدهٔ بشر دید
چون کارهای او در هند و پاک و ایران — اندر خور ستایش هر صاحب نظر دید
از بهر سعی و کارش بنواختند او را — نبود نصیب هر کس تاجی که او به سر دید
جشنی بپا نمودند در شهر دهلی نو — جشنی که تابشش را هر چشم حق نگر دید
وز اوستاد دانا تجلیلها نمودند — از بهر آنچه هر کس زین مرد باهنر دید

کلک رئیس سالش بنوشت با سر بخت

"استاد پاک نیت هشتاد ساله گردید"

۱۹۹۳ ۲ ۱۹۹۵م

۱۹۹۵/۱/۸ م

سرودهٔ

دکتر رئیس نعمانی

Marfat.com


Marfat.com

# ssor Nazir Ahmad

## azre Daanishmandaan

Edited by :

*Prof. Maria Bilquis*



Deptt. of Persian

*Aligarh Muslim University, Aligarh*

Designed by : Tanzeem Raza Qureshi, N. Delhi, Ph. : 23263996

Marfat.com



# پروفیسر نذیر احمد

# درنظرِ دانشمندان

مرتبہ

پروفیسر ماریہ بلقیس



Courtesy Gupta Colour Lab, Aligarh, for Victoria Gate, Photograph

Marfat.com